# جامع التواریخ

## فی مقتل الحسین علیہ السلام

IFTIKHAR BOOK DEPOT (REGD.)
ISLAMPURA LAHORE

افتخار بکڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور


Presented by www.ziaraat.com

یہ کتاب

اپنے بچوں کے لیے scan کی بیرونِ ملک مقیم ہیں

مومنین بھی اس سے استفادہ حاصل کرسکتے ہیں۔

منجانب۔



سبیلِ سکینہ

یونٹ نمبر ۸ لطیف آباد حیدرآباد پاکستان

Presented by www.ziaraat.com

۷۸۶
۱۱۰_۹۲
یا صاحب الزماں ادرکنیؑ

یا عباسؑ

Knowledge for All
SABIL-E-SAKINA

DVD
Version

# لبیک یا حُسینؑ

خصوصی تعاون: نذر عباس
رضوان رضوی

## اسلامی کُتب (اردو) DVD

ڈیجیٹل اسلامی لائبریری ۔

www.ziaraat.com


SABIL-E-SAKINA
Unit#8,
Latifabad Hyderabad
Sindh, Pakistan.
www.sabeelesakina.page.tl
sabeelesakina@gmail.com



NOT FOR COMMERCIAL

Presented by www.ziaraat.com

قتلِ حسین اصل میں مرگِ یزید ہے    اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَلَا تَقُوۡلُوۡا لِمَنۡ یُّقۡتَلُ فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ اَمۡوَاتٌ ؕ بَلۡ اَحۡیَآءٌ وَّ لٰکِنۡ لَّا تَشۡعُرُوۡنَ ۝

مکمل سیٹ

کتابِ مستطاب

# جامع التواریخ

فی

## مقتل الحسین علیہ السلام

تالیف

مولوی فیروز حسین قریشی ہاشمی خلف مولوی اللہ دتہ قریشی ہاشمی

ملنے کا پتہ

اِفتخار بُک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور

Presented by www.ziaraat.com

# ھدیۂ عقیدت

میں یہ ناچیز خدمت حضرت ولی العصر امام زمانہ علیہ السلام کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کرتا ہوں گر قبول افتد زہے عزّ و شرف -

یہ میری دلی دعا ہے کہ حضرت امام آخر الزمان علیہ السلام کی جناب میں یہ مقبول و منظور ہو اور میری نجاتِ آخروی کا ذریعہ قرار پائے آمین ثم آمین

بندہ فیروز حسین قریشی ہاشمی خلف مولوی
اللہ دتہ ساکن تونسہ شریف ضلع
ڈیرہ غازیخان

Presented by www.ziaraat.com

# فہرست مضامین جامع التواریخ جلد اوّل


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | یزید کا کردار۔ اس کی ولی عہدی۔ تخت نشینی | ۱-۲ |
| ۲ | تجدید بیعت کے لیے یزید کا خطوط لکھنا | ۲-۳ |
| ۳ | ولید کا مروان سے مشورہ | ۴ |
| ۴ | ولید کا قاصد امام حسینؑ کے پاس۔ آپ کا جواب | ۵ |
| ۵ | امام حسینؑ و ابن زبیر کی گفتگو | ۶ |
| ۶ | امام حسینؑ ہاشمی جوانوں کے ہمراہ ولید کے دربار میں | ۷ |
| ۷ | مروان کا ولید کو مشورہ۔ امام حسینؑ کے الفاظ | ۸ |
| ۸ | عبداللہ ابن زبیر کا بھاگنا اور اس کا تعاقب | ۹ |
| ۹ | ولید کا خط بنام یزید۔ جواب ولید کا حسینؑ کو اطلاع | ۱۰ |
| ۱۰ | امام حسینؑ کا مدینہ سے قصد ہجرت | ۱۱ |
| ۱۱ | حسینؑ کا اقارب کے مزاروں سے وداع | ۱۲ |
| ۱۲ | محمد بن حنفیہ کا امام حسینؑ کو مشورہ | ۱۳ |
| ۱۳ | امام حسینؑ کا محمد بن حنفیہ کو جواب۔ ابن عباس کا مشورہ | ۱۴ |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴ | امام حسینؑ کا وصیت نامہ بنام محمد بن حنفیہ | ۱۵ |
| ۱۵ | امام حسینؑ کی تیاری۔ عورات ہاشمیہ کی آہ و زاری | ۱۶-۱۷ |
| ۱۶ | امام حسینؑ کی مدینہ سے روانگی | ۱۸ |
| ۱۷ | ملائکہ کا خدمت امام حسینؑ میں حاضر ہونا | ۱۹ |
| ۱۸ | جنات کا خدمت امام حسینؑ میں حاضر ہونا | ۲۰ |
| ۱۹ | عبداللہ بن مطیع کی آمد۔ حسینؑ کی مکہ میں آمد | ۲۱ |
| ۲۰ | عبداللہ ابن عمر کا مشورہ۔ امام حسینؑ کا جواب | ۲۲ |
| ۲۱ | ابن عباس کا مشورہ اور امام کا جواب | ۲۳ |
| ۲۲ | ولید کی معزولی۔ حاکم مدینہ کا تقرر | ۲۳ |
| ۲۳ | سلیمان کے گھر میں جلسہ اور اس میں اس کی تقریر | ۲۴ |
| ۲۴ | اہل کوفہ کے خطوط بخدمت امام حسینؑ | ۲۵ |
| ۲۵ | قاصدین اہل کوفہ کا خدمت امام میں آنا | ۲۶ |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر | نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۶ | امام حسینؑ کا جواب بنام اہل کوفہ | ۲۷ | ۴۳ | طوعہ اور اس کے لڑکے بلال کا حال | ۴۴ |
| ۲۷ | مسلم بن عقیل کی کوفہ کی طرف روانگی، میرنی کا واقعہ | ۲۸ | ۴۴ | حضرت مسلم کا خواب۔ بلال کی ابن زیاد کو اطلاع۔ | ۴۵ |
| ۲۸ | حضرت مسلم کی مکہ کی طرف واپسی | ۲۹ | ۴۵ | حضرت مسلم اور فوج ابن زیاد کے درمیان جنگ | ۴۶ |
| ۲۹ | حضرت مسلم کا مدینہ میں داخلہ، خط | ۳۰ | ۴۶ | ابن زیاد کی فوج کی ایک چال، مسلم کے دندان کا شہید ہونا | ۴۶ |
| ۳۰ | حضرت مسلم کا کوفہ میں داخلہ۔ بیعت کرنے والوں کی تعداد | ۳۱ | ۴۷ | حضرت مسلم کا اسیر ہو کر دارالامارہ میں جانا | ۴۷ |
| ۳۱ | نعمان بن بشیر کی تقریر، یزید کو بیعت مسلم سے آگاہی۔ | ۳۲ | ۴۸ | حضرت مسلم کی وصیتیں اور شہادت | ۴۷ |
| ۳۲ | یزید کا ابن زیاد کو گورنر کوفہ مقرر کرنا | ۳۴ | ۴۹ | ہانی اور حضرت مسلم کا دفن | ۵۲ |
| ۳۳ | ابن زیاد کا کوفہ میں داخلہ اور تقریر | ۳۵ | ۵۰ | ہانی بن عروہ کا حال | ۵۳ |
| ۳۴ | حضرت مسلم کا خانہ مختیار سے ہانی کے گھر آنا۔ | ۳۶ | ۵۱ | تین آدمیوں کا حسینؑ کو شہید کرنے بیت اللہ آنا اور امام حسینؑ کا حج کو عمرہ میں بدل دینا | ۵۴ |
| ۳۵ | معقل کا حضرت مسلم کو تلاش کرنا | ۳۷ | ۵۲ | امام حسینؑ کا عراق جانے کا ارادہ، ابن عباس، ابن جعفر کا خط | ۵۵ |
| ۳۶ | حضرت مسلم کی ابن زیاد کے قتل سے باز رہنے کی وجہ | ۳۸ | ۵۳ | امام حسینؑ کی مکہ سے عراق جانے کی تیاری | ۵۶ |
| ۳۷ | معقل کی حضرت مسلم کے پاس آمد، ابن زیاد کو اطلاع | ۳۹ | ۵۴ | امام حسینؑ کی فرزدق سے ملاقات | ۵۷ |
| ۳۸ | مالک کا قاصد مسلم سے خط چھین کر ابن زیاد کو دینا | ۴۰ | ۵۵ | فرزدق کا حسینؑ سے عراق کے حالات بیان کرنا | ۵۸ |
| ۳۹ | طلبی پر ہانی کی دربار ابن زیاد میں آمد | ۴۱ | ۵۶ | امام حسینؑ کے سفر عراق کی منازل | ۵۸ |
| ۴۰ | ابن زیاد کا ہانی سے سلوک۔ اقارب ہانی کا حملہ | ۴۲ | ۵۷ | منزل تنعیم کا حال۔ عبداللہ کا اپنے لڑکوں کو ہمراہ بھیجنا | ۶۰ |
| ۴۱ | ابن زیاد کا لوگوں کو مخالفت یزید سے ڈرانا | ۴۳ | ۵۸ | امام حسینؑ کی ہانی و مسلم کے متعلق بے چینی، عون و محمد کی آمد | ۶۱ |
| ۴۲ | نماز مغرب کے بعد حضرت مسلم کا اکیلا رہ جانا | ۴۳ | | | |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۵۹ | امام حسینؑ کا مدینہ جانا اور قصر و بنی کے دلائل | ۶۳ |
| ۶۰ | منزل ذات عرق اور ثعلبیہ کے حالات | ۶۷ |
| ۶۱ | منزل عذیب، منزل ہیبیہ کے حالات | ۶۹ |
| ۶۲ | منزل بطن رمہ اور حصین بن نمیر کے حالات | ۷۰ |
| ۶۳ | عبد اللہ بن مطیع، زہیر بن قین کے حالات | ۷۲ |
| ۶۴ | منزل خزیمیہ، منزل زرود کے حالات | ۷۳ |
| ۶۵ | امام حسینؑ کو حضرت مسلم کی شہادت کی خبر | ۷۵ |
| ۶۶ | منزل زبالہ، منزل بطن عقبہ کے حالات | ۷۶ |
| ۶۷ | منزل شراف کے حالات | ۷۷ |
| ۶۸ | حُر کی آمد اور امام حسینؑ سے گفتگو۔ | |
| | منزل عذیب | ۷۸ |
| ۶۹ | منزل قصر مقاتل کے حالات | ۸۲ |
| ۷۰ | کربلا معلیٰ میں امام حسینؑ کا ورود اس کے اسماء | ۸۴ |
| ۷۱ | خیامِ اہلبیتؑ کا کربلا میں نصب کرنا | ۸۶ |
| ۷۲ | امام حسینؑ کا زمین کربلا خریدنا۔ اس کا حدود اربعہ | ۸۷ |
| ۷۳ | امام حسینؑ کا محمد بن حنفیہ اور بنی ہاشم کو خط لکھنا | ۸۸ |
| ۷۴ | اصحاب امام حسینؑ کی تقریریں | ۸۹ |
| ۷۵ | امام حسینؑ کے خلاف فوجی بھرتی | ۹۰ |
| ۷۶ | لوگوں کا ابن سعد کو حسینؑ سے لڑنے کے لیے روکنا | ۹۱ |
| ۷۷ | عمر بن سعد کی کربلا میں آمد | ۹۲ |
| ۷۸ | قاصد ابن سعد بخدمت امام حسینؑ جواب | ۹۴ |

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۹ | ابن سعد کا خط بنام ابن زیاد۔ جواب | ۹۴ |
| ۸۰ | ابن زیاد کا جامع مسجد کوفہ میں خطبہ | ۹۵ |
| ۸۱ | یزید کی فوج اور اس کے سپہ سالار | ۹۶ |
| ۸۲ | امام حسینؑ علیہ السلام کی فوج | ۹۶ |
| ۸۳ | حبیب ابن مظاہر کی اپنے قبیلہ میں آمد | ۹۷ |
| ۸۴ | بندشِ آب بر اہلبیتِ رسولؐ | ۹۸ |
| ۸۵ | امام حسینؑ اور ابن سعد کے درمیان ملاقاتیں | ۹۸ |
| ۸۶ | دوران ملاقات گفتگو کے بارے میں آراء | ۱۰۱ |
| ۸۷ | نامہ ابن سعد بنام ابن زیاد جواب | ۱۰۱ |
| ۸۸ | ابن سعد اور شمر کے درمیان گفتگو | ۱۰۳ |
| ۸۹ | شمر کا حضرت عباسؑ کے ماموں ہونے کی روایت کی تردید | ۱۰۴ |
| ۹۰ | نویں اور شب دسویں محرم کے حالات | ۱۰۵ |
| ۹۱ | دسویں محرم کی صبح کے حالات اور امام حسینؑ کا خطبہ | ۱۱۱ |
| ۹۲ | حُر بن یزید الریاحی کی شہادت | ۱۱۷ |
| ۹۳ | عزہ غلام حر بن یزید ریاحی کی شہادت | ۱۲۵ |
| ۹۴ | بریر بن خضیر ہمدانی کی شہادت | ۱۲۶ |
| ۹۵ | وہب بن عبد اللہ کی شہادت | ۱۲۹ |
| ۹۶ | عمرو بن خالد ازدی کی شہادت | ۱۳۱ |
| ۹۷ | خالد بن عمرو ازدی کی شہادت | ۱۳۲ |
| ۹۸ | سعد بن حنظلہ تمیمی کی شہادت | ۱۳۲ |
| ۹۹ | عمیر بن عبد اللہ کی شہادت | ۱۳۳ |
| ۱۰۰ | مسلم بن عوسجہ کی شہادت | ۱۳۴ |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۰۱ | مسلم بن عوسجہ کے فرزند کی شہادت | ۱۳۶ |
| ۱۰۲ | ہلال بن نافع کی شہادت | ۱۳۶ |
| ۱۰۳ | نافع بن ہلال کی شہادت | ۱۳۸ |
| ۱۰۴ | کوفیوں کی امام حسینؑ سے جنگ | ۱۳۹ |
| ۱۰۵ | ابو ثمامہ صیداوی کا نماز کا تذکرہ کرنا | ۱۴۲ |
| ۱۰۶ | حبیب ابن مظاہر اسدی کی شہادت | ۱۴۳ |
| ۱۰۷ | میدان کربلا میں ظہر کی نماز | ۱۴۶ |
| ۱۰۸ | زہیر بن قین کی شہادت | ۱۴۸ |
| ۱۰۹ | ابو ثمامہ صیداوی کی شہادت | ۱۴۹ |
| ۱۱۰ | حجاج بن مسروق کی شہادت | ۱۵۰ |
| ۱۱۱ | یحییٰ بن کثیر کی شہادت | ۱۵۱ |
| ۱۱۲ | یحییٰ بن سلیم مازنی کی شہادت | ۱۵۲ |
| ۱۱۳ | حنظلہ بن سعد کی شہادت | ۱۵۲ |
| ۱۱۴ | عبدالرحمٰن بن عبداللہ یزنی کی شہادت | ۱۵۳ |
| ۱۱۵ | عمرو بن قرظہ کی شہادت | ۱۵۴ |
| ۱۱۶ | جون غلام ابوذر کی شہادت | ۱۵۵ |
| ۱۱۷ | عمرو بن خالد صیداوی کی شہادت | ۱۵۶ |
| ۱۱۸ | سوید بن عمرو کی شہادت | ۱۵۷ |
| ۱۱۹ | قرہ بن ابی قرہ غفاری کی شہادت | ۱۵۸ |
| ۱۲۰ | مالک بن انس کی شہادت | ۱۵۸ |
| ۱۲۱ | عمیر بن مطاع کی شہادت | ۱۵۹ |
| ۱۲۲ | ایک یتیم جوان کی شہادت | ۱۵۹ |
| ۱۲۳ | جنادہ بن حارث کی شہادت | ۱۶۰ |
| ۱۲۴ | عمرو بن جنادہ کی شہادت | ۱۶۱ |
| ۱۲۵ | عابس بن شبیب شاکری و شوذب غلام شاکری کی شہادت | ۱۶۱ |
| ۱۲۶ | عبداللہ غفاری اور عبدالرحمٰن کی شہادت | ۱۶۳ |
| ۱۲۷ | امام زین العابدینؑ کے ترکی غلام کی شہادت | ۱۶۴ |
| ۱۲۸ | یزید بن زیاد بن شعثا کی شہادت | ۱۶۶ |
| ۱۲۹ | ابو عمر نہشلی کی شہادت | ۱۶۶ |
| ۱۳۰ | یزید بن مہاجر کی شہادت | ۱۶۷ |
| ۱۳۱ | سیف بن ابی الحارث، مالک بن عبداللہ کی شہادت | ۱۶۸ |
| ۱۳۲ | زیاد بن مصاہر الکندی کی شہادت | ۱۶۹ |
| ۱۳۳ | حضرت ابراہیم بن حسینؑ کی شہادت | ۱۶۹ |
| ۱۳۴ | علی بن مظاہر کی شہادت | ۱۶۹ |
| ۱۳۵ | معلیٰ کی شہادت | ۱۷۰ |
| ۱۳۶ | طرماح بن عدی کی شہادت | ۱۷۰ |
| ۱۳۷ | یزید بن مظاہر اسدی کی شہادت | ۱۷۱ |
| ۱۳۸ | مالک بن اوس مالکی کی شہادت | ۱۷۱ |
| ۱۳۹ | انیس بن معقل کی شہادت | ۱۷۱ |
| ۱۴۰ | ابراہیم بن حصین اسدی کی شہادت | ۱۷۲ |
| ۱۴۱ | شہدائے کربلا کی تعداد | ۱۷۲ |
| ۱۴۲ | حضرت علی اکبر علیہ السلام کی شہادت | ۱۷۸ |
| ۱۴۳ | عبداللہ بن مسلم بن عقیل کی شہادت | ۱۹۱ |
| ۱۴۴ | محمد بن مسلم بن عقیل کی شہادت | ۱۹۷ |
| ۱۴۵ | جعفر بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت | ۱۹۸ |
| ۱۴۶ | عبدالرحمٰن بن عقیل کی شہادت | ۱۹۹ |
| ۱۴۷ | عبداللہ بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت | ۲۰۱ |


Presented by www.ziaraat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۴۸ | عبداللہ اکبر بن عقیل بن ابی طالب کی شہادت | ۲۰۱ |
| ۱۴۹ | موسیٰ بن عقیل کی شہادت | ۲۰۲ |
| ۱۵۰ | عون و علی فرزندان عقیل کی شہادت | ۲۰۲ |
| ۱۵۱ | محمد بن ابی سعید بن عقیل کی شہادت | ۲۰۳ |
| ۱۵۲ | جعفر بن محمد بن عقیل کی شہادت | ۲۰۴ |
| ۱۵۳ | احمد بن محمد بن عقیل کی شہادت | ۲۰۵ |
| ۱۵۴ | محمد بن عبداللہ کی شہادت | ۲۰۵ |
| ۱۵۵ | عون بن عبداللہ کی شہادت | ۲۰۶ |
| ۱۵۶ | عبیداللہ بن جعفر کی شہادت | ۲۰۸ |
| ۱۵۷ | قاسم بن حسن کی شہادت | ۲۰۸ |
| ۱۵۸ | عبداللہ اکبر کی شہادت | ۲۲۴ |
| ۱۵۹ | ابوبکر بن حسن کی شہادت | ۲۲۵ |
| ۱۶۰ | احمد بن حسن کی شہادت | ۲۲۵ |
| ۱۶۱ | ابوبکر بن علی کی شہادت | ۲۲۷ |
| ۱۶۲ | ابراہیم بن علی کی شہادت | ۲۲۸ |
| ۱۶۳ | عمر بن علی کی شہادت | ۲۲۸ |
| ۱۶۴ | عبداللہ بن علی کی شہادت | ۲۳۰ |
| ۱۶۵ | جعفر بن علی کی شہادت | ۲۳۱ |
| ۱۶۶ | عثمان بن علی کی شہادت | ۲۳۲ |
| ۱۶۷ | محمد الاصغر بن علی کی شہادت | ۲۳۴ |
| ۱۶۸ | حضرت عباس کی شہادت | ۲۳۵ |
| ۱۶۹ | علی اصغر علیہ السلام اور | ۲۵۱ |
| ۱۷۰ | حضرت امام حسینؑ کی شہادت | ۲۷۹ |


# تحفۃ العوام مقبول جدید

مؤلفہ و مرتبہ عالی جناب مولانا سید منظور حسین نقوی صاحب

## مطابق فتاویٰ جدید

مصدقہ علامہ سید علی نقی صاحب قبلہ

ناشر: افتخار بک ڈپو۔ اسلام پورہ لاہور ۱

Presented by www.ziaraat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى نَوَالِهٖ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَاٰلِهٖ

مجھے انتہائی مسرت ہے کہ بالخصوص اس دور میں جبکہ جدید روشنی سے متاثر حضرات اکثر دین اور ملتِ حق کی حمایت سے خالی نظر آتے ہیں عزیز القدر ثالث النیرین جناب مولوی فیروز حسین صاحب قریشی الہاشمی فرزند عالیجناب مولانا اللہ دتہ صاحب مرحوم نبیرہ علامہ محمد بخش صاحب مرحوم ساکن "توت" ضلع ڈیرہ غازیخان جو ایم۔ اے۔ بی۔ ایڈ اور ایک تعلیمی ادارہ کے مدرس اعلٰی ہونے کے علاوہ علوم عربیہ میں بھی مہارت رکھتے ہیں اور مزید تحصیل علوم میں مصروف ہیں انہوں نے ایک ایسے اہم کام کا بیڑا اٹھایا جس کے لئے بہت بڑی ہمت معیاری قابلیت اور وسیع مطالعہ اور وقت کی ضرورت تھی۔

پھر بھی اکثر وہ کتب جو عراق ایران مصر اور ہندوستان میں تاریخ کربلا کے متعلق دستیاب ہو سکیں ان سب کا خلاصہ اس کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ اور ہر اہم واقعہ کو ہر کتاب سے اس طرح نقل کیا ہے کہ اس کا مکمل مفہوم مقصد سلیس اردو زبان میں واضح ہو گیا ہے۔ اس لئے اس کا نام جامع التواریخ رکھا ہے۔

یہ ایک ایسا ہمہ گیر اور احسن طریقہ ہے کہ اس کے مطالعہ کے بعد کسی مذہب و ملت کو کسی واقعہ کے متعلق شک و شبہہ کی گنجائش نہیں رہتی۔ اور نہ کوئی اسے اپنے عقائد یا نظریات کے خلاف تصور کر سکتا ہے اور ہر واقعہ کی حقیقت کھل کر سامنے آجاتی ہے۔

موصوف کی خواہش کے مطابق میں نے اس کا مطالعہ کیا ہے اور انکی محنت و ریاضت اور خلوص نیت کی وجہ سے ہر زبانِ دل سے آفرین نکلتی ہے مجھے توقع ہے کہ اس کا مطالعہ وسعت نظر اور کثیر معلومات حاصل کرنے کا ذریعہ ثابت ہوگا میری دعا ہے کہ خداوند عالم مؤلف موصوف کی توفیقات میں اضافہ فرمائے۔ اور ناظرین کو زیادہ سے زیادہ اس کے مطالعہ اور اس سے مستفیض ہونے کا شرف بخشے۔ آمین ثم آمین بحق محمد و آلہ الطاہرین علیہم السلام۔

... حسین ... عفی عنہ

Presented by www.ziaraat.com

بسمہ سبحانہ حامداً و مصلیاً

امابعد میں نے کتاب مستطاب جامع التواریخ کے بعض اہم مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔ مولف کتاب جناب مولوی فیروز حسین صاحب خلف الرشید مولوی اللہ دتہ صاحب قریشی ہاشمی زید عزہ نے اس کی تالیف و تدوین میں بڑی عرق ریزی و جانفشانی سے کام لیا ہے خداوند کریم ان کی توفیقات میں زیادتی فرمائے۔ اس میں شک نہیں کہ کتاب زیرِ نظر ایک عمدہ تاریخی شاہکار ہے مقررین و ذاکرین کے لیے اس کا مطالعہ اچھے عمدہ اور نرالے معلومات کی فراہمی کا باعث ہے۔ مؤلف موصوف نے روایات کی نقل میں پوری احتیاط سے کام لیا ہے اور مآخذ کی نشاندہی کر کے کتاب کا وزن بڑھا دیا ہے۔ اللہ سے دعا ہے کہ خداوند متعال موصوف کو اس کارِ خیر کا اجر جزیل عطا فرمائے۔ اور مومنین کرام کو اس کے مطالعہ کی توفیق دے۔ آمین

حسین بخش جاڑا دریا خان ضلع میانوالی۔

---

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاءؑ والمرسلین وآلہ الطیبین الطاہرین

امابعد جامع التواریخ کے چند مقامات دیکھنے سے بے حد مسرت ہوئی عزیزم مولوی فیروز حسین نے سلیس اردو میں اور مختلف کتب کے حوالے سے موضوعِ کربلا بڑی محنت و عرق ریزی کے ساتھ تحریر کی ہے۔ مجھے توقع ہے۔ ناظرین کرام اس سے فائدہ حاصل کریں گے۔ واقعہ کربلا پر مطلع ہوں گے۔ اور مؤلف تاریخ التواریخ کو دعا سے یاد کریں گے۔

السید محمد عارف

Presented by www.ziaraat.com

# جامع التواریخ کی منفرد خصوصیات

حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام ۶۱ھ میں کربلا میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے آج ۱۳۹۸ھ ہے اس طرح حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کو کم و بیش ۱۳۳۷ سال کا عرصہ گزر چکا ہے۔ حضرت کے وقت شہادت سے لیکر اس وقت تک اسلامی اور غیر اسلامی ممالک میں واقعہ کربلا کے موضوع پر بے شمار کتابیں لکھی جا چکی ہیں اس وقت ہند و پاکستان میں بھی اس موضوع پر بہت سی کتابیں موجود ہیں با ایں ہمہ اس کم علم نے بھی واقعۂ کربلا کے موضوع پر تاریخ کی ایک مبسوط کتاب تالیف کی جس کا نام جامع التواریخ رکھا۔ اس کتاب کی دیگر کتب تاریخ کربلا سے منفرد خصوصیات یہ ہیں۔

۱۔ جامع التواریخ کے ماخذ مصر۔ قاہرہ۔ شیراز۔ طہران۔ نجف اشرف۔ دہلی اور لکھنؤ کے مطابع کی طبع کی ہوئی کتب ہیں۔

۲۔ جو روایت بھی جس کتاب سے نقل کر کے جامع التواریخ میں درج کی گئی ہے اس کتاب کا نام اور اس کے مؤلف کا نام احاطۂ تحریر میں لایا گیا ہے اس کے علاوہ مطبع۔ سال طباعت اور صفحات کے حوالجات بھی سپرد قلم کئے گئے ہیں۔

۳۔ ہر روایت اصل اقتباس کے اردو ترجمہ کی صورت میں نقل کر کے اس کتاب میں درج کی گئی ہے اور ترجمہ مطلب خیز با محاورہ اور سلیس اُردو میں کیا گیا ہے۔

۴۔ ہر واقعہ کے متعلق تاریخی اختلافات کی صورت میں مختلف مؤرخین کی تحقیقات جمع کر کے اس کتاب میں درج کی گئی ہیں۔

۵۔ حتی الامکان ذاتی رائے دہی سے احتراز کیا گیا ہے تا کہ کسی ایک فرقہ کے نزدیک یہ کتاب کم وقعت ثابت نہ ہو۔

فیروز حسین قریشی ہاشمی ایم۔ اے

Presented by www.ziaraat.com

# جامع التواریخ کے ماخذ

۱۔ کبریت الاحمر تالیف محمد باقر الخراسانی البیرجندی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۷۷ھ

۲۔ ینابیع المودۃ مؤلفہ الحافظ سلیمان بن ابراہیم القندوزی الحنفی مطبع نجف اشرف مطبوعہ ۱۳۸۴ھ

۳۔ دمع السجوم ترجمہ نفس المہموم لخاتم المحدثین الحاج شیخ عباس القمی، از آقای حاج میرزا ابوالحسن شعرانی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۷۴ھ

۴۔ نفائس الاخبار من غواص بحار الاخبار والاثار تالیف آقای میرزا ابوالقاسم اصفہانی مطبع طہران۔

۵۔ ریاض القدس المسمی بحدائق الانس تالیف صدر الدین محمد بن حسن بن محمد بن نظام الدین القزوینی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۲۳ھ

۶۔ منتخب التواریخ تالیف حاج محمد ہاشم بن محمد علی خراسانی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۸۲ھ

۷۔ کتاب الارشاد تالیف محمد بن محمد بن النعمان الملقب بالمفید متوفی ۴۱۳ھ مطبع طہران

۸۔ تاریخ الیعقوبی حصہ دوم تالیف احمد بن ابی یعقوب بن جعفر بن وہب المعروف (بابن واضح) الاخباری متوفی ۲۹۲ھ مطبع النجف۔

۹۔ منتہی الامال جلد تالیف حاج شیخ عباس قمی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۷۱ھ

۱۰۔ ترجمہ تاریخ اعثم کوفی الفتوح یا تاریخ الفتوح تالیف خواجہ محمد علی متوفی ۳۱۴ھ مطبع طہران۔

۱۱۔ مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف تالیف لوط بن یحیٰی مطبع نجف اشرف مطبوعہ ۱۳۷۳ھ

۱۲۔ ترجمہ مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف تالیف لوط بن یحیٰی مطبع دہلی مطبوعہ ۱۳۴۰ھ

۱۳۔ ناسخ التواریخ جلد ششم تالیف علامہ محمد تقی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۱۲ھ

۱۴۔ روضۃ الشہداء تالیف ملا حسین بن علی الواعظ الکاشفی متوفی ۹۱۰ھ مطبع طہران۔

۱۵۔ ترجمہ تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم تالیف محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ مطبع کراچی

۱۶۔ زیارت ناحیہ مقدسہ از حضرت صاحب العصر والزمان صلوات اللہ علیہ

Presented by www.ziaraat.com

۱۷ ۔ خلاصۃ المصائب تالیف محمد ہادی بن مرزا علی ولد مرزا ببر علی ولد سہراب علی خان بن طاہر خان وزیر بادشاہ توران مطبع لکھنؤ۔

۱۸ ۔ ترجمہ مناقب آل ابیطالب تالیف محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی مطبع کراچی۔

۱۹ ۔ جلاء العیون تالیف ملا محمد باقر مجلسی مطبع طہران مطبوعہ ۱۳۷۲ھ

۲۰ ۔ تذکرہ المعصومین تالیف سید علی نقی صاحب جونپوری اعلی اللہ مقامہ مطبع دہلی۔

۲۱ ۔ ذبح عظیم تالیف خان بہادر مولوی سید اولاد حیدر صاحب فوق بلگرامی مطبع دہلی مطبوعہ ۱۹۲۰ء

۲۲ ۔ بحر المصائب تالیف حاجی اخوند مرزا قاسم علی صاحب کربلائی مطبع لکھنؤ مطبوعہ ۱۸۹۲ء

۲۳ ۔ ترجمہ مقتل لہوف علی قتلی الطفوف تالیف علامہ علی بن موسیٰ بن جعفر بن محمد بن طاؤس الحسینی مطبع لاہور۔

۲۴ ۔ نور العین فی مشہد الحسین تالیف العالم العلامۃ ابی اسحٰق الاسفراینی مطبع مصر۔

۲۵ ۔ سر الشہادتین تالیف شاہ عبد العزیز دہلوی مطبع لکھنؤ۔

۲۶ ۔ کتاب شہادت حسین تالیف امام الہند مولانا ابو الکلام آزاد مطبع دہلی۔

۲۷ ۔ بحار الانوار جلد دہم تالیف ملا محمد باقر مجلسی مطبع اسلامیہ طہران مطبوعہ ۱۳۹۳ھ

۲۸ ۔ مواعظ حسنہ یعنی مجموعہ مواعظ سرکار علامہ الشیخ عبد العلی الہروی الطہرانی مطبع لاہور۔

۲۹ ۔ مقاتل الطالبیین تالیف علامہ ابی الفرج الاصفہانی متوفی ۳۵۶ھ مطبع القاہرہ مطبوعہ ۱۳۶۵ھ

۳۰ ۔ تاریخ الحسین تالیف عمر ابو النصر مترجمہ شیخ محمد پانی پتی مطبع لاہور بار دوم مطبوعہ ۱۹۵۶ء

۳۱ ۔ مروج الذہب تالیف ابی الحسن علی بن الحسین بن علی المسعودی متوفی ۳۴۶ھ مطبع مصر مطبوعہ ۱۳۷۷ھ۔

۳۲ ۔ الاخبار الطوال تالیف ابی حنیفہ احمد بن داؤد الدینوری مطبع القاہرہ مطبوعہ ۱۹۶۰ء۔

۳۳ ۔ ترجمہ الاخبار الطوال تالیف ابو حنیفہ احمد بن داؤد الدینوری مطبع لاہور۔

۳۴ ۔ اعلام الوریٰ باعلام الہدیٰ تالیف ابی علی الفضل بن الحسن بن الفضل الطبرسی المشہدی متوفی ۵۴۸ھ مطبع شیراز مطبوعہ ۱۳۱۲ھ۔

Presented by www.ziaraat.com

٣٥ - ترجمہ تاریخ ابن خلدون حصہ چہارم تالیف عبدالرحمٰن ابن خلدون متوفی ٨٠٨ھ مطبع کراچی ۔

٣٦ - تاریخ الخلفاء تالیف علامہ جلال الدین السیوطی مطبع لکھنؤ ۔

٣٧ - مطالب السؤل فی مناقب آل الرسول تالیف کمال الدین محمد بن طلحۃ الشافعی مطبع لکھنؤ ۔

٣٨ - کتاب الصواعق المحرقۃ تالیف شہاب الدین احمد بن حجر مطبع مصر مطبوعہ ١٣٠٦ھ

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاھِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ۔

اما بعد الفقیر الحقیر خادم العلماء الامامیہ الاثنیٰ عشریہ فیروز حسین خلف المولوی اللہ دتہ نبیرۃ العلامہ محمد بخش القریشی الہاشمی المتوطن تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان درباب واقعات کرب وبلاء جو اس کم علم کی نظر سے گزرے ہیں عرض کرتا ہے بروایت طبری معاویہ کے تین لڑکے تھے۔ عبدالرحمٰن، عبداللہ اور یزید۔ عبدالرحمٰن بچپن میں ہی فوت ہوگیا تھا اور عبداللہ کم عقل اور احمق تھا" (تاریخ طبری۔ ۱۶۵)

بروایت علامہ جلال الدین سیوطی یزید کی ماں میسون بنت بجدل کلبی تھی"۔ (تاریخ الخلفاء ۱۴۳۔ تاریخ یعقوبی۔ ۲۲۸)

بروایت کمال الدین یزید شراب خواری، کتوں سے کھیلنے اور اسلام کو حقیر سمجھنے کے عیوب سے معیب تھا اور اسلام کی عیب جوئی اور مذمت کیا کرتا تھا۔ (کتاب حیات الحیوان ۵۱)

بروایت علامہ قزوینی ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ میں لکھتے ہیں کہ معاویہ اپنے لڑکے یزید کو ساز و آواز کی سماعت اور مغنیہ عورتوں کی دوستی پہ ملامت اور سرزنش کیا کرتا تھا"۔ (ریاض القدس ۱۹۰)

بروایت جلال الدین سیوطی ۵۰ھ میں کوہستان عنوۃً فتح ہوا۔ اس میں معاویہ

Presented by www.ziaraat.com

نے اہل شام کو بیعت یزید کے لیے دعوت دی یعنی اس نے یزید کو اپنا ولی عہد مقرر کیا اور اہلِ شام نے یزید کی بیعت کر لی معاویہ پہلا شخص ہے جس نے اپنے بیٹے کے لئے خلافت کا عہد لیا اور یہ پہلا شخص ہے جس نے اپنی صحت کی حالت میں خلافت کا عہد لیا۔ پھر معاویہ نے اہل کار مدینہ مروان کی طرف لکھا کہ وہ بیعتِ یزید لے لیں مروان نے ایک خطبہ پڑھا" امیرالمومنین معاویہ نے مناسب سمجھا ہے کہ تم پر سنّت ابی بکر اور عمر کے مطابق اپنے لڑکے یزید کو خلیفہ بنائے۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکر نے کھڑے ہو کر کہا کہ یہ کسریٰ اور قیصر کا طریقہ ہے تحقیق ابوبکر اور عمر نے اپنی اولاد میں خلافت کو نہیں دیا تھا اور کسی کو اپنے خاندان کے اندر خلیفہ مقرر نہیں کیا پھر معاویہ نے ۵۱ ھ میں حج کیا اور اپنے لڑکے کے لئے بیعت لی۔ (تاریخ الخلفاء ۱۳۷)

بروایت اعثم کوفی جب معاویہ بیمار ہوا تو یزید شام کے ایک موضع حوران مثنیہ کی طرف شکار کھیلنے چلا گیا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۴۰)

بروایت محمد تقی معاویہ پنجشنبہ نصف رجب ۵۹ ھ میں فوت ہوا اور یزید تین دن کے بعد دمشق میں آیا اور اپنے باپ کی قبر کی زیارت کی اور پھر اپنے محل میں داخل ہوا۔ تین دن کسی سے ملاقات نہ کی بروز چہار شنبہ اکیس ماہ رجب کو بے قرار اور غمزدہ ہو کر گھر سے نکلا۔ ناسخ التواریخ ۱۶۱۔

بروایت ملا حسین جب معاویہ فوت ہوا تو ارکانِ حکومت معاویہ نے جمع ہو کر یزید کو تختِ حکومت پر بیٹھایا۔ روضۃ الشہدا ۱۸۸

بروایت طبری معاویہ کی وفات کے بعد یزید سے لوگوں نے بیعتِ خلافت کی یہ واقعہ رجب کی پندرھویں یا بائیسویں کا ہے بعض غرہ رجب لکھتے ہیں اس نے عبیداللہ بن زیاد کو بصرہ میں اور نعمان بن بشیر کو کوفہ میں بحال رکھا مدینہ کا حاکم ولید بن عتبہ بن ابی سفیان تھا اور مکہ کا عمرو بن سعید بن العاص۔ یزید جب والیٔ ملک ہوا تو اسے اس

Presented by www.ziaraat.com

کے سوا کوئی فکر نہ تھی کہ معاویہ نے جب اپنے بعد اس کے ولی عہد کرنے کے لیے لوگوں سے بیعت طلب کی ہے تو جن لوگوں نے معاویہ کے کہنے پر بیعت نہیں کی ان سے بیعت لی جائے اور ان کی طرف سے فراغت حاصل کی جائے۔ تاریخ طبری ۱۷۵

بروایت اعثم کوفی پس یزید نے ارادہ کیا کہ اطراف سلطنت میں فرمان بھیج کر بیعت لی جائے اس وقت مروان بن حکم والیٔ مدینہ تھا اسے معزول کر کے اپنے چچا زاد بھائی ولید بن عتبہ کو اس کی جگہ والیٔ مدینہ مقرر کیا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۴۲

بروایت محمد تقی جب یزید بن معاویہ تختِ حکومت پر بیٹھا تو اطراف واکناف سلطنت میں فرمان بھیجنے کی طرف متوجہ ہوا تاکہ دوسری دفعہ اس کے زیرِ اثر حاکم لوگوں کو تجدید بیعت پر مجبور کریں اور ہر بلد کے حاکم کو اس نوع کا خط لکھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ عبد خدا یزید امیر المومنین کی طرف سے بنام فلاں اما بعد تحقیق معاویہ خدا کے بندوں میں سے ایک بندہ تھا خدا نے اسے ولایت و خلافت سے سرفراز کیا تھا۔ جتنی عمر اس کی لکھی ہوئی تھی اس وقت تک زندہ رہا جب مدت تمام ہوگئی تو فوت ہوگیا خدا اس پر رحم کرے کہ زندگی بھر لائق ستائش رہا اور نیکوکار اور پرہیزگار ہو کر مرا اور واجب ہے کہ وہ لوگ جو تیری حکومت کی حدود کے اندر موجود ہیں خواہ بڑے ہیں اور خواہ چھوٹے ہیں خواہ فاسق و فاجر ہیں اور خواہ متقی و پرہیزگار ہیں وہ ہماری تجدید بیعت کریں۔ اور ہماری متابعت کو واجب سمجھیں اور ہماری اطاعت کرنے میں جلدی کریں۔ ناسخ التواریخ ۱۶۴۔

یہ خط خفیف تفاوت کے ساتھ جلاء العیون، مناقب آل ابی طالب، تاریخ اعثم کوفی، تاریخ طبری، منتہی الامال، مقتل ابی مخنف، روضۃ الشہداء، بحار الانوار اور مقتل لہوف میں منقول ہے۔

بروایت جلاء العیون دوسرا رقعہ لکھا جو اس بات کی خبر دینے والا تھا کہ حسینؑ بن علیؑ،

Presented by www.ziaraat.com

عبداللہ بن عمر۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکر اور عبداللہ بن زبیر سے میرے لئے بیعت لی جائے اور اس سلسلہ میں انہیں مہلت نہ دیجائے کیونکہ تاخیر کرنے کا موقع نہیں ہے اور اگر وہ میری بیعت سے انکار کریں تو ان کے سر میرے پاس بھیج دے۔ روضۃ الشہداء ۱۸۸ یہ خط ریاض القدس صفحہ ۵۷، تاریخ طبری صفحہ ۱۷۵، اور تاریخ الیعقوبی صفحہ ۲۲۹ پر بھی منقول ہے۔ خواجہ اعثم کوفی، علامہ ابن شہر آشوب، لوط بن یحییٰ۔ ملا محمد باقر مجلسی، سید علامہ ابن طاؤس، شیخ عباس قمی اور دیگر صاحبان مقاتل اور اسلامی مورخین اور محدثین اس امر پر متفق ہیں کہ امام حسینؑ کے واسطے یہ حکم صاف لفظوں میں تھا کہ امام حسینؑ بیعت پر راضی نہ ہوں تو ان کا سر کاٹ کر فوراً بھیج دیا جائے۔

بروایت اعثم کوفی جب یہ خط ولید کے پاس پہنچا تو اس نے کہا اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ولید پر افسوس ہے کہ کس نے اسے امارت میں ڈال دیا ہے مجھے حسینؑ سے کیا کام ہے۔ تاریخ اعثم: ۲۴۲

بروایت مجلسی محمد بن ابی طالب موسوی نے کہا ہے کہ جب نامہ یزید بنام ولید درباب قتل امام حسینؑ پہنچا تو یہ امر اس پر گراں گزرا اور کہا خدا نہ کرے کہ میں نواسۂ رسولؐ کو شہید کروں اگرچہ یزید تمام دُنیا دے ڈالے۔ بحارالانوار: ۳۲۷

بروایت محمد تقی اسی اثنا میں یزید کی طرف سے حکم موصول ہوا کہ اس امر کے انجام میں ولید، مروان بن حکم سے مشورہ کرے تو فوراً ولید نے مروان کو بلانے کے لئے کسی کو دوڑایا۔ ناسخ التواریخ: ۱۶۵۔

بروایت ابی مخنف جب مروان ولید کے پاس آیا تو اس کو اپنے پاس بٹھایا اور اس کے سامنے خط پڑھا۔ مروان نے کہا کہ میری رائے یہ ہے کہ کسی کو بھیج کر ان چاروں کو طلب بیعت اور اظہار اطاعت کے لئے بلا۔ اگر وہ اسے بجا لائیں تو قبول کر ورنہ ان کی گردنیں اڑا دے۔ مقتل ابی مخنف: ۱۱

Presented by www.ziaraat.com

بروایت خواجہ اعثم کوفی ولید نے سر جھکا لیا اور کچھ دیر تک غور و فکر میں رہا۔ پھر سر اٹھا کر کہا اے کاش میں پیدا ہی نہ ہوتا اس کے بعد رونے لگا۔ مروان نے کہا اے امیر تو غمگین نہ ہو اپنے کام کی طرف متوجہ ہو آل ابو تراب ہمیشہ سے ہماری دشمن رہی ہے۔ انہوں نے عثمان کو مارا ہے معاویہ کے ساتھ جو معرکہ آرائیاں کی ہیں وہ تو نے بھی دیکھی ہیں اگر تو جلدی نہ کرے گا اور حسینؑ کو معاویہ کی خبر مل جائے گی تو پھر وہ تیرے ہاتھ نہ آئے گا۔ یزید کی طرف سے تیری عزت اور مرتبہ کو نقصان پہنچے گا۔ ولید نے کہا۔ اے مروان ان باتوں سے باز آ اور فاطمہؑ کے فرزند کے حق میں نیکی کے سوا اور کلمہ نہ کہہ وہ پیغمبر کا فرزند ہے۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۳ -

بروایت علامہ قزوینی ولید نے غور و فکر کرنے کے بعد عمرو بن عثمان کو شتر قادار لیعہ کو بلانے کے لئے بھیجا۔ ریاض القدس : ۵۷ -

بروایت خواجہ اعثم کوفی جو شخص بلانے گیا تھا اس نے گھر پہ موجود نہ پایا مسجد میں جاکر دیکھا کہ تینوں بزرگوار موجود ہیں رسولؐ خدا کی قبر کے پاس بیٹھے ہیں اس نے سلام کیا انہوں نے سلام کا جواب دیا پوچھا کس کام کے لئے آیا ہے اس نے کہا امیر تم کو بلاتا ہے حسینؑ نے جواب دیا ہم گھر جائیں گے تو وہاں سے بھی ہوتے جائیں گے قاصد نے ولید کے پاس جاکر جو کچھ ان سے جواب پایا تھا عرض کر دیا۔ قاصد کے جانے کے بعد عبداللہ بن زبیر نے امام حسینؑ سے عرض کیا اے ابا عبداللہ یہ وقت تو امیر کے اجلاس کرنے اور امور سلطنت میں مشورہ لینے کا نہیں، نہ معلوم اس نے اس وقت ہمیں کیوں بلایا ہے میرے دل میں گھبراہٹ پیدا ہو گئی ہے تمہارا کیا خیال ہے، امام حسینؑ نے فرمایا میرا دل گواہی دیتا ہے کہ معاویہ مر گیا ہے۔ کیونکہ میں نے گذشتہ شب خواب میں دیکھا کہ معاویہ کا منبر اوندھا ہو گیا اور اس کے گھر میں آگ لگ رہی ہے۔ بیدار ہو کر میں نے اس خواب کی تعبیر معاویہ کی موت خیال کیا۔ عبداللہ بن زبیر نے کہا کہ اگر یہ خواب سچا ہے تو ہمیں

Presented by www.ziaraat.com

یزید کی بیعت کے لئے بلایا جا رہا ہے۔ آپ اس معاملہ میں کیا کریں گے۔ امام حسینؑ نے کہا: میں یزید کی بیعت اختیار نہیں کروں گا کیونکہ معاویہ نے میرے بھائیؑ کے ساتھ اس شرط پر عہد کرلیا تھا کہ اس کے مرنے کے بعد خلافت مجھے ملے گی اور وہ اپنی اولاد میں سے ہرگز کسی کو خلیفہ مقرر نہ کریگا اگر معاویہ مرگیا ہے تو اس نے اپنے قول و اقرار کو پورا نہیں کیا ہے یہ تو بڑا اہم واقعہ ہوا ہے کیا تیرا خیال ہے کہ میں یزید کی بیعت کرلوں۔ یزید شرابی کاذب اور علانیہ فسادی شخص ہے وہ کتّوں اور بندروں سے کھیلتا ہے ہم رسولؐ خدا کے اہلبیت ہیں ہم سے یہ امر وقوع میں نہیں آسکتا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۴۳

ابھی یہ باتیں ہو رہی رہی تھیں کہ عمرو بن عثمان ولید کی طرف سے دوبارہ آیا اور کہا تم فارغ بیٹھے ہو امیر تمہاری انتظار کر رہا ہے۔ ناسخ التواریخ : ۱۶۶

بروایت اعثم کوفی امام حسینؑ نے فرمایا کہ تجھ پہ لعنت ہے کب تک بلائے جائے گا۔ کوئی آئے نہ آئے میں ابھی آتا ہوں ولید کا قاصد واپس چلا گیا اور جاکر کہا حسینؑ ابھی تشریف لا رہے ہیں۔ مروان نے کہا وہ نہ آئیں گے تجھے دھوکا دیا ہے۔ ولید نے کہا ایسی بات نہ کہہ حسینؑ صادق القول ہیں جو وہ کہتے ہیں اسے پورا کرتے ہیں۔ امام حسینؑ نے ہمراہیوں سے کہا تم جاؤ میں بھی اپنے گھر جاتا ہوں وہاں سے ولید کے پاس جاؤں گا دیکھوں کیا کہتا ہے عبداللہ بن زبیر نے کہا میری جان آپ پر فدا ہو مجھے اندیشہ ہے کہ مبادا جب تم اس کے پاس جاؤ وہ آپ کو قید کرلے یا نعوذ باللہ شہید کردے امام حسینؑ نے فرمایا میں اس کے پاس تنہا نہ جاؤں گا، اپنے اعزا میں کچھ لوگ ہمراہ لے جاؤں گا اور کہہ دوں گا کہ ہتھیار لیکر زیرِ دامن چھپالو پھر اگر کسی نے میری طرف ٹیڑھی نظر سے دیکھا تو میں اسے فنا کردوں گا جیسا کہ تو سمجھتا ہے مجھ پر کوئی آسانی سے قابو نہیں پاسکتا اور جو کچھ لکھا جاچکا ہے وہ ہو کر رہے گا پھر سب جناب رسولؐ خدا کے مزار پر آئے اور ایک دوسرے سے رخصت ہو کر اپنے گھر چلے گئے۔ حضرت امام حسینؑ نے غسل فرمایا۔ عمدہ لباس

Presented by www.ziaraat.com

زیب تن فرمایا۔ دو رکعت نماز ادا کی۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۴

بروایت شیخ مفید پھر امام حسین علیہ السلام نے اپنے اصحاب اور جوانان ہاشمی جمع کر کے فرمایا: اپنے ہتھیار زیب تن کر لو کیونکہ ولید نے مجھے اس وقت بلایا ہے اور میں جانتا ہوں کہ وہ مجھے ایسے امر پر مجبور کرے گا کہ میں اسے قبول نہیں کروں گا میں اس سے مامون نہیں ہوں تم سب میرے ساتھ چلو اور جب میں اس کے مکان میں داخل ہوں تو تم سب دروازے پر مسلح ٹھہرے رہنا اگر میری آواز بلند ہو تو تم بے تامل اندر چلے آنا تا کہ مجھے اس سے محفوظ رکھو۔ کتاب الارشاد : ۳۰

اس کے بعد جناب رسول خدا کا عصا ٹیک کر باہر تشریف لائے تیس جانباز مرد ساتھ تھے۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۴

بروایت محمد بن علی مازندرانی انیس ۱۹ ہاشمی جوان ساتھ تھے۔ مناقب آل ابیطالب: ۵۶۱

بقول میرزا محمد تقی ایک روایت کے مطابق ان ہاشمی جوانوں کی تعداد پچاس ۵ تھی۔ ناسخ التواریخ: ۱۹۶

بروایت علامہ محمد باقر مجلسی، ملا حسینی، سید علامہ ابن طاؤس اور علامہ قزوینی ان کی تعداد تیس ۳ تھی۔ العلم عند اللہ ولید کے دروازے پر پہنچ کر امام حسین علیہ السلام نے انہیں بٹھا دیا اور تاکیداً پھر سمجھا دیا اور اندر تشریف لے گئے ولید سے سلام علیک کہا اور امارت کی مبارکباد دی۔ ولید نہایت تعظیم و تکریم اور عزت و احترام سے پیش آیا اور اپنے برابر بٹھایا۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۳

بروایت سید ابن طاؤس ولید نے آپ کو خبر مرگ معاویہ سنائی اور بیعت کے متعلق یزید کی دلی تمنا کا اظہار کیا۔ حضرت نے فرمایا: " اے ولید بیعت پوشیدہ طریقہ سے نہیں ہوا کرتی کل جب اور اہل مدینہ کو طلب کرنا مجھے بھی بلا لینا۔" مروان بائیں طرف پہلو میں بیٹھے ہوئے ہنسے بول اٹھے اے امیر حسین کے عذر کو ہر گز قبول نہ کر۔ بیعت نہیں کرتے تو فوراً ان کا سر کٹوا دے۔" یہ سننا تھا کہ امام عالی مقام

Presented by www.ziaraat.com

کو جلال آگیا اور مروان سے فرمایا۔ اے دشمنِ خدا تو میرے قتل کا مشورہ دیتا ہے خدا کی قسم جان دے دوں گا مگر یزید کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دوں گا۔ پھر آپ نے ولید سے مخاطب ہو کر فرمایا ہم نبوّت کا خاندان اور رسالت کی کان ہیں اسی گھر میں فرشتوں کی آمد و رفت رہا کرتی ہے عالم ایجاد کا آغاز خدا نے ہمیں سے کیا اور انجام بھی ہم ہی پہ ہوگا یعنی ابتداء بھی محمدؐ سے ہے اور انتہا بھی محمدؐ ہی پر ہوگی۔ یزید شراب خوار، بدکار خونخوار اور ناہنجار ہے میں اسکی بیعت کی ذلّت کو ہرگز گوارا نہیں کرسکتا بہتر ہے کہ صبح تک یہ معاملہ موقوف رکھا جائے اس اثنا میں میں بھی غور کرلوں گا اور تم بھی سوچ سمجھ لو کہ سزاوارِ بیعت اور حقدارِ خلافت حسینؑ ہے یا یزید؟ مقتل لہوف : ۱۹

آپکی زبان سے یہ الفاظ بلند آواز سے نکلے اور آپ کے عزیزوں نے جو آواز کے منتظر بیٹھے سُنتے ہی تلواریں نکال لیں اور چاہا کہ ولید کے گھر میں داخل ہو جائیں کہ اتنے میں امام حسینؑ باہر چلے آئے اور فرمایا بس ٹھہر جاؤ پھر امام حسینؑ اپنے دولتسرا پر تشریف لے آئے۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۴

بروایت ابی مخنف ولید نے مروان سے کہا افسوس تم نے میرے لئے وہ بات پسند کی جس میں میری اور میری اولاد کی تباہی مضمر تھی خدا کی قسم میں یہ نہیں چاہتا کہ قیامت کے دن خونِ حسینؑ کا مجھ سے مطالبہ کیا جائے اور اس کے عوض میں تمام دنیا کا مالک بن بیٹھوں۔ مقتل ابی مخنف : ۱۳

بروایت علّامہ مجلسی بظاہر مروان نے کہا اگر تم نے اس وجہ سے میرا کہنا نہ مانا تو خوب کیا۔ مگر دل میں اس کے فعل سے راضی نہ تھا۔ جلاء العیون۔ ۳۵۰

بروایت لوط بن یحییٰ اور میرزا محمد تقی مروان غضبناک ہو کر ولید کے پاس سے اُٹھ کھڑا ہوا۔ مقتل ابی مخنف : ۱۳، ناسخ التواریخ : ۱۶۷

بروایت علّامہ مجلسی جب صبح ہوئی اور امام حسینؑ دولتسرا سے باہر تشریف لے آئے تو

Presented by www.ziaraat.com

تو مروان سے ملاقات ہوئی وہ کہنے لگا اے حسینؑ میری بات مان لو تمہارے لئے بہتر ہوگی فرمایا بیان کرو وہ کیا بات ہے، مروان نے کہا میں آپ کو بیعت یزید کی صلاح دیتا ہوں اس سے آپ کا دنیا میں بھی بھلا ہوگا اور دین میں بھی۔ حضرت نے سرد آہ بھری اور کلمہ اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ زبان پر جاری کیا اور فرمایا اگر یزید یا امت کا راہبر تسلیم کر لیا گیا ہے تو اسلام کا خدا ہی حافظ ہے میں نے اپنے جدّ امجد جناب رسولؐ خدا سے سنا ہے کہ خلافت آل ابی سفیان پر حرام ہے۔ غرض امام حسینؑ اور مروان کے درمیان دیر تک گفتگو جاری رہی آخر مروان گھبایا سا ہو کر گھر لوٹ گیا۔ بحار الانوار : ۳۲۶

بروایت ملا حسینؒ ولید نے کسی کو عبداللہ بن زبیر کو بلانے کیلئے بھیجا اور اس نے آنے میں بہانہ کیا یہاں تک کہ رات آپہنچی۔ عبداللہ بن زبیر اپنے خاص آدمیوں کے ایک گروہ کے ساتھ غیر معروف راستے سے مکہ معظمہ کی طرف روانہ ہوگیا۔ روضۃ الشہداء : ۱۹۱

بروایت اعثم کوفی دوسرے دن ولید نے عبداللہ بن زبیر کو طلب کیا اور موجود نہ پایا تو جانا کہ بھاگ گیا ہے سخت غصّہ آیا اور گھبرایا، مروان نے کہا جب نصیحت کرنے والے امیر کے لئے مصلحت جانتے ہیں اور اچھی رائے دیتے ہیں تو امیر ان کی نصیحت کو نہیں سنتا ہے اور ان کی اچھی رائے کے مطابق عمل نہیں کرتا تو ایسے ہی ہوتا ہے عبداللہ مکہ کے سوا کسی اور جگہ نہ جائیگا، کچھ آدمی اس کی تلاش کے لئے بھیج دے تاکہ اسے پکڑ لائیں غرض بنی اُمیّہ کے تیس سانڈنی سواروں کو اسے طلب کرنے کیلئے روانہ کیا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۴۵

بروایت ملا محمد باقر مجلسی، الشیخ مفید، میرزا محمد تقی اور طبری اسّی سواروں کو عبداللہ کے کے پیچھے روانہ کیا۔ وہ لوگ نہایت سرعت سے روانہ ہوئے مگر اسے نہ پایا اور واپس لوٹ آئے۔ اس دن ولید، عبداللہ بن زبیر اور اس کے متعلقین کی گرفتاری میں مصروف رہا اس لئے حسینؑ بن علیؑ سے کچھ نہ کہا اور پھر آدمی بھیج کر عبداللہ بن زبیر کے عزیز دل، رشتہ داروں، دوستوں اور خدمتگاروں کو پکڑوا کر قید خانہ میں قید کر دیا۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۵

Presented by www.ziaraat.com

بروایت ملاحسین ولید نے صورتِ حال سے یزید کو مطلع کیا۔ روضۃ الشہداء : ۱۹۱

بروایت اعثم کوفی یزید کی طرف سے ان تحریروں کا جواب آگیا لکھا تھا تمہارا خط پہنچا اور حال معلوم ہوا مدینہ والوں کی نسبت جو تم نے لکھا ہے کہ وہ میری بیعت کی طرف متوجہ نہیں ہوتے ان کو دوبارہ طلب کرکے پھر تاکید شدید کرنی چاہیئے اور ان سے بیعت لینی چاہیئے عبداللہ بن زبیر کو اس کے حال پر چھوڑ دو وہ جہاں کہیں جائیگا ہماری کمند اس کے گلوگیر رہے گی لومڑی چاند سے بھاگ کر کہاں جا سکتی ہے۔ اور اس خط کے جواب کے ساتھ حسینؑ بن علیؑ کا سر میرے پاس بھیج دے اور اگر تو ان تمام احکام کو بجا لائیگا اور میری اطاعت اور فرمانبرداری سے باہر نہ جائیگا تو میں تجھے بہت بڑا مرتبہ عطا کروں گا اور لشکر عظیم کی سپہ سالاری دوں گا تو بے حد دولت وحشمت والا بن جائیگا۔ والسلام ۔ جب یزید کا یہ خط ولید کے پاس پہنچا اور اس نے یہ مضمون پڑھا تو سخت فکر مند ہوا۔ کہا لاحول ولا قوۃ الا باللہ اگر یزید تمام دولت بھی مجھے دے تب بھی میں فرزند جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ کے خون میں شریک نہیں ہوں گا۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۳۵

بروایت ملاحسینؒ ولید نے یزید کے خط کا مضمون نقل کرکے ایک واقف راز کے ہاتھ امام حسینؑ کی خدمت میں بھجوا دیا اور پیغام دیا کہ یا ابن رسولؐ اللہ لمحہ بلحہ یزید کا خط پہنچتا ہے اور متواتر آپ کے قتل کا حکم دیتا ہے میں اس معاملہ میں حیران وپریشان ہوں لیکن حضرت امام حسینؑ علیہ السلام صورتِ حال سے آگاہ ہوئے اور صبر کیا۔ روضۃ الشہدا : ۱۹۱

رسالہ البلاالمبین میں منقول ہے کہ جب امام حسینؑ نے مدینہ کا قیام موجب رنج ومحن سمجھا اور حفاظت حرمت وجان دشوار سمجھی تو مکہ معظمہ کا قصد ہجرت فرمایا رات کے وقت حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے جد امجد پیغمبر خدا کے روضہ مطہر پر حاضر ہوئے۔ "عرض کیا اے خدا کے رسولؐ ! آپ پر سلام ہو میں آپکی دختر جناب فاطمۃ الزہرا

Presented by www.ziaraat.com

کا فرزند اور آپ کا نواسہ حسینؑ ہوں آپ کا وہ نواسہ ہوں جس کو آپ اپنی اُمّت میں اپنا خلیفہ اور جانشین بنا گئے تھے۔ اے خدا کے نبی! آپ ان پہ گواہ رہیں کہ انہوں نے مجھے تنہا چھوڑ دیا یہ فرما کر امام حسینؑ نماز میں مشغول ہو گئے اور صبح تک اپنے جدّ بزرگوار کے مزار پر عبادت میں مصروف رہے اسی شب ولید نے ایک شخص کو حضرت امام حسینؑ کے دولتسرا پر بھیجا تاکہ دیکھے کہ حضرت مدینہ منوّرہ سے کوچ کر گئے ہیں یا موجود ہیں چونکہ حضرت اپنے جدّ بزرگوار کے مزار پر گئے ہوئے تھے اسلئے حضرت کو دولتسرا پر نہ پایا اس نے ولید کو جاکر خبر دی کہ حضرت اپنے گھر پر تشریف نہیں رکھتے ہیں جب ولید نے اس کی یہ بات سُنی تو کہا میں خدا کا شکر کرتا ہوں کہ حضرت امام حسینؑ شہر سے ہجرت کر گئے ہیں اور میں ان کے خون میں ملوث نہ ہوا۔ صبح ہوئی تو حضرت دولتسرای میں تشریف لے آئے۔

جب دوسری رات ہوئی تو حضرت امام حسینؑ مزار رسولؐ پہ حاضر ہوئے اور ضریح اقدس کے متصل کھڑے ہو کر چند رکعت نماز پڑھی جب نماز سے فارغ ہوئے تو کہا اے خداوند تعالیٰ یہ تیرے پیغمبرؐ کی قبر ہے اور میں تیرے نبی کی دختر کا فرزند ہوں مجھے جو امر درپیش ہے تو اسے اچھی طرح جانتا ہے۔ خداوندا میں نیکی کو عزیز رکھتا ہوں اور بُرائی سے بیزار ہوں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے ذوالجلال والاکرام بحق قبر اور بحق اس کے جو اس قبر میں ہے، میرے لیے وہ چیز اختیار فرما جس میں تیری اور تیرے رسولؐ کی خوشنودی ہو۔ پھر امام حسینؑ صبح تک تضرّع و زاری اور مناجات درگاہ باری تعالیٰ میں مستغرق رہے جب طلوع صبح کا وقت قریب ہوا تو امام حسینؑ نے اپنا سر اقدس اپنے نانا محمدؐ مصطفےٰ کی ضریح مبارک پہ رکھا اس وقت امام حسینؑ کو نیند آ گئی عالم خواب میں دیکھا کہ جناب پیغمبرؐ خدا تشریف لائے ہیں اور بے شمار ملائکہ احاطہ کئے ہوئے ہیں، جناب پیغمبرؐ خدا نے امام حسینؑ کو اپنے سینہ اقدس سے لگایا اور حضرت کی پیشانی پر بوسے دیئے، اور فرمایا اے میرے حبیب حسینؑ! عنقریب صحرائے کربلا میں اشقیاء تیرا سر بدن سے جُدا

Presented by www.ziaraat.com

کریں گے اور تو اپنے خون میں اس گروہ کے نرغہ میں لوٹ رہا ہوگا تو اس وقت پیاسا ہوگا مگر وہ تجھ کو پانی نہ دیں گے حالانکہ وہ یہ دعویٰ کریں گے کہ وہ میری اُمت سے ہیں اس لئے وہ میری شفاعت کی امید رکھیں گے حق تعالیٰ ان کو بروز قیامت میری شفاعت سے محروم رکھے گا، اے میرے حبیب حسینؑ! تمہارے والد علیؑ مرتضیٰ اور تمہاری والدہ فاطمۃ الزہرا اور تمہارا بھائی حسنؑ مجتبیٰ میرے پاس موجود ہیں وہ تمہاری ملاقات کے مشتاق ہیں اے میرے نواسے آپ کے لئے بہشت میں منازل اور مراتب مقرر ہیں جن کو آپ بغیر حصول درجۂ شہادت نہیں پا سکتے ہیں امام حسینؑ نے حالت خواب میں از روئے تضرع وزاری بنگاہ حسرت اپنے جدّ امجد کی طرف دیکھ کر استدعا کی: اے نانا مجھے دنیا کی طرف جانے کی حاجت نہیں ہے مجھے اپنے ساتھ قبر میں لیجیئے جناب رسولؐ خدا نے امام حسینؑ سے فرمایا دنیا کی طرف لوٹنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے یہاں تک کہ تو شہادت کا مزا چکھے اور وہ ثواب جو اللہ تعالیٰ نے تیرے حق میں مقرر کر رکھا ہے اسے حاصل کرے پس آپ، آپکا والد، آپکا بھائی آپکا چچا اور آپکے والد کا چچا بروز قیامت ایک جگہ محشور ہوں گے، اور اکٹھے بہشت میں داخل ہوں گے۔ پس امام حسینؑ یہ خواب دیکھ کر پریشان حال نیند سے بیدار ہوئے اور اپنے دولتسرا میں تشریف لے گئے اور یہ خواب اپنے اہلبیتؑ سے بیان کیا اس دن مشرق اور مغرب میں کوئی گھر ایسا نہ تھا جس کا حزن وملال، اہلبیت رسول اللہؐ کے رنج والم سے زیادہ نہ ہو اس وقت امام حسینؑ نے مدینہ سے مکّہ جانے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ امام حسینؑ پھر آدھی رات کے وقت مزار رسولؐ خدا پر حاضر ہوئے چند رکعت نماز پڑھی اور اس مرقد مبارک سے پھر وداع کیا اس کے بعد اپنی مادر گرامی کی تربت پر پہنچے اور اس سے وداع کیا اس کے بعد امام حسنؑ کے مزار پر تشریف لے آئے اور اس سے وداع کیا صبح کے وقت دلتسرا میں تشریف لے آئے اور آپ کے بھائی محمد بن حنفیہؓ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔

Presented by www.ziaraat.com

بحارالانوار جلد دہم : ۲۲۶ ۔
بروایت ابواسحٰق اسعرائنی اہل بیت رسولؐ خدا ہی محمد بن حنفیہ کے گھر تشریف لے گئے کیونکہ محمد بن حنفیہ بیمار تھے ۔ نورالعین فی مشہدالحسین : ۱۵
مگر میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم ، شیخ عباس قمی نے منتہی الامال میں ، احمد بن اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی میں اور شیخ مفید نے کتاب ارشاد میں لکھا ہے کہ محمد بن حنفیہ ہی حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے ۔ محمد بن حنفیہ نے کہا اے میرے بھائی حسینؑ ! میں آپ کے ہمراہ اہل و عیال اور پیادہ سوار دیکھ رہا ہوں کیا معاملہ ہے امام حسینؑ نے محمد بن حنفیہ کو اس چیز سے بھی آگاہ کیا کہ اہل کوفہ نے میری طرف ایک ہزار خطار سال کئے کہ ہم آپ کو خلیفہ بنائیں گے محمد بن حنفیہ سخت روئے اور عرض کیا اے میرے بھائی ! آپ کا کوفہ اور عراق سے کیا تعلق ہے بے شک ان کے تمام حالات مجسمہ نفاق ہیں اور ان میں رحمدلی مفقود ہے ان کے لئے ضرب المثل ہے کوئی وفا نہیں کرتا اور عراق کے لوگ طاقت نہیں رکھتے اے میرے بھائی ! وہ ایک ایسی قوم ہے جنہوں نے آپ کے والد کے ساتھ دھوکہ کیا تھا اور آپ کے بھائی کے ساتھ اپنے دلوں میں دشمنی چھپائے ہوئے تھے ہمیں ان کی کوئی ضرورت نہیں ہے اے میرے بھائی ! آپ یہاں اپنے نانا بزرگوار کے حرم شریف میں اور اپنے والد بزرگوار کے مسکن میں یا میرے گھر میں یا جو اچھی رہائش گاہ آپ پسند کریں اس میں رہیں فاجروں کے ملک میں تشریف نہ لے جائیں اور اگر آپ یہاں رہنا نہیں چاہتے تو آپ مکہ کی طرف تشریف لے جا کر اپنے اہل بیت اور اصحاب میں رہیں اے میرے بھائی ! ان میں رہتے ہوئے آپ کی قدر و منزلت ارفع و بلند ہوگی اور آپ کے ہر حکم کی تعمیل ہو گی ، اے بھائی ! کوفہ اور عراق کی طرف سفر ترک کر دیں کیونکہ ان کی حرکات سے ہمارے دل جلے ہوئے ہیں ۔ آپ مدینہ میں رہ جائیں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مجھے بیماری سے شفا دے ہیں آپ کے

Presented by www.ziaraat.com

ہمراہ چلوں گا اور دیکھوں گا کہ کیا ہوتا ہے میں اپنی جان آپ پر فدا کروں گا امام حسینؑ علیہ السلام نے اس سے انکار کر دیا اور فرمایا میرے لئے سفر کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے اور مجھے ان منتخب کے سوا جو میرے ہم رکاب ہیں کسی ایک کی ضرورت نہیں ہے اور وہ میرے اقرباء اور میرے بھائی ہیں اس کے بعد امام حسینؑ کے بھائی محمد بن حنفیہ زار زار رونے لگے۔ نور العینؑ فی مشہد الحسینؑ تالیف ابو اسحٰق اسفرائنی : ۱۵ / ۱۶

امام حسینؑ نے محمد بن حنفیہ سے فرمایا کہ اگر آپ مدینہ میں رہ جائیں تو تمہارے لئے کوئی حرج نہیں ہے آپ میری طرف سے ان پر بطور نگران رہ جائیں ان کے افعال سے کوئی چیز مجھ سے پوشیدہ نہ رکھیں۔ ناسخ التواریخ : ۱۷۱

بروایت ابو اسحٰق اسفرائنی محمد بن حنفیہ مدینہ میں اس لئے رہ گئے کیونکہ وہ بیمار تھے۔

"اسی اثنا میں عبداللہ بن عباس تشریف لے آئے امام حسینؑ اور محمد بن حنفیہ کو السلام علیکم کہا اور ان دونوں کے پاس بیٹھ گئے اور امام حسینؑ سے کہنے لگے اے چچا زاد بھائی اس قافلہ کی جو آپ کے ساتھ ہے خبر دیں۔ امام حسینؑ نے فرمایا میں کوفہ اور عراق کے سفر کا ارادہ رکھتا ہوں کیونکہ انہوں نے میری طرف ایک ہزار خطوط بھیجے ہیں وہ کہتے ہیں کہ آپ ہمارے پاس تشریف لے آئیں اور یزید سے اپنی خلافت واپس لے لیں ہم آپ کی امداد کریں گے اور انہوں نے میری طرف یزید کے جور و ستم کی شکایت کی میں نے ان کی طرف کوئی توجہ نہ دی پھر انہوں نے میری طرف آخری خط بھیجا جس میں انہوں نے مجھے کہا اگر آپ تشریف نہ لائے تو ہم اللہ کے حضور میں فریاد کریں گے اور کہیں گے کہ اے اللہ تعالیٰ ہمیں امام حسینؑ سے اپنا حق دلوا پھر اس حالت میں آپ کیا جواب دیں گے۔ اس لئے میں نے انکی طرف سفر کا ارادہ کر لیا۔ عبداللہ بن عباس نے حضرت امام حسینؑ سے کہا کہ آپ یہاں کچھ توقف کریں یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ آپ کے بھائی محمد بن حنفیہ کو شفا دے دیں، محمد بن حنفیہ اور ہمارا سارا خاندان آپ کے ہمراہ چلے گا تاکہ ہم دیکھیں کہ اہل کوفہ اور اہل عراق

Presented by www.ziaraat.com

کی طرف سے آپ پر کیا گزرتی ہے کیونکہ میں آپ کے لئے مطمئن نہیں ہوں، حضرت امام حسینؑ نے فرمایا آپ میرے ساتھ نہ چلیں مجھے سوائے ان لوگوں کے جو میرے ساتھ ہیں کسی اور کی ضرورت نہیں ہے اللہ تعالیٰ کی تقدیر ہو کر رہے گی یہ جواب عبداللہ بن عباس پر دشوار گزار۔ نورالعین : ۱۶

بروایت علامہ مجلسی حضرت امام حسینؑ نے قلم دوات اور کاغذ طلب کیا اور یہ وصیت نامہ اپنے بھائی محمد کے لیے لکھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ یہ وصیت نامہ حسینؑ بن علیؑ ابن ابی طالب کا اپنے بھائی محمد المعروف با بن حنفیہ کی طرف ہے بہ تحقیق حسینؑ گواہی دیتا ہے کہ بیشک اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے تحقیق محمدؐ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہے جو بحق و راستی اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے بے شک بہشت اور دوزخ حق ہیں اور قیامت آئیگی اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے اور تحقیق اللہ تعالیٰ سب کو جو قبروں میں زندہ کرے گا اور میں نے از روئے طغیان و عدوان اور ظلم و فساد ہجرت نہیں کی بلکہ محض اپنے نانا کی امت کی اصلاح کی خاطر روانہ ہونا چاہتا ہوں کہ نیکیوں کا حکم دوں اور بدیوں سے منع کروں اور اپنے جدّ بزرگوار اور اپنے والد عالی قدر کی سیرت پر عمل کروں جو شخص میرا حکم قبول کرے گا حق تعالیٰ اسے جزائے خیر دیگا اور جو میرے حکم سے تخلف کریگا میں صبر کرونگا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ میرے اور اس گروہ کے درمیان حق و راستی کے ساتھ حکم کرے اور اللہ تعالیٰ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے اے میرے بھائی یہ تم کو میری وصیت ہے نہیں میری توفیق مگر اللہ تعالیٰ سے یعنی اللہ کے سوا کوئی توفیق دینے والا نہیں ہے اس پر ہی میں توکل کرتا ہوں اور اس کی طرف ہی میری بازگشت ہوگی۔ بحارالانوار : ۳۲۹، ۳۳۰

بروایت ملا محمد باقر مجلسی، احمد بن اعثم کوفی، شیخ عباس قمی اور محمد قزوینی اس کے بعد

Presented by www.ziaraat.com

امام حسینؑ نے وصیت نامہ کو لپیٹا اور مہر فرما کر محمد بن حنفیہ کو دیا اور وداع کیا۔

بروایت علامہ مجلسی ابن قولویہ نے بسند معتبر امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے جب امام حسینؑ نے ارادہ کیا کہ مدینہ سے باہر چلے جائیں تو عورات بنی ہاشم جمع ہوئیں اور صدائے گریہ و نوحہ وزاری بلند کی۔ امام حسینؑ نے جب ان کی نالہ وزاری ملاحظہ فرمائی تو فرمایا میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ صبر کرو اور رونے پیٹنے سے ہاتھ اٹھاؤ انہوں نے کہا اے سیّد و سرور ہم کس طرح نالہ و بیقراری سے باز رہیں حالانکہ آپ جیسا بزرگوار بحسرت و یاس ہم سے جاتا ہے اور ہم بیکسوں کو غریب و تنہا چھوڑتا ہے اور انجام کار ہم نہیں جانتے کہ کیا ہوگا اب نالہ و بیقراری کس دن کے لیے رہنے دیں قسم بخدا یہ دن ہمارے لئے مثل اس دن کے ہے جس دن جناب رسولؐ خدا نے دنیا سے انتقال کیا اور مثل اس روز کے ہے جس روز جناب فاطمہؑ نے انتقال کیا اور مثل اس روز کے ہے جس روز امیرالمومنینؑ شہید ہوئے اے محبوب قلوب مومنان اے یادگار بزرگواران! خدا ہماری جانوں کو آپ پر سے فدا کرے بعد اس کے امام حسینؑ کی ایک پھوپھی تشریف لائیں اور نوحہ وزاری کر کے کہا اے نور دیدہ میں گواہی دیتی ہوں کہ اس وقت میں نے سنا جنات تم پر نوحہ کر کے کہہ رہے ہیں شہید کرب و بلا نے آل بنی ہاشم سے قریش کی گردنوں کو ذلیل کیا وہ بزرگوار جو حبیب رسولؐ خدا تھا اور ہرگز کوئی بدی اس سے ظاہر نہ ہوئی اس کی مصیبت نے لوگوں کی ناکوں کو خاک پر رگڑ دیا پس ان مخدرات حجرات طہارت و سیادت نے ایک آواز ہو کر مرثیہ ہائے جانسوز مصیبت امام حسینؑ پر پڑھے اور اشکہائے خونین آنکھوں سے جاری کر کے اس امام مظلوم کو وداع کیا۔

قطب راوندی وغیرہ نے روایت کی ہے کہ جب جناب امام حسینؑ نے مدینہ سے جانے کا قصد فرمایا تو ام سلمہ زوجہ طاہرہ جناب رسولؐ خدا، سید الشہداء کے پاس آئیں اور کہا اے فرزند گرامی مجھے اپنے سفر عراق سے اندوہ گین وملول نہ کرو اس لئے کہ میں نے

Presented by www.ziaraat.com

تمہارے جدّ بزرگوار سے سُنا ہے فرماتے تھے میرا فرزند دلبند حسینؑ زمین عراق میں تیغ جور اہل کفر و نفاق سے شہید ہوگا حضرت نے فرمایا مجھے بجز جانے کے کوئی چارہ نہیں ہے حکم خدا کی تعمیل کرتا ہوں اور بخدا میں جانتا ہوں کہ کس روز شہید ہونگا اور کون مجھے شہید کریگا اور کس زمین پر دفن ہونگا اور ان کو بھی جانتا ہوں جو اہلبیت سے میرے ہمراہ ہونگے اور شہید ہونگے اسے مادر گرامی ! اگر آپ چاہیں تو وہ جگہ جہاں میں شہید اور دفن ہونگا آپ کو دکھا دوں یہ فرما کر امام حسینؑ نے دست مبارک سے جانب کرب و بلا اشارہ کیا اور با عجاز آنحضرت زمین ہائے دُنیا بیست اور زمین کرب و بلا بلند ہوگئی یہاں تک کہ حضرت نے محل شہادت و موضع دفن اپنا اور سب اصحاب کا اور اپنے لشکر کی جگہ حضرت ام سلمہ کو دکھا دی یہ دیکھ کر ام سلمہ نے نالہ و فغاں بلند کرکے در و دیوار تک کو رلا دیا امام حسینؑ نے فرمایا اسے مادر گرامی اس طرح مقدر ہوا ہے کہ میں بظلم و ستم شہید ہوں اور میرے فرزندان و عزیزان و اقارب بھی قتل ہوں اور میرے اہلبیت و عورات و اطفال قید ہو کر شہر بشہر اور دریا بدریا پھرائے جائیں ام سلمہ نے کہا اے میرے فرزند آپ کے جدّ عالی قدر نے آپ کے مدفن کی مٹی مجھے دی ہے اور میں نے شیشہ میں رکھ چھوڑی ہے امام حسینؑ نے ہاتھ بلند کرکے ایک مشت خاک اٹھا کر ام سلمہ کو دے دی اور فرمایا اسے مادر گرامی اس خاک کو بھی اس شیشہ میں رکھ دیں جب یہ دونوں خون ہو جائیں تو جان لیں کہ میں شہید ہوگیا ہوں۔

امام زین العابدینؑ سے منقول ہے جب حضرت امام حسینؑ نے قصد سفر کیا کہ مدینہ سے تشریف لے جائیں تو عزیزوں اور دوستوں کو وداع کیا۔ اپنی بہنوں اور بیٹیوں کو محملوں میں سوار کرکے قاسم بن حسنؑ کو مع اکیس نفر اصحاب و اہل بیت اپنے ہمراہ لے کر روانہ ہوئے۔ ان میں سے ابوبکر، محمد، عثمان اور عباس فرزندان امیرالمومنین عبداللہ بن مسلم، بن عقیل، علی اکبر، علی اصغر اور امام زین العابدین تھے۔ جلاالعیون،

ج ۲ ص ۳۴۹

Presented by www.ziaraat.com

بروایت ابواسحٰق اسعرائینی امام حسینؑ کے ہمراہ آپ کے اہلبیت میں سے سترہ مرد تھے اور ساٹھ جوان آپ کے اصحاب میں سے تھے۔ نور العین فی مشہد الحسینؑ : ۱۴

بروایت شاہ عبدالعزیز دہلوی امام حسینؑ نے بیاسی آدمیوں کے ساتھ کوچ کیا وہ آپ کے اہلبیت، شیعہ اور غلام تھے۔ سر الشہادتین : ۱۸

علامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۲ پر، محمد بن علی بن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۶۱ پر اور خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۴۸ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام رات کے وقت ۳ شعبان ۶۰ ھ کو مدینہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۲۰ پر لکھا ہے کہ جب دن چڑھ گیا تو امام حسینؑ نے تیسری ماہ شعبان ۶۰ ھ کو مکہ معظمہ کا سفر اختیار کیا۔

ملا حسینؑ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۱۹۳ پر اور شاہ عبدالعزیز دہلوی سر الشہادتین صفحہ ۱۳ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ ماہ شعبان کی چوتھی تاریخ کو مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔

عمر ابوالنصر نے تاریخ "الحسین" صفحہ ۵۵ پر لکھا ہے کہ اگلے دن ۲۷ رجب ۶۰ ھ مطابق ۳ مئی ۶۸۰ ء ہفتے کو رات کے وقت حضرت امام حسینؑ مدینہ سے مکہ روانہ ہوئے۔ شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۳۲ پر، شیخ عباس قمی نے منتہی الآمال جلد اول صفحہ ۲۱۸ پر، علامہ طبرسی نے اعلام الوریٰ صفحہ ۱۳۱ پر اور علامہ طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۱۷۹ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ اتوار کی رات ۲۸ رجب کو مدینہ سے مکہ کی طرف روانہ ہوئے۔

میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۵۷ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ اتوار کی رات ۲۸ رجب کو کہ رات کا کم و بیش ایک پہر گذر چکا تھا مدینہ سے روانہ ہوئے۔

Presented by www.ziaraat.com

العلم عند اللہ۔

امام حسینؑ سوار ہو کر جب شاہراہ عام پر روانہ ہوئے تو آپ کے دوستوں اور اہلبیت نے فرمایا کہ اگر ہم لوگ غیر معروف راستہ پر چلتے تو زیادہ مناسب ہوتا امام حسینؑ نے فرمایا کیا تم تعاقب کا خوف کرتے ہو سب نے عرض کی بے شک آپ نے فرمایا میں اسے بُرا سمجھتا ہوں کہ موت سے ڈر کر راستہ بدل دوں حضرت نے اسی راہ پر سفر شروع فرما دیا۔ مقتل ابی مخنف ۔ ۱۵-۱۶

علّامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۲ پر اور خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۴۸ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کو غیر معروف راستہ پر چلنے کا مشورہ حضرت مسلم بن عقیل ہی نے دیا تھا۔ العلم عند اللہ۔

بروایت ابو اسحٰق اسفرائنی جب امام حسینؑ مدینہ سے کوفہ اور عراق کی طرف تشریف لے جا رہے تھے تو کثیر تعداد میں ملائکہ نیزوں سے مسلح اور جنتی گھوڑوں پر سوار حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے ابا عبداللہؑ! اللہ تعالیٰ نے آپ کے نانا رسولؐ خدا کی کافی امور میں نصرت فرمائی اور اب اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ ہم ان تمام کاموں میں جن کا آپ حکم دیں آپ کی اطاعت کریں ہم حضور کی خدمت میں حاضر ہیں اگر آپ ہمیں حکم دیں تو ہم آپ کے ساتھ کوفہ اور عراق کی طرف چلیں یا اس مقام کی طرف جہاں کا آپ ارادہ رکھتے ہوں اور ہم آپ کی ہر اس شخص کے مقابلے میں نصرت کریں جو آپ سے بُرائی سے پیش آئے اور ہم آپ کی معیت میں رہ کر ان سب سے جنگ کریں جو آپ سے جنگ کریں امام حسینؑ نے انہیں فرمایا مجھے آپ کی حاجت نہیں ہے اللہ جو کچھ چاہے گا کرے گا۔ ملائکہ نے کہا : اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے کہ ہم آپ کی اطاعت کریں اور ہر اُس چیز کو آپ سے دور رکھیں جس کا آپ کو خوف ہو۔ حضرت نے فرمایا کسی کو میرے ساتھ لڑنے کی طاقت نہیں ہے کیونکہ جو

Presented by www.ziaraat.com

چیز لڑائی کا سبب ہوتی ہے وہ میرے پاس نہیں ہے میں تو محض کربلا اور اپنے مدفن کی طرف جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ نورالعین۔ ۱۷۔

بروایت مجلسی پھر فرمایا جب میں کربلا پہنچوں تو اس وقت میرے پاس آنا۔ جلاالعیون۔ ۳۵۵۔

پھر مومن جنوں کا گروہ آپ کے پاس آیا اور عرض کیا اے ابا عبداللہ! ہم آپ کے شیعہ اور مددگار ہیں اگر آپ ہمیں اپنے دشمنوں کی بیخ کنی کا حکم دیں تو ہم ان کیلئے کافی ہیں حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے نہ میں کسی سے لڑنا چاہتا ہوں اور نہ کوئی میرے ساتھ لڑے کیا تم نے میرے نانا پر منزل کتاب کو نہیں پڑھا اور اللہ تعالیٰ کے اس فرمان (تم جہاں کہیں ہو موت تمہیں پالے گی اگرچہ تم مضبوط قلعوں میں ہی کیوں نہ ہو اللہ کا فرمان ہے اے محمدؐ! آپ کہہ دیں اگر تم اپنے گھروں میں ہی ہو جن پر قتل ہونا لکھا جا چکا ہے اپنی قتل گاہ کی طرف نکل آئیں گے) پر تم مطلع نہیں ہوئے اگر میں اس جگہ وفات پا جاؤں تو اس قوم کا کس چیز سے امتحان لیا جائیگا اور کربلا میں میری قبر میں کون مدفون ہوگا؟ انہوں نے عرض کیا اے اباعبداللہ اگر آپ کی مخالفت ناجائز نہ ہوتی تو ہم آپ کی مخالفت کرتے اور آپ کے سب دشمنوں کو آپ تک پہنچنے سے قبل ہی قتل کر دیتے حضرت نے فرمایا میں ان پر تم سے زیادہ قادر تر ہوں لیکن اللہ تعالیٰ وہی فیصلہ کریگا جو اس کے علم میں ہو چکا ہے۔ نورالعین: ۱۸۔

بروایت مجلسی تم میرے پاس دسویں محرم کو آنا کیونکہ آخر روز عاشور میں میں کربلا میں شہید ہوں گا۔ جلاالعیون: ۳۵۵۔

پھر وہ چلے گئے اور آپ اپنے اہل و عیال اور خاندان کے ساتھ کوفہ و عراق کی طرف روانہ ہو گئے۔ نورالعین: ۱۸

بروایت اعثم کوفی جب امام حسینؑ چند فرسخ کی مسافت طے کر چکے تو عبداللہ بن مطیع

Presented by www.ziaraat.com

حاضر ہوا اور عرض کیا اے فرزند رسولؐ کہاں کا ارادہ ہے فرمایا فی الحال تو مکّہ کا ارادہ ہے
اور وہاں پہنچنے پر اپنے معاملات پر غور کر کے جیسا مناسب ہوگا اس کے مطابق عمل کرونگا
عبداللہ نے عرض کیا آپ مکہ پہنچ کر مکّہ ہی میں قیام فرمائیں اور اہل کوفہ پر ذرا بھروسہ نہ کرنا
حضرت اسے دعائے خیر دیکر آگے روانہ ہوگئے جب امام حسینؑ مکّہ کے قریب پہنچے
اور وہاں کے پہاڑ نظر آئے تو یہ آیت پڑھی۔ لما توجہ تلقاء مدین قال عسی
ربی ان یھدینی سواء السبیل۔ تاریخ اعثم کوفی : ۳۴۸۔

ملا محمد باقر مجلسی نے جلا العیون اور بحار الانوار میں اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد
میں لکھا ہے کہ آنحضرت جمعہ کے دن ماہ شعبان کی تیسری تاریخ کو مکہ میں داخل ہوئے۔

احمد بن اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۴۸ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ مکہ میں اس
وقت ساکن ہوگئے جب کہ ماہ شعبان سے چند روز باقی تھے۔

عمر ابوالنصر نے تاریخ "الحسینؑ" صفحہ ۵۶ پر لکھا ہے" تیسری ماہ شعبان ۶۰ھ
مطابق ۹ مئی ۶۸۰ء بروز جمعہ رات کو حضرت حسین مکہ میں داخل ہوئے۔

فضل بن حسن طبرسی نے اعلام الوریٰ صفحہ ۱۳۱ پر اور علامہ قزوینی نے ریاض القدس
صفحہ ۸۹ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسینؑ جمعہ کے دن تیسری ماہ شعبان کو مکّہ معظمہ میں وارد
ہوئے۔ العلم عند اللہ۔

بروایت علامہ قزوینی حرم پاک کے نزدیک اترے اور سامان کھولا۔ ریاض القدس : ۸۹
عمر ابوالنصر نے تاریخ "الحسینؑ" صفحہ ۵۶ پر لکھا ہے کہ حضرت جب مکہ میں داخل
ہوئے تو شعب علی میں قیام فرمایا۔ جب اہل مکّہ نے اور ان لوگوں نے جو اطراف و جوانب سے
عمرہ کو آئے ہوئے تھے حضرت کے تشریف فرما ہونے کی خبر سنی تو ہر صبح و شام امام حسینؑ
کے پاس آتے تھے عبداللہ بن زبیر اس وقت مکّہ میں موجود تھا اور پہلو کعبہ میں قیام پذیر
تھا لوگوں کو فریب دینے کے لیے ہمیشہ نماز میں مشغول رہا کرتا تھا اور اکثر اوقات حضرت

Presented by www.ziaraat.com

سے ملاقات کرتا تھا۔ ظاہراً حضرت کی تشریف آوری سے اظہارِ مسرت کرتا تھا اور دل میں حضرت کے آنے سے راضی نہ تھا اس لئے کہ جانتا تھا کہ جب تک حضرت مکہ میں ہیں کوئی اہلِ حجاز میں سے میری بیعت نہ کرے گا۔ جلاء العیون ۲۔ ۴۵۵۔

بروایت اعثم کوفی عبداللہ ابن عباس اور عبداللہ بن عمر بھی مکہ میں تھے انہوں نے مدینہ جانے کا قصد کیا جب مصمم ارادہ کر چکے تو امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے عبداللہ بن عمر نے کہا اے ابا عبداللہ آپ کو معلوم ہی ہے کہ کوفہ والے آپ کے خاندان کے کیسے دشمن ہیں آپ کو ان سے بہت کچھ احتیاط رکھنی چاہیئے اور اپنے آپ کو ان سے بچانا لازم ہے آپ ان کے قول و اقرار پر اعتماد نہ کریں دوسری بات یہ ہے کہ لوگوں نے یزید سے بیعت کر لی ہے اور اہلِ کوفہ مال و زر کے لالچ سے اس کی طرف جھکیں گے آپ کا ساتھ چھوڑ دیں گے یا شہید کر دیں گے آپ کی شہادت سے تمام اہلبیت ہلاک ہو جائیں گے اس لئے آپ امن و امان سے گھر میں بیٹھ رہیں۔ اور تمام جھگڑوں اور مخمصوں سے الگ تھلگ رہیں۔

امام حسینؑ نے فرمایا اے ابنِ عمر افسوس تو اس بات کا ہے کہ یہ لوگ مجھے گھر میں نہ بیٹھنے دیں گے مجھ سے الجھیں گے اور اگر میں ان سے بچ کر کسی نامعلوم جگہ پہ چلا جاؤں تو مجھے ڈھونڈ لیں گے اور بیعت یزید کے لئے مجبور کریں گے اگر انکار کروں گا تو قتل کر دیں گے۔

اے ابا عبدالرحمٰن تو نے سنا ہو گا کہ بنی اسرائیل نے پو پھٹنے سے سورج نکلنے تک ستر پیغمبروں کو شہید کر دیا تھا اس کے بعد اطمینان سے تمام بازاروں میں جا بیٹھے اور لین دین میں مصروف ہو گئے۔ خدائے تعالیٰ نے ان کو ایسے گناہ کی سزا دینے میں ڈھیل کی اور عذاب نازل کرنے میں جلدی نہ کی مگر انجام کار ان کو پکڑ لیا گیا اور خدا ہی سب سے بہتر بدلا لینے والا ہے۔ اے ابا عبدالرحمٰن خدا سے ڈر اور میرا ساتھ نہ چھوڑ اور امداد سے منہ نہ موڑ تو میرا مددگار بن اگر تو اس وقت مجبور ہے اور میرے ساتھ نہیں رہ سکتا تو میں تجھے معاف رکھتا ہوں۔ عبداللہ بن عمر نے کہا اللہ تعالیٰ نے

Presented by www.ziaraat.com

دنیا و آخرت میں آپ کے نانا کو برگزیدہ گیا اور انہوں نے دنیا کو ترک کر دیا تم اسی رسولؐ کے فرزند ہو خدا کی قسم آپ کو اور آپ کے اہلبیت کو دنیا سے کوئی فائدہ میسّر نہ آئے گا کیونکہ آپ سے دُنیا دور کر دی گئی ہے اور آخرت جو سب سے افضل ہے تمہارا ہی حصّہ قرار دیا گیا ہے اس کے بعد آبدیدہ ہو کر امام حسین علیہ السلام سے رخصت ہوا۔

اب آنحضرت نے عبداللہ بن عباس کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا تو میرے باپ کے چچا کا بیٹا ہے میرے باپ نے ہمیشہ تیری عمدہ رائے سے مدد لی ہے اب تو نے مدینہ جانے کا قصد کر لیا ہے سلامتی سے واپس چلا جا جو کچھ امور تجھے وہاں پر پیش آئیں اور حالات معلوم ہوں ان سے مجھے اطلاع دیتے رہا کرنا میں مکّہ میں قیام رکھوں گا جب یہاں تک لوگ میرے دوست رہیں گے اور میری مدد کریں گے جب یہ معلوم ہو جائیگا کہ ان کے ارادے بدل گئے ہیں تو پھر میں کسی اور جگہ چلا جاؤنگا پھر تینوں صاحب رونے لگے۔ امام حسینؑ نے عبداللہ ابن عباس اور عبداللہ بن عمر کو رخصت کر دیا وہ مدینہ روانہ ہو گئے امام حسینؑ نے مکّہ میں قیام کیا اور عبادت میں مشغول ہو گئے۔ تاریخ اعثم کوفی ۹-۳۴۸۔

طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۱۸۱ پر اور ملا حسین نے روضۃ الشہداء صفحہ ۱۹۴ پر لکھا ہے کہ اسی سال رمضان میں یزید نے ولید کو امام حسینؑ اور عبداللہ بن زبیر کے پکڑنے میں کوتاہی کرنے کے الزام میں امارت مدینہ سے معزول کر دیا اور عمرو بن سعید اشدق کو حاکم مقرر کیا مگر علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۱۶۵ پر لکھا ہے کہ یزید نے ولید کو معزول کر کے مروان کو حاکم مدینہ بنایا۔ العلم عند اللہ۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۱۹۴ پر لکھا ہے کہ اس وقت مکّہ کا حاکم سعید بن عاص تھا۔ امام حسینؑ کا موذن مکّہ میں نہایت بلند آواز سے پانچ وقت اذان دیتا تھا لوگ کثیر تعداد میں حضرت کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔ سعید کو خوف ہوا کہ جب لوگ

Presented by www.ziaraat.com

اطراف وجوانب سے حج کے موقع پر جمع ہوں گے تو امام حسینؑ کی دوستی اور محبت میں اسے قتل کردیں گے اس لئے بھاگ کر مدینہ چلا گیا اور یزید کی طرف ایک خط لکھا جس میں امام حسینؑ کی مکہ میں آمد اور مکہ میں امام حسینؑ کی طرف لوگوں کی رغبت کا ذکر کیا۔

بروایت اعثم کوفی جب کوفہ والوں نے سُنا کہ جناب امیرالمومنین حسین علیہ السلام مکہ میں تشریف لائے ہیں تو امیرالمومنین کے دوستوں میں سے کچھ لوگوں نے سلیمان بن صرد خزاعی کے گھر میں بیٹھ کر جلسہ کیا۔ سلیمان نے کھڑے ہو کر خطبہ پڑھا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی تعریف کر کے جناب رسولؐ خدا پر درود بھیجا پھر جناب امیرالمومنین کے کچھ فضائل بیان کئے اور دعائے خیر کے بعد کہا اے لوگو تم نے معاویہ کے مرنے کی خبر سُن لی ہے اور جان لیا ہے کہ اس کی جگہ یزید نے لی اور جاہل لوگوں نے اس کی بیعت اختیار کی ہے امام حسینؑ کو اس کی بیعت سے انکار ہے آل ابوسفیان کی فرمانبرداری منظور نہیں اب مکہ میں تشریف لائے ہیں تم ان کے ہوا خواہ ہو اور اس سے پہلے ان کے باپ کے دوستدار تھے آج امام حسینؑ کو تمہاری امداد کی ضرورت ہے۔ اگر تم مددگار رہو اور ساتھ دو اور کچھ لیں و پیش نہ کرو تو ان کے نام خطوط روانہ کرو۔ اپنے ارادوں سے آگاہ کرو اور اگر یہ جانتے ہو کہ تم میں سُستی اور دل برداشتگی پیدا ہو گی اور اپنے اقراروں کو پورا نہ کرسکو گے تو خاموش ہو رہو کیونکہ ابھی اس مہم کا آغاز ہی ہے آنحضرت کو اپنے وعدوں اور امداد کا بھروسہ نہ دلاؤ۔ ان لوگوں نے برضا و رغبت جواب دیا کہ ہم آنحضرت کی ہر طرح سے امداد کریں گے۔ ان کی رضا میں ہماری جانیں بھی جاتی رہیں تو پرواہ نہیں ہے۔ سلیمان نے ان سے اس معاملہ کی نسبت مستحکم اقرار اور وعدے لئے اور حجت قائم کی کہ بے وفائی نہ کرنا۔ اپنے قول سے نہ پھرنا۔ سب نے صدق دل سے جواب دیا کہ ہم بالکل ثابت قدم رہیں گے اور امام حسین علیہ السلام کے اوپر اپنی جانیں تک قربان کردیں گے۔ اس کے بعد سلیمان نے

Presented by www.ziaraat.com

ان سے کہا کہ تم سب مل کر امام حسینؑ کے نام خط بھیج کر اپنے دلی ارادہ اور اعتقاد سے مطلع کرو اور درخواست کرو کہ آپ یہاں تشریف لے آئیں انہوں نے کہا تیرا ہی لکھنا کافی ہے اپنی طرف سے خط لکھ کر ہم سب کے ارادوں سے مطلع کر دے سلیمان نے کہا بہتر یہی ہے کہ تم سب خط لکھ کر روانہ کرو تاریخ اعثم کوفی ۳۴۹ -

بروایت ابی مخنف - پھر انہوں نے ایک خط لکھا : بسم اللہ الرحمن الرحیم ط سلیمان ابن صرد خزاعی اور مسیب ابن نجیہ اور رفاعہ ابن شداد البجلی اور حبیب ابن مظاہر اسدی اور جس قدر مسلمان ان کے شریک حال ہیں، ان کی جانب سے بحضور حسینؑ ابن علیؑ امیر المومنین عرض ہے ۔ خدا کا سلام اور اس کی برکتیں اس ذات سے وابستہ رہیں۔ اما بعد ہم اس خدا کی حمد و ثنا بجا لاتے ہیں جس کے سوا کوئی دوسرا خدا نہیں ہے محمدؐ و آلِ محمدؐ پر ہم درود بھیجتے ہیں اے محمد مصطفٰے کے نواسے اور علیؑ کے فرزند! حضور آگاہ رہیں آپ کے سوا ہمارا کوئی امام نہیں۔ حضور یہاں تشریف لے آئیں جو فوائد ہم کو پہنچے ہیں اوّل حضور کے لئے ہوں گے اور جو صدمہ حضور پر گزرے گا اس کو ہم اپنی ذات پر لیں گے۔

تمنا تو یہی ہے کہ خدا حضور ہی کے وسیلہ سے ہم کو حق اور ہدایت پر ثابت قدم رکھے اتنی گذارش ہے کہ اگر حضور نے ادھر قصدِ تشریف آوری فرمایا تو آراستہ لشکر موجزن نہریں اور بہتے ہوئے چشمے موجود ہیں اگر باوجود اس کے بھی حضور تشریف نہ لائیں تو اپنے خاندان میں سے کسی کو ہمارے پاس بھیج دیجیئے جو حکم خدا اور آپ کے نانا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طرز پر ہمارے درمیان فیصلہ کرتا رہے حضور سے یہ بھی پوشیدہ نہ رہے کہ نعمان بن بشیر قصرِ حکومت میں موجود ہے لیکن نہ تو ہم نماز جمعہ اس کے ساتھ ادا کرتے ہیں اور نہ (نماز) جماعت اور اگر حضور منظور فرمائیں تو ہم اس کو شام کی طرف نکال کر باہر

Presented by www.ziaraat.com

کردیں والتسلیم۔ مقتل ابی مخنف ۱۷ - ۱۸ -

بروایت شیخ مفید پھر اہل کوفہ نے عبداللہ بن مسمع ہمدانی اور عبداللہ وال کی معرفت خط روانہ کیا اور ان دونوں کو جلد جانے کا حکم دیا اور وہ جلدی سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ وہ ماہ رمضان کی دسویں تاریخ کو مکہ معظمہ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کے پاس جا پہنچے۔ کتاب الارشاد ۳۵۰ -

بروایت اعثم کوفی انہوں نے مکہ پہنچ کر وہ خطوط امام حسینؑ کی خدمت میں پیش کئے امام حسینؑ انہیں پڑھ کر اور حال سے مطلع ہو کر خاموش ہو گئے نہ قاصدوں سے کچھ فرمایا نہ خطوط کا جواب لکھا صرف ان کو خوش کر کے واپس کر دیا۔ تاریخ اعثم کوفی - ۳۴۹ - ۳۵۰ -

بروات شیخ مفید اہل کوفہ نے خط بھیجنے کے دو دن بعد قیس بن مسہر صیداوی اور شداد ارحبی کے دونوں بیٹوں عبداللہ اور عبدالرحمٰن کو اور عمارہ بن عبداللہ سلولی کو حضرت امام حسینؑ کی طرف تقریباً ایک سو پچاس خط جو ایک ایک، دو دو اور چار چار آدمیوں کی طرف لکھے ہوئے تھے، دیکر روانہ کیا پھر اہل کوفہ نے دو دن اور ٹھہر کر ھانی بن ھانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی کو خط دیکر روانہ کیا جس میں لکھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حسینؑ بن علی علیہ السلام کی خدمت میں اس کے شیعہ مومنین اور مسلمین کی طرف سے امابعد آپ بہت جلد تشریف لائیں کیونکہ لوگ آپ کی انتظار کر رہے ہیں اور ان کی رائے ہیں ان کے لئے آپ کے سوا اور کوئی نہیں۔ پس جلد، جلد پھر جلد اور جلد تشریف لائیں والسلام۔

اس کے بعد شبث بن ربعی حجار بن ابجر، یزید بن حارث بن رُویم، عروہ بن قیس، عمرو بن حجاج زبیدی اور محمد بن عمر و تیمی نے لکھا: امابعد باغ سرسبز ہو گئے اور پھل پکنے کو ہیں پس جب آپ چاہیں اپنے تیار لشکر کے پاس تشریف لے آئیں والسلام۔

Presented by www.ziaraat.com

اور سب قاصد امام حسینؑ کے پاس جمع ہو گئے پھر آپ نے خط پڑھے اور ان قاصدوں سے لوگوں کے متعلق پوچھا۔ کتاب الارشاد ۲۰۳۵۰۶۔

بروایت سیّد علامہ ابن طاؤس۔ غور طلب بات یہ ہے کہ باوجود اتنی زبردست تحریک کے بھی امام حسینؑ نے مطلق توجّہ نہ فرمائی اور ان کے خطوط کا جواب نہ دیا اس پر کوفیوں کی طلب اور بڑھی تو اس قدر عرضیاں بھیجی گئیں کہ ایک ہی دن میں حضرت کو چھ سو نامے وصول ہوئے جب ان خطوط کو جو مختلف اوقات میں حضرت کو وصول ہوئے تھے۔ جمع کیا گیا تو شمار میں ۱۲ ہزار نکلے۔ مقتل لہوف ۲۴۔

علّامہ سبط ابن جوزی نے تذکرہ خواص الامہ میں لکھا ہے کہ بعض خطوط میں یہ جملہ بھی تھا کہ اگر آپ ہم سے اعراض کریں تو اس کا بار گناہ آپ پر ہے۔

بروایت شیخ مفید۔ اب امام حسینؑ نے اٹھ کر وضو فرمایا اور رکن اور مقام کے درمیان نماز ادا کی نماز سے فارغ ہو کر دعا مانگی اور اس معاملہ کی نسبت اللہ تعالیٰ سے مدد چاہی اس کے بعد کوفیوں کی طرف اس طرز کا جواب لکھا"
تاریخ اعثم کوفی ۳۵۰۔

"بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے مومنین اور مسلمین کی طرف۔ امابعد بے شک ہانی اور سعید تمہارے خطوط لیکر میرے پاس آئے اور یہ دونوں تمہارے آخری ایلچی تھے اور جو کچھ تم نے بیان کیا اور ذکر کیا میں نے سمجھ لیا۔ اور تمہاری ایک بہت بڑی بات یہ تھی کہ ہمارا کوئی امام نہیں ہے اس لئے ہمارے پاس تشریف لے آئیں شاید اللہ تعالیٰ ہمیں آپ کے ذریعے حق اور ہدایت پر مجتمع کر دے اور اب یقیناً میں تمہاری طرف اپنے بھائی اور چچا زاد بھائی اور اپنے اہلبیت میں سے مسلم بن عقیل کو بھیجنے والا ہوں اور اگر اس نے میری طرف لکھا کہ آپ کے سب اہل الرائے عقلمند اور صاحب فضیلت لوگوں کی آراء ایسی ہی ہیں جیسا کہ

Presented by www.ziaraat.com

تمہارے قاصدوں نے بیان کیا اور میں نے تمہارے خطوط میں پڑھا تھا تو انشاء اللہ میں ضرور تمہارے پاس جلد پہنچ جاؤں گا۔ امام سوائے اس ہستی کے اور کوئی نہیں ہو سکتا مگر جو کتاب اللہ کے مطابق عمل کرے اور عدل و حق کے راستے پہ قائم ہو اور دین خدا کی حفاظت کرنیوالا ہو اور اپنے نفس کو ہمیشہ احکامِ خدا کا پورا مقید اور پابند رکھنے والا ہو والسلام"۔ کتاب الارشاد۔ ۳۶۔

بروایت خواجہ اعثم کوفی۔ پھر خط کو تمام کر کے بند کر دیا۔ مہر لگا کر مسلم بن عقیل کے حوالے کر دیا اور فرمایا میں آپ کو کوفہ بھیجتا ہوں وہاں جا کر دریافت کریں کہ کیا ان لوگوں کی زبانیں ایسی ان تحریروں کے مطابق ہیں یا نہیں۔ وہاں پہنچنے کے بعد ایسے شخص کے گھر اترنا جو سب سے زیادہ اعتماد کے لائق اور ہماری دوستی پہ ثابت قدم معلوم ہو۔ وہاں کے باشندوں کو میری بیعت اور فرمانبرداری کی ہدایت کرنا۔ ان کے دلوں کو آلِ ابی سفیان کی طرف سے پھیر دینا۔ اگر یہ یقین ہو جائے کہ ان کے قول و قرار سچے ہیں اور جو کچھ کہتے اور لکھتے ہیں اس کو پورا کریں گے تو فوراً مجھے لکھ دینا اور جو امور مشاہدہ سے گزریں انہیں مفصّل درج کرنا۔ میں امّید رکھتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے درجہ شہادت عطا فرمائیگا۔ اس کے بعد آپس میں بغل گیر ہو کر ملے اور روتے ہوئے ایک دوسرے کو وداع کیا۔ تاریخ اعثم کوفی۔ ۳۵۰۔

بروایت علّامہ مسعودی۔ پھر حضرت مسلم پندرہ رمضان کو مکّہ سے روانہ ہوئے۔ مروج الذہب۔ ۶۴۔

بروایت ملا حسینؒ۔ ابھی تک حضرت مسلم نے سفر کی ایک منزل بھی طے نہیں کی تھی کہ ایک شکاری آپ کی دائیں جانب سے ہرنی کے پیچھے نمودار ہوا اور اسے پکڑ کر ذبح کر دیا جب حضرت مسلم نے یہ واقعہ دیکھا تو مکّہ کی طرف واپس تشریف

Presented by www.ziaraat.com

لے گئے اور امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے رسولؐ اللہ کے نواسے میرے کوفہ جانے میں بہتری نہیں ہے کیونکہ راستے میں اس قسم کے واقعات پیش آنے سے میں نے بد فالی لی ہے، امام حسینؑ نے فرمایا اے میرے چچازاد بھائی! اگر آپ کوفہ نہ جانا چاہیں تو میں کسی دوسرے شخص کو بھیج دوں گا، حضرت مسلم نے عرض کیا میری ہزار جانیں آپ پر قربان ہوں وہ واقعہ جو مجھے راستہ میں پیش آیا میں نے چاہا کہ اسے حضور کی خدمت میں پیش کروں ورنہ میری کیا مجال ہے کہ آپ کے دائرہ حکم سے ایک قدم بھی باہر رکھ سکوں اے رسولؐ اللہ کے فرزند میں جاتا ہوں لیکن میرا گمان یہ ہے کہ دوسری دفعہ حضور کی زیارت نہیں کر سکونگا اس لئے ایک دفعہ واپس آیا ہوں اور امام حسینؑ کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا پھر روتے ہوئے وداع کیا اور عرض کیا کہ میں جانتا ہوں کہ یہ میری آخری ملاقات ہے امام حسینؑ روتے ہوئے اس سے بغل گیر ہوئے اور اس سے بہت مہربانی سے پیش آئے اور دعائے خیر فرمائی۔ روضۃ الشہدا ۲۰۵۔

مگر اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۱۵ پر، ابو جعفر طبری نے تاریخ الامم حصہ چہارم صفحہ ۲۱۹ پر۔ لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۲۰ پر، شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۳۷ پر ملا محمد باقر نے جلاالعیون صفحہ ۳۵۸ پر اور بحار الانوار جلد دہم صفحہ ۳۳۵ پر لکھا ہے کہ ہرن کے شکار کا واقعہ حضرت مسلم کو آپ کے مدینہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہونے اور آپ کے راہبروں کے ہلاک ہونے کے بعد پیش آیا۔ العلم عنداللہ۔

بروایت اعثم کوفی حضرت مسلم کوفہ روانہ ہوئے خفیہ راستہ اختیار کیا تا کہ بنی امیہ میں سے کسی کو اس حال کی خبر نہ ہو مبادا وہ یزید کو خط لکھ کر تمام حالات سے مطلع کر دے جس وقت حضرت مسلمؑ مدینہ میں داخل ہوئے تو مسجد رسولؐ میں

Presented by www.ziaraat.com

دو رکعت نماز پڑھی۔ تاریخ اعثم کوفی ۔ ۳۵۰ ۔
بروایت ملا حسینؒ ۔ بعد ادائے نماز، زیارت اور طواف کرکے آپ نے دولت سرا پر تشریف لے آئے حضرت کے دو کم سن لڑکے تھے جن سے آپ کو از حد محبت تھی ان کی جدائی پر حضرت مسلم صبر نہیں کر سکتے تھے اس لئے انہیں اپنے ساتھ لے گئے اور تمام اہلبیت سے رخصت ہوکر دو راہبر مزدوری پر لئے تاکہ وہ آپ کو جنگل کے راستے سے کوفہ پہنچا دیں اتفاق ایسا ہوا کہ دونوں راہبر راستہ بھول گئے اور پیاس سے ہلاک ہو گئے ۔ روضۃ الشہدا ۲۰۶ ۔
بروایت اعثم کوفی ۔ اب حضرت مسلم نے پانی کو تلاش کرنا شروع کیا مگر کسی جگہ نہ پایا۔ آخر کار ایک گاؤں مضیق نام میں پہنچ کر پانی پیا اور گھوڑوں، مویشیوں اور ساتھیوں کو بھی پلایا پھر کچھ دیر آرام کیا۔ تاریخ اعثم کوفی ۔ ۳۵۰ ۔
بروایت شیخ مفید ۔ پھر مسلم بن عقیل نے مضیق سے قیس بن مسہر کی معرفت خط لکھا۔ اما بعد میں دو راہبروں کے ساتھ روانہ ہوا، وہ راستہ سے ایک طرف ہو گئے اور راستہ بھول گئے اور پیاس کی شدت کی وجہ سے وہ دونوں ہلاک ہو گئے۔ اور اور ہم چلتے چلتے پانی تک تو جا پہنچے مگر اس حالت میں کہ ہم میں معمولی سی رمق کے سوا جان باقی نہ تھی اور یہ پانی جنت کے درہ میں اس مقام پر ہے جسے مضیق کہا جاتا ہے ان واقعات کے پیش آنے سے میں نے بدفالی لی ہے۔
حضرت امام حسینؑ نے حضرت مسلمؑ کی طرف جواب لکھا۔ اما بعد جس طرف میں نے تجھے روانہ کیا ادھر آپ تشریف لیجائیں والسلام جب حضرت مسلم نے خط پڑھا تو یہاں سے روانہ ہو گئے اور بنی طے کے پانی پر جا کر اترے پھر اس جگہ سے روانہ ہوئے تو ایک آدمی کو شکار کے لئے تیر اندازی کرتے ہوئے دیکھا۔ اس نے ایک ہرن کو تیر مارا جو زمین پر گر کر ہلاک ہو گیا حضرت مسلم نے فرمایا اگر خدا نے چاہا تو ہم اپنے

Presented by www.ziaraat.com

دشمنوں کو قتل کریں گے پھر حضرت مسلم نے سفر شروع کیا یہاں تک کہ کوفہ میں وارد ہوئے ۔ کتاب الارشاد ۔ ۳۷ ۔ ۳۸ ۔

علّامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۲ پر لکھا ہے کہ حضرت مسلم رات کے وقت کوفہ میں پہنچے ۔

عبدالرحمٰن ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون حصّہ دوم صفحہ ۸۳ پہ لکھا ہے کہ مسلم بن عقیل بہ تعمیل ارشاد یکم ذی الحجہ ۶۰ھ کو کوفہ میں داخل ہوئے ۔

علّامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۱۱۸ پر شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اول صفحہ ۲۲۳ پہ اور علّامہ مسعودی نے مروج الذہب صفحہ ۴۶ پر لکھا ہے کہ حضرت مسلم ماہ شوال کی پانچویں تاریخ کو کوفہ میں وارد ہوئے ۔ علّامہ طبری نے تاریخ الامم حصہ چہارم صفحہ ۱۸۶ پہ لکھا ہے کہ حضرت مسلم نے ابن عوسجہ کے گھر میں نزول اجلال فرمایا اور صفحہ ۱۹۵ پہ لکھا ہے کہ مختار بن عبید کے گھر قیام فرمایا ۔ لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۴۳ پہ لکھا ہے کہ حضرت مُسلم نے سلیمان بن صرد خزاعی اور بعض کے نزدیک مختار بن ابو عبیدہ ثقفی کے مکان میں قیام کیا شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۳۸ پر ، سید علّامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۴۳ پر ، علّامہ طبرسی نے اعلام الوریٰ صفحہ ۱۳۲ پر ، خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۵۱ پر اور ملا محمد باقر نے بحار الانوار صفحہ ۱۴۳ پہ لکھا ہے کہ جناب مسلم بن عقیل نے مختار بن ابو عبیدہ ثقفی کے گھر میں نزول اجلال فرمایا ۔

بروایت شیخ مفید ۔ شیعہ حضرت مسلم بن عقیل کے پاس آنے جانے لگے جب بہت سے لوگ جمع ہو گئے تو مسلم بن عقیل نے امام حسین علیہ السّلام کا خط پڑھ کر انہیں سُنایا سب اسے سن کر رونے لگے اور بیعت کرنے لگے یہاں تک کہ اٹھارہ ہزار کوفیوں نے حضرت مسلم کے ہاتھ پر بیعت کر لی ۔ کتاب الارشاد

Presented by www.ziaraat.com

جلد دوم ۔ ۳۸ ۔

شاہ عبدالعزیز دہلوی نے سرالشہادتین صفحہ ۱۴ پر لکھا ہے کہ بارہ ہزار سے زائد آدمیوں نے حضرت مسلمؑ کے ہاتھ پر امام حسینؑ کے لئے بیعت کی فضل بن حسن نے اعلام الورٰی صفحہ ۱۳۴ پر، علّامہ مسعودی نے مروج الذہب صفحہ ۷۰ پر، سیّد علّامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۲۴ پر اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۳۸ پر حضرت مسلم کے ہاتھ پر بیعت کرنے والوں کی تعداد اٹھارہ ہزار لکھی ہے عمر ابوالنصر نے تاریخ " الحسینؑ" صفحہ ۶۲ پر ان کی تعداد تیئیس ہزار لکھی ہے۔

مرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۱۸۳ پر لکھا ہے کہ ابومخنف کی روایت کے مطابق اسی ہزار کوفیوں نے حضرت مسلمؑ سے بیعت کی اور ابومخنف خود اس وقت موجود تھا۔ ابومخنف، لوط بن یحییٰ کی کنیت ہے یحییٰ کا شمار امیرالمومنینؑ علی علیہ السّلام کے اصحاب میں ہوتا ہے، جیسا کہ کتاب علی میں مذکور ہے لوط حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کے اصحاب میں سے تھا اس لئے یقیناً اس کی روایت دوسرے راویوں کی نسبت سچائی کے زیادہ قریب ہے۔

بروایت شیخ مفید۔ اس وقت حضرت مسلمؑ نے امام حسینؑ کی طرف ایک خط لکھا اور اس تمنّا کا اظہار بھی کیا کہ آنحضرتؑ کوفہ تشریف لے آئیں۔

کتاب الارشاد ۔ ۳۸ ۔

بروایت اعثم کوفی۔ اس وقت یزید کی طرف سے نعمان بن بشیر کوفہ کا حاکم تھا۔ اس نے حضرت مسلمؑ کے آنے کی خبر سن کر جامع مسجد میں آکر لوگوں کو طلب کیا۔ جب سب لوگ آگئے تو منبر پر بیٹھ کر تقریر کی اور کہا اے کوفہ والو تم کب تک فتنہ و فساد برپا رکھو گے۔ تم خدا سے نہیں ڈرتے اور نہیں جانتے کہ فساد کرنے سے بربادی اور خون ریزی کے سوا اور کچھ نتیجہ نہیں نکلتا۔ فساد سے بچو

Presented by www.ziaraat.com

اپنے حال پر رحم کرو اور یاد رکھو میں اس شخص سے جنگ کرونگا جو مجھ سے لڑنا چاہے گا۔ البتہ میں سوتے ہوئے کو جگاتا نہیں اور نہ جاگے ہوئے کو ڈراتا ہوں نہ کسی شخص کو محض تہمت کی بنا پر گرفتار کرتا ہوں مگر تم اپنے کرتوت مجھ پر ظاہر کرتے اور نقصان کی راہ چلتے ہو یزید کی بیعت و اطاعت سے نکل گئے ہو اگر تم اس فساد سے باز آگئے اور فرمانبرداری سے رہے تو تم کو معاف کردوں گا ورنہ تلوار سے کام لونگا۔ اس قدر کشت و خون کرونگا کہ تلوار ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے گی اگر میں اکیلا ہی رہ جاؤں تب بھی اس معرکہ اور کوشش سے باز نہ رہوں گا۔

مسلم بن عبداللہ بن سعید حضمی نے کہا امیر کا بیان کمزور شخصوں کا سا ہے اور اس میں ذرا بھی یقین نہیں پایا جاتا ہے۔ تم جو کچھ کہہ رہے ہو اس میں عمل نہ کر سکے گا نعمان نے کہا اللہ تعالی کی فرمانبرداری میں میرا کمزور رہنا اس سے بہتر ہے کہ گناہ گاروں کے ساتھ گمراہیوں میں شریک ہو جاؤں پھر اس کے بعد تاکید و تنبیہ کی اور منبر سے اُتر کر دارلامارہ میں چلا آیا۔

عبداللہ بن مسلم نے جو یزید کا دوست تھا فوراً یزید کے پاس اس مضمون کا خط روانہ کیا۔ میرے کوفی دوستوں اور خاص کر میری طرف سے امیر یزید کو معلوم ہو کہ مسلم بن عقیل نے وارد کوفہ ہو کر علیؑ ابن ابی طالب کے بہت سے دوستوں سے حسینؑ بن علیؑ کے لیئے بیعت لے لی ہے اگر تجھے کوفہ کو اپنے قبضہ میں رکھنا ہے تو کسی سخت گیر شخص کو یہاں بھیج کہ تیرے احکام کو حسب ایماء جاری اور دشمنوں کو تیری منشاء کے مطابق نیست و نابود کرے کیونکہ نعمان بن بشیر کمزور آدمی ہے اگر کمزور بھی نہیں تو وہ لوگوں پر اپنے آپ کو حقیر ظاہر کرتا ہے والسلام۔

عمارہ بن ولید اور عمرو بن سعید نے بھی اسی مضمون کے خط روانہ کیئے یزید

Presented by www.ziaraat.com

ان خطوں کو پڑھ کر بہت برافروختہ ہوا اپنے باپ کے غلام سرجون کو بلایا اور کہا مجھے ایک مہم پیش آگئی ہے کیا تدبیر کی جائے اس نے کہا وہ کیا مہم ہے یزید نے کہا مسلم بن عقیل نے داخل کوفہ ہو کر علیؑ ابن ابی طالب کے دوستوں کی ایک جمعیت فراہم کرلی ہے اور ان سے حسینؑ ابن علیؑ کے واسطے بیعت لی ہے اب کیا کرنا چاہئے اس کے متعلق تیری کیا رائے ہے، سرجون نے کہا اگر میری بات مانے تو کچھ کہوں یزید نے کہا بیان کر۔ اس نے کہا تو نے عبداللہ ابن زیاد کو حاکم بصرہ مقرر کیا ہے کوفہ بھی اس کے حوالے کر دے پھر جب اس طرف سے اطمینان ہو جائیگا تو وہ تیرے دشمنوں کو منتشر کر دیگا یزید کو اس کی رائے بہت پسند آئی عبیداللہ ابن زیاد کے نام خط لکھا کہ مجھے میرے بعض دوستوں نے کوفہ سے اطلاع دی ہے کہ مسلمؑ بن عقیل نے کوفہ میں آکر بہت سے آدمیوں کو جمع کیا ہے اور ان سے حسینؑ بن علیؑ کے واسطے بیعت لی ہے تو تو اس خط کے مضمون سے واقف ہوتے ہی فوراً کوفہ چلا جا اور اس فساد کی آگ کو بجھا کر اس مہم کو انجام دے میں نے قبل ازیں تجھے بصرہ کی حکومت عطا کی تھی اب کوفہ کی امارت بھی تجھے دیتا ہوں۔ مسلم بن عقیل کو اس طرح تلاش کر جس طرح بخیل آدمی گرے ہوئے روپے کو ڈھونڈتا ہے، جس وقت اسے گرفتار کرے تو فوراً قتل کر کے سر میرے پاس بھیج دے خوب یاد رکھ کہ میں اس معاملہ میں تیرے کسی حیلہ اور بہانہ کو نہ سنوں گا اس حکم کی تعمیل میں جلدی کر والسلام۔ پھر یہ خط مسلم بن عمر باہلی کو دیکر کہا بہت جلد یہ خط بصرہ لے جا اور عبیداللہ کے حوالے کر اور راستہ میں کسی جگہ نہ ٹھہرنا۔ منبر پر بیٹھ کر کہا اے بصرہ والو! آج یزید کا ایک فرمان آیا ہے اس نے ولایت کوفہ بھی مجھے دیدی ہے میں کل کوفہ جاؤں گا اپنے بھائی عثمان کو تمہارا امیر مقرر کرتا ہوں لازم ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

تم سب اس کو عزت سے رکھنا اور ہر امر میں اسکی اطاعت کو اختیار کرنا۔ مخالفت سے دور رہنا اگر کسی نے اسکی خلاف ورزی کی تو میں اسے قتل کر ڈالوں گا اور جب تک انتظام ٹھیک نہ ہوگا دشمن کو دوست کے عوض گرفتار کرونگا۔ اب میں نے تمہیں سمجھا دیا ہے ہرگز ہرگز مخالفت نہ کرنا ورنہ تم جانتے ہو کہ میں زیاد کا بیٹا ہوں میرے ماموں اور چچا بھی میری مخالفت سے پہلو بچاتے ہیں۔ والسّلام۔

اس کے بعد منبر سے اُتر کر دوسرے دن جانب کوفہ روانہ ہوا۔ بصرہ کے نامور اشخاص مسلم بن عمر باہلی منذر بن جارود عبدی اور شریک بن عبداللہ اعور ہمدانی کو اپنے ہمراہ لیا کوفہ کے قریب پہنچ کر ایک جگہ ٹھہر گیا اور اتنی دیر ٹھہرا رہا کہ آفتاب غروب ہوکر دو گھنٹے رات گزر گئی اس کے بعد سیاہ عمامہ باندھا تلوار کمر میں لگائی۔ کمان کندھے پر لٹکائی۔ ترکش لگا کر گرز ہاتھ میں لیا اور خنک گھوڑے پر سوار ہوکر مع خادم وحشم بیابان کی راہ سے داخل کوفہ ہونے کے لئے کوچ کیا۔ اب چاند پوری روشنی ڈال رہا تھا لوگوں کو خیال تھا کہ امام حسینؑ تشریف لائے ہیں گروہ در گروہ لوگ آنے شروع ہو گئے عبیداللہ ان کے سلام کا جواب دیتا تھا آخر کار مسلم بن عمر باہلی نے ایک شخص سے کہا یہ عبیداللہ بن زیاد ہے، حسین ابن علیؑ نہیں ہیں تم کو محض دھوکا ہوا ہے کوفہ والے اس حال سے مطلع ہوکر بھاگ کر منتشر ہو گئے۔

تاریخ اعثم کوفی۔ ۳۵۱۰۲۔

بروایت مجلسی۔ عبیداللہ ابن زیاد قصر الامارہ کے نیچے آپہنچا اور دروازہ کھٹکھٹایا نعمان نے اس خیال سے کہ امام حسینؑ شاید تشریف لائے ہیں، بالائے قصر جا کر کہا میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں یہاں سے تشریف لے جائیں اور میرے متعرض نہ ہوں اور جو میرے سپرد کیا ہے اسے اپنے حتی المقدور نہ دونگا اور آپ سے مقابلہ بھی نہ کروں گا جب ابن زیاد نے یہ کلام سُنی آواز دی اور کہا دروازہ کھولدے

Presented by www.ziaraat.com

نعمان نے اس کی آواز پہچان کر دروازہ کھول دیا۔ اہل کوفہ اس کے آنے سے پراگندہ ہوگئے جب صبح ہوئی اس کے منادی نے کوفہ میں ندا کی کہ اہلِ کوفہ جمع ہوں۔ جب جمع ہوگئے تو وہ شقی باہر آیا۔ خطبہ پڑھ کر کہا یزید بن معاویہ نے مجھے تمہارے شہر کا حاکم مقرر کیا ہے۔ مجھے حکم دیا ہے کہ مطیعوں کو نوازش اور مخالفوں کو تازیانہ و شمشیر سے تادیب کروں لازم ہے کہ مخالفت خلیفہ اور اس کے عقوبات سے خوف کرو۔ یہ کہہ کر منبر سے نیچے آیا اور رؤساء قبائل کو طلب کر کے ان کو تاکید کی کہ جس جس پر تمہارا گمان ہو کہ فلاں محلہ اور فلاں قبیلہ میں یزید بن معاویہ کا مخالف ہے اس کی فہرست اسامی میرے پاس لاؤ اور اگر مجھے علم ہوگیا کہ مخالفین یزید تمہارے محلہ اور قبیلہ میں موجود ہیں اور ان کے حالات سے تم نے مجھے مطلع نہیں کیا اس وقت تمہارا خون و مال مجھ پر حلال ہوگا۔ جب خبرِ داخلۂ عبید اللہ ابن زیاد مسلم بن عقیل کو پہنچی تو مختار کے گھر سے برآمد ہو کر ہانی بن عروہ کے گھر تشریف لے گئے۔ جلا العیون۔

بروایت اعثم کوفی عبید اللہ نے آدمی مقرر کئے کہ مسلم کو ڈھونڈلائیں مگر کسی شخص نے آپ کا پتہ نہ بتلایا لوگ پوشیدہ طور پر مسلم کے پاس حاضر ہوتے اور از سر نو بیعت کرتے تھے مسلم ان پر حجت قائم کرتے تھے کہ تم اپنے وعدوں پر ثابت قدم رہنا بیوفائی نہ کرنا وہ قسمیں کھاتے تھے یہاں تک کہ بیس ہزار آدمیوں نے بیعت کر لی اب مسلمؑ نے دارالامارہ پر ان لوگوں کے ہمراہ حملہ کرنے کا ارادہ کیا مگر ہانی نے کہا آپ جلدی نہ کریں۔

ادھر عبید اللہ نے معقل کو ایک ہزار درہم دیکر کہا کہ مسلم بن عقیل کو شہر میں تلاش کر۔ علیؑ کے گروہ سے کہنا کہ میں علیؑ اور اس کے خاندان کا خیر خواہ ہوں جب تجھے مسلم کے پاس لے جائیں تو اپنی خیر خواہی جتلا کر کہنا کہ میں ایک ہزار

Presented by www.ziaraat.com

درہم لایا ہوں آپ یہ روپیہ اپنے کاموں پر صرف کریں وہ تجھے اپنا خیر خواہ سمجھیں گے اور اپنا دوست جان کر تجھ پر بھروسہ کریں گے پھر جو کچھ تو دیکھے اور سُنے مجھ سے آکر بیان کر۔ معقل عبیداللہ کی ہدایت کے مطابق روپیہ لے کر مسجد کوفہ میں آیا وہاں حضرت علیؑ کے گروہ کے ایک شخص مسلم بن عوسجہ اسدی کو دیکھا اس کے پاس بیٹھ کر کہا میں شام کا باشندہ ہوں ایک ہزار درہم میرے پاس ہیں سُنا ہے کہ خاندانِ نبوّت میں سے کوئی شخص یہاں آیا ہوا ہے اور فرزند رسولؐ خدا کے واسطے لوگوں سے بیعت لے رہا ہے اگر تو مہربانی کر کے مجھے اس کے پاس پہنچا دیں اور میں اس کی زیارت سے مشرف ہو جاؤں تو یہ مال اس کے حوالے کر دوں کہ وہ اپنے خرچ میں لائے میں تیرا بہت ہی احسان مند ہوں گا۔ مسلم بن عوسجہ نے سمجھا کہ وہ سچ بولتا ہے قول و قسم لیکر کہا کل میرے پاس آنا میں تجھے اس کے پاس پہنچا دوں گا معقل وہاں سے چلا آیا اور عبیداللہ سے سب حال کہہ سُنایا، اس نے کہا دیکھ مردوں کی طرح اس کام کو انجام دینا۔ پھر لوگوں سے شریک بن عبیداللہ اعور ہمدانی کا حال پوچھا جو بصرہ سے اس کے ساتھ آیا تھا اور کوفہ میں پہنچ کر سخت بیمار ہو گیا تھا۔ عبیداللہ نے کہا ہم اس کی عیادت کے لئے جائیں گے شریک کو مسلم کا حال معلوم تھا اس نے کہا اے مسلم کل عبیداللہ میری عیادت کے لئے آئیگا میں اسے باتوں میں لگاؤں گا اور تم اسے تلوار سے ایک ہلاکت خیز ضرب لگانا پھر شہر کوفہ آپکے قبضہ میں آجائیگا اور اگر میں زندہ رہا تو بصرہ کو بھی آپ کے تصرف لاؤنگا دوسرے دن عبیداللہ شریک کی عیادت کے لئے ہانی کے مکان پہ آیا شریک اس سے گفتگو کرنے لگا اور جس امر کو وہ پوچھتا بتا تا رہا اور چاہا کہ مسلم اس کا کام تمام کر دے ادھر مسلم بن عقیل نے چاہا کہ عبیداللہ کا کام

Presented by www.ziaraat.com

تمام کر دے ہانی نے کہا خدا کے لئے ایسا کام نہ کریں کیونکہ میرے گھر میں بہت سے بچے اور عورتیں ہیں وہ قتل کے واقعہ سے بہت خوف کھائیں گے مسلم بن عقیل نے تلوار ہاتھ سے ڈال دی شریک اب بھی عبیداللہ کو باتوں میں مشغول رکھنے کی کوشش کرتا رہا تاکہ مسلم اسے مار ڈالے آخر عبیداللہ کو بھی کچھ شبہ پیدا ہوا دل میں ڈرا اور وہاں سے چلا گیا۔ عبیداللہ کے جانے کے بعد جناب مسلم اور ہانی باہر آئے شریک نے کہا تم نے اچھا موقع کھو دیا۔ کیوں اسے ہلاک نہ کیا۔ مسلم بن عقیل نے کہا مجھے ہانی نے اس امر سے روک دیا۔
تاریخ اعثم کوفی ۳۵۳۔

ملا محمد باقر نے بحار الانوار جلد دہم صفحہ ۳۴۳ پر لکھا ہے کہ ابن نما رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے شریک ابن اعور نے پوچھا: یا حضرت قتل ابن زیاد سے آپ کو کیا امر مانع ہوا؟ فرمایا میں نے چاہا باہر آؤں زوجہ ہانی میرے دامن سے لپٹ گئی اور کہنے لگی میں آپ کو خدا کی قسم دیتی ہوں ابن زیاد کو میرے گھر میں نہ ماریں اور رونے لگی میں نے یہ حال دیکھ کر تلوار پھینک دی اور بیٹھ رہا۔

ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۹۹ پر لکھا ہے کہ شریک بن اعور نے حضرت مسلم سے پوچھا کس چیز نے آپ کو عبیداللہ ابن زیاد کے قتل سے باز رکھا حضرت مسلمؑ نے فرمایا دو امر مانع ہوئے ایک تو یہ کہ ہانی کو گوارا نہ ہوا کہ ان کے گھر میں خونریزی واقع ہو اور دوسری بات یہ مانع ہوئی کہ لوگ نبی پاکؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں۔ (اچانک قتل کرنے کو ایمان مانع ہوتا ہے اور مومن کو چاہیئے کہ اچانک قتل نہ کرے)

بروایت خواجہ اعثم کوفی۔ شریک نے کہا اس بد اعتقاد فاسق کو بہت آسانی سے قتل کر سکتے تھے آپ نے بڑی غلطی کی پھر ایسا موقع ہاتھ نہ آئیگا۔

Presented by www.ziaraat.com

شریک تین دن کے بعد فوت ہوگیا وہ اکابر بصرہ میں سے تھا اور حضرت علیؑ کے شیعوں میں سے تھا۔ دوسرے دن معقل نے مسلم بن عوسجہ کے پاس آکر کہا تو نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ مکہ سے آئے ہوئے شخص کے پاس لے چلوں گا کہ میں یہ مال اس کی خدمت میں پیش کروں شاید تو اپنے وعدے سے پھر گیا ہے مسلم بن عوسجہ نے کہا میں اپنے اقرار کو پورا کروں گا۔ شریک کی وفات کے سبب فرصت نہ ملی تھی معقل نے کہا وہ شخص جو مکہ سے آیا ہوا ہے ہانی کے گھر میں موجود ہے مسلم بن عوسجہ نے کہا ہاں پھر اسے اپنے ہمراہ مسلم بن عقیل کی خدمت میں حاضر کیا مسلم نے اس سے بیعت لی معقل نے درہم پیش کئے اور تمام دن آپ کے پاس رہا اور دوستی کی باتیں کرتا رہا جب رات ہوگئی تو رخصت ہو کر عبیداللہ کے پاس آیا جناب مسلم کا تمام حال کہہ سنایا اس نے کہا تو مسلم بن عقیل کے پاس آتا جاتا رہ کیونکہ اگر تو اس کے پاس نہ جائیگا تو تیری طرف سے شک پیدا ہو جائیگا اور مسلم ہانی کے گھر سے نکل کر کسی دوسرے کے گھر جا رہے گا۔

اس کے بعد عبیداللہ نے آدمی بھیج کر محمد بن اشعث، اسماء بن خارجہ اور عمرو بن حجاج زبیدی کو بلایا اور کہا ہانی ایک دفعہ بھی میرے پاس نہیں آیا اور نہ میرا حال دریافت کیا۔ کیا تمہیں اس کا کچھ حال معلوم ہے کہ وہ کس سبب سے نہیں آیا انہوں نے کہا وہ بہت کمزور ہے اس لئے امیر کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکتا اس نے کہا پہلے تو علیل تھا اور اب تندرست ہے کل تم اس کے پاس جاؤ اور کہو کہ مجھ سے ملنے کے لئے آئے انہوں نے کہا بسر و چشم ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ عبیداللہ کا ایک خدمت گار مالک بن یربوع تمیمی آیا اور کہا میں سیر کے ارادے سے شہر کے باہر گیا ہوا تھا کہ ایک شخص کو کوفہ سے مدینہ کی طرف نہایت تیز رفتاری سے جاتے ہوئے دیکھا میں نے اس کے پیچھے

گھوڑا دوڑایا اور اسے جا لیا پوچھا تو کون ہے اور کہاں جاتا ہے اس نے کہا میں مدینہ کا رہنے والا ہوں پھر میں نے گھوڑے سے اتر کر دریافت کیا کہ کیا تیرے پاس کوئی خط ہے؟ اس نے اقرار نہ کیا تو میں نے اس کے کپڑوں کی تلاشی لی ایک سربند خط علاوہ یہ ہے اور اس شخص کو امیر کے دروازہ پر پہرہ کے اندر دے دیا ہے۔ عبید اللہ نے خط کھولا مضمون یہ تھا مسلم بن عقیل کی طرف سے حسینؑ ابن علیؑ کو معلوم ہو کہ میں کوفہ میں پہنچا تمام شیعوں سے ملا آپ کے لئے بیعت لی بیس ہزار اشخاص نے برضا و رغبت آپ کی بیعت اختیار کر لی ہے میں نے ان کے نام لکھ لئے ہیں آپ اس خط کے مضمون سے مطلع ہوتے ہی فوراً تشریف لے آئیں کسی وجہ سے بھی دیر نہ کریں کیونکہ کوفہ والے دل سے آپ کے خیر خواہ اور دوست ہیں اور یزید سے سخت متنفر ہیں والسلام۔

عبید اللہ نے کہا جس شخص کے پاس سے یہ خط ملا ہے اسے میرے پاس لا۔ مالک جا کر لے آیا عبید اللہ نے پوچھا تو کون ہے، اس نے کہا میں بنی ہاشم کا خیر خواہ ہوں۔ پوچھا تیرا نام کیا ہے، اس نے کہا عبد اللہ یقطر۔ پھر پوچھا یہ خط تجھے کس نے دیا ہے کہ حسینؑ کے پاس لے جائے اس نے جواب دیا ایک بوڑھی عورت نے دیا ہے اس نے کہا تو اس کا نام جانتا ہے اس نے کہا میں اس کے نام سے واقف نہیں ہوں عبید اللہ نے کہا تو دو باتوں میں سے ایک بات اختیار کر یا تو خط دینے والے کا نام بتا دے کہ میرے ہاتھ سے بچ جائے ورنہ تجھے قتل کرا دوں گا اس نے کہا نام نہ بتاؤں گا اگر اس میں میری جان بھی جاتی رہے تو کچھ پرواہ نہیں! عبید اللہ نے اسے قتل کرا دیا۔

پھر محمد بن اشعث، عمرو بن حجاج اور اسماء بن خارجہ کی طرف متوجہ ہو کر کہا جاؤ ہانی سے کہو کہ وہ میرے پاس آتا رہے وہ وہاں سے اٹھ کر ہانی کے گھر آئے اسے

Presented by www.ziaraat.com

سلام کیا اور پوچھا امیر کے پاس کس لئے نہیں جاتا اس نے تجھے کئی مرتبہ یاد کیا ہے اس نے جواب دیا بیماری کی وجہ سے نہیں جا سکا انہوں نے کہا ہم نے تیری طرف سے یہ عذر پیش کیا تھا اس نے قبول نہ کیا اور کہا میں سنتا ہوں کہ وہ تندرست ہوگیا ہے اپنے گھر کے دروازے پر بیٹھتا ہے اور آدمی اس کے پاس جمع ہوتے ہیں اب مناسب ہے کہ تو اس کے پاس جائے کیونکہ وہ برسر اقتدار ہے تو اپنے قبیلہ کا سردار ہے ہم تجھے قسم دلاتے ہیں تو اپنے حال پر رحم کر اور ہمارے ساتھ امیر کے پاس چل ہانی نے کہا اچھا میں چلوں گا اس کے بعد اپنی پوشاک منگوا کر پہنی اور گھوڑے پر سوار ہو کر ان لوگوں کے ہمراہ روانہ ہوا اب اس کا دل گھبرایا بدی اور شرارت کا پر تاؤ ہونے کا خیال گزرا۔ اسماء بن خارجہ کی طرف مخاطب ہو کر کہا بھائی مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میرے ساتھ برائی وقوع میں آئیگی اسماء نے کہا چچا تمہارے خیالات بالکل غلط ہیں اپنے دل سے تشویش دور کر اور ہر طرح سے مطمئن رہو بھلائی کے سوا اور کوئی امر ظاہر نہ ہوگا غرض عبیداللہ کے پاس آئے اس وقت قاضی شریح عبیداللہ کے پاس بیٹھا تھا۔ عبیداللہ نے کہا اے ہانی خدا کی قسم تو نے مسلمؑ بن عقیل کو اپنے گھر میں پناہ دے رکھی ہے اور آدمی اور ہتھیار جمع کر لئے ہیں اور تو یہ سمجھتا ہے کہ میں ان باتوں سے بے خبر ہوں تیری تمام حرکات مجھے معلوم ہیں۔ ہانی نے کہا مجھے ان امور کی خبر نہیں ہے عبیداللہ نے معقل کو بلا کر ہانی سے کہا کیا تو اسے جانتا ہے اب ہانی سمجھ گیا کہ معقل عبیداللہ کا جاسوس تھا۔ اب ہانی نے اقرار کر لیا اور کہا میں نے کسی شخص کو مسلمؑ کے بلانے کو نہیں بھیجا اور نہ اسے بلایا نصف شب کے وقت وہ پناہ کا طالب ہوا مجھے اس بات پر شرم آئی کہ اسے پناہ نہ دوں اور تنہا چھوڑ دوں اس لئے اس کو پناہ دے دی۔ اجازت دے کہ جا کر اس سے عذر کروں کہ کہیں اور چلے جائیں اور میں عہد کرتا ہوں کہ جب اسے اپنے گھر سے روانہ

Presented by www.ziaraat.com

کروں گا تو تیرے پاس حاضر ہو جاؤں گا اس نے کہا جب تک تو اسے حاضر نہ کریگا، میرے پاس سے نہ جا سکے گا۔ ہانی نے کہا میں کبھی ایسی بات نہ کروں گا کیونکہ از روئے شرع و مروت جائز نہیں کہ پناہ دئے ہوئے شخص کو دشمن کے حوالے کردوں عبیداللہ نے کہا کہ اگر تو اسے میرے پاس نہ لائیگا تو تیرا سر اڑا دوں گا۔ ہانی نے کہا کس کی مجال ہے جو میرے ساتھ اس طرح پیش آسکے اگر تو ایسا خیال دل میں لائے گا تو ایک جماعت کثیر میرے خون کے قصاص کے واسطے تیرے گھر کو گھیر لے گی۔ عبیداللہ نے کہا تو مجھے اپنے دوستوں اور عزیزوں سے ڈراتا ہے یہ کہہ کر ایک آہنی تازیانہ ہانی کے منہ پر مارا جس سے ایک بھوں اور ناک پھٹ کر خون بہہ نکلا قریب ہی عبیداللہ کا ایک سپاہی تلوار ہاتھ میں لئے ہوئے کھڑا تھا ہانی نے اس کے قبضہ پر ہاتھ ڈال کر چاہا کہ تلوار چھین لے مگر ایک اور سپاہی نے اسے پکڑ لیا۔ عبیداللہ نے چیخ مار کر کہا اسے گرفتار کرکے اسی مکان کی ایک کوٹھری میں بند کردو۔ اسماء بن خارجہ نے کھڑے ہوکر کہا اے امیر تو نے ہم سے کہا تھا اور ہم اسے تیرے پاس لائے تھے۔ اس کے آنے سے پہلے تو نے اس کے واسطے اچھے اچھے وعدے کئے تھے اب وہ آیا تو غیض و غضب سے پیش آیا ناک توڑ دی اور اس کے چہرے اور داڑھی کو خون سے رنگین کردیا پھر اسے قیدخانہ میں ڈال دیا اور اسے قتل کرانا چاہتا ہے تجھے اچھا برتاؤ کرنا چاہیئے تھا۔ عبیداللہ نے غصے کی حالت میں جواب دیا کہ اسے اس قدر مارو کہ یہ مرجائے جب اس کے زندہ رہنے کی امید نہ رہی تو اسماء بن خارجہ نے کہا انا للّٰہ و انا الیہ راجعون۔ اے ہانی ہم تجھے موت کا پیغام سناتے ہیں اور اب یہ معاملہ ہاتھ سے نکل چکا ہے ہانی کے رشتہ دار بنی مذحج والے سوار ہوکر دارالامارہ پر آئے اور ہجوم کرکے بلند آوازوں سے بولتے تھے عبیداللہ نے پوچھا یہ کیا

Presented by www.ziaraat.com

شور وغل ہے لوگوں نے کہا ہانی کے عزیزوں کو خبر لگی ہے کہ امیر نے اسے ہلاک کر دیا ہے اس لئے وہ جمع ہو کر دروازہ پر آپہنچے ہیں عبید اللہ نے قاضی شریح سے کہا اٹھ کر ذرا ہانی کو دیکھ، پھر مکان سے نکل کر اس کے رشتہ داروں کو سمجھا دے کہ ہانی صحیح و سلامت ہے تم کس لئے فریاد کرتے ہو جس کسی نے ایسا کہا ہے کہ امیر نے ہانی کو مروا دیا ہے وہ جھوٹا ہے۔ شریح نے مکان سے نکل کر اس کے عزیزوں کو یہی بات سنادی وہ واپس چلے گئے۔ تاریخ اعثم کوفی: ۳۵۳ تا ۳۵۶۔

ابن زیاد مع ملازمان و یاران و ناصران مسجد میں آیا اور اشراف کوفہ کو جمع کر کے بالائے منبر گیا۔ لوگوں کو مخالفت یزید سے ڈرایا اور مطیعیان یزید کو بنوازش و بخشش امید وار کیا ناگاہ کچھ لوگ مسجد میں دوڑتے ہوئے آئے اور کہا مسلمؑ نے چڑھائی کر دی ہے اور جانب دار الامارۃ آ رہے ہیں۔ ابن زیاد لپے تاپانہ منبر سے نیچے آیا اور دار الامارۃ میں جا کر دروازہ بند کر لیا۔ جلاء العیون۔ ۳۶۳۔

بروایت علامہ ابن شہر آشوب جناب مسلم نے قصر کا احاطہ کر لیا۔ ابن زیاد نے کثیر ابن شہاب حارثی اور محمد بن اشعث کندی کو باب الرومیین کی طرف سے امان کا جھنڈا دیکر بھیجا۔ ان دونوں نے بآواز بلند پکار کر کہا جو اس جھنڈے کے نیچے آجائیگا اس کے لئے امان ہے یہ سن کر رؤسا قبائل اس کے نیچے آگئے اور ابن زیاد نے ان کو قصر کے اندر بلا کر کہا اپنے اپنے لوگوں کو کہو کہ اطاعت یزید میں تم کو انعام واکرام سے نوازا جائیگا اور درصورت نافرمانی سخت سزا دی جائے گی یہ سن کر لوگ منتشر ہونے لگے یہاں تک کہ جناب مسلم کے پاس صرف تیس نفر رہ گئے اور جب نماز مغرب سے فارغ ہوئے تو ایک بھی باقی نہ رہا یہ حال دیکھ کر آپ پریشان حال کوفہ کے گلی کوچوں میں پھرنے

Presented by www.ziaraat.com

لگے یہاں تک کہ آپ طوعہ نامی ایک عورت کے دروازہ پر پہنچے وہ محمد اشعث کی کنیز تھی اس کی شادی اسید حضرمی سے کردی گئی تھی اس سے ایک لڑکا بلال نامی پیدا ہوا وہ لوگوں کے ساتھ گھر سے باہر اس ہنگامہ میں گیا ہوا تھا طوعہ دروازہ پر کھڑی اس کا انتظار کر رہی تھی جناب مسلمؑ نے اس سے کہا اے کنیز خدا مجھے پانی پلا جب اس نے پانی لاکر پلا دیا تو آپ اس کے دروازے پر بیٹھ گئے اس نے کہا اے بندۂ خدا اب اپنے گھر جا۔ آپ خاموش ہو گئے اس نے پھر بھی کہا آپ نے پھر کوئی جواب نہ دیا اس نے کہا اے شخص میں بار بار کہہ رہی ہوں کہ اپنے گھر جا اور تو جواب تک نہیں دیتا حضرت مسلمؑ نے سرد آہ بھر کر کہا کہاں جاؤں اس شہر میں میرا گھر نہیں ہے میں ایک غریب الوطن ہوں اس عورت نے کہا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم مسلم بن عقیل ہو آپ نے فرمایا ہاں میں وہی ہوں اس کو رحم آیا اور اپنے گھر کے اندر لے گئی۔ مناقب۔

بروایت ابی مخنف اس نے آپ کو اپنے گھر کی ایک کوٹھڑی میں چھپا دیا کھانا آپ کی خدمت میں پیش کیا۔ لیکن آپ نے پانی کے سوا کوئی چیز نہیں چھوئی۔ تاریکی خوب چھا گئی تو آپ نے باہر جانے کا قصد کیا اسی اثناء میں طوعہ کا لڑکا جس کا باپ ابن زیاد کے ہاں ایک افسر تھا، سامنے آتا ہوا نظر آیا۔ جب اس نے اپنی ماں کو اس کوٹھڑی کی طرف بہت زیادہ آتے جاتے دیکھا تو اس بات پر تعجب کیا اور پوچھنے لگا کہ اے مادر اس حجرہ کی جانب کیوں اس قدر زیادہ آمد و رفت ہے اس نے کہا کہ اس بات کو جانے دے لیکن وہ نہ مانا عاجزی سے پوچھنے لگا اور کہا کہ مجھ کو تو یہ بات بتلا ہی دو۔ اس کی ماں نے کہا کہ میں خدا کے سامنے تجھ سے عہد لیتی ہوں کہ تو یہ بھید ظاہر نہ کریگا۔ اس نے اس بات پر عہد کر لیا کہ میں یہ راز ظاہر نہیں کروں گا جب اس سے عہد

Presented by www.ziaraat.com

لے لیا تو کہا کہ یہ مسلمؑ بن عقیل ہیں جو بیکس اور بے مددگار ہو کر یہاں آئے ہیں اور میں نے رات کو ان کو اس لئے چھپا لیا ہے کہ تلاش سے بے خوف ہو جائیں اے فرزند خبردار امانت میں خیانت نہ کرنا وہ ملعون شب کو خاموش ہو کر سو رہا صبح ہوتے ہی حضرت مسلمؑ اٹھے تو دیکھا کہ وہ عورت پانی لئے کھڑی ہے جب آپ نے پانی لے لیا تو اس عورت نے پوچھا کہ اے جوان مرد میں نے آپ کو آج کی شب بالکل سوتے بھی نہیں دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ میں جس وقت سو گیا تو اپنے چچا امیرالمومنینؑ علیؑ ابن ابیطالب علیہ السّلام کو دیکھا کہ وہ مجھ سے فرما رہے ہیں کہ مسلمؑ! جلدی جلدی آؤ اب میرا یہ خیال ہے کہ یہ وقت میرے لئے زندگانی دنیا کی آخری گھڑی اور آخرت کی پہلی ساعت ہے۔

صبح ہوتے ہی وہ لڑکا فوراً اپنے گھر سے نکلا اور قصر حکومت پر پہنچ کر کہا کہ میں خیر خواہی کی خبر لیکر آیا ہوں اسکے باپ نے پوچھا کونسی خیر خواہی کی خبر لایا ہے اس نے کہا کہ مسلمؑ بن عقیل ہمارے گھر میں موجود ہیں۔ ابن زیاد نے سونے کی ہنسلی اور چاندی کا تاج پہنا کر ایک تیز رفتار گھوڑے پر سوار کرا دیا اور محمد بن اشعث کو پانچ سو سوار دیکر کہا کہ اس لڑکے کو ساتھ لے جاؤ اور مسلمؑ بن عقیل کو قتل کر کے یا قید کر کے لے آؤ یہ لوگ طوعہ کے مکان کے پاس پہنچے طوعہ نے گھوڑوں کی ہنہناہٹ اور لوگوں کے شور و غل کی آواز سنکر حضرت مسلمؑ کو خبر دی آپ نے فرمایا کہ بس یہ میری ہی فکر میں ہیں تم میری تلوار لے آؤ آپ نے عمامہ سے کمر کسی کر باندھی، بدن پر زرّہ سجائی اور تلوار لیکر اس گروہ کی طرف چلے یہ دیکھ کر ضعیفہ نے عرض کی اے میرے آقا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضور موت کی تیاری فرما رہے ہیں۔ آپ نے فرمایا اس کے سوا چارہ ہی کیا ہے پھر فرمایا کہ اس گروہ کے سامنے پہنچ کر جنگ

Presented by www.ziaraat.com

طرح ڈالی معرکہ کارن پڑا۔ آپ نے ایک سو اسی ۱۸۰ شہسوار مار گرائے اور جتنے باقی
رہے وہ بھاگ گئے ابن اشعث نے جب آپ کی اس درجہ کی شجاعت دیکھی تو ابنِ
زیاد کو کہلا بھیجا کہ میری مدد کے لیئے سوار اور پیادے روانہ کرو اس نے
پانچسو سوار اور روانہ کیئے جناب مسلمؑ ان کے مقابلے میں بھی آئے بڑی
شدّت کی جنگ ہوئی تو ابن اشعث نے پھر سوار اور پیادوں کی مدد منگوائی
کیونکہ جناب مسلمؑ نے ان کے بہت سے آدمی قتل کر دیئے تھے ابنِ زیاد نے کہلا
بھیجا ایک تنہا آدمی نے تمہارے اتنے کشتوں کے پشتے لگا دیئے اگر میں تم کو ایسے
شخص کے مقابلہ میں روانہ کرتا جو مسلمؑ سے زیادہ بہادر اور ثابت قدم ہے تو تمہارا
کیا حشر ہوتا محمد بن اشعث نے اس کو لکھ بھیجا شاید تم نے اپنے خیال میں مجھ کو
کسی کاشتکار کے مقابلہ پر بھیجا ہے اس خیال کو دور رکھیئے تم نے مجھے ایسے
شخص کے مقابلہ کے لئے بھیجا ہے جو بہادر، سردار، شجاع، شیر اور رسول اللہؐ
کی تلوار ہے ابنِ زیاد نے پانچسو سوار اور بھیج دئیے اور یہ کہلا بھیجا کہ اس کو امان
دے دو ورنہ تم سب کا خاتمہ کر دیگا ان لوگوں نے پہنچ کر حضرت مسلمؑ کو آواز
دی کہ ہم آپ کو امان دیتے ہیں آپ نے جواب دیا کہ اے خدا اور اس کے رسولؐ
کے دشمن تمہاری امان پر مجھ کو اعتبار نہیں ہے یہ فرما کر آپ مقابلہ کے لئے بڑھے
گھمسان کا رن پڑا اس جنگ میں حضرت مسلمؑ اور بکر بن حمران میں چند تلواروں کے
وار اور تیزی کی چوٹیں چلیں لیکن حضرت مسلمؑ نے پھرتی سے اس کے سر پہ ایک
وار لگا کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ وہ کوٹھوں پر چڑھ کر جلتی ہوئی آگ جناب
مسلمؑ پر برسانے لگے آپ نے اس گروہ پر حملہ فرما دیا بہت سے لوگوں کو قتل کیا۔ یہ حال
دیکھ کر ان لوگوں سے ایک ملعون نے کہا کہ میں اس کے لئے ایک ایسا جال پھیلاتا ہوں
جس سے وہ بچ کر نکل ہی نہیں سکتے اوّل ان کے لئے راستہ میں ایک کنواں کھود کر اس کا

Presented by www.ziaraat.com

منہ گھاس اور مٹی سے چھپا دیں اور پھر ان پر حملہ کر کے سامنے سے پسپا ہونا شروع کر دیں تو وہ اس کنوئیں سے نہیں بچ سکیں گے ان لوگوں نے ایسا ہی کیا جب ان سب نے حضرت مسلمؑ پر حملہ کیا تو انہوں نے آپ کے سامنے سے ہٹنا شروع کیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ اس کنوئیں میں گر پڑے۔ انہوں نے ہر سمت سے آپکو گھیر لیا اور باہر نکالا۔ نکلتے ہی پہلا وار ابن اشعث نے آپکے سامنے کے رخ چہرہ پر لگایا تلوار ناک کے بانسے میں اتر گئی اور آپ کے دانت گر پڑے لوگوں نے آپ کو پکڑ کر قید کر لیا اور کھینچتے ہوئے دار الحکومت تک لے گئے جب آپ دار الامارۃ کی ڈیوڑھی میں پہنچے تو پانی کی بھری ہوئی صراحی پر آپ کی نظر پڑی حضرت مسلمؑ کو پانی سے آشنا ہوئے دو دن گذر چکے تھے اس لئے کہ آپ کا دن تو جہاد اور رات سجدے میں گذرتی تھی آپ نے پانی پلانے والے سے فرمایا کہ بھائی ایک پیاس پانی پلا دے۔ اگر میں زندہ رہ گیا تو اس کا صلہ دے دوں گا اور اگر موت آ گئی تو خدا اور اس کا رسولؐ اس کا اجر دیں گے۔ ساقی نے آپ کو پانی کی صراحی دے دی حضرت مسلمؑ نے پانی لیکر لبوں سے لگایا اور پانی کی ٹھنڈک خون کی گرمی سے ملی تو دندان مبارک ٹوٹ کر برتن میں گر پڑے حضرت مسلمؑ نے پانی واپس کر دیا اور فرمایا اب مجھ کو اس کی ضرورت نہیں ہے لوگ اس کے بعد آپ کو ابن زیاد کے سامنے لے گئے حضرت مسلمؑ نے اس کا تکبر دیکھ کر فرمایا جو راہ راست پر چلتا اور انجام ہلاکت سے ڈرتا اور خدائے بزرگ کی اطاعت کرتا ہے اس پر میرا سلام ہو۔ ابن زیاد کے ایک حاجب نے کہا کہ اے مسلمؑ اگر السلام علیک ایہا الامیر کہہ کر سلام کرتے تو تمہارا کیا بگڑ جاتا حضرت مسلمؑ نے فرمایا میں تو آقا امام حسینؑ کے سوا کسی کو امیر نہیں جانتا۔ ابن زیاد کو تو وہ امیر کہہ کر سلام کرے جو اس سے ڈرتا ہو۔ ابن زیاد نے کہا خواہ سلام کرو یا نہ کرو آج ہی قتل کر دیئے جاؤ گے۔ حضرت مسلمؑ نے فرمایا کہ اگر میرا قتل کرنا ہی ضروری ہے تو میں کسی قریش سے وصیتیں کرنا چاہتا ہوں

Presented by www.ziaraat.com

وصیّت سننے کے لیئے عمر ابن سعد آپ کے پاس آیا تو آپ نے فرمایا کہ پہلی وصیت تو میری یہ ہے کہ خدا ایک ایسی ہستی ہے جس کا کوئی شریک نہیں نیز میں اس کی گواہی بھی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں اور علیؑ خدا کے ولی ہیں، دوسری وصیّت یہ ہے کہ یہ میری زرّہ بیچ کر ایک ہزار درہم جو میں نے تمہارے شہر میں قرض لیئے تھے ادا کر دینا تیسری وصیت یہ ہے کہ مجھ کو اطلاع ملی ہے کہ میرے آقا امام حسینؑ مع اہل و عیال روانہ ہو چکے ہیں ان کو لکھ دو کہ وہ تمہارے پاس نہ آئیں تاکہ جو آفت مجھ پر آئی ہے آنحضرت پر نہ آئے۔

عمر بن سعد نے وصیتیں سن کر کہا کہ دربارہ شہادت جو تم نے کہا ہے ہم سب کے سب اس کا اقرار کرتے ہیں اب رہا زرہ فروخت کر کے قرضہ ادا کرنا اس کا ہم کو اختیار ہے خواہ ادا کریں یا نہ کریں۔ اب رہی تیسری وصیّت امام کے بارہ میں تو یہ ہو کر رہے گا۔ کہ امام حسینؑ یہاں آئیں اور ہم ان کو موت کا مزہ چکھائیں۔ اس کے بعد ابن زیاد نے حکم دیا کہ مسلمؑ بن عقیل کو سقف ایوان پر لے جائیں اور سر کے بل نیچے گرا دیں جب آپ کو اوپر چڑھا کر لے گئے تو آپ نے فرمایا کہ مجھ کو دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دے دو پھر جو جی چاہے کرنا لیکن ان لوگوں نے کسی طرح مہلت نہ دی جناب مسلمؑ رو پڑے۔ مقتل ابی مخنف۔ ۳۸ تا ۴۴۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۲۲ و ۲۲۳ پر لکھا ہے کہ جب حضرت مسلمؑ بن عقیل ایوان کی چھت پر پہنچے تو مکہ معظمہ کی طرف منہ کر کے کہا اے فرزند رسولؐ آپ پر سلام ہو کیا حضور کو مسلمؑ بن عقیل کے حال کی بھی کچھ خبر ہے۔ اور چند اشعار پڑھے پھر کہا اے فرزند رسولؐ میری تمنا تو یہی تھی کہ ایک دفعہ پھر اپنی مصیبت زدہ آنکھوں کو آپ کی زیارت سے مشرف کروں مگر زندگی نے مہلت نہ دی اور زیارت کا وعدہ قیامت کا ہوا۔

نور الائمہ خوارزمی نے اپنی مقتل کی کتاب میں لکھا ہے کہ حضرت مسلمؑ نے ایوان کی چھت

Presented by www.ziaraat.com

سے نیچے نگاہ کی تو بہت سے فرقیوں کو کھڑے ہوئے دیکھا اور وہ آپ کو دیکھ رہے تھے حضرت مسلمؑ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور عربی کے چند اشعار پڑھے اور جب حضرت مسلمؑ نے بات ختم کی تو دستِ دعا بلند کئے اور عرض کیا اے خداوند تعالیٰ اپنے دوستوں کو کامیابی عطا فرما اور دشمنوں کو ناکام کر اتنی بات کہی اور شہادت کی انتظار میں کھڑے ہو گئے ابن بکیر بن عمران نے چاہا کہ حضرت مسلمؑ پر تلوار چلائے اس کا ہاتھ خشک ہو گیا اور حیران ہو کر بیٹھ رہا لوگوں سے ابنِ زیاد کو اطلاع دی اس نے ابن بکیر کو بلایا اور پوچھا کہ تجھے کیا ہوا اس نے جواب دیا کہ اے امیر میں نے ایک ہیبت ناک آدمی کو دیکھا وہ میرے سامنے آیا اور اپنی انگلی کو اپنے دانتوں سے چباتا تھا اور دوسری روایت یہ ہے کہ اپنے ایک ہونٹ کو دانتوں سے پکڑے ہوئے تھا میں اس شخص سے ایسا ڈرا کہ تمام عمر کسی شے سے نہیں ڈرا ابن زیاد نے کہا جب تم نے معمول کے خلاف کام کرنا چاہا تو تم پر خوف طاری ہو گیا اور ایک تصویر تیری نظروں کے سامنے آگئی پھر ایک دوسرے شخص کو بھیجا جب وہ ایوان کی چھت پر پہنچا تو محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے نظر آئے جو وہاں کھڑے ہوئے تھے اس کا پتہ پھٹ گیا اور وہ مر گیا اس کے بعد ایک شامی مرد کو بھیجا اس نے حضرت مسلمؑ کو آکر شہید کیا۔ صحیح روایت یہ ہے کہ ابن بکیر نے حضرت مسلمؑ کو شہید کیا اور آپ کا سر ابن زیاد کے پاس بھیج دیا اور آپ کے تن اطہر کو ایوان سے نیچے گرا دیا۔

مولف جامع التواریخ عرض کرتا ہے کہ حضرت مسلمؑ بن عقیل کے قاتل لعین کے نام کے متعلق علمائے تاریخ کربلا نے اختلاف کیا ہے احمد بن داؤد الدینوری نے الاخبار الطوال صفحہ ۲۴۰ پر اس ملعون کا نام احمر بن بکیر لکھا ہے شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۶۴ پر، فضل بن حسن طبرسی نے اعلام الوریٰ صفحہ ۲۱۴ پر، علامہ طبری نے تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم صفحہ ۲۲۰ پر، علامہ ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون صفحہ ۹۵ پر،

Presented by www.ziaraat.com

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۶۶ پر اور علی بن حسین مسعودی نے مروج الذہب حصہ سوم صفحہ ۶۹ پر اس کا نام بکیر بن حمران نقل کیا ہے مگر ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۶۷ پر مرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۰۴ پر، سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۷۳ پر اور محمد قزوینی نے ریاض القدس وحدائق الانس جلد اول صفحہ ۱۲۵ پر اس کا نام بکر بن حمران لکھا ہے۔

مؤلف عرض کرتا ہے کہ جناب مسلم بن عقیل کی تاریخ وفات کے متعلق بھی مورخین نے اختلاف کیا ہے احمد بن داؤد الدینوری نے الاخبار الطوال صفحہ ۲۲۹ پر لکھا ہے کہ مسلم بن عقیل کا قتل ماہ ذوالحجہ کی تیسری تاریخ ۶۰ھ میں وقوع پذیر ہوا تھا سلیمان بن ابراہیم قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ حضرت مسلم بن عقیل منگل کے روز آٹھویں ذی الحجہ کو منصب شہادت پر متمکن ہوئے مگر شیخ مفید نے کتاب الارشاد جلد دوم صفحہ ۶۷ پر، ملا محمد باقر نے جلاء العیون صفحہ ۳۶۸ پر اور علامہ محمد قزوینی نے ریاض القدس صفحہ ۱۴۱ پر لکھا ہے کہ حضرت مسلم بن عقیل نے کوفہ میں منگل کے دن آٹھ ذی الحجہ ۶۰ھ کو ظہور کیا اور نویں ذی الحجہ بروز عرفہ درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

بروایت محمد ہاشم قمقام میں ابن ابی الحدید سے منقول ہے کہ جب حضرت عقیل نے اس دنیا سے رحلت فرمائی تو حضرت مسلم اٹھارہ سال کے تھے جناب عقیل نے بجانپش ھ میں رحلت فرمائی حضرت مسلم بوقت شہادت کے سن ۶۰ ہجری تھا اٹھائیس سال کے تھے۔
منتخب التواریخ - ۲۹۴

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۸۰ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے اصحاب میں سے حضرت مسلم بن عقیل شہید اول ہیں ان کی والدہ ام ولد تھیں جس کا نام حلیہ تھا۔ حضرت عقیل نے اسے شام سے خریدا تھا اور حضرت مسلم ان کے بطن سے پیدا ہوئے اس کے بعد اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔

Presented by www.ziaraat.com

ابن زیاد نے آپ کی لاش اطہر کو کوفہ کی گلیوں میں پھرایا اور آپ کے سر اقدس کو یزید کے پاس بھیج دیا یزید نے آپ کے سر مبارک کو دمشق کے دروازہ پر لٹکوا دیا۔ آپ کی لاش اطہر کوفہ میں دفن کی گئی جہاں آج بھی آپ کا روضہ زیارت گاہ عام و خاص ہے۔ جناب مسلمؑ کی ایک زوجہ جناب رقیہ بنت علیؑ سے ایک صاحبزادی حمیدہ اور صاحبزادے عبداللہ تھے جو کربلا میں شہید ہوئے آپ کی دوسری زوجہ سے جو کنیز تھیں محمد پیدا ہوئے جو کربلا میں اپنے بھائی عبداللہ کے بعد شہید ہوئے آپ کی تیسری زوجہ سے جو جناب جعفر طیار کی صاحبزادی تھیں محمد و ابراہیم پیدا ہوئے جو شہادت جناب مسلمؑ کے ایک سال بعد کوفہ میں دریائے فرات کے کنارے حارث کے دست ظلم و ستم سے شہید ہوئے آپ کی صاحبزادی جناب حمیدہ مع اپنی مادر گرامی، امام حسینؑ کی مخدرات عصمت و طہارت کے ساتھ واقعہ کربلا میں موجود تھیں۔ رسالہ مسلمؑ بن عقیل - ۷ - ۸۔

# حضرت ہانی بن عروہ المرادی

علامہ طبری نے تاریخ الامم حصہ چہارم صفحہ ۲۲۱ پر، علامہ ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون حصہ دوم صفحہ ۵۹ پر، شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم صفحہ ۴۶ پر، لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۴۶ پر، خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۵۹ پر، سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۳۸ پر، علامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۶۸ پر، علامہ میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۷۰ پر، اور شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اول صفحہ ۲۰۵ پر لکھا ہے کہ ہانی بن عروہ حضرت مسلمؑ کے بعد درجۂ شہادت پہ فائز ہوئے۔

بروایت اعثم کوفی پھر حکم دیا کہ ہانی کو قید خانہ سے نکال کر حضرت مسلمؑ کے پاس

Presented by www.ziaraat.com

پہنچادیں محمد بن اشعث نے کہا کہ ہانی ایک بڑا نامور اور ایک بڑا مشہور آدمی ہے بصرہ میں تو بھی اس کے عالی مرتبہ اور بلند درجہ سے آگاہ ہے اس کے عزیزوں اور رشتہ داروں کا ایک بہت زیادہ گروہ ہے اسکی تمام قوم کو معلوم ہے کہ میں اور ابن خارجہ اس کو تیرے پاس لے آئے ہیں اس لئے میں تجھے خدا کی قسم دیتا ہوں کہ اس کی خطا بخش دے ہمیں اس کی قوم کے سامنے شرمندہ نہ کر عبید اللہ نے کہا چپ رہ کب تک ایسی بیہودہ گوئی کرتا رہے گا غرض اس کے حکم کے مطابق لوگوں نے ہانی کو قیدخانہ سے نکالا بازار میں سے گزارا قصابوں کے محلے میں لے گئے جہاں بکریاں فروخت ہوتی تھیں ہانی سمجھ گیا کہ مجھے قتل کریں گے، شور و غل مچایا کہ اے مذحج والو! اور میرے رشتہ دارو دوڑو اب عبید اللہ کے ملازموں نے اس کے ہاتھ کھول دیئے تھے، پھر چیخا اور کہا کہ کوئی ہتھیار ہے مجھے دے دو کہ اس بلا کے ہاتھوں سے میں اپنے آپ کو بچا لوں یہ سُن کر پھر جلادوں نے ہاتھ باندھ دیئے اور کہا گردن اونچی کر ہانی نے کہا سبحان اللہ کیا اچھی بات کہتے ہو میں اپنے قتل کے واسطے خود کوشش نہ کروں گا اتنے میں ابن زیاد کے ایک غلام رشید نے اسکی گردن پر تلوار ماری مگر وار پورا نہ بیٹھا، اب دوسرے وار میں ہانی کی گردن قطع کر لی۔ تاریخ اعثم کوفی۔ ۳۵۹۔

بروایت ابی مخنف۔ جب بنی مذحج کو یہ خبر ملی تو ان سب نے ابن زیاد پر چڑھائی کر دی اور جنگ کی طرح ڈال کر حق جنگ ادا کیا ابن زیاد کے آدمی ہانی اور مسلمؑ کی لاشوں کو سڑکوں پر گھسیٹ رہے تھے بنی مذحج نے حملہ کر کے ان کو تو بھگا دیا اور حضرت مسلمؑ و ہانی کو غسل و کفن دیا اور نماز جنازہ پڑھ کر دفن کر دیا۔ مقتل ابی مخنف۔ ۴۷۔۴۸۔

علامہ طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۲۲۲ پر لکھا ہے کہ جناب ہانی کے قاتل کو عبد الرحمٰن بن حصین نے مقام خازر میں ابن زیاد کے ساتھ دیکھا لوگ کہہ رہے

Presented by www.ziaraat.com

تھے کہ دیکھو ہانی کا قاتل یہی ہے یہ سُن کر عبدالرحمٰن نے اس پر برچھی کا وار کر کے اسے وہیں قتل کر دیا۔

شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اوّل صفحہ ۲۴۰ پر لکھا ہے کہ حبیب السیر میں منقول ہے کہ ہانی بن عروہ کا شمار شرفاء کوفہ اور امراء شیعہ میں ہوتا تھا جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صحبت کا انہیں شرف حاصل تھا۔ جس روز آپ شہید ہوئے نواسی ۸۹ برس کے تھے۔

محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۹۴-۵ پر لکھا ہے کہ ابن سعد نے طبقات میں نقل کیا ہے کہ جناب ہانی کی عمر نوے سال سے زائد تھی اس بنا پر جناب ہانی نے چالیس برس سے زیادہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ حیات پایا۔

ابصار العین میں منقول ہے کہ ہانی اپنے والد کی طرح صحابی تھا اور وہ سن رسیدہ تھا۔ وہ اور اس کا والد ممتاز شیعوں میں سے تھے ان دونوں نے امیر المومنین حضرت علیؑ علیہ السلام کے ساتھ تینوں جنگوں میں بھی حصّہ لیا تھا۔

عسقلانی نے اصابہ میں کہا ہے کہ ہانی حضرت علی علیہ السلام کے خواص میں سے تھا۔

علاّمہ علی بن حسین مسعودی نے مروج الذہب حصّہ سوم صفحہ ۶۹ پر لکھا ہے کہ جناب ہانی قبیلہ مراد کا سردار اور رئیس تھا جب وہ سوار ہوتا تھا تو چار ہزار زرہ پوش سوار اور آٹھ ہزار پیدل آپ کے ہم رکاب ہوتے تھے جب قبیلہ مراد کے حلیف قبیلہ کندہ اور دوسرے قبائل کے لوگ قبیلہ مراد کی دعوت پر آتے تھے تو تیس ہزار زرہ پوش سوار ساتھ ہوتے تھے ان کا سرداران میں سے ہر ایک کو مستعد اور مددگار پاتا تھا۔

بروایت مجلسی شیخ مفید و سیّد ابن طاؤس و شیخ ابن نما اور سیّد محمد ابن ابی طالب رضوان اللہ علیہم نے لکھا ہے کہ جب سیّدالشہدا تیسری شعبان ۶۰ھ کو مخالفوں کے خوف سے مکّہ معظمہ تشریف لائے تو بقیہ ماہ شعبان و رمضان و شوال اور ذیقعد

Presented by www.ziaraat.com

اسی مقام متبرک میں بعبادت الٰہی قیام فرمایا۔ اس مدت میں شیعان اہل حجاز و بصرہ وجمیع بلاد امام حسینؑ کے پاس جمع ہوئے جب ماہ ذی الحجہ آیا تو امام حسین علیہ السلام نے احرام حج باندھا۔ جلاء العیون۔ ۳۶۸۔

بروایت شیخ عباس قمی جب روز ترویہ یعنی ۸ ذی الحجہ کی تاریخ ہوئی تو عمرو بن سعید بن العاص ایک بہت بڑی جماعت کے ساتھ حج کے بہانے سے مکہ میں وارد ہوا اور ان لوگوں کو یزید کی طرف سے امر کیا گیا تھا کہ امام حسین علیہ السّلام کو پکڑ کر یزید کے پاس لے جائیں یا اسے قتل کردیں۔ منتہی الامال۔ ۲۳۳۔

بروایت علامہ محمد تقی فخرالدین بن طریح نجفی نے منتخب میں لکھا ہے کہ یزید بن معاویہ نے بنی امیّہ کے شیاطین میں سے تیس آدمیوں کو حکم دیا کہ زائرین بیت اللہ کے ساتھ کوچ کرکے امام حسین علیہ السّلام کو مکہ میں گرفتار کریں اگر وہ گرفتار نہ کرسکیں تو انہیں قتل کردیں۔ ناسخ التواریخ۔ ۲۱۰۔

بروایت سلیمان حنفی یزید نے بنی اُمیّہ کے شیاطین میں سے تیس ۳۰ آدمیوں کو حجاج کے ساتھ مکّہ معظمہ بھیج دیا اور انہیں امام حسین علیہ السّلام کو ہر حالت میں قتل کرنے کا حکم دیا۔ ینابیع المودۃ۔ ۴۰۴۔

بروایت شیخ عباس قمی جب امام حسینؑ ان کے مافی الضمیر سے مطلع ہوئے تو آپ نے حج کو عمرہ میں بدل دیا۔ بیت اللہ کا طواف کیا۔ صفا و مروہ کے درمیان سعی کی، احرام کھولا اور اسی دن عراق کی طرف جانے کا قصد فرمایا۔ منتہی الامال۔ ۲۴۳۔

بروایت اعثم کوفی جب امام حسینؑ کو جناب مسلمؑ کی شہادت کی خبر ہوئی اور وہ اس طرح کہ ایک شخص کوفہ سے وارد ہوا تھا تو آپ نے اس سے پوچھا کہاں سے آرہا ہے اس نے جواب دیا کوفہ سے۔ پھر آپ نے پوچھا تجھے مسلمؑ بن عقیل کی بھی کچھ خبر ہے اس نے کہا اے رسولِ خدا کے فرزند جس وقت میں کوفہ سے باہر آرہا

Presented by www.ziaraat.com

تھا تو عبیداللہ بن زیاد نے مسلم اور ہانی بن عروہ کی لاشیں سولی پر لٹکا رکھی تھیں اور ان کے سر یزید کے پاس دمشق بھیج دیئے تھے۔ آپ سخت غمگین ہو کر بولے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اور اسی وقت عراق کا مصمم ارادہ کر لیا۔ تاریخ اعثم کوفی۔ ۳۵۹۔

بروایت علامہ قزوینی امام حسینؑ کے مکہ سے روانہ ہونے دو اسباب تھے ایک قضا و قدر کے حکم کا جاری ہونا دوسرا خانہ خداوند اکبر کے احترام کا قائم رکھنا۔ ریاض القدس جلد اوّل۔ ۱۴۱۔

بروایت ابن شہر آشوب جب امام حسین علیہ السلام نے مکہ سے عراق جانے کا ارادہ کیا تو عمرو مخزومی نے آپ کو منع کیا اور کہا آپ ہمارے نزدیک بہترین مشیر اور بہترین ناصح ہیں آپ یہاں سے کہیں نہ جائیں۔ عبداللہ ابن عباس آپکی خدمت میں حاضر ہوئے اور بہت دیر تک اس بارہ میں گفتگو کرتے رہے لیکن حضرت نے فرمایا میں اس امر میں ابھی غور کرونگا اور استخارہ دیکھوں گا جو رائے ہو گی اس پر عمل کروں گا۔ عبداللہ بن جعفر نے مدینہ سے خط لکھا حضرت نے جواب دیا کہ میں نے اپنے جد حضرت رسولِ خدا کو خواب میں دیکھا ہے انہوں نے سارے حال سے آگاہ کر دیا پس چاہے جو کچھ بھی ہو میں اسے ضرور پورا کرونگا واللہ اے میرے ابن عم یہ لوگ میرے ساتھ اسی طرح زیادتی کریں گے جس طرح یہود نے یوم سبت کی تھی۔ مناقب ابن شہر آشوب۔ ۵۶۷۔

بروایت شیخ عباس قمی عبداللہ ابن عباس سے مروی ہے اس نے کہا کہ میں نے امام حسین علیہ السلام کو مکہ سے عراق کی طرف جانے سے قبل کعبہ کے دروازے پہ کھڑے ہوئے دیکھا اور جبرئیلؑ کا ہاتھ حضرت امام حسینؑ کے ہاتھ میں تھا اور جبرئیل لوگوں کو آنحضرت سے بیعت کرنے کی دعوت دے رہا تھا اور ندا کر رہا

Presented by www.ziaraat.com

تھا کہ اسے لوگو! بیعت خدا کی طرف جلدی کرو۔ منتہی الامال جلد اوّل ۔ ص ۲۳۔

بروایت علامہ قزوینی محمد بن یعقوب کلینی کی کتاب وسائل میں منقول ہے کہ جب بادشاہ حجاز نے مکّہ سے عراق کی طرف سفر کرنے کا ارادہ فرمایا تو حکم دیا کہ کاغذ اور دوات لے آئیں اور حضرت نے بنی ہاشم رشتہ داروں کی طرف اس مضمون کا خط لکھا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ من جانب حسینؑ بن علیؑ بطرف بنی ہاشم اما بعد تحقیق تم میں سے جو میرے ساتھ آکر ملے گا وہ راہ خدا میں درجہ شہادت پہ فائز ہوگا اور جو مجھ سے پیچھے رہ جائیگا وہ فتح و فیروزی نہیں پائیگا۔ والسّلام۔

اس خط کے لکھنے کے بعد حضرت نے حکم دیا کہ سفر کی تیاری کریں اور وہ حضرت جن کے اسمائے گرامی فہرست آل محمد میں ثبت ہیں انہیں چاہیئے کہ وہ ہمراہ رہیں اور شہید راہ حق ہوں۔ ریاض القدس ۱۴۷۔

بروایت ملا حسینؒ پھر امیر المومنین حسین علیہ السّلام نے اپنے بھائیوں، رشتہ داروں اور دوستوں کو جمع کیا اور مخدرات اور معصوموں کے لئے محملوں کا انتظام فرمایا اور ماہ ذوالحجہ کی تیسری تاریخ کو کہ اتفاقاً مسلم بن عقیل اسی دن درجہ شہادت پہ فائز ہوئے تھے مکّہ سے روانہ ہوئے۔ روضۃ الشہدا ۔ ص ۲۔

بروایت اعثم کوفی اب جناب امیر المومنین حسینؑ نے عراق کا قصد کیا جس شخص کو ہمراہ لینا تھا دس دینار سرخ اور ایک ایک اونٹ دیکر کعبہ وصفا و مروہ کا طواف کیا پھر اہل بیت کے لئے کجاوے تیار کئے بروز منگل ترویہ کے دن آٹھ ذی الحجہ کو مکّہ سے روانہ ہوئے۔ عزیز، دوست رشتہ دار اور ملازم سب مل کر ۸۲ آدمی ہمراہ تھے۔ تاریخ اعثم کوفی ۔ ۳۶۱۔

بروایت علامہ ابن خلدون امام حسینؑ بن علیؑ ۱۰ ذی الحجہ ۶۰ھ کو مع اپنے اہلبیت کے مکّہ سے کوفہ کو روانہ ہوئے۔ تاریخ ابن خلدون ۔ ۹۷۔

Presented by www.ziaraat.com

علّامہ مسعودی نے مروج الذہب حصّہ سوم صفحہ ۴۹ پر اور علّامہ طبرسی نے اعلام الوریٰ صفحہ ۱۳۴ پر لکھا ہے کہ حضرت مسلمؑ بن عقیل کا کوفہ میں منگل کے دن آٹھویں ذی الحجہ اور بعض کے نزدیک بدھ کے دن نویں ذی الحجہ ۶۰ھ کو ظہور ہوا یہ وہ دن ہے جس روز حضرت امام حسینؑ مکّہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوئے تھے۔

شیخ مفید الارشاد حصّہ دوم صفحہ ۶۷ پر مرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۱۰ پر شیخ عباس قمی نے منتہی الآمال جلد اوّل ۲۳۳ پر، ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم صفحہ ۱۷۷ پر علامہ طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۲۲۳ پر اور علّامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسینؑ منگل کے دن ماہ ذلحجہ کی آٹھویں تاریخ کو مکّہ سے عراق کی طرف روانہ ہوئے۔

شیخ مفید نے الارشاد حصّہ دوم صفحہ ۶۸ - ۹ پر لکھا ہے کہ فرزدق شاعر سے روایت ہے اس نے کہا کہ میں ۶۰ھ میں حج کرنے کے ارادے سے اپنی ماں کے ہمراہ مکّہ معظمہ جا رہا تھا میں اپنی والدہ کے اونٹ کو ہانک رہا تھا کہ حرم شریف میں داخل ہوا ناگہانی طور پر حسینؑ بن علیؑ علیہما السلام کی زیارت کی جو تلواریں اور ڈھالیں لئے ہوئے مکّہ سے باہر تشریف لا رہے تھے میں نے دریافت کیا یہ اونٹوں کی قطار کس کی ہے لوگوں نے جواب دیا کہ امام حسینؑ کی ہے آنحضرت کی خدمت میں حاضر ہو کر سلام کر کے عرض کیا کہ خداوند تعالیٰ آپ کو اپنے دلی مقاصد میں کامیاب فرمائے اے رسولؐ خدا کے فرزند میرے ماں باپ آپ پہ فدا ہوں آپ نے قبل ادائے مناسک حج مکّہ سے باہر تشریف لانے میں کیوں جلدی کی امام حسینؑ نے فرمایا اگر میں جلدی نہ کرتا تو گرفتار کیا جاتا پھر حضرت نے مجھ سے پوچھا تو کون ہے میں نے عرض کیا میں عرب کا رہنے والا ہوں خدا کی قسم ہے اس سے زیادہ حضرت نے مجھ سے نہ پوچھا پھر فرمایا ان لوگوں کے حالات

Presented by www.ziaraat.com

سے مجھے مطلع کریں جن کو تو اپنے پیچھے چھوڑ آیا ہے میں نے عرض کیا حضور نے ایک باخبر آدمی سے پوچھا لوگوں کے دل آپ کے ساتھ ہیں اور انکی تلواریں بنی اُمیّہ کے ساتھ ہیں۔ قضا آسمان سے نازل ہوتی ہے خدا تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے امام حسینؑ نے فرمایا تم نے سچ کہا تمام امور اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہیں۔ ہر روز و ہر ساعت امور خلائق میں خدا کی تدبیر و تقدیر ہے اگر قضائے خدا ہماری تمنّا اور خواہش کے مطابق نازل ہوئی تو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پہ ہم اُس کا شکر ادا کریں گے اور اسکی شکرگذاری پہ ہم توفیق چاہیں گے اگر قضائے الٰہی برخلاف اُمیّد جاری ہوئی تو وہ شخص اپنے مقصد سے دُور نہیں رہ سکتا جس کی نیّت حق ہو اور تقویٰ اسکی سیرت ہو میں نے عرض کیا حضرت آپ نے حق فرمایا خدائے تعالیٰ آپکو آپکے مقصد تک پہنچائے اور جس امر سے پرہیز کرتے ہیں اُس سے محفوظ رکھے اس کے بعد میں حج کے کئی مسئلے حضرت پوچھے حضرت نے ان کے جواب دیئے اس کے بعد حضرت نے اپنی سواری آگے بڑھا کر فرمایا السّلام علیک اور حضرت کو وداع کر کے روانہ ہوا۔

مولّف جامع التواریخ عرض کرتا ہے کہ امام حسینؑ نے مکّہ معظمہ سے کربلا معلّے تک جو سفر استحکام اور تکمیل دین اسلام کی خاطر اختیار کیا تھا اس میں حضرت نے کئی منازل پہ نزول اجلال فرمایا تھا ان منازل کے نام، تعداد، ترتیب اور واقعات کے متعلق علماءِ تاریخ کربلا میں اختلاف ہے اس لئے باحتراز طوالت و باختصار تفاوت، ان منازل کے نام، تعداد اور ترتیب کے متعلق چند علماءِ تاریخ کربلا کی آراء کا خاکہ جامع التواریخ میں درج کیا جاتا ہے۔

فہرست نام، تعداد اور ترتیب منازل جناب امام حسینؑ بروایت ملا محمد باقر مؤلف جلاءالعیون یہ ہے:۔ (۱) مکّہ (۲) تنعیم (۳) مقام ثعلبیہ (۴) مقام عذیب۔

(۵) مقام رہیمیہ (۶) مقام حاجز (۷) مقام خزیمہ (۸) مقام زبالہ (۹) مقام بطن عقبہ (۱۰) مقام شراف (۱۱) قصر بنی مقاتل (۱۲) قطقطانیہ (۱۳) کربلا معلےٰ

فہرست منازل سفر امام حسینؑ بمطابق مقتل ابی مخنف مولفہ ابی مخنف یہ ہے (۱) مکہ (۲) مدینہ (۳) ذات عراق (۴) لبطن رملہ کا مقام جنابیہ (۵) منزل زبالہ (۶) ثعلبیہ (۷) عذیب الحیانات (۸) قصر بنی مقاتل (۹) کربلا۔

فہرست نام، تعداد اور ترتیب منازل سفر امام حسین علیہ السّلام بروایت میرزا محمد تقی مولّف ناسخ التواریخ یہ ہے (۱) مکہ معظمہ (۲) منزل تنعیم (۳) مدینہ منوّرہ (۴) ذات عراق (۵) ثعلبیہ (۶) حاجز از بطن رمہ (۷) خزیمیہ (۸) زبالہ (۹) قصر مقاتل (۱۰) بطن عقبہ (۱۱) منزل شراف (۱۲) منزل ذوحسُم (۱۳) منزل رہیمہ (۱۴) عذیب الہجانات (۱۵) کربلا معلےٰ۔

فہرست نام، ترتیب اور تعداد منازل سفر امام حسینؑ بحوالہ مقتل لہوف تالیف سیّد علی بن طاؤس یہ ہے (۱) مکہ معظمہ (۲) منزل تنعیم (۳) ذات العراق (۴) منزل ثعلبیہ (۵) خزیمیہ (۶) زبالہ (۷) امام حسینؑ اور حر کے مقام ملاقات کے نام کا اندراج نہیں ہے (۸) منزل ہجانات (۹) کربلا معلےٰ۔

درج ذیل فہرست نام، تعداد اور ترتیب منازل سفر امام حسینؑ، علاّمہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب میں نقل کی ہے (۱) مکّہ (۲) ذات عراق (۳) حاجز (۴) ثعلبیہ (۵) سقوق (۶) شراف (۷) عذیب ہجانات (۸) کرب و بلا معلےٰ۔

امام حسینؑ کے مکہ سے کربلا کی طرف سفر کی منازل کے نام، ترتیب اور تعداد کے متعلق فتوح اعثم کوفی میں یہ فہرست ملتی ہے (۱) مکہ (۲) عراق کے دیہات کی منزل جس کا نام خواجہ اعثم کوفی نے نہیں لکھا ہے (۳) خزیمیہ (۴) ثعلبیہ (۵)

Presented by www.ziaraat.com

منقوق (۶) قصر مقاتل (۷) مقام ملاقات حر کے متعلق ۳۲۲ پر لکھا ہے" دراثنای راه امیرالمومنین حسینؑ علیہ السلام لشکر پدا دید (۸) عذیب ہجانات ۔ (۹) کربلا معلٰے ۔

جب سلطانِ دنیا و آخرت کا سعادت مند قافلہ مکہ معظمہ سے روانہ ہوا تو وادی تنعیم میں پہنچا امام حسین علیہ السلام کی پہلی منزل وادی تنعیم تھی ۔ ریاض القدس ۱۴۹ - ۱۵۷ ۔

تنعیم ایک جگہ کا نام ہے جو مکہ سے تین یا چار میل دور ہے ۔ ترجمہ الارشاد ۔ سیّد ہاشم رسولی ۔ ۶۹ ۔

منزل تنعیم پر حضرت امام حسینؑ ایک قافلے سے ملے جو یمن سے آرہا تھا حضرت نے کئی اونٹ اس قافلہ سے اپنے اسباب اور اصحاب کے لئے کرایہ پہ لئے امام حسینؑ نے شتربانوں سے کہا جو شخص ہمارے ساتھ عراق تک چلے گا ہم اس کا پورا کرایہ دیں گے اور اس سے احسان کریں گے اور جو کوئی راستہ میں ہم سے جدا ہو جائیگا اسے طے کردہ مسافت کے مطابق کرایہ دیں گے بعض آدمیوں نے اپنے اونٹ حضرت کو کرایہ پہ دے دیئے اور بعض آدمی رک گئے ۔

عبداللہ بن جعفر طیار نے اپنے دونوں بیٹوں عون و محمد کو ایک خط دے کر حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں بھیجا ۔ اس میں التماس کی کہ برائے خدا میرے اس خط کو دیکھتے ہی مراجعت فرمائیں مجھے خوف ہے کہ آپ اور آپ کے اہلبیت اس سفر میں شہید نہ کئے جائیں، اگر آپ شہید ہو گئے تو روئے زمین کا نور جاتا رہے گا۔ کیونکہ اس وقت آپ ہی مومنین کے امام اور پیشوا ہیں اس سفر میں تعجیل نہ فرمائیں ۔ میں بھی اس خط کے پیچھے آرہا ہوں والسلام ۔

پھر عبداللہ بن جعفر، عمرو بن سعید حاکم مدینہ کے پاس تشریف لے گئے اور اس

Presented by www.ziaraat.com

سے فرمایا کہ حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں خط لکھے اور انہیں امان دے اور واپس آنے کی التماس کرے عمرو نے حضرت کو ایک عریضہ لکھا اور اپنے بھائی یحییٰ بن سعید کے ہاتھ روانہ کیا عبداللہ بن جعفر یحییٰ کے ساتھ روانہ ہوئے جب آنحضرت کی خدمت میں پہنچے تو ہر چند مراجعت کی کوشش کی مگر کچھ مفید نہ ہوئی حضرت نے فرمایا میں نے جناب رسالت مآبؐ کو خواب میں دیکھا ہے حضرت نے جو حکم فرمایا ہے میں اس سے تجاوز نہ کروں گا یحییٰ ابن سعید اور عبداللہ بن جعفر نے پوچھا آپ نے کیا خواب دیکھا ہے حضرت نے فرمایا میں اسے بیان نہ کروں گا اس کا اثر عنقریب ظاہر ہو جائیگا۔ جب عبداللہ بن جعفر حضرت کی مراجعت سے ناامید ہوئے تو اپنے دونوں بیٹوں کو حضرت کے ہمراہ رہنے سفر کرنے اور جہاد کرنے کا حکم دیا اور خود یحییٰ بن سعید کے ساتھ روتے ہوئے مکہ واپس تشریف لے آئے اور امام حسینؑ بسرعت تمام متوجہ عراق ہوئے۔ جلاء العیون ۲۰ - ۱۷۳ - بحار الانوار - ۳۶۶ -

اب مولف جامع التواریخ ایک نکتہ کی وضاحت کے باب میں عرض کرتا ہے کہ لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسینؑ معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف مطبوعہ ۱۳۷۳ھ صفحہ ۳۹ - ۴۰ پر لکھا ہے ابو مخنف نے کہا کہ حضرت مسلمؑ اور ہانی بن عروہ کی شہادت کے بعد امام حسینؑ کو ان کی کچھ خبر نہیں ملی تو آپ بے چین ہو کر آئے اور اہل و عیال کو بلا کر جو خیالات دل میں پیدا ہو رہے تھے ان کو بیان فرمایا اور مدینہ کی طرف سفر کا حکم دیا۔ وہ سامنے کے رخ سمت مدینہ پر روانہ ہو گئے یہاں تک کہ مدینہ پہنچ گئے امام حسینؑ رسول اللہ کے مزار پر حاضر ہوئے اور لپٹ کر بہت ہی روتے رہے اسی حالت میں آپ پر کچھ غنودگی سی طاری ہو گئی خواب میں اپنے نانا رسول اللہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا اے میرے نواسے جلد از جلد

Presented by www.ziaraat.com

ہمارے پاس پہنچ جاؤ کہ ہم آپ کے مشتاق ہیں امام حسینؑ اپنے نانا کے اشتیاق میں بے قرار ہو کر خواب سے بیدار ہوئے اور اپنے بھائی محمد بن حنیفہ کے پاس آ کر دلی ارادوں کا اظہار فرمایا اور فرمایا کہ میرا سفر عراق کا اس لئے ارادہ ہے کہ میں اپنے چچا زاد بھائی مسلمؑ بن عقیل کے لئے بہت ہی بے قرار اور پریشان ہوں محمد بن حنفیہ نے فرمایا میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ آپ ہرگز ایسی قوم کے پاس نہ جائیں جنہوں نے آپ کے والد کو شہید کیا اور آپ کے بھائی کے ساتھ بے وفائی کی اور آپ کے دشمنوں کے ساتھ ہمدردی کی اس لئے اپنے نانا رسولؐ خدا کے حرم میں قیام پذیر رہیئے اور اگر یہ ممکن نہیں تو حرم خدا (کعبہ) کی طرف واپس تشریف لے جائیں وہاں آپ کے بہت سے مددگار ہیں حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ عراق جانا میرے لئے ازحد ضروری ہے حضرت محمد بن حنفیہ اپنے بھائی سے یہ بات فرما کر کہ میں اس بات سے بہت ترساں ہوں رونے لگے اور فرمایا اللہ کی قسم ہے میں اتنی طاقت نہیں رکھتا کہ اپنی تلوار کا قبضہ اور نیزے کی گرہ تھام سکوں میں آپ کے بعد ہرگز خوش بھی نہیں رہ سکتا پھر آپ کو وداع کیا اور فرمایا کہ آپ جیسے مظلوم شہید کو اللہ کے حوالے کیا"۔

حضرت امام حسینؑ کے مکّہ سے کربلا جاتے ہوئے مدینہ واپس جانے کی روایت کو بسند ابی مخنف علّامہ میرزا محمد تقی نے بھی "ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران مطبوعہ صفر ۱۳۱۲ھ صفحہ ۲۱۳ پر نقل کیا ہے۔

حضرت امام حسینؑ کے مکّہ سے مدینہ واپس آنے اور مدینہ سے عراق جانے کی روایت کو مرزا صدرالدین قزوینی نے ریاض القدس جلد اوّل مطبع طہران مطبوعہ ماہ ربیع الثانی ۲۳ ۱۳ھ صفحات ۱۶۱ تا ۱۶۳ و ۱۷۰ و ۱۷۱ پر باین تحقیق لکھا ہے "میرے والد نے اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو "ریاض الاحزان و

Presented by www.ziaraat.com

حدائق الاشجان " میں فرمایا ہے کہ جب امام حسینؑ مکّہ سے بعزم عراق روانہ ہوئے تو مدینۃ الرسولؐ میں تشریف لے آئے اور اپنے نانا سیّد لولاک کی پُرنور مزار کی زیارت کرکے اُپنے دوستوں اور ہم وطنوں سے وداع کرکے مدینہ سے عراق روانہ ہوئے اور تمام ارباب مقاتل، ماہرین فن سیر اور کاملین اصحاب تاریخ مخالف اور موافق جتنے بھی ہیں کسی نے اپنی کتب اور تالیفات میں یہ ذکر نہیں کیا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السّلام نے خصوصیّت کے ساتھ مکّہ سے مدینہ کا عزم کیا تھا اور مدینہ سے عراق تشریف لے گئے لیکن ان کے کلمات اور ظاہری عبارات کی روانی سے واضح دلائل اور ظاہر اشارات پائے جاتے ہیں کہ سلطان العالمین مکّہ سے مدینہ آئے اور مدینہ سے پھر کوفہ تشریف لے گئے میرے والد مرحوم اس عقیدہ میں منفرد اور اس واقعہ میں متفرد ہیں اور حق پر بھی ہیں کیونکہ حضرت امام حسینؑ ۲۸ رجب کو مدینہ سے مکّہ کی طرف روانہ ہوئے بالکل عراق جانے کا ارادہ نہ رکھتے تھے بلکہ محض اللہ کے حرم (کعبہ) میں پناہ لینا بصورت خائفاً تیرقب رات کو بغیر خبر دئے روانہ ہوئے جس کی کسی کو خبر نہ ہوئی بلکہ انہوں نے اپنے ارادے کو سب سے پوشیدہ رکھا ما سوائے محمد بن حنفیہ جس کو مدینہ میں چھوڑ کر حکم دیا کہ تو مدینہ کی مجھے خبر پہنچاتا رہ ۔ میں مکّہ میں پناہ لوں گا اور اقامت پذیر ہونگا۔

منجملہ ان دلائل کے جو مذکورہ مطلب پر دال ہیں ابومخنف کی روایت ہے جو اپنے مقتل میں فرماتا ہے جب جناب مسلمؑ کوفہ میں شہید ہو گئے کوئی دوسری خبر کوفہ سے حضرت کو نہ پہنچی تو خبر کے نہ آنے سے ابا عبداللہ بیقرار ہوئے اور اپنے خویش و اقارب اور ہمراہیوں کو بلا کر اپنی پریشانی کو ان کے سامنے کھول کر بیان کیا اور مدینہ کی طرف روانگی کا حکم دیا انہوں نے محمل اور کجاوے تیار کئے اور ضروری سامان اور اسباب باندھ کر حضرت امام حسینؑ کے ہمراہ مدینہ کی طرف روانہ

Presented by www.ziaraat.com

ہوئے اور شہر مدینہ میں داخل ہوئے ابو مخنف حضرت امام حسینؑ کے مکّہ سے مدینہ کی طرف آنے کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ حضرت جب مدینہ تشریف لائے تو مزارِ رسولؐ پہ حاضر ہوئے چونکہ حضرت امام حسینؑ کو مزار رسولؐ اور مدینۃ النبیؐ سے جدا ہوئے کافی عرصہ گزر چکا تھا اس لیئے اب دوسری دفعہ مزار رسولؐ کی زیارت کے لیئے حاضر ہوئے اور درد سے بھری ہوئی گریہ وزاری آنکھوں کے چشمہ سے جاری کی حضرت رو رہے تھے کہ انحضرت کو نیند آگئی عالم خواب میں جناب پیغمبرؐ خدا کو دیکھا انہوں نے فرمایا اے میرے نواسے ہمارے پاس آنے میں جلدی کرو کیونکہ ہم آپ کے مشتاق ہیں حضرت نیند سے بیدار ہوئے بہت بیقراری سے مسجد سے باہر تشریف لائے اپنے بھائی محمد بن حنفیہ کی ملاقات کی اور فرمایا اے میرے بھائی میں عراق جانے کا ارادہ رکھتا ہوں۔

حضرت کے مکّہ سے مدینہ تشریف لانے اور پھر مدینہ سے کوفہ کی طرف جانے کے جملہ دلائل میں سے ایک یہ ہے جو کہ ریاض میں قوادح حسینیہ سے نقل کرتا ہے جب امام حسینؑ مکّہ سے کوفہ کی طرف روانہ ہوئے تو مدینہ تشریف لے آئے رات کو اپنے نانا کے مزار پہ آئے اور عرض کیا اے خدا کے رسولؐ آپ پر سلام ہو اے نانا آپ پہ سلام ہو، اے نانا میرا آپ پر سلام ہو، سلام کرنے کے بعد چند رکعت نماز پڑھی بعد ادائے نماز آسمان کی طرف منہ اور پیغمبر خدا کے مزار کی طرف اشارہ کر کے عرض کیا اے میرے اللہ بیشک یہ تیرے نبی کی قبر ہے میں اس کا نواسہ ہوں جو امر در پیش ہے آپ اسے جانتے ہیں میں نیکی کا حکم دیتا ہوں اور برائی سے روکتا ہوں اے الٰہی بحق صاحب اس قبر کے میرے لیئے وہ امر پسند فرما جس میں تیری رضا ہو امام حسینؑ اپنے نانا کی قبر کے پاس تقریباً فجر تک گریہ وزاری اور اللہ تعالیٰ تک

Presented by www.ziaraat.com

تقرب حاصل کرنے میں مشغول رہے پھر حضرت کو نیند آگئی آپ نے اپنے نانا کو خواب میں دیکھا جو حضرت امام حسینؑ کی طرف فرشتوں کی جماعت کو دائیں اور بائیں جانب لئے ہوئے آرہے تھے جناب پیغمبر خدا نے امام حسینؑ کو اپنے سینہ سے لگایا اور حضرت کی پیشانی پر بوسہ دے کر فرمایا اے میرے حبیب حسینؑ! گویا میں دیکھ رہا ہوں کہ تو اپنے خون میں لوٹ رہا ہے پس گردن سر سے شہید ہوگا تیری سفید ریش کو تیرے خون سے خضاب کیا جائیگا اور تو زمین کربلا میں میری امت میں سے اپنے یار و انصار کے درمیان بحالت تنہائی مسافر ہوگا اور تو فریاد کرے گا مگر کوئی تیری فریاد کو نہیں پہنچے گا، تو پیاسا ہوگا مگر، کوئی تجھے پانی نہیں دے گا۔ اشقیاء تیرے حرم محترم کو اسیر کریں گے اور تیرے شیر خوار بچوں کو ذبح کریں گے۔ اے میرے حبیب حسینؑ تیرا والد، تیری والدہ اور تیرا بھائی میرے پاس تشریف لائے ہیں اور تیرے مشتاق ہیں اور جنت میں تیرے لئے بلند درجے مقرر ہیں تم انہیں بجز شہادت نہیں پا سکتے پس اپنے درجات تک پہنچنے میں جلدی کرو امام حسینؑ نے عالم خواب میں رونا شروع کیا، اور کہتے تھے اے نانا مجھے اپنے پاس قبر میں جگہ دے دیں کیونکہ مجھے دُنیا کی طرف واپس جانے کی ضرورت نہیں ہے جناب رسولؐ خدا نے فرمایا تمہارے لئے دنیا کی طرف واپس جانا ازحد ضروری ہے یہاں تک کہ تمہیں شہادت نصیب ہو تاکہ تم وہ سعادت حاصل کرو جو تمہارے لئے لکھی جا چکی ہے۔

اس مطلب پر واقع ہونے والے دلائل میں سے ایک دلیل یہ ہے:۔
شیخ مفید کتاب مولوالنبی میں اور مرحوم سید تصحیح شدہ نقل لہوف میں ذکر کرتا ہے کہ جب امام حسینؑ مکہ سے روانہ ہوئے تاکہ مدینہ میں داخل ہوں تو فرشتوں کی جماعتیں حضرت سے ملیں اور حضرت کو سلام کیا اور عرض کیا اے خلق خدا پر اللہ تعالیٰ کی

Presented by www.ziaraat.com

دلیل تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ کے نانا رسولؐ خدا کی بہت سے کاموں میں ہمارے ذریعے امداد فرمائی تھی حضرت نے ان سے فرمایا ہمارا اور آپ کا وعدہ قبر ہیں اور اس جگہ پر ہے جہاں میں شہید کیا جاؤں گا۔ اور وہ جگہ کربلا ہے۔

اسی اثنا میں جنگل سے جنوں کا ایک گروہ دوڑتا ہوا خدمت امام حسینؑ میں حاضر ہوکر حضرت کی رکاب کو بوسہ دیا اور زمین پر گر پڑے اور عرض کیا، اے ہمارے سردار ہم آپ کے شیعہ اور انصار ہیں آپ جو چاہیں ہمیں حکم دیں، پس اگر آپ ہمیں اپنے دشمنوں کے قتل کرنے کا حکم دیں اور آپ اپنی ہی جگہ پر رہ جائیں تو ہم آپ کی طرف سے اس کام کے لئے کافی ہیں حضرت نے فرمایا اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے کیا تم نے کتاب اللہ کو جو میرے نانا پہ نازل ہوئی، نہیں پڑھا اے محمدؐ کہہ دے اگر تم اپنے گھروں میں بیٹھے رہو تو تم میں سے وہ لوگ اپنی قتل گاہوں کی طرف ضرور نکلیں گے جن کے نصیب میں قتل ہونا لکھا جا چکا ہے۔ اے جنوں کا گروہ اگر میں نواسۂ پیغمبر اپنی جگہ پہ رہ جاؤں اور آگے نہ بڑھوں تو اس گمراہ خلقت کا کس چیز سے امتحان لیا جائیگا۔ اور کون میری قبر میں مدفون ہوگا اگر میں وطن میں رہ جاؤں تو کربلا کون جائے گا۔ اور میری قتل گاہ میں کون شہید ہوگا حقیقت یہ ہے کہ جس دن خدائے تعالیٰ نے زمین کو بچھایا تھا کربلا کو میرا مدفن قرار دیا تھا میرے شیعوں اور محبوں کے لئے مرکز معین فرمایا تھا۔ ان کے اعمال اس سرزمین میں قبول ہوں گے، ان کی دعائیں منظور ہوں گی نماز و نیاز اور دوسرے اعمال صالحہ اس سرزمین میں مقبول ہوں گے اور جو اس سرزمین میں دفن ہوگا۔ قیامت کے دن عذاب سے محفوظ رہے گا سنیچر کے دن عاشورا کو حاضر ہونا کہ اس دن کے آخری حصہ میں شہید ہوں گا اور میرا سر یزید بن معاویہ کو بھیجا جائیگا۔

Presented by www.ziaraat.com

انہوں نے عرض کیا اے حبیبِ خدا اور حبیبِ خدا کے نواسے اگر آپ کے حکم کی اطاعت واجب اور مخالفت گناہ نہ ہوتی تو آپ کے تمام دشمنوں کو اس سے پہلے کہ وہ آپ تک پہنچ کر آپ کو کوئی نقصان پہنچا ئیں انہیں فوراً صفحۂ ہستی سے مٹا دیتے حضرت نے فرمایا خدا کی قسم ہے ہم ان پر تم سے زیادہ قدرت رکھتے ہیں، حضرت کا فرمان سن کر جنوں کا گروہ مایوس ہوکر چلا گیا اور محرم کی دسویں تاریخ کو وہ حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں پہنچے اور جہاد کی رخصت مانگی حضرت نے اجازت نہ دی حضرت کے حکم کا ماحصل یہ ہوا کہ اے جنوں کے گروہ بزدل جوانوں کی موت کیوجہ سے زندگی سے بیزار ہو چکا ہے اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں حاضر ہونے کا مشتاق ہوں جنوں کا بادشاہ زعفر مایوس ہوکر واپس چلا گیا لیکن ماں کے ساتھ اس وقت واپس آیا جب حضرت کا سر نیزہ پہ چڑھایا جاچکا تھا۔"

مولف جامع التواریخ عرض کرتا ہے کہ علامہ قزوینی نے اس روایت کے اثبات میں کہ امام حسینؑ نے جب مکّہ سے عراق جانے کا ارادہ کیا تو مدینہ تشریف لے گئے، دیگر دلائل بھی ریاض القدس میں درج کئے ہیں۔ جو بخوف طوالت جامع التواریخ میں درج نہیں کئے گئے ہیں۔

بروایت میرزا محمد تقی یا لجملہ امام حسینؑ کوفہ کی طرف سفر کرتے ہوئے منزل ذات عرق پر پہنچے۔ ذات عراق اہل عراق کے پڑاؤ کی جگہ ہے اور وہ تہامہ اور نجد کی حد فاصل ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ عرق مکّہ کے راستہ میں ایک پہاڑ ہے اسی سبب سے اس منزل کا نام ذاتِ عرق مشہور ہوگیا۔ یہاں امام حسینؑ کی فرزدق سے ملاقات ہوئی فرزدق کا اصل نام ہمام بن غالب ہے وہ اپنی ماں کو حج کے قصد سے لئے آرہا تھا اور مکّہ جا رہا تھا۔ ذات عرق کی منزل

Presented by www.ziaraat.com

پر پہنچ کر اس نے دور تک میدان میں نصب شدہ خیمے دیکھے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ جناب امام حسینؑ تشریف فرما ہیں فوراً آستانہ مقدس پر حاضر ہوا دیکھا کہ امام حسینؑ خیمہ کے دروازے پر قرآن مجید کی تلاوت فرما رہے ہیں۔ تسلیم بجا لا کر فرزدق کھڑا رہا حضرت نے اس سے کوفہ کا حال پوچھا اس نے عرض کیا لوگوں کے دل آپ کے ساتھ ہیں اور تلواریں بنی امیہ کے ساتھ ہیں آپ نے فرمایا تو نے سچ کہا بے شک اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اور جو چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔ ناسخ التواریخ جلد ششم۔ ۲۱۴۔

بروایت مجلسی ذات عرق سے روانہ ہو کر امام حسینؑ اپنے ہمراہیوں کے ساتھ دوپہر کے وقت منزل ثعلبیہ پر وارد ہوئے۔ ثعلبیہ مکہ کی راہ میں ایک منزل ہے یہ ایک گاؤں تھا جو خراب اور ویران ہو گیا تھا اور یہی مشہور ہے۔ ثعلبیہ کا حرف ث زبر سے پڑھا جاتا ہے۔ ناسخ التواریخ جلد ششم۔ ۲۱۴۔

حضرت امام زین العابدین سے منقول ہے کہ جب حضرت امام حسینؑ مقام ثعلبیہ پر پہنچے بشیر بن غالب نے آ کر عرض کی یا ابن رسول اللہؐ! مجھ سے آیہ یوم ندعوا کل اناس بامامہم کی تفسیر بیان فرمائیں۔ امام حسینؑ نے جواب دیا ایک امام وہ ہے کہ اس نے لوگوں کو ہدایت کی اور انہوں نے اس کی دعوت قبول کی۔ ایک وہ امام ہے جس نے لوگوں کو جانب ضلالت دعوت دی اور انہوں نے اس متابعت کی ہر جماعت کو اس کے امام و پیشوا کے ہمراہ طلب کریں گے۔ مطیعان ہدایت یافتہ کو بجانب بہشت اور گمراہوں کو بجانب جہنم لے جائیں گے جس طرح خدائے تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ فریق فی الجنۃ وفریق فی السعیر یعنی ایک گروہ جنت میں اور ایک گروہ آتش جہنم میں ہے۔

کلینیؒ نے بسند معتبر روایت کی ہے جب امام حسینؑ منزل ثعلبیہ پر پہنچے تو ایک شخص

Presented by www.ziaraat.com

حضرت کی خدمت میں آیا اور سلام کیا۔ حضرت نے فرمایا کہاں رہتے ہو اس نے عرض کیا میں کوفہ میں رہتا ہوں حضرت نے فرمایا اگر مدینہ میں آتے تو میں تم کو اپنے مکان میں جبرئیل کے اثر و نشان دکھاتا کہ کس طرح وہ ہمارے گھر میں داخل ہوتے تھے اور کس طرح ہمارے نانا کو وحی پہنچاتے تھے آیا چشمۂ آب حیوان علم و عرفان ہمارے گھر میں ہے یا کسی اور کے گھر میں ہے یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ علوم الہٰی جانیں اور ہم نہ جانیں۔

حضرت امام زین العابدینؑ سے مروی ہے کہ جب سید الشہداؑ کنارے چشمۂ عذیب پر پہنچے تو وہاں قیام کیا اور قیلولہ فرما کر خواب سے گریاں بیدار ہوئے۔ حضرت علی اکبرؑ نے پوچھا آپ کے رونے کا سبب کیا ہے امام حسینؑ نے جواب دیا اے فرزند گرامی! اس وقت میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ ایک ہاتف نے مجھے آواز دی کہ تم جلدی کرتے ہو اور موت تمہیں بجانب بہشت لیے جاتی ہے اس امام زادہ نے عرض کیا اے پدر بزرگوار! کیا ہم حق پر نہیں ہیں اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں، حضرت نے فرمایا اے فرزند گرامی میں اس خدا کی قسم کھاتا ہوں جس کی طرف سب کی بازگشت ہے کہ ہم حق پر ہیں اور ہمارے دشمن باطل پر ہیں حضرت علی اکبرؑ نے عرض کیا پھر ہمیں موت اور شہید ہو جانے کی کیا پرواہ ہے حضرت امام حسینؑ نے فرمایا اے فرزند گرامی اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

اس کے بعد سید الشہداؑ نے مقام عذیب سے کوچ کر کے مقام ہیمیہ میں نزول اجلال فرمایا، اس منزل پر ایک شخص کوفی نے جس کو ابو ہرہ کہتے تھے سلام کر کے عرض کیا اے فرزند رسول اللہؐ آپ حرم خدا اور حرم رسولؐ خدا سے کیوں چلے آئے حضرت نے فرمایا اے ابو ہرہ بنی اُمیہ نے میرا مال لے لیا میں نے

Presented by www.ziaraat.com

صبر کیا، میری ہتک حرمت کی تو میں نے صبر کیا۔ جب انہوں نے چاہا کہ مجھے شہید کریں تو اس وقت میں نے ترکِ وطن کیا خدا کی قسم ہے کہ یہ گروہ طاغی باغی مجھے شہید کرے گا، اور خداوند قہار ان ظالموں کو ذلت و خواری کا لباس پہنائیگا۔ اور انتقام کی تلوار ان پر کھینچے گا اور ان پر اس شخص کو مسلط کرے گا جو انہیں قوم سبا سے زیادہ ذلیل کرے گا کہ عورت ان پر حاکم تھی اور بروایت دیگر فرمایا۔ اہل کوفہ نے مجھے خطوط لکھ کر بلایا ہے اور یہ لوگ مجھے شہید کریں گے اور خدا ان پر اس شخص کو مسلط کریگا جو ظلم وستم کی تلوار سے انہیں ذلت وخواری کا لباس پہنائے گا۔

اکثر مشائخ عظام نے روایت کی ہے جب خبر توجہ امام حسینؑ ابن زیاد شقی کو پہنچی حصین بن نمیر کو مع لشکر کثیر سر راہ آنحضرت بمقام قادسیہ بھیجا اس نے قادسیہ سے قطقطانیہ تک اپنے لشکر ضلالت کو پھیلا دیا۔ جب امام حسینؑ مقام بطن رمہ پر پہنچے تو عبداللہ بن یقطر نے اپنے برادر رضاعی کو اور بروایت دیگر قیس بن مسہر کو بجانب کوفہ روانہ کیا لیکن ابھی خبر شہادت مسلمؑ، حضرت کو نہ پہنچی تھی کہ ایک خط اہل کوفہ کو اس مضمون کا لکھا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ یہ خط حسین بن علیؑ کی طرف سے برادران مومنین ومسلمین کی طرف تم پر سلام ہو میں حمد کرتا ہوں خدا ئے یگانہ کی کہ اس کے سوا کوئی خدا نہیں۔ اما بعد مسلمؑ بن عقیل کا خط میرے پاس پہنچا اس خط میں لکھا تھا کہ تم لوگوں نے میری نصرت اور دشمنوں سے میرا حق طلب کرنے پر اتفاق کیا ہے پس میں خداوند کریم سے سوال کرتا ہوں کہ اپنے احسان کو ہم پر تمام کرے تم کو تمہارے حسن کردار پر جزائے خیر عطا کرے۔ آگاہ رہو کہ میں بروز منگل آٹھویں ذی الحجہ کو مکہ سے تمہاری طرف روانہ ہوا ہوں جب میرا قاصد تمہارے پاس پہنچے تو چاہیئے کہ کمر

اطاعت مضبوط باندھو اور اسباب جنگ آمادہ کر کے میری نصرت و یاری پر مستعد رہو میں بہت جلد تم تک پہنچتا ہوں والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اس خط کے لکھنے کا سبب یہ تھا حضرت مسلمؑ نے ستائیس۲۷ روز قبل شہادت ایک خط امام حسینؑ کو لکھا تھا اور اس میں اظہارِ اطاعت اہلِ کوفہ درج کیا تھا اور ایک گروہ اہلِ کوفہ نے بھی خطوط حضرت کو لکھے تھے۔ کہ یہاں ایک لاکھ تلواریں آپ کے لئے مہیّا ہیں۔ بہت جلد آپ شیعوں تک پہنچ جائیں۔ جب وہ قاصد منزل قادسیہ پہ پہنچا تو حصین بن نمیر نے اسے گرفتار کر لیا اور چاہا کہ وہ خط امام حسینؑ کا اس سے چھین لے قاصد نے وہ خط چاک کر ڈالا اور حصین کو نہ دیا حصین بن نمیر شقی نے امام حسینؑ کے قاصد کو ابنِ زیاد کے پاس بھیج دیا۔ ابن زیاد نے اس سے پوچھا تو کون ہے، اس نے کہا میں علیؑ بن ابی طالب اور ان کے فرزند گرامی کا شیعہ ہوں ابن زیاد نے کہا تو نے خط کیوں چاک کیا قاصد نے کہا اس وجہ سے چاک کیا کہ تو اس کے مضمون سے مطلع نہ ہو ابن زیاد نے کہا وہ کس نے لکھا تھا اور کس کے نام تھا قاصد نے کہا۔ امام حسینؑ نے وہ خط ایک جماعت اہل کوفہ کو لکھا تھا کہ میں اس کے ناموں سے واقف نہیں ہوں، ابنِ زیاد شقی غضبناک ہُوا اور کہا میں تم سے دستبردار نہ ہوں گا جب تک تو ان لوگوں کے نام مجھ سے بیان نہ کرے گا۔ اور منبر پہ جا کہ امام حسینؑ اور ان کے پدر و مادر و برادر کو ناسزا نہ کہے گا تو میں تجھے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالوں گا، قاصد نے کہا میں ان لوگوں کے نام نہ بتاؤں گا البتہ دُوسری بات کرتا ہوں پس وہ قاصد منبر پہ گیا۔ حمد و ثنائے الٰہی ادا کر کے درُود جناب رسولؐ خدا اور ان کے اہلبیت پر بھیجا صلوٰۃ و درُود بے شمار سیّدالابرار امام حسینؑ اور ان کے پدر بزرگوار پہ بھیج کر ابن زیاد اور اس کے باپ اور جمیع بنی اُمیّہ پہ لعن بے شمار کیا۔ اور کہا اے

Presented by www.ziaraat.com

اہلِ کوفہ میں امام حسینؑ کی جانب سے تمہاری طرف آیا ہوں اور ان کو فلاں مقام پر چھوڑ آیا ہوں، جسے منظور ہو ان کی نصرت کرے اور ان کی خدمت میں حاضر ہو۔
پس ابن زیاد شقی نے حکم دیا کہ اس قاصد کو قصر سے نیچے گرا دیا جائے اسے قصر سے نیچے گرا دیا گیا۔ اور بدرجۂ شہادت فائز ہوا۔ دیگر ایک رمق جان باقی تھی کہ عبدالرحمٰن بن عمیر روسیاہ نے اس قاصد کا سر کاٹ ڈالا۔

جب امام حسینؑ نے منزل حاجز سے جانب کوفہ رُخ فرمایا تو ایک تالاب کے کنارے پہنچے۔ عبداللہ بن مطیع کنارہ آب خیمہ زن تھا جب عبداللہ کی نظر حضرت کے حسن و جمال پر پڑی تو استقبال کو دوڑا عرض کرنے لگا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں آپ اس شہر میں کیوں تشریف لائے ہیں۔ حضرت نے فرمایا مجھے اہلِ عراق نے بلایا ہے۔ عبداللہ نے عرض کیا میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں کہ آپ ہرگز کوفہ نہ جائیں۔ حضرت اس کے کلام کی طرف متوجہ نہ ہوئے اور جس کام پر از جانب خداوند عالم مامور تھے اس کے لیئے روانہ ہوئے ابن زیاد نے بصرہ و شام کے راستے بند کر دیئے تھے کوئی شخص بصرہ و شام سے نہ نکل سکتا تھا نہ داخل ہو سکتا تھا۔ پس ایک گروہ عرب کی طرف سے گزر ہوا حضرت نے ان سے کوفہ کا حال پوچھا انہوں نے کہا کچھ خبر نہیں ہے مگر اس قدر معلوم ہے کہ کسی شخص کو ان راہوں سے آمد و رفت کی اجازت نہیں ہے۔

ایک جماعت نے قبیلۂ فزارہ سے روایت کی ہے کہ ہم زہیر بن قیس بجلی کے مکّہ سے مراجعت کے وقت رفیق تھے تمام منزلوں پر حضرت امام حسینؑ کے ساتھ جاتے تھے اور حضرت سے بہت دور اترتے تھے تاکہ حضرت کی رفاقت ہم پر ثابت نہ ہو ایک منزل پر ہم اترے ہوئے تھے اور دوپہر کا کھانا کھا رہے تھے کہ اچانک ایک قاصد امام حسینؑ کی طرف سے آیا اور زہیر سے خطاب

Presented by www.ziaraat.com

کہا کہ اما حسینؑ تم کو بلاتے ہیں غلبۂ دہشت کی وجہ سے لقمے ہمارے ہاتھوں سے
گر پڑے اور حیران رہ گئے زہیر کی زوجہ دیلم بنت عمرو نے کہا سبحان اللہ فرزندِ
رسولؐ تم کو بلاتے ہیں اور تم جانے میں تامل کرتے ہو بس زہیر حضرت امام حسینؑ
کی خدمت میں گئے اور شاد و خرم واپس آئے اور حکم دیا کہ ان کا خیمہ وہاں سے
اکھاڑ کر قریب سراپردہ ہائے امام حسینؑ نصب کیا جائے اور اپنی زوجہ کو
طلاق دے کر کہا اپنے قبیلہ میں چلی جا مجھے منظور نہیں کہ میری وجہ سے تجھے
کوئی ضرر پہنچے میں چاہتا ہوں کہ اپنی جان امام حسینؑ پر قربان کر ڈالوں وہ
رونے لگی اور زہیر کو وداع کرتے ہوئے کہا خدا تعالیٰ تیرے لئے امورِ خیر
مہیا کرے آپ سے میری التماس ہے مجھے قیامت کے دن حسینؑ بن علیؑ کے
نانا پاک کے پاس یاد کرنا زہیر بن قین نے اپنے اصحاب سے کہا جو شخص چاہے
میرے ساتھ آئے جسے منظور نہ ہو میں نے اسے رخصت کیا اور اس وقت میں تم
لوگوں سے ایک حدیث بیان کرتا ہوں ہم نے جناب رسولؐ خدا کے زمانہ میں سمندر
کے بعض مقامات پر لشکرِ اسلام کی معیت میں کفار سے جہاد کیا، اور فتح یاب ہوئے
مالِ غنیمت بے شمار پایا سلیمان فارسی نے کہا کیا تم اس فتح و غنیمت سے جو تمہارے
ہاتھ آئی شاد ہوئے ہم نے کہا بے شک ہم خوش ہوئے سلیمان نے کہا لیکن جس
وقت تم سیّد جوانانِ آلِ محمدؐ کے زیر سایہ جہاد کرو گے تو آج جتنا مال پا کر خوش
ہوئے اس سے کہیں زیادہ خوش ہو گے، یہ کہہ کر زہیر نے اپنے رفقاء سے
کہا میں تمہیں وداع کرتا ہوں اور امام حسینؑ کے اصحاب سے جا ملے اور ساتھ رہے
تا آنکہ درجہ شہادت پہ فائز ہوئے ۔ جب امام حسینؑ منزل خزیمیہ پہ پہنچے تو رات
کو اسی مقام پہ استراحت کی جب رات ہوئی تو جناب زینبؑ خاتون خواہر امام
حسینؑ نے فرمایا میں نے رات خواب میں ایک ہاتف کو کہتے ہوئے سنا ۔ اے آنکھ

Presented by www.ziaraat.com

تو پوری طرح آنسو بہالے میرے بعد ان شہدا پر کون روئے گا ان کو موت ایک قوم کی طرف لئے جا رہی ہے یہ میرا وعدہ پورا کرنے کے لیئے جا رہے ہیں۔ جلاء العیون ۔ ۲۷۲ تا ۲۷۵ ۔

حیدرآباد سندھ، پاکستان

بروایت شیخ مفید عبداللہ بن سلیمان اسدی اور منذر بن مشمعل اسدی نے روایت کرتے ہوئے کہا کہ جب ہم اعمال حج سے فارغ ہوئے تو ہمیں اس کے سوا اور کوئی فکر نہ تھی کہ ہم راستے ہی میں حضرت امام حسینؑ سے جا کر ملیں اور دیکھیں کہ بات کہاں تک پہنچتی ہے پھر ہم روانہ ہوئے اور اپنی اونٹنیوں کو تیز چلایا یہاں تک کہ منزل زرود پر حضرت سے جا ملے پھر ہم آپ کے قریب گئے اچانک ہم نے اہل کوفہ میں سے ایک مرد کو دیکھا جب اس نے امام حسینؑ کو دیکھا راہ چھوڑ کر دوسری سمت روانہ ہوا حضرت نے اس جگہ توقف فرمایا گویا حضرت اُس کے منتظر تھے پس جب حضرت نے دیکھا کہ وہ اور طرف کو چلا تو حضرت بھی روانہ ہوئے ہم بھی آنحضرت کی طرف چلے پھر ہم میں سے ایک نے دوسرے سے کہا ہم اس کے پاس چلیں یقیناً اُس کے پاس کوفہ کی کوئی خبر ہو گی پس ہم اس کی طرف روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم اس کے پاس پہنچے پس ہم نے السلام علیکؑ کہا اور اس نے وعلیکم السلام کہا ہم نے پوچھا تو کس قبیلہ سے ہے اس نے جواب دیا اسدی ہوں ہم نے اس سے کہا ہم بھی اسدی ہیں تیرا نام کیا ہے، اس نے کہا میں بکر بن شعبہ ہوں۔ ہم نے بھی اپنا نسب بیان کیا پھر ہم نے اس سے کہا اہل کوفہ اور اپنی رائے سے ہمیں آگاہ کرو، اُس نے کہا میرے کوفہ سے نکلنے سے پہلے مسلم بن عقیل اور ہانی بن عروہ قتل کر دیئے گئے اور میں نے ان دونوں کو دیکھا کہ ابن زیاد کے آدمی انہیں پیروں سے پکڑ کر بازار میں گھسیٹتے ہوئے لئے جاتے تھے۔ پھر ہم نے آگے چلنا شروع کیا،

Presented by www.ziaraat.com

یہاں تک کہ شام کو ثعلبیہ میں اترے ہم نے حضرت کو سلام عرض کیا حضرت نے سلام کا جواب دیا پھر ہم نے حضرت کی خدمت میں عرض کیا اللہ تعالیٰ کی آپ پر رحمتیں نازل ہوں ہمیں ایک خبر ملی ہے اگر حکم ہو تو ہم آپ سے خفیہ طور پر عرض کریں ورنہ آشکارا بیان کریں پھر آپ نے ہماری طرف اور اپنے اصحاب کی طرف دیکھ کر فرمایا ہمارا کوئی راز ان سے مخفی نہیں ہے ہم نے عرض کیا۔ کیا آپ نے اس سوار کو دیکھا جو کل عصر کے وقت ملا تھا حضرت نے فرمایا ہاں میں نے اس سے پوچھنے کا ارادہ کیا تھا ہم نے عرض کیا خدا کی قسم ہم نے آپ کی خاطر اس سے حال پوچھا وہ ہمارے قبیلہ کا ایک زیرک سچا اور عقلمند آدمی ہے۔ اس نے ہمیں بتایا کہ اس کے کوفہ سے نکلنے سے پہلے حضرت مسلمؑ اور ہانی شہید کر دیئے گئے تھے اور ان دونوں کو ٹانگوں سے پکڑ کر ان کی نعشوں کو بازار میں گھسیٹتے ہوئے لئے جاتے تھے۔ کتاب الارشاد ۔ ۷۵ ۔

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۴۴ پر لکھا ہے کہ خبر شہادت جناب مسلمؑ بن عقیل جناب امام حسینؑ کو منزل زبالہ پر پہنچی اور ملا حسین واعظ کاشفی نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۴۴ پر لکھا ہے کہ مسلمؑ بن عقیل کی شہادت کی خبر حضرت امام حسینؑ کو منزل سوق پر پہنچی ۔

بروایت علامہ مجلسی حضرت امام حسینؑ اس خبر کے استماع سے بہت اندوہ ناک ہوگئے اور مکرر فرمایا انا للہ و انا الیہ راجعون خدا ان شہداء پر رحمت کرے پس ہم نے عرض کیا یا ابن رسولؐ اللہ ہماری التماس ہے کہ آپ واپس تشریف لے جائیں امام حسینؑ متوجہ اولاد عقیل ہوئے انہوں نے کہا واللہ ہم واپس نہ جائیں گے جب تک کہ ہم حضرت مسلمؑ کے خون کا قصاص نہ لے لیں یا جو شربت شہادت انہوں نے پیا ہے ہم بھی نوش کریں پس ہم نے

Presented by www.ziaraat.com

حضرت کو عازم سفر پایا اور رسم وداع کر کے روانہ ہوئے بروایت دیگر جب خبرِ شہادت مسلمؑ، امام حسینؑ نے سنی تو فرمایا جوان پر لازم تھا ان کی انہوں نے تعمیل کر دی اب جو مجھ پر ہے وہ باقی ہے جب صبح ہوئی اپنے غلاموں کو حکم دیا کہ بہت سا پانی ہمراہ لے لو۔

اگلے روز صبح کو امام حسینؑ روانہ ہوئے جب منزل زبالہ پر پہنچے تو عبداللہ بن یقطر کی شہادت کی خبر آپ کے پاس پہنچی جب حضرت امام حسینؑ نے یہ وحشت اثر خبر سنی تو آنسو دیدہ مبارک سے جاری ہوگئے اور ہاتھ اٹھا کر فرمایا خداوند میرے شیعوں کے لئے عقبیٰ منزل پاکیزہ مقرر فرما مجھے اور ان کو ایک جگہ غرفہائے بہشت میں مقیم فرما کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔ امام حسینؑ نے اپنے اصحاب کو جمع کیا اور فرمایا۔ جلاء العیون ۳۷۵۔

بروایت شیخ مفید ہمارے پاس ایک بری خبر پہنچی ہے کہ مسلمؑ بن عقیل، ہانی بن عروہ اور عبداللہ بن یقطر شہید کر دیئے گئے ہیں اور ہمارے شیعوں نے ہمارا ساتھ چھوڑ دیا ہے۔ جو کوئی واپس جانا چاہے چلا جائے اس میں کوئی حرج نہیں ہے میں نے تم سے اپنا ذمّہ اٹھا لیا ہے لوگ آپ سے منتشر ہونے لگے کوئی دائیں جانب سے چلے گئے تو کوئی بائیں جانب سے متفرق ہو گئے اور جو لوگ مدینہ سے آپ کے ساتھ چلے تھے یا بعض وہ شخص جو راستے میں حضرت کے ہمراہ ہو گئے تھے وہی رہ گئے اور آپ نے جو ایسا کیا تو یہ سمجھ کر کیا کہ یہ اعرابی جو ساتھ چلے آتے ہیں سمجھے ہوئے ہیں کہ امام حسینؑ کسی ایسے شہر کی طرف جا رہے ہیں جہاں سب لوگ آپ کی اطاعت پر آمادہ ہیں حضرت نے اس بات کو پسند نہ کیا کہ وہ آپ کے ساتھ چلیں جب تک کہ ان کو معلوم نہ ہو جائے کہ وہ کہاں جا رہے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

جب صبح ہوئی تو آپ نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ بہت سا پانی ساتھ لے لو پھر امام حسینؑ اور آپ کے اصحاب اور اہلبیت روانہ ہوئے اور مقام بطن عقبہ میں جا کر اترے بنی عکرمہ میں سے ایک بوڑھا شخص جسے عمرو بن لوذان کہا جاتا تھا حضرت سے ملا اور پوچھا کہ آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں۔ امام حسینؑ نے فرمایا میں کوفہ جا رہا ہوں عمرو بن لوذان نے عرض کیا میں آپ کو خدا کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ آپ واپس تشریف لے جائیں واللہ آپ نیزوں اور تلواروں کی طرف جا رہے ہیں جن لوگوں نے آپ کو بلایا ہے اگر آپ کو جنگ و جدل کی تکلیف سے بچاتے تو خود ہی سب کام درست کر چکے ہوتے اس کے بعد آپ جاتے تو قرین مصلحت تھا لیکن اس حال میں، میں آپ کے جانے میں بھلائی نہیں دیکھتا امام حسینؑ نے فرمایا اے بندۂ خدا جو خبر تو دیتا ہے وہ مجھ سے مخفی نہیں ہے لیکن اللہ تعالیٰ ہر امر میں قادر و غالب ہے پھر امام حسینؑ نے فرمایا خدا کی قسم ہے یہ لوگ اس وقت تک مجھ سے دستبردار نہیں ہوں گے جب تک میرا دل پر خون میرے سینہ سے نکال نہ لیں گے جب وہ مجھے شہید کریں گے تو حق تعالیٰ ان پر ایک ایسے شخص کو مسلط کرے گا جو انہیں اس حد تک ذلیل کرے گا کہ وہ تمام امتوں سے زیادہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

بروایت شیخ مفید پھر امام حسینؑ بطن عقبہ سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ منزل شراف میں نزول اجلال فرمایا جب صبح کا وقت ہوا تو اپنے اصحاب کو کافی پانی ساتھ لے جانے کا حکم دیا پھر وہاں سے روانہ ہوئے حتیٰ کہ دوپہر ہو گئی اسی حالت میں وہ سفر کر رہے تھے ناگہاں ان کے اصحاب میں سے ایک جوان نے تکبیر کہی امام حسینؑ نے اس سے پوچھا تم نے تکبیر کیوں کہی اس شخص نے کہا میں نے کھجور کے درخت دیکھے اور امام حسینؑ کے اصحاب میں سے ایک جماعت نے کہ

Presented by www.ziaraat.com

قسم بخدا اس جگہ پر ہم نے کھجور کا درخت کبھی نہیں دیکھا ہے پھر حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ تم کیا دیکھ رہے ہو اصحاب نے عرض کیا خدا کی قسم ہے ہم گھوڑوں کے کان دیکھ رہے ہیں حضرت نے فرمایا قسم بخدا میں بھی دیکھ رہا ہوں، پھر امام حسینؑ نے فرمایا ہمارے لئے کوئی جائے پناہ نہیں ہے جہاں ہم پناہ لیں اور اسے پس پشت رکھ کر ان لوگوں سے ایک ہی رُخ سے سامنا کریں ہم نے آنحضرت کی خدمت میں عرض کیا البتہ آپ کے پہلو میں ذو حسم موجود ہے آپ بائیں جانب مڑ جائیں اگر پہلے آپ وہاں پہنچ جائیں تو وہ جگہ ایسی ہے جیسی آپ چاہتے ہیں، پس آنحضرت ذو حسم کی طرف بائیں سمت سے مڑ گئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ مڑ گئے تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ ہم کو گھوڑوں کی گردنیں نظر آنے لگیں جب ہم نے اچھی طرح سے دیکھ لیا تو ہم راستہ کو چھوڑ کر دوسری طرف مڑ گئے جب انہوں نے ہمیں راستے کو چھوڑ کر مڑتے ہوئے دیکھا تو وہ بھی ہماری طرف راستہ چھوڑ کر مڑ گئے اُن کی برچھیوں کے پھل شہد کی مکھیوں کے غول معلوم ہوتے تھے اور ان کے علم پرندوں کے کھلے ہوئے پروں کی مانند دکھائی دیتے تھے پس ہم نے ذو حسم کی طرف پیش قدمی کرنا شروع کی اور ہم اُن سواروں سے پہلے ذو حسم پہنچ گئے۔ حضرت امام حسینؑ نے حکم دیا تو خیمے نصب کر دیئے گئے ایک ہزار سواروں کا رسالہ لئے ہوئے حر دوپہر کی گرمی میں امام حسینؑ کے مقابل آ کر ٹھہرا۔ حضرت امام حسینؑ اور آپ کے اصحاب سروں پر عمامے باندھے ہوئے تھے اور تلواریں گلوں میں لٹکائے ہوئے تھے حضرت امام حسینؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ سب لوگوں کو پانی پلا کر اُن کی پیاس بجھا دو۔ اور گھوڑوں کو بھی پانی پلا دو۔ پس انہوں نے رسالہ کے سواروں کو پانی پلا کر اُن کی پیاس بجھا دی پھر کاسے اور طشت پانی سے بھر کر گھوڑوں کے سامنے لے جاتے

Presented by www.ziaraat.com

تھے جب ہر گھوڑا تین چار یا پانچ مرتبہ پانی میں مُنہ لے جاتا تھا تو طشت کو ہٹا کر دُوسرے گھوڑے کو پانی پلاتے تھے یہاں تک کہ سب کو پانی پلا دیا۔

بروایت شیخ مفید علی بن طعان محاربی کہتا ہے میں اس روز حر کے ساتھ تھا اور سب سے آخر میں آیا جب حضرت امام حسینؑ نے میری اور میرے گھوڑے کی حالت، جو پیاس سے ہو رہی تھی دیکھی تو فرمایا راویہ کو بٹھا دو میرے نزدیک راویہ کے معنی پانی کی مشک کے تھے پھر حضرت نے فرمایا بھتیجے اونٹ کو بٹھا دو میں نے اسے بٹھا دیا پھر حضرت نے فرمایا پانی پیو جب میں نے پانی پینا شروع کیا تو پانی مشک سے بہہ جاتا تھا امام حسینؑ نے فرمایا مشک کے دھانے کے کنارے کو باہر کی طرف کر کے موڑ دو میں یہ بھی نہ سمجھا کہ مشک کے مُنہ کے کنارے کو باہر کی طرف دہرا کر کے کس طرح موڑا جاتا ہے حضرت امام حسینؑ اٹھے اور مشک کے کنارے کو باہر کی طرف دہرا کر دیا میں نے بھی پانی پیا اور اپنے گھوڑے کو بھی پانی پلایا۔

بروایت شیخ مفید حر بن یزید قادسیہ سے آ رہا تھا اور عبیداللہ بن زیاد نے حصین بن نمیر کو حکم دیا کہ وہ قادسیہ میں جا کر اترے اور حر کو ایک ہزار سواروں کے ساتھ امام حسینؑ کے آگے بھیجے حر امام حسینؑ کے سامنے ٹھہر رہا یہاں تک کہ نماز ظہر کا وقت آ گیا حضرت امام حسینؑ نے حجاج بن مسروق کو اذان دینے کا حکم دیا اور جب اقامت کا وقت ہونے کو آیا تو آپ تہہ بند، چادر اور نعلین پہنے ہوئے خیمہ سے باہر تشریف لائے اور اللہ کی حمد و ثنا بیان کی پھر فرمایا اے لوگو! جب تک تم لوگوں کے خطوط اور قاصد یہ پیغام لیکر میرے پاس نہیں آئے تھے کہ آپ آئیں ہمارا کوئی امام و پیشوا نہیں ہے شاید آپ کے سبب سے خدائے تعالیٰ ہم سب لوگوں کو حق و ہدایت پر جمع کر دے تو میں تمہارے پاس

Presented by www.ziaraat.com

نہیں آیا تھا اگر تم اس بات پر قائم ہو تو میں تمہارے پاس پہنچ گیا ہوں پس تم میرے ساتھ عہد و میثاق کرو جس سے میں مطمئن ہو جاؤں اور اگر تم اپنے قول سے پھر گئے ہو اور میری آمد کو ناپسند کرتے ہو تو میں اس جگہ واپس چلا جاؤں جہاں سے میں آپ کی طرف آیا ہوں پس سب خاموش رہے اور ان میں سے کسی ایک نے ایک کلمہ تک نہ کہا۔ امام حسینؑ نے موذن کو اقامت کہنے کا حکم دیا اور نماز قائم ہو گئی امام حسینؑ نے حر سے پوچھا کیا تو اپنے ساتھیوں کے ساتھ نماز پڑھے گا حر بولا نہیں بلکہ آپ ہی پڑھائیں ہم آپ کے ساتھ پڑھیں گے پھر امام حسینؑ نے ان کو نماز پڑھائی پھر آپ اپنے خیمہ میں داخل ہوئے اور آپکے اصحاب آپ کے پاس جمع ہو گئے، اور حر اپنے اس مقام پر چلا گیا جہاں وہ پہلے تھا۔ اور اپنے خیمہ میں داخل ہوا حر کے ساتھی اس کے پاس جمع ہو گئے اور باقی اپنی صفوں میں واپس چلے گئے جہاں وہ پہلے تھے پھر صفیں باندھ لیں۔ ہر ایک شخص نے اپنے اپنے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور گھوڑوں کے سائے میں بیٹھ گئے۔ جب عصر کا وقت ہوا تو آپ نے حکم دیا کہ کوچ کرنے کے لیئے سب تیار ہو جائیں پس وہ تیار ہو گئے۔ امام حسینؑ نے موذن کو حکم دیا اس نے نماز عصر کے لیئے پکارا اور اقامت کہی امام حسینؑ آگے بڑھے اور کھڑے ہو گئے عصر کی نماز پڑھی سلام پھیرا سب کی طرف اپنا رخ کر کے حمد و ثنا الٰہی بجالائے پھر فرمایا اے لوگو! اگر تم خوفِ خدا کرو گے اور حقداروں کے حق کو پہچانو گے تو خوشنودی خدا کا باعث ہو گا، ہم اہل بیت محمدؐ ہیں اور یہ لوگ جو تم پر حکومت کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں جس کا انہیں حق حاصل نہیں ہے اور تمہارے ساتھ ظلم و تعدی سے پیش آتے ہیں اس امرِ حکومت کے لیئے ہم ان سے بہتر ہیں اگر تم کو ہماری پسند نہیں ہے اور ہمارے حق سے تم واقف نہیں ہو اور اپنے خطوں میں اور اپنے قاصدوں کی

Presented by www.ziaraat.com

زبانی تم نے جو کچھ مجھ سے کہلا بھیجا ہے اب وہ تمہاری رائے نہیں ہے تو میں تمہارے پاس سے واپس چلا جاؤں۔ حر نے امام حسینؑ کی خدمت میں عرض کیا خدا کی قسم ہے مجھے معلوم نہیں ہے کہ وہ کیسے خطوط اور قاصد تھے جن کا آپ ذکر کرتے ہیں امام حسینؑ نے اپنے اصحابی عقبہ بن سمعان سے فرمایا کہ وہ دونوں تھیلے جن میں ان لوگوں کے میری طرف خطوط ہیں لے آؤ عقبہ دونوں تھیلے لے آیا۔ دونوں تھیلے خطوط سے بھرے ہوئے تھے جو کہ حر کے سامنے بکھیر دیئے گئے حر نے کہا جن لوگوں نے آپ کو خطوط لکھے تھے ہم ان میں سے نہیں ہیں اور ہم کو یہ حکم ملا ہے کہ جہاں ہماری آپ سے ملاقات ہو آپ سے جدا نہ ہوں یہاں تک کہ ہم آپ کو ابنِ زیاد کے پاس کوفہ لے چلیں امام حسینؑ نے حر سے فرمایا موت تیرے لیئے اس آرزو سے زیادہ نزدیک ہے (یعنی تیری آرزو کے پورا ہونے سے پہلے موت آئے گی) پھر حضرت امام حسینؑ نے اپنے اصحاب سے فرمایا اٹھو سوار ہو جاؤ پس سب سوار ہوتے اور انتظار کرنے لگے یہاں تک کہ ان کی مستورات بھی سوار ہو گئیں آپ نے اپنے اصحاب سے فرمایا واپس چلو جب وہ لوگ واپس جانے لگے تو حر کی فوج حائل ہو گئی امام حسینؑ نے حر سے فرمایا کہ تیری ماں تجھ پر روئے تو کیا چاہتا ہے حر نے حضرت کی خدمت میں عرض کیا واللہ اگر عرب میں کسی اور نے یہ کلمہ میرے حق میں آپ کی طرح کہا ہوتا تو میں بھی اس کی ماں کے رونے کا ذکر کئے بغیر نہ رہتا مگر اللہ کی قسم ہے آپ کی والدہ کا ذکر بغیر حد درجہ کی تعظیم کے میری مجال نہیں جو کروں آپ نے حر سے فرمایا پھر تیرا کیا ارادہ ہے۔ حر نے کہا میرا ارادہ یہ ہے کہ میں آپ کو ابن زیاد کے پاس لے جاؤں، آپ نے فرمایا واللہ میں اس بات میں تیری متابعت نہیں کروں گا حر نے کہا واللہ میں آپ کو نہیں چھوڑوں گا پھر امام حسینؑ اور حر نے تین مرتبہ ایسی بات کو دہرایا۔ جب ان کی تکرار آپس میں بڑھ گئی تو حر

Presented by www.ziaraat.com

تین مرتبہ اسی بات کو دہرایا جب ان کی تکرار آپس میں بڑھ گئی تو حر نے کہا آپ سے جنگ کرنے کا تو مجھے حکم نہیں ملا ہے مجھے تو اتنا ہی حکم ملا ہے کہ جب تک آپکو کوفہ میں نہ لے جاؤں آپ سے جدا نہ ہوں اگر آپ میری بات نہیں مانتے تو کسی ایسے راستہ پر چلیں جو نہ کوفہ کی طرف جاتا ہو اور نہ مدینہ کی طرف تاکہ آپ کے اور میرے درمیان انصاف برقرار رہے یہاں تک کہ میں عبید اللہ کی طرف خط روانہ کروں شاید اللہ تعالیٰ کوئی ایسی صورت نکال دے کہ آپ کے امر میں مبتلا ہو جانے سے بچ جاؤں آپ یہ راستہ اختیار کریں، عذیب وقادسیہ کی راہ سے بائیں طرف مڑ جائیں امام حسینؑ روانہ ہوئے اور حر بھی اپنے ساتھیوں سمیت آپکے بائیں طرف ساتھ ساتھ چلتا رہا حر اثنائے راہ میں حضرت سے کہتا تھا کہ یا حسینؑ! میں آپ کو خدا کی قسم دیتا ہوں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اگر آپ جنگ کریں گے تو آپ ضرور شہید ہو جائیں گے۔ امام حسینؑ نے فرمایا کیا تو مجھے موت سے ڈراتا ہے اگر تم لوگ مجھے شہید کرو گے تو کیا تمہارے کام درست ہو جائیں گے۔ اس بات کے جواب میں وہی بات کہوں گا جو اوس کے بھائی نے اپنے چچا کے لڑکے سے کہی تھی جو رسولؐ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نصرت کو چلے تھے اور اس کے چچا کا لڑکا اسے ڈراتا تھا اور کہتا تھا کہاں جاتے ہو مارے جاؤ گے۔ جب حر نے یہ بات سنی تو امام حسینؑ سے علیحدہ ہو گیا اور اپنے ہمراہیوں کے ساتھ ایک طرف چل رہا تھا۔ امام حسینؑ راستے کے دوسری طرف چل رہے تھے یہاں تک کہ منزل عذیب الہجانات تک پہنچ گئے پھر امام حسینؑ وہاں سے روانہ ہوئے اور بروایت شیخ مفید قصر بنی مقاتل میں جا کر اترے۔ ناگہانی طور پر دیکھا کہ ایک خیمہ برپا ہے فرمایا یہ کس کا خیمہ ہے عرض کیا گیا کہ عبید اللہ بن حر جعفی کا خیمہ ہے آپ نے فرمایا اسے میرے پاس بلا لاؤ جب عبید اللہ کے پاس آپ کا قاصد پہنچا تو قاصد نے کہا تجھے

Presented by www.ziaraat.com

امام حسینؑ یاد فرما رہے ہیں عبید اللہ بن حر نے کہا انا للہ و انا الیہ راجعون خدا کی قسم میں کوفہ سے اس لئے نکل آیا کہ مجھے پسند نہ تھا کہ میں کوفہ میں رہوں اور امام حسینؑ بھی وہاں آجائیں بخدا میں نہیں چاہتا کہ میں اُن سے ملوں اور وہ مجھ سے ملیں پیغام پہنچانے والا واپس آیا اور آپ سے یہ حال بیان کر دیا امام حسینؑ اُٹھے اور اس کے پاس آئے خیمہ کے اندر گئے سلام کیا بیٹھے اور اسے اپنے ساتھ چلنے کی دعوت کر دی عبید اللہ بن حر نے جو بات پہلے کہی تھی وہی پھر کہی آپ نے فرمایا اگر تو ہماری نصرت نہیں کرتا تو ہمارے قاتلوں کے ساتھ شریک ہونے میں خدا سے ڈر اور واللہ جو شخص ہماری فریاد سن کر ہماری نصرت نہیں کریگا وہ ہلاک ہو جائے گا عبید اللہ بن حر نے کہا انشاء اللہ یہ تو کبھی نہ ہوگا پھر امام حسینؑ اس کے پاس سے اُٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے خیمہ میں تشریف لے آئے کچھ رات باقی تھی کہ امام حسینؑ نے اپنے اصحاب کو پانی ساتھ لے جانے اور کوچ کرنے کا حکم دیا امام حسینؑ نے قصر بنی مقاتل سے کوچ کیا عقبہ بن سمعان نے کہا کہ ہم آنحضرت کے ساتھ کچھ دیر چلے تو آپ کو اپنے گھوڑے پر اونگھ آگئی پھر امام حسینؑ انا للہ و انا الیہ راجعون اور الحمد للہ رب العالمین کہتے ہوئے نیند سے بیدار ہوئے آنحضرت نے یہ کلمات دو تین مرتبہ فرمائے آپ کے فرزند علیؑ بن حسینؑ نے آپ کی طرف متوجہ ہو کر عرض کیا آپ نے کس بات پر اللہ کی حمد کی اور انا للہ کہا۔ امام حسینؑ نے فرمایا اے فرزند مجھے ذرا اونگھ آگئی تھی سامنے سے ایک سوار ظاہر ہوا، اور وہ کہہ رہا تھا یہ لوگ تو چلے جا رہے ہیں اور موت ان کی طرف آرہی ہے اس سے میں سمجھ گیا کہ بے شک وہ جانیں ہماری جانیں ہیں جن کی موت کی خبر ہمیں دی جا رہی ہے۔ انہوں نے عرض کیا والد گرامی خدا آپ کو ہر بلا سے محفوظ رکھے کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں آپ نے فرمایا قسم ہے اس خدا کی جس کے پاس سب کو جانا ہے ہم حق پر

Presented by www.ziaraat.com

ہیں علیؑ بن حسینؑ نے فرمایا پھر ہمیں کچھ پرواہ نہیں ہے ، مر ہی گئے تو حق پر مریں گے
آپ نے فرمایا اے فرزند گرامی خدائے تعالیٰ تجھے وہ اچھی جزا دے جو ایک بیٹے کو اپنے
والد سے مل سکتی ہے جب صبح ہوئی تو اترے اور صبح کی نماز ادا کی اور بہ تعجیل تمام سوار
ہو کر روانہ ہوئے اور چاہتے تھے کہ اپنے اصحاب کو منتشر کر دیں یہ دیکھ کر حر
قریب آتا تھا اور آپ کو اور آپکے اصحاب کو ادھر جانے سے روکتا تھا حر جب ان
کو کوفہ کی طرف چلنے پر مجبور کرتا تھا تو وہ نہیں مانتے تھے حر اور اس کے ساتھی
آگے بڑھتے جا رہے تھے اس طرح جائیں جانب چلتے رہے یہاں تک کہ نینوا
میں جا پہنچے ۔ کتاب الارشاد جلد دوم مطبع طہران ۔ ۷۵ تا ۸۵ ۔

لوط بن یحیٰی نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۷۳ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کربلا میں
بروز بدھ وارد ہوئے خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۶۶ پر اور ملا محمد باقر
مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۷۹ پر لکھا ہے کہ آنحضرت بروز بدھ یا خمیس دوسری
محرم ۶۱ ھ کو کربلا میں وارد ہوئے شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۸۶ پر محمد بن
علی نے مناقب آل ابی طالب صفحہ ۵۶۹ پر محمد بن جریر طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۲۵۳ پر
میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۷۷ پر اور ملا محمد باقر بحار الانوار صفحہ ۳۸۱ پر
لکھا ہے کہ امام حسینؑ کربلا میں خمیس کے دن محرم کی دوسری تاریخ ۶۱ ھ کو کربلا میں وارد
ہوئے ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران مطبوعہ رمضان المبارک ۱۲۷۲ ھ
صفحہ ۳۷۹ پر لکھا ہے کہ بعض مورخین کے قول کے مطابق امام حسینؑ خمیس کے دن
۸ محرم ۶۱ ھ کو داخل کربلا ہوئے شیخ عباس قمی نے منتہی الآمال جلد اول صفحہ ۲۴۲
پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کے کربلا میں وارد ہونے کے متعلق اختلاف ہے واضح
قول یہ ہے کہ آنجناب کا کربلا میں ورود ۲ محرم ۶۱ ھ کو ہوا ۔

بروایت لوط بن یحیٰی حضرت کا گھوڑا اسی مقام پر رک گیا آپ وہیں سے اُتر

Presented by www.ziaraat.com

کہ دوسرے پر سوار ہوئے وہ بھی ایک قدم نہ سرکا حضرت یونہی یکے بعد دیگرے سوار ہوتے رہے جب سات گھوڑوں تک نوبت پہنچی اور کسی نے اپنی جگہ سے جنبش نہ کی تو حضرت نے یہ انوکھی بات دیکھ کر ان لوگوں سے دریافت فرمایا کہ اس سرزمین کو کیا کہتے ہیں انہوں نے عرض کیا غاضریہ آپ نے فرمایا کہ اس کا کوئی دوسرا نام بھی ہے، انہوں نے عرض کیا ہاں، نینوا بھی کہتے ہیں آپ نے فرمایا کہ اس کے علاوہ کیا کوئی اور نام بھی ہے، عرض کیا ہاں شط فرات بھی کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا اس کے علاوہ کوئی اور نام بتلاؤ انہوں نے عرض کیا کہ اس سرزمین کو کربلا بھی کہتے ہیں۔ مقتل ابی مخنف ۳۷۔

علامہ طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۲۵۳ پر لکھا ہے کہ کربلا کو سقیہ اور عقر بھی کہا جاتا تھا۔

صلاح النشاتین صفحہ ۲۹ پر منقول ہے کہ کربلا کو ارض الطف اور ماریہ بھی کہتے تھے ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسین صفحہ ۲۹ پر لکھا ہے کہ کربلا کو سریا بھی کہا جاتا تھا۔

فوق بلگرامی نے ذبح عظیم مطبع دہلی صفحہ ۱۳۵ پر لکھا ہے کہ مروجہ نقشہ جات عراق میں کربلا کو مشہد حسینؑ بھی لکھتے ہیں۔

علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسینؑ مطبع مصر صفحہ ۲۹ پر اور علامہ ابن حجر مکی نے صواعق محرقہ مطبع مصر صفحہ ۱۱۵ پر امام حسینؑ کے داخلہ کربلا کی روایت کو اس طرح بیان کیا ہے کہ سواری کے رک جانے کے بعد آپ نے فرمایا کہ مجھے اس زمین سے ایک مشت خاک اٹھا دو۔ انہوں نے حضرت کو اس زمین سے ایک مشت خاک اٹھا دی حضرت نے اسے سونگھا پھر آپ نے اس خاک کے رنگ کو اس خاک کے رنگ سے ملایا جس کو آپ نے اپنی جیب سے نکالا ان دونوں کا رنگ سرخ تھا۔ حضرت نے فرمایا یہ مٹی وہی ہے جو حضرت جبرئیل

Presented by www.ziaraat.com

امین اللہ تعالیٰ کی جانب سے میرے جدّ امجد جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس لائے تھے اور کہا تھا کہ یہ مٹی تربت جناب امام حسینؑ کی ہے پھر اُس خاک کو آپ نے اپنے ہاتھوں سے پھینک دیا اور فرمایا ان دونوں کی بُو یکساں ہے اور فرمایا کہ اسی مقام پر اتر جاؤ اور یہاں سے آگے نہ چلو خدا کی قسم ہے ہمارے اونٹوں کے بٹھانے کی جگہ ہے اور اس مقام پہ خدا کی قسم ہے ہمارے خون بہائے جائیں گے اور اس جگہ پہ خدا کی قسم ہے ہمارے حرم قید کئے جائیں گے اور اس مقام پہ خدا کی قسم ہے ہمارے جوانوں کو قتل کیا جائیگا۔ اور اس جگہ پہ خدا کی قسم ہے ہمارے معصوموں کو ذبح کیا جائے گا۔ خدا کی قسم ہے یہاں ہماری مزاریں بنیں گی خدا کی قسم ہے یہی زمین ہمارے حشر و نشر کی ہے، یہاں ہمارے عزیزوں کو صدمہ پہنچے گا، خدا کی قسم ہے یہی وہ زمین ہے جہاں میرے گلے کی ستہ رگیں کاٹی جائیں گی اور میری ریش خون سے مخضب کی جائیگی اسی زمین پر میرے نانا اور میرے ماں باپ کو ملائکہ تعزیت دیں گے خدا کی قسم ہے یہی وہ مقام ہے کہ جہاں کا پروردگار عالم نے میرے نانا سے وعدہ فرمایا تھا اور خدائے تعالیٰ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا یہ فرما کر حضرتؑ اُتر پڑے اور تمام اقارب و اصحاب نے بھی اسی جگہ نزول اجلال فرمایا۔

بروایت خواجہ اعثم کوفی آپ کے اقارب و اصحاب نے اسباب دریائے فرات کے کنارے ایک طرف اتارا اور خیمے نصب کئے آنحضرت کے بھائی اور چچازاد بھائی ہر ایک اپنے واسطے خیمہ لگاتا تھا غرض امام حسینؑ کے خیمہ کے گرد آپ کے دوستوں اور محبّوں کے خیمے کھڑے ہو گئے۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۶۷۔

جناب امام حسینؑ نے زمین کربلا میں پہنچ کر حکم فرمایا کہ باشندگانِ نینوے کو بلاؤ وہ حاضر ہوئے۔ اُن سے فرمایا کہ میں تمہاری اس زمین پہ رہنا چاہتا ہوں اور مجھے

Presented by www.ziaraat.com

پسند ہے کہ میں اس زمین کو اپنا مسکن قرار دوں۔ اگر تم اس زمین کو میرے ہاتھ فروخت کرو تو اس میں میری خوشنودی ہوگی ان لوگوں نے عرض کیا کہ اے فرزند رسولؐ ہم نے اپنے آباؤ اجداد سے سنا ہے کہ حضرت آدم حضرت نوحؑ حضرت ابراہیمؑ اور دوسرے انبیاء اور اوصیاء جو جو حضرات اس سرزمین پر گزرے ہیں وہ بلائے عظیم اور مصیبت شدید میں مبتلا ہوئے آپ ہرگز اس زمین پر سکونت اختیار نہ فرمائیں۔ حضرت نے جواب دیا میں کیونکر اس زمین پر نہ رہوں حالانکہ قضائے الٰہی اسی طرح جاری ہو چکی ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو پیدا کیا۔ یہ کہہ کر اپنے ان لوگوں کو ساٹھ ہزار درہم دے کر ان مقامات کو خرید لیا جن میں خدائے سبحانہٗ وتعالیٰ نے برکت اور شفا رکھی ہے اور مسافت میں وہ زمین چار میل تک ہے اسی متبرک زمین میں مزار مبارک حضرت امام حسینؑ واقع ہے جو جنوں اور انسانوں کے سردار ہیں اور آپ کے اصحاب کی مزاریں بھی اسی زمین پر آج تک بنی ہوئی ہیں اس کے بعد اس زمین کو ان لوگوں پر دو شرطوں پر وقف کر دیا۔ ان میں سے ایک شرط یہ تھی کہ اتنی زمین پر جس کو آپ نے خرید فرمایا ہے کبھی کھیتی نہ کریں۔ اور دوسری شرط یہ تھی کہ جو ہمارے شیعہ ہماری قبور کی زیارت کے واسطے آئیں ان کو نشانِ قبر بتلا دینا اور تین روز تک ان کو اپنا مہمان رکھنا اہلِ نینوا ان دونوں شرطوں پر راضی ہو گئے اور قیمت لیکر اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے یہ معاملہ دوسری محرم کو ہوا۔ بحر المصائب۔

ہم کو لازم ہے کہ ہم ارضِ مقدس کربلائے معلّٰے کا پتہ جغرافیۂ عرب سے بتلا دیں ارضِ مقدس کربلا شہر کوفہ سے ۲ ½ فرسخ تقریباً دس میل پر واقع ہے ارضِ مطہر کربلا ایک غیر آباد ریگستان کا نام تھا جو دریائے فرات کے کنارے واقع تھا اور موجودہ کربلائے معلّٰے تو ایک عظیم الشان پُرفضا شہر ہے جو مروجہ نقشہ جات

Presented by www.ziaraat.com

عراق میں مشہد حسینؑ کے نام سے بھی مندرج پایا جاتا ہے اس غیر آباد ریگستان سے اُس وقت کئی ایک چھوٹی چھوٹی بستیاں ملی ہوئی آباد تھیں جن میں اہل عرب کے مختلف قبائل بستے تھے جن میں سب سے زیادہ مشہور بنی اسد کا قبیلہ تھا یہ چھوٹی بستیاں تینوں ہی۔ غاضریہ۔ سقیہ اور عاریہ کے نام سے مشہور تھیں اِن میں سب سے بڑی بستی غاضریہ تھی جس میں سب سے زیادہ لوگ بستے تھے۔ صلاحؒ الشاثیتین۔ ۲۹۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے کہ جب امام حسینؑ صحرائے کربلا میں پہنچے تو ایک خط اپنے بھائی محمد بن حنفیہ کو لکھا جس کا مضمون یہ تھا یہ خط حسینؑ بن علیؑ کی طرف سے محمد بن علی اور اولاد ہاشم میں سے جو اس کے پاس موجود ہیں ان کی خدمت میں پہنچے۔ اما بعد واضح ہو کہ ہم نے ترکِ زندگانی اختیار کی اور شہادت پہ ہم آمادہ ہو گئے ہیں اور دُنیا کو ایسا جانتے ہیں کہ گویا ہرگز تھی ہی نہیں اور آخرت کو باقی و دائم جانتے ہیں اور ہم نے آخرت کو دُنیا پر اختیار کیا ہے۔ والسّلام۔ جلاء العیون۔ ۳۸۰۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی باستاد سیّد ابن طاؤس جب امام حسینؑ کربلا میں وارد ہوئے تو آپ نے اپنے اصحاب کو جمع کر کے ایک نہایت فصیح و بلیغ خطبہ متضمن بر حمد و ثنائے الٰہی ادا فرمایا پھر ارشاد کیا کہ نوبت ہمارے امر کی یہاں تک پہنچی جو تم دیکھتے ہو تحقیق دُنیا تبدیل ہو گئی ہے اس کی نیکیوں نے مُنہ پھیر لیا ہے دنیا سے ایک رمق باقی نہیں رہا اور میرا جرعہ زندگانی انجام کو پہنچ چکا ہے زندگانی دُنیا بد زندگانی ہے آیا تم نہیں دیکھتے کہ لوگوں نے حق سے ہاتھ اٹھا لیا ہے اور حق بات پر عمل نہیں کرتے باطل پہ اجماع کیا ہے اس سے پرہیز نہیں کرتے پس جو شخص خدا پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیئے کہ دنیا سے مُنہ پھیر لے مُلاقات پروردگار کا مشتاق

Presented by www.ziaraat.com

ہو بے شک میں راہ خدا میں شہادت کو سعادت سمجھتا ہوں اور ان ظالموں کے ساتھ زندہ رہنے کو ننگ و عذاب سمجھتا ہوں۔

زہیر بن قین نے کھڑے ہو کر عرض کیا اے فرزند رسولؐ خدا ہم نے آپ کا کلام سنا، اگر دنیا ہمارے لئے ہمیشہ باقی رہنے والی بھی ہوتی اور ہم اس میں رہتے تب بھی آپ کے ساتھ شہید ہونے کو دنیا کی ہمیشگی پر اختیار کرتے، حالانکہ ہم بخوبی جانتے ہیں کہ یہ دنیا فانی ہے کس طرح اپنی جانیں عزیز کریں۔

اس کے بعد ہلال ابن نافع بجلی اٹھے اور عرض کیا یا ابن رسولؐ اللہ ہم ملاقات پروردگار کے مشتاق ہیں نیت درست اور عزم صحیح کے ساتھ آپکی متابعت اختیار کی ہے ہم ان کے دوست ہوں گے جو آپ سے دوستی رکھیں گے اور ان کے دشمن ہوں گے جو آپ سے دشمنی رکھیں گے۔

ان کے بعد بریر بن خضیر اٹھے عرض کیا خدا کی قسم ہے اے فرزند رسولؐ خدا، حق تعالیٰ نے آپ کے ذریعہ ہم پر احسان کیا ہے کہ آپ کے سامنے جہاد کریں اور اعضا پارہ پارہ ہوں آپ کے جد بزرگوار قیامت میں ہمارے شفیع ہوں۔ بحارالانوار جلد دہم مطبع طہران ۱۸۱۔

بروایت علامہ ابواسحٰق اسفرائنی جو جلدی سے چل رہا تھا وہ دریائے فرات اور امام حسینؑ اور اصحاب حسینؑ کے درمیان حائل ہو گیا۔ لشکر امام حسینؑ اور لشکر کے مابین تین میل بروایتی پانچ میل اور بروایتی ایک فرسخ کا فاصلہ تھا۔ نورالعین ۹۰ بروایت خواجہ اعثم کوفی حضرت کے خیموں کے برابر اپنا خیمہ لگایا، اور عبیداللہ ابن زیاد کو خط لکھ کر حسینؑ کے وارد کربلا ہونے اور قیام کرنے سے مطلع کیا عبیداللہ ابن زیاد نے امام حسینؑ کو خط لکھا کہ اے حسینؑ میں نے سنا ہے کہ آپ نے کربلا کے متصل قیام کیا ہے اور آج ہی یزید کا خط میرے پاس پہنچا ہے اور حکم دیا ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

تک آپ کو واصل جہنم نہ کروں نہ بستر پہ سوؤں اور نہ کھانے کا مزہ چکھوں اور یا آپ اس کی فرمانبرداری اختیار کر کے بیعت کریں۔ والسّلام

جب یہ خط آپ کے پاس پہنچا پڑھ کر ہاتھ سے ڈال دیا، اور فرمایا وہ قوم ہرگز فلاح نہ پائیگی جو مخلوق خدا کی رضامندی کے لیے خالق کی ناراضگی اختیار کرتی ہے عبید اللہ کے قاصد نے خط کا جواب مانگا آپ نے فرمایا اس کا کچھ جواب نہیں قاصد جواب لئے بغیر واپس چلا گیا اور جو کچھ دیکھا اور سُنا تھا ابن زیاد سے بیان کر دیا۔ عبید اللہ ابن زیاد غضبناک ہوا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۶۷ ۔

بروایت سیّد علّامہ ابن طاؤس عبید اللہ ابن زیاد کو قتل حسینؑ کے لئے لشکر فراہم کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی تو اس نے جا بجا بھرتی کا اعلان کر دیا اور امام کے قتل کو عوام کی نگاہ میں اس قدر معمولی کر دکھا کہ رسولؐ اللہ کا کلمہ پڑھنے والوں نے بلا تکلف فرزند رسول کے قتل پر کمر باندھ لی اور آناً فاناً ایک کثیر فوج جمع ہوگئی۔ مقتل لہوف ۵۱ ۔

ابو مخنف کہتے ہیں کہ (کوفہ میں) ابن زیاد نے اپنا لشکر بلایا اور کہا جو شخص امام حسینؑ کا سر میرے پاس لائیگا اسے دس سال کے لئے ملک رے کی حکومت دوں گا عمر سعد نے اس سے کہا کہ اے امیر میں اس امر کے لئے تیار ہوں ابن زیاد نے کہا کہ حسینؑ کے مقابلہ کو روانہ ہو جاؤ اور اُن پر سختی سے پانی روک دو عمر سعد نے کہا اے امیر ایک مہینہ کی مہلت چاہتا ہوں، ابن زیاد نے کہا مہلت تو بالکل نہ دوں گا عمر سعد نے کہا اچھا دس دن کی مہلت عطا ہو ابن زیاد نے یہ بھی منظور نہیں کی۔ مقتل ابی مخنف مطبع النجف ۵۰ ۔

عمر سعد نے کہا مجھے ایک دن کی مہلت دے کہ میں اس امر کو اچھی طرح سوچ لوں ابن زیاد نے اجازت دے دی۔ عمر سعد اسی وقت وہاں سے اُٹھ کر اپنے گھر آیا دوستوں اور عزیزوں سے مشورہ کیا۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۶۷ ۔

Presented by www.ziaraat.com

بروایت لوط بن یحییٰ تمام مہاجرین اور انصار کی اولاد اُس کے پاس آئی اور کہا اے
ابن سعد تیرا باپ تو اسلام لانے والوں میں چھٹا شخص تھا اور بیعت رضوان میں بھی شریک
تھا کیا تو امام حسینؑ سے جنگ کرنے جائیگا۔ مقتل ابی مخنف ۔ ۵۱ ۔

بروایت خواجہ اعثم کوفی حمزہ بن مغیرہ جو اسکی بیوی کا بھائی تھا اس کی طرف مخاطب
ہوکر بولا ہرگز تو حسینؑ علیہ السلام سے لڑنے اور اسے شہید کرنے کا فعل اپنے ذمے نہ
لینا ورنہ تو گناہ عظیم کا مرتکب ہوگا۔ خدا کی قسم اگر دنیا میں تیرے پاس کچھ بھی باقی نہ رہے تو
اس سے بہتر ہے کہ تو آخرت میں حسین علیہ السلام کا خون اپنی گردن پر لے جائے
تاریخ اعثم کوفی ۔ ۳۶۷ ۔

بروایت لوط بن یحییٰ عمر سعد نے جواب دیا کہ میں اپنے ارادہ سے باز نہیں آؤں گا
اور حکومت رے اور قتل حسین علیہ السلام پر برابر غور و خوض کرتا رہا آخر کار امام حسین
سے جنگ کرنے کو ترجیح دی اور کہا خدا کی قسم ہے میری سمجھ میں نہیں آتا اور میں بہت ہی
حیران ہوں اپنے بارے میں دو بڑی باتوں پر غور کر رہا ہوں یا تو ملک رے چھوڑ دوں
حالانکہ اسی کی مجھ کو تمنا ہے یا حسینؑ کو قتل کر کے گنہگار بن جاؤں اور حکومت رے جو
کے خیال سے میری آنکھوں میں ٹھنڈک ہے اللہ تعالیٰ میرا یہ گناہ معاف کر دے گا اگر
یہ گناہ کر کے تمام جن و انس سے بھی زیادہ ظالم کیوں نہ بن جاؤں دنیا ایسی بھلائی ہے
جو فوراً ہی ملتی ہے اور ایسا کوئی عقلمند نہیں جو موجودہ شے کو قرض پر بیچ دے لوگ کہتے ہیں
کہ اللہ جنت جہنم عذاب اور ہتھکڑیوں کا پیدا کرنے والا ہے اگر وہ اپنی باتوں میں سچے ہیں
تو خدائے رحمٰن کے حضور میں ہر طرح توبہ کروں گا اور اگر انہوں نے جھوٹ بولا تو ہم وسیع دنیا اور سجی
آراستہ و پیراستہ رہنے والے ملک پر کامیاب ہو جائیں گے۔ عمر سعد پر خدا کی پھٹکار پڑے۔ ابو مخنف
کہتے ہیں کہ ایک غیبی منادی نے جس کی صورت نظر نہیں آتی تھی اس کے جواب میں کہا:- خبردار
اے ناجائز طریقہ کی پیدائش تیری دوڑ دھوپ ناکام رہے گی اور اصل کا خسارہ اٹھا کر تو دنیا سے

Presented by www.ziaraat.com

اُٹھے گا عنقریب تو ایسے جہنم میں ڈال دیا جائے گا جس کے شعلے کبھی نہیں بجھتے اور تیری ان کوششوں پر ہر شخص انگشت بدنداں رہیگا جس وقت تو حسینؑ ابن فاطمہؑ کو دنیا و آخرت میں سب سے زیادہ شریف سمجھ کر بھی قتل سے باز نہ آئیگا تو اے مخلوق میں سب سے زیادہ خسارہ میں رہنے والے تو اس گمان میں نہ رہنا کہ قتل حسین علیہ السلام کے بعد حکومت رے پر کامیاب ہو جائیگا۔ مقتل ابی مخنف مطبع النجف ۵۱۔

علّامہ طبری نے تاریخ الامم صفحہ ۲۵۳ پر عبدالرحمٰن ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون صفحہ ۱۰۴ پر اور ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار صفحہ ۳۸۴ پر لکھا ہے کہ جب دوسرا دن ہوا تو عمر بن سعد بن ابی وقاص چار ہزار کی سپاہ لئے ہوئے کوفہ سے کربلا وارد ہوا۔ لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۵۱ پر، ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین صفحہ ۲۱ پر اور میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۴۲ پر عمر سعد کے فوجی دستہ کی تعداد چھ ہزار لکھی ہے ملا محمد باقر نے جلاء العیون صفحہ ۳۸۰ پر علّامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۰۸ پر ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۶۹ پر اور علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۵۱ پر عمر سعد کے فوجی دستہ کی تعداد چار ہزار نقل کی ہے۔

بروایت محمد بن جریر طبری جس دن نینوا میں امام حسینؑ اترے اس کے دوسرے دن صبح کو عمر بن سعد آپ کے مقابل میں آکر اترا اور عروۃ بن قیس احمسی کو حکم دیا کہ حسینؑ کے پاس جا کر پوچھے کہ وہ یہاں کیوں آئے ہیں اور کیا ارادہ رکھتے ہیں عروہ ان لوگوں میں سے تھا جنہوں نے آپ کو خط لکھ کر بلایا تھا اسے آپ کے سامنے جاتے ہوئے شرم آئی ابن سعد نے لشکر کے اور رئیسوں سے بھی جنہوں نے آپ کو خط لکھے تھے یہ پیام لے جانے کو کہا سب نے انکار کیا یہ پیغام لے جانا کسی کو گوارا نہ ہوا۔ یہ دیکھ کر کثیر بن عبداللہ شعبی بروایت خواجہ اعثم کوفی عبداللہ سبعی اور بروایت ابو مخنف کثیر بن شہاب اُٹھ کھڑا ہوا جو خاندان جناب رسولؐ خدا کا سخت ترین دشمن تھا اس نے کہا میں

Presented by www.ziaraat.com

حسینؑ کے پاس جاتا ہوں اور تم کہو تو میں امام حسینؑ کا کام تمام کر دوں ابن سعد نے
کہا میں تم کو یہ نہیں کہتا کہ تم ان کو اچانک قتل کرو البتہ ان کے پاس جا کر پوچھو کہ ان کے
آنے کا کیا سبب ہے کثیر یہ پوچھنے کو روانہ ہوا ابو ثمامہ صیداوی نے اسے آتے دیکھ
کر آپ سے عرض کیا اے اباعبداللہ خدا آپ کا بھلا کرے جو شخص آپ کے پاس آرہا
ہے خلائق میں بدترین شخص ہے یہ کہہ کر ابو ثمامہ اُٹھ کھڑے ہوئے اس سے کہا کہ اپنی تلوار
رکھ دے اس نے کہا واللہ یہ نہیں ہوگا اس میں کسی کا لحاظ میں نہیں کروں گا میں فقط
قاصد کی حیثیت سے آیا ہوں تم لوگ میری بات سنو گے تو جو پیغام لے کر آیا ہوں
پہنچا دوں گا اگر نہیں سنتے تو واپس چلا جاتا ہوں ابو ثمامہ نے کہا میں تیری تلوار کے
قبضہ پہ ہاتھ رکھ کر چلوں گا یہاں تک کہ تو امام کی خدمت میں اپنا پیغام سنا دے
اس ملعون نے یہ بھی قبول نہ کیا ابو ثمامہ نے کہا اچھا جو کچھ تجھے کہنا ہے کہہ دے میں
جا کر عرض کر دوں گا تجھے قریب نہ جانے دوں گا تو ایک بدکار شخص ہے۔ وہ واپس
چلا گیا حقیقتِ حال کو عمر بن سعد سے بیان کر دیا۔ ابن سعد نے اب قرۃ بن قیس حنظلی
بلا کر کہا۔ قرۃ تم ذرا حسینؑ سے مل کر پوچھو کہ وہ کیوں آئے ہیں اور کیا ارادہ رکھتے ہیں قرۃ
وہاں سے چلا کہ آپ کی زیارت کرے آپ نے جب اسے آتا ہوا دیکھا تو انصار سے
پوچھا اس شخص کو تم جانتے ہو حبیب ابن مظاہر نے کہا ہاں میں پہچانتا ہوں یہ بنی حنظلہ
سے ہے اور تمیمی ہے ہماری بہن کا بیٹا ہے میں تو اس کو خوش عقیدہ سمجھتا تھا میں جانتا
تھا کہ ان لوگوں کے ساتھ نہ آئے گا اتنے میں قرۃ آ پہنچا۔ آپ کو سلام کیا اور ابن
سعد کا پیغام پہنچایا آپ نے جواب دیا کہ تمہارے شہر والوں نے مجھے لکھا کہ آپ
یہاں تشریف لے آئیں اب میرا آنا انہیں ناگوار ہے تو میں واپس چلا جاؤں۔ حبیب
بن مظاہر نے اس سے کہا اے قرۃ کیا تو ان ظالموں میں پھر واپس جاتا ہے تجھے چاہیے
کہ تو امام حسینؑ کی نصرت کرے جن کے بزرگوں کی بدولت خدا نے تجھے اور ہمیں کرامت

Presented by www.ziaraat.com

فرمائی ہے قرہ نے کہا میں جس کے ساتھ ہوں اس کے پیغام کا جواب اسے پہنچا نے
کو واپس جاؤں گا اور پھر جیسی میری رائے ہو گی وہ کروں گا یہ کہہ کر قاصد ابن سعد کے پاس
گیا اور سب حال بیان کر دیا ابن سعد نے کہا امید تو ہوتی ہے کہ خدا مجھ کو ان سے لڑنے
اور ان کے ساتھ کشت و خون کرنے سے محفوظ رکھے گا اور ابن زیاد کو یہ خط لکھا۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں یہاں جب آ کر حسینؑ کے مقابل اترا تو ایک قاصد کو ان کے
پاس بھیجا ان سے میں نے پوچھا کہ آنے کا کیا سبب ہوا اور وہ کیا چاہتے ہیں کس چیز
کے طلب گار ہیں۔ انہوں نے اس کا جواب دیا کہ اس شہر کے لوگوں نے مجھے خط لکھے
میرے پاس ان کے قاصد آئے اور اس بات کے خواستگار ہوئے کہ میں یہاں آؤں۔
تو میں یہاں چلا آیا۔ اب میرا آنا اگر ان کو ناگوار ہے اور قاصدوں سے جو کچھ انہوں
نے کہلا بھیجا تھا۔ اب اس کے خلاف ان کی رائے ہو گئی ہے۔ تو میں واپس
چلا جاؤں گا۔ تاریخ طبری ۶ - ۲۵۵ -

بروایت علامہ مجلسی باسناد شیخ مفید حسان بن قائد عبسی نے کہا جس وقت
یہ خط ابن زیاد کے پاس پہنچا میں اس وقت اس کے پاس بیٹھا تھا جب اس نے
خط پڑھا کہنے لگا حسینؑ ہمارے قبضہ میں آ چکے ہیں تو امید نجات رکھتے ہیں ہرگز
رہائی نہ پائیں گے۔ اس کے بعد عمر سعد کو یہ جواب تحریر کیا تیرا خط پہنچا اور میں حقیقت
حال سے آگاہ ہوا پس تو حسینؑ سے کہہ دے کہ وہ اور ان کے اصحاب بیعت
یزید کریں اس کے بعد جو میری رائے میں آئیگا کروں گا جب خط کا یہ جواب عمر بن سعد
کو پہنچا تو اس نے کہا کہ مجھے اندیشہ ہے کہ ابن زیاد صلح نہیں چاہتا ہے۔

بروایت علامہ مجلسی علیہ الرحمۃ محمد بن ابی طالب نے کہا جو کچھ ابن زیاد نے
لکھا تھا عمر سعد نے حضرت سے نہ کہا کیونکہ وہ جانتا تھا کہ حضرت امام حسینؑ ہرگز بیعت
یزید نہیں کریں گے پھر ابن زیاد نے جامع مسجد کوفہ میں لوگوں کو جمع کیا اور منبر پر جا کر کہا۔

Presented by www.ziaraat.com

بحارالانوار جلد دہم مطبع طہران ۳۸۵ -

ایہا الناس تم نے ابوسفیان کا امتحان کیا ہے کہ دوستوں سے کس قدر نوازشہائے بیشمار کرتے ہیں ان کی رعایا پروری تمہیں معلوم ہے مجھے انہوں نے حکم دیا ہے کہ تمہارے وظائف کو مضاعف کردوں اور تم کو انعامات واکرامات کثیر سے سرفراز کروں بشرطیکہ ان کے دشمن امام حسینؑ سے جنگ کرو لازم ہے کہ حکم امیر قبول کرو اور انعامات و نوازشات فراوان کے امید وار ہو یہ کہہ کر وہ شقی منبر سے اترا اور کسی قدر مال تقسیم کرنا شروع کیا اور لوگوں کو ترغیب دی کہ امداد عمر بن سعد کو روانہ ہوں اکثر بے دنیاں غداران نے دین کو دنیا سے بیچ ڈالا اور آمادہ قتل امام حسینؑ ہونے - جلاء العیون مطبع طہران ۳۸۲ -

بروایت خواجہ اعثم کوفی و ملا محمد باقر مجلسی جو شخص سب سے پہلے حضرت امام حسینؑ سے لڑنے کے لئے گیا وہ شمر ذی الجوشن تھا جو چار ہزار سوار لیکر عمر سعد سے جا ملا اب اس کے پاس ۹ ہزار سپاہ ہوگئی - یزید بن رکاب کلبی دو ہزار جمعیت لیکر پہنچا اس کے پیچھے ہی پیچھے ایک سردار حصین بن نمیر شکوفی چار ہزار آدمی لیکر پہنچا مصابرین مزنیہ مازنی تین ہزار اور نصر بن فلاں دو ہزار کی جمعیت سے عمر سعد سے جا ملا پھر اور سردار یکے بعد دیگرے پہنچے پھر شبیث بن ربعی ایک ہزار سواروں کے ساتھ چل کر عمر سعد سے جا ملا- اور عبید اللہ بن زیاد نے ایک ہزار سوار فراہم کر کے حجار بن حر کو ان کا امیر مقرر کیا اور حکم روانگی دے دیا- الغرض عمر بن سعد کی فوج میں بائیس ہزار اور پیدل ہو گئے - تاریخ اعثم کوفی ۳۶۹ -

بروایت سید علامہ ابن طاؤس ۶ محرم تک عمر سعد کی کل فوج شمار میں تیس ہزار تک پہنچ گئی تو بھرتی بند ہو گئی - مقتل لہوف ۵۱ -

بروایت محمد تقی علمائے تاریخ اور محقق مورخین نے ان فوجوں کی تعداد میں جو امام حسینؑ سے جنگ کرنے کے لئے جمع ہوئی تھیں اختلاف کیا ہے ان جملہ تعدادوں کو جو

Presented by www.ziaraat.com

بندہ نے یاد کی ہیں اور عمر سعد کے ساتھ جو لشکر شمار میں لایا ہے وہ ترپن ہزار افراد ہیں فاضل مجلسی نے ان سپہ سالاروں کو جن کو نام بنام ذکر کیا ہے اور ہر ایک کے لشکر کو شمار کیا ہے تو بیس ہزار افراد لکھے ہیں اس وقت لکھتے ہیں کہ ابن زیاد کا لشکر کربلا میں تیس ہزار تھا ابن شہر آشوب نے ابن زیاد کے لشکر کی تعداد پینتیس[۳۵] ہزار شمار کی ہے ابن جوزی نے تذکرہ خواص الامہ فی معرفت الائمۃ میں چھ ہزار نفوس لکھے ہیں یافعی نے اپنی تاریخ میں بائیس ہزار افراد معلوم کئے ہیں، شرح شافیہ میں پچاس ہزار سوار مرقوم ہیں۔ مطالب السئول میں بائیس ہزار افراد منقول ہیں حاصل کلام یہ ہے کہ ابن زیاد کی فوج کی تعداد میں مورخین نے اختلاف کیا ہے مورخین کی ایک جماعت نے ایک لاکھ بائیس ہزار سے آٹھ لاکھ تک تعداد بیان کی ہے جس کی تفصیل بیان کرنا باعث طوالت ہے۔

لیکن امام حسینؑ کے وہ اصحاب جو فاضل مجلسی نے لکھے ہیں چالیس پیادے اور بتیس[۳۲] سوار تھے محمد بن ابی طالب کی تحقیق کے مطابق بتیس[۳۲] سوار اور بیاسی[۸۲] پیادے تھے محمد بن علی بن حسین علیہم السّلام سے روایت کی گئی ہے کہ امام حسینؑ کی فوج تینتس[۳۳] سوار اور چالیس پیادہ لکھی ہے علاّمہ سبط ابن جوزی نے تذکرہ خواص الامہ میں لکھا ہے کہ حضرت امام حسینؑ کی فوج ستّر سوار اور ایک سو پیادہ تھی بعض مورخین نے تیس سوار اور ایک سو پیادے بھی بیان کئے ہیں شرح شافیہ ابی فراس فی مناقب آل رسولؐ و مثالب بنی عباس میں منقول ہے کہ امام حسینؑ کی فوج ہزار آدمیوں پر مشتمل تھی علاّمہ مسعودی مروج الذہب میں لکھتا ہے کہ ایک ہزار سوار اور ایک سو پیادے امام حسینؑ کے ہمراہ جہاد کر کے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے عبداللہ بن نوراللہ نے کتاب عوالم جلد سترویں میں بتیس سوار اور چالیس پیادے لکھے ہیں عبداللہ بن محمد رضا الحسینیؒ نے اپنی کتاب میں جس کا نام بھی جلاء العیون ہے بتیس سوار اور چالیس پیادے بیان کئے ہیں محبوس منندری نے بھی کتاب زبدۃ الفکر فی تاریخ الہجرۃ میں امام حسینؑ فوج بتیس[۳۲] سوار اور چالیس پیادے

Presented by www.ziaraat.com

لکھی ہے تاریخ مرات الجنان میں یافعی کے علم میں امام حسینؑ کی سوار اور پیادہ فوج بیاسی تھی طبری نے اپنی تاریخ میں امام حسینؑ کی فوج چالیس سوار اور ایک سو پیادہ لکھی ہے اور تاریخ معینی میں مرقوم ہے کہ اولاد علی علیہ السلام سے سات اور حسینؑ بن علیؑ کی اولاد سے تین اور اصحاب امام حسینؑ سے ستاسی جوان شہید ہوئے۔ تاریخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران ۴ - ۲۳۳ -

بروایت ملا محمد باقر مجلسی حبیب ابن مظاہر نے جب کثرت لشکر مخالف ملاحظہ کی تو حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں آکر عرض کیا یا بن رسولؐ اللہ! قبیلہ بنی اسد یہاں سے نزدیک ہے اگر اجازت ہو تو میں جاکر آپ کی نصرت و امداد پر اسے دعوت دوں شاید حق تعالیٰ ان کی نصرت سے آپ سے ضرر کو دور کر دے امام حسینؑ نے حبیب کو رخصت دے دی حبیب رات کو اس قبیلہ میں گئے۔ لوگوں نے آپ کو پہچانا پوچھا کیا امر باعث ہوا جو اس شب تاریک میں یہاں آئے ہو حبیب نے کہا میں تمہارے لئے وہ خوشخبری لایا ہوں کہ کوئی شخص اپنی قوم کے لئے ایسی خوشخبری نہ لایا ہوگا۔ میں آیا ہوں کہ تمہیں نصرت فرزند رسولؐ خدا پر دعوت دوں آگاہ ہو کہ حضرت مع جماعت مومنین یہاں وارد ہوئے ہیں ان کی جماعت کا ہر شخص شجاعت و مردانگی اور سعادت میں ہزار مرد سے بہتر ہے۔ ان سب نے مصمم ارادہ کیا ہے کہ نصرت امام حسینؑ سے دستبردار نہ ہوں گے جب تک کہ اپنی جان فرزند رسولؐ پر نثار نہ کریں اور عمر سعد نے حکومت رَے کے لالچ سے ہر طرف سے حضرت کو گھیر لیا ہے تم میرے ہم قوم و قبیلہ ہو تم کو نصیحت کرتا ہوں کہ میری دعوت نصرت امام حسینؑ قبول کرو، تاکہ دنیا و آخرت میں کامیاب رہو۔ قسم بخدا کوئی شخص تم سے نصرت حسینؑ میں قتل نہ ہوگا۔ مگر برفاقت رسولؐ مقام اعلیٰ علیین پر فائز ہوگا۔ جب حبیب نے ان کو مواعظ شافیہ سے مائل کیا اس وقت ان میں سے

Presented by www.ziaraat.com

عبداللہ ابن بشیر نے اٹھ کر حبیب سے کہا تم گواہ رہو جس نے سب سے پہلے اس دعوت کو قبول کیا وہ میں ہوں اس کے بعد رجز پڑھنا شروع کیا جب بنی اسد کے لوگوں نے عبداللہ کی ہمت وجرأت کا مشاہدہ کیا تو ہر شخص فرزند رسول کی نصرت میں دوسرے پر سبقت کرنے لگا یہاں تک کہ حبیب ابن مظاہر نوے آدمی بنی اسد کے ہمراہ لیکر لشکر حسینؑ کی طرف روانہ ہوئے اس اثنا میں ایک منافق قبیلہ نے یہ خبر عمر سعد کو پہنچائی اس نے چار سو سوار ارزق شامی کے ہمراہ کر کے ان کے روکنے کو بھیجا ابھی حبیب ابن مظاہر لشکر حضرت میں نہ پہنچے تھے کہ لشکر عمر سعد راہ روک کر کھڑا ہو گیا اور دریائے فرات کے کنارے لڑنے کا ارادہ کیا اس وقت حبیب نے آواز دی اے ارزق ! وائے ہو تجھ پر اپنے لشکر میں پھر جا ہم کو چھوڑ دے تاکہ اپنے امام کی خدمت میں جائیں اس ملعون نے قبول نہ کیا۔ جب بنی اسد تاب مقاومت ان سے نہ لا سکے ناچار اپنے قبیلہ کو پھر گئے حبیب ابن مظاہر نے امام کی خدمت میں آ کر سب احوال عرض کیا۔ حضرت امام حسینؑ علیہ السلام نے فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ۔ بحار الانوار جلد دہم مطبع طہران ۷۔ ۳۸۶۔

بروایت علامہ طبری ایک اور خط ابن زیاد کا ابن سعد کو آیا۔ اس میں یہ مضمون تھا کہ نہر اور حسینؑ کے درمیان حائل ہو جا ایک بوند پانی وہ لوگ نہ پی سکیں اس خط کو دیکھ کر ابن سعد نے عمرو بن حجاج کو پانچ سو سواروں کا رئیس مقرر کر کے روانہ کیا یہ لوگ نہر فرات پہ جا کر ٹھہرے اور نہر اور حسینؑ واصحاب حسینؑ کے درمیان یہ سب حائل ہو گئے کہ وہ بوند بھر پانی اس سے نہ پینے پائیں یہ واقعہ آپ کے شہید ہونے سے تین دن پہلے کا ہے۔

آپ کے سامنے آ کر عبداللہ بن ابی حصین ازدی جو قبیلہ بجیلہ میں شمار ہوتا تھا باواز بلند پکارا اے حسینؑ ذرا پانی کی طرف دیکھو کیسا آسمانی رنگ اس کا بھلا معلوم

Presented by www.ziaraat.com

ہوتا ہے واللہ تم پیاس سے مر جاؤ گے پانی کا ایک قطرہ بھی تم کو نہ ملے گا امام حسینؑ
نے یہ سُن کر کہا خداوندا اس شخص کو پیاس کی ایذا دے کر ہلاک کر اور کبھی اس کی مغفرت
نہ ہو۔ حمید بن مسلم نے کہا اس کے بعد میں اس کی بیماری میں اس کی عیادت کو گیا تھا قسم ہے
اس خدائے وحدہٗ لاشریک کی میں نے اسے دیکھا کہ پانی پیتا ہے اور پیاس پیاس
کہے جاتا ہے، پھر قے کر دیتا ہے، پھر پیتا ہے اور پھر پیاسا ہو جاتا ہے پیاس
نہیں بجھتی، اس کی یہی حالت یکساں رہی یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ تاریخ طبری
حصّہ چہارم ۷ - ۲۵۶۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی جب پیاس نے اصحاب امام حسینؑ پر غلبہ کیا تو انہوں
نے حضرت کی خدمت میں پیاس کی شکایت کی، حضرتؑ نے ایک بیلچہ دست مبارک
میں لیا اور خیمہ حرم محترم کے پیچھے تشریف لائے اور پشت خیمہ سے نو قدم بروایت
خواجہ اعثم کوفی انیس قدم سمت قبلہ چلے اور وہاں بیلچہ زمین پر مارا حضرت کے اعجاز
سے میٹھے پانی کا ایک چشمہ ظاہر ہوا امام حسینؑ اور آپ کے اصحاب نے پانی پیا اور
مشکیں وغیرہ بھر لیں پھر وہ چشمہ غائب ہو گیا اور اس کا اثر بھی کسی نے نہ دیکھا، عبید اللہ
ابن زیاد نے جب یہ خبر سُنی تو عمر بن سعد کو ایک خط بھیجا جس میں لکھا تھا کہ میں نے
سُنا ہے کہ امام حسینؑ، کنواں کھود کر پانی نکالتے ہیں جب میرا خط تجھے پہنچے اسی وقت
سے امام حسینؑ اور اصحاب امام حسینؑ پر سختی کرو اور ہرگز ایک قطرہ پانی کا نہ پینے دے
یہاں تک کہ وہ قتل ہو جائیں اس خط کے آنے کے بعد جب عمر سعد نے امام حسینؑ اور
اہل بیت پر سختی کی اور پیاس نے ان پر غلبہ کیا تو امام حسینؑ نے اپنے بھائی جناب عباس
کو بلایا اور تیس سوار اور بیس پیادے ان کے ہمراہ کر کے بیس مشکیں ان کو دیں کہ
دریائے فرات سے بھر لائیں جب کنارہ فرات پر پہنچے تو عمرو بن حجاج نے پوچھا
تم کون ہو اصحاب امام حسینؑ میں سے ہلال ابن نافع نے کہا میں تیرا چچا زاد

Presented by www.ziaraat.com

بھائی ہوں پانی پینے آیا ہوں اس نے جواب دیا اے ہلال اگر تم کو گوارا ہو تو پانی پی لو ہلال نے کہا تجھ پر افسوس ہے میں کس طرح پانی پیوں حالانکہ اہلبیت نبوت اور جگر گوشگان رسولؐ خدا پیاسے ہیں اس ملعون نے کہا یہ سچ ہے لیکن جو مجھے حکم دیا گیا ہے اس کی میں تعمیل کروں گا یہ سُن کر ہلال نے اپنے اصحاب کو آواز دی کہ جلد پانی بھر لو حجاج نے اپنے لشکر سے کہا پانی نہ بھرنے دو قریب تھا کہ آتش حرب و ضرب مشتعل ہو مگر اصحاب امام حسینؑ نے جلدی سے مشکیں بھر لیں اور روانہ ہوئے اور انہیں آسیب وگزند نہ پہنچا اس وجہ سے حضرت عباس علیہ السّلام کو سقّہ اہل بیت کہتے ہیں۔

جلاء العیون ۳ - ۲۸۲ -

بروایت علامہ طبری امام حسینؑ نے عمرو بن قرظہ بن کعب انصاری کو عمر بن سعد کے پاس بھیجا کہ آج رات کو میرے اور آپ کے لشکروں کے درمیان مجھ سے ملاقات کر عمر بن سعد بیس سوار ساتھ لیکر لشکر سے نکلا آپ بھی بیس سوار ساتھ لیکر روانہ ہوئے جب ملاقات ہوئی تو آپ نے انصار سے کہا کہ آپ سب یہاں سے چلے جائیں۔ عمر ابن سعد نے بھی اپنے ہمراہیوں سے ہٹ جانے کو کہا۔ سب وہاں سے دور ہٹ گئے۔ جہاں نہ آواز سنائی دیتی تھی نہ کوئی بات۔ جناب امام حسینؑ اور عمر بن سعد کی باتوں میں طول ہوا کہ کچھ رات گزر گئی پھر امام حسینؑ اور عمر سعد اپنے اپنے لشکر میں واپس چلے گئے لوگوں نے اپنے وہم و گمان سے کہنا شروع کیا کہ امام حسینؑ نے ابن سعد سے کہا تو میرے ساتھ یزید کے پاس چل دونوں لشکروں کو ہم یہیں چھوڑ دیں ابن سعد نے کہا میرا گھر کھود ڈالا جائیگا۔ آپ نے فرمایا میں بنوا دوں گا، اس نے کہا میری جاگیریں چھین لی جائیں گی آپ نے فرمایا اس سے بہتر میں تجھے اپنے مال میں سے دوں گا جو حجاز میں ہے، عمر ابن سعد نے اسے گوارا نہ کیا لوگوں میں اسی بات کا چرچا تھا بغیر اس کے کہ کچھ سنا ہو یا کچھ جانتے ہوں ایک دوسرے سے یہی ذکر کرتا تھا لیکن

Presented by www.ziaraat.com

بعض لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے کہا تین باتوں میں سے ایک بات میرے لیئے اختیار کرو یا تو یہ کہ جہاں سے میں آیا ہوں وہیں چلا جاؤں یا یہ کہ میں اپنا ہاتھ یزید کے ہاتھ میں دے دوں وہ اپنے اور میرے درمیان جو فیصلہ چاہے کرے یا یہ کرو کہ مملکت اسلام کی سرحدوں میں سے کسی سرحد پر مجھے روانہ کر دو میں ان لوگوں کا ایک شخص بن کر رہوں گا میرا نفع ونقصان ان کے نفع ونقصان کے ضمن میں ہوگا یہ بھی روایت ہے کہ آپ نے یہ بات ہرگز نہیں کہی جیسا کہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ اپنا ہاتھ یزید کے ہاتھ میں دے دیں گے، یا یہ کہ کسی سرحد کی طرف بلاد اسلام کی مجھے روانہ کر دو۔ تاریخ طبری ۲۵۸۔

بحار الانوار جلد دہم مطبع طہران صفحہ ۲۹۰ کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ عقبہ بن سمعان نے کہا میں مدینہ سے عراق تک امام حسینؑ کے ہمرکاب رہا یہاں تک کہ امام حسینؑ درجہ شہادت پر فائز ہوئے خدا کی قسم ہے میں نے حضرت کو اسی قسم کی کوئی بات کہتے ہوئے نہیں سنا۔

یہ روایت علامہ طبری بلکہ آپ نے یہ فرمایا کہ مجھے اس وسیع وعریض زمین میں کسی طرف جانے دو میں دیکھوں کہ کیا انجام ہوتا ہے ابن سعد سے آپ نے تین یا چار ملاقاتیں کیں عمر ابن سعد نے ابن زیاد کو اس قسم کا خط لکھا ابن زیاد نے خط پڑھ کر کہا ایسے شخص کا یہ خط ہے جو اپنے امیر کا خیر خواہ اپنی قوم کا شفیق ہے، اچھا میں نے قبول کیا۔ یہ سن کر شمر ذی الجوشن اٹھ کھڑا ہوا کیا یہ بات ان کی تو قبول کرتا ہے وہ تیری زمین پر اترے ہوئے ہیں تیرے پہلو میں موجود ہیں اگر وہ تیری اطاعت کیئے بغیر تیرے شہر سے چلے گئے تو قوت وغلبہ ان کو اور عاجزی وکمزوری تیرے لئے ہے یہ موقع ان کو نہ دینا چاہیئے اس میں تیرے لئے ذلت ہے ہونا یہ چاہیئے کہ وہ اور ان کے انصار سب تیرے حکم پر سر جھکا دیں اگر تو سزا دے تو تجھے سزا دینے کا حق

Presented by www.ziaraat.com

ہے اگر معاف کر دے تو تجھے اختیار ہے واللہ میں تو یہ سنتا ہوں کہ حسینؑ اور ابن سعد دونوں لشکروں کے درمیان رات بھر بیٹھے ہوئے باتیں کیا کرتے ہیں ابن زیاد نے کہا تو نے کیا اچھی رائے دی ہے رائے ہے تو بس یہی ہے۔ تاریخ طبری ۹-۲۵۸-

بروایت شیخ مفید، عبید اللہ بن زیاد نے شمر سے کہا کہ یہ خط عمر بن سعد کے پاس لے جا اسے چاہیئے کہ حسینؑ اور ان کے اصحاب سے عرض کرے کہ وہ میرے حکم پر سر جھکا دیں اور اگر وہ قبول کریں تو ان کو اطاعت گزاروں کی طرح میرے پاس بھیج دے اور اگر وہ انکار کریں تو ان سے جنگ کرے اگر عمر بن سعد اس حکم کے مطابق عمل کرے تو اس کا تابع اور مطیع رہ اور اگر وہ حسینؑ اور اس کے اصحاب سے جنگ کرنے سے انکار کرے تو تم ہی امیر لشکر ہو اور عمر بن سعد کا سر کاٹ کر میرے پاس بھیج دے اور عمر بن سعد کو خط لکھا:۔

میں نے تجھے حسین علیہ السلام کے پاس اس لئے نہیں بھیجا کہ تو حسینؑ سے جنگ کرنے سے باز رہے اور ان سے مقابلہ نہ کرے اور نہ اس لئے کہ تو اس کے لئے سلامتی اور زندگی کی آرزو کرے کہ تو اس کے عذر کو قبول کرنے کے لئے کہے اور نہ اس لئے کہ تو میرے سامنے ان کا سفارشی بن بیٹھے دیکھ اگر حسینؑ اور ان کے اصحاب میرے حکم پر سر جھکا دیں تو ان کو میرے پاس اطاعت گزاروں کی طرح بھیج دے اور اگر وہ نہ مانیں تو ان پر لشکر کشی کر یہاں تک کہ تم ان سب کو قتل کر کے ان کے اعضاء بریدہ کر ڈالو وہ سب اس کے لائق ہیں جب حسینؑ قتل ہو جائیں تو ان کے سینہ اور پشت پر سواروں کو دوڑا دے کیونکہ وہ سرکش اور ستم گار ہیں میرے دل کی یہ بات نہیں کہ ان کے مرنے کے بعد انہیں کچھ ایذا پہنچے گی لیکن جب میں نے اپنے آپ سے کہا ہے کہ اگر میں انہیں قتل کرتا تو ان کے ساتھ یہی سلوک کرتا اگر ان کے بارے میں تو ہمارے حکم کو جاری کرے گا تو ہم تجھے وہ عوض دیں گے جو ایک فرمانبردار اور اطاعت گزار

Presented by www.ziaraat.com

کو ملنا چاہئیے اور اگر تجھے منظور نہیں ہے تو ہماری خدمت اور لشکر سے علیحدہ ہو جا اور لشکر کو شمر پر چھوڑ دے ہم نے اسے اپنے احکام بتا دئیے ہیں۔ والسلام۔

جب شمر ابن زیاد کا خط لیکر عمر بن سعد کے پاس آیا اور اس نے خط پڑھا تو عمر بن سعد نے شمر سے کہا وائے ہو تجھ پر تو نے کیا حرکت کی خدا تیری ہمسائیگی سے بچائے خدا تجھے غارت کرے یہ کیا تو میرے پاس لیکر آیا ہے واللہ میرا خیال ہے کہ تو نے ہی اس کو میری تحریر ماننے سے پھیر دیا۔ ہے جس معاملہ میں اصلاح کی ہم کو امید تھی تو نے اسے بگاڑ دیا واللہ حسینؑ گردن جھکانے والے نہیں ہیں تحقیق اس کے والد کا دل اس کے پہلو میں موجود ہے شمر نے کہا یہ تو بتا تیرا کیا ارادہ ہے کیا تو اپنے امیر کے حکم پر چلے گا اور اس کے دشمن کو قتل کرے گا یا نہیں تو لشکر کو مجھ پر چھوڑ دے عمر بن سعد نے کہا نہیں میں لشکر کی سرداری تجھ پر نہیں چھوڑتا۔ اور میں خود یہ کام کروں گا اور تو پیادہ فوج کا سپہ سالار بن جا اور عمر بن سعد محرم کی نویں تاریخ خمیس کے دن شام کے وقت حسینؑ سے لڑنے کے لئے روانہ ہوا شمر آ کر اصحابِ حسین کے سامنے کھڑا ہوا اور کہا ہماری بہن کے بیٹے کہاں ہیں یہ سن کر عباس عبداللہ جعفر اور عثمان فرزندان علیؑ بن ابیطالب جو ام البنین بنت حزام کے بطن سے تھے، اس کے پاس آئے اور کہا تجھے کیا کام ہے شمر نے کہا میری بہن کے فرزند تمہارے لئے امان ہے ان نوجوانوں نے فرمایا تجھ پر اور تیری امان پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو تو ہم کو امان دیتا ہے اور رسولؐ اللہ کے فرزند کے لئے امان نہیں ہے۔ کتاب الارشاد جلد دوم مطبع طہران ۹۰-۹۱

لیکن علامہ طبری نے تاریخ طبری صفحہ ۲۶۰ پر حضرت عباس، حضرت عبداللہ حضرت جعفر اور حضرت عثمان فرزندان حضرت علی علیہ السلام کے ماموں کا نام عبداللہ بن ابی محل بن حزام لکھا ہے جس نے امان نامہ اپنے ایک آزاد غلام

Presented by www.ziaraat.com

کرمان کے ہاتھ اپنی پھوپھی ام البنین کے فرزندوں کی خدمت میں بھجوایا تھا حواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۱۷۳ پر اس کا نام عبیداللہ بن محل عامری درج کیا ہے جس نے اپنے ایک غلام عرفان کو امان نامہ دیکر اپنے چچا کی لڑکی ام لبنین کے فرزندوں کے پاس بھیجا تھا اور میرزا محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۴۳ پر مذکورہ فرزندان جناب امیر علیہ السلام کے ماموں کا نام جریر بن عبداللہ بن مخلد کلابی لکھا ہے جس نے عبیداللہ بن زیاد سے امان نامہ حاصل کرکے اپنے چچا کی لڑکی ام البنین کے فرزندوں کی طرف اپنے غلام عرفان کی معرفت بھیجا تھا۔

بروایت علامہ ابن شہر اشوب و شیخ مفید نویں محرم کو عمر بن سعد نے ندا کی اے لشکر خدا سوار ہو جاؤ اور تمہیں بہشت کی خوشخبری ہو پس عمر بن سعد کا لشکر عصر کے بعد امام حسینؑ اور آپ کے اصحاب کی طرف روانہ ہوا اس وقت امام حسینؑ اپنے خیمے کے سامنے اپنی تلوار پہ سہارا لیے ہوئے اور اپنے زانوں پر سر رکھے بیٹھے ہوئے تھے جب آپ کی بہن جناب زینب عالیہ نے شور وغل سنا تو آپ اپنے بھائی کے پاس آئیں اور کہا اے میرے بھائی! کیا آپ نہیں سنتے ہیں کہ اشقیا کی آوازیں قریب پہنچ گئی ہیں امام حسینؑ نے سر اٹھا کر فرمایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابھی خواب میں دیکھا ہے انہوں نے مجھ سے فرمایا تم عنقریب ہمارے پاس پہنچ جاؤ گے آپ کی بہن نے اپنا منہ پیٹ کر فریاد کی آپ نے اپنی بہن سے کہا خدا تم پر رحم کرے، خاموش رہو پھر حضرت عباسؑ نے آپ کی خدمت میں عرض کیا اے بھائی! لشکر مخالف قریب پہنچ گیا ہے پس حضرت نے اپنی جگہ سے اٹھ کر عباسؑ سے فرمایا اے بھائی! آپ گھوڑے پر سوار ہو کر اشقیاء کے پاس جائیں اور پوچھیں کہ تم کو کیا کام ہے تم کیا چاہتے ہو اور ان سے ان کے آنے کا سبب پوچھیں حضرت عباسؑ بیس سوار لیکر جن میں زہیر بن قین

Presented by www.ziaraat.com

اور حبیب ابن مظاہر بھی تھے لشکر مخالف کے پاس آئے اور ان سے دریافت کیا کہ تم کیا چاہتے ہو اور تمہارا کیا ارادہ ہے ان لوگوں نے جواب دیا کہ ہمیں امیر کا حکم پہنچا ہے کہ ہم آپ پر اطاعت یزید پیش کریں، ورنہ ہم آپ سے جنگ کریں حضرت عباس نے فرمایا تم جلدی نہ کرو میں امام حسینؑ کے پاس جاتا ہوں اور وہ چیز پیشِ خدمت کرتا ہوں جو تم نے پیش کی ہے وہ لوگ ٹھہر گئے اور کہنے لگے امام حسینؑ کے پاس جا کر ان کو اطلاع دے دیں پھر ہمارے پاس آ کر بیان کریں کہ وہ آپ سے کیا فرماتے ہیں پھر حضرت عباسؑ گھوڑا دوڑا کر امام حسینؑ کے پاس واپس آئے تاکہ آپ کو خبر سنائیں اور ان کے سب انصار ان لوگوں سے گفتگو کرنے ان کو وعظ و نصیحت کرنے اور ان کو امام حسینؑ سے جنگ کرنے سے روکنے کے لیے ٹھہرے رہے حضرت عباس نے امام حسینؑ کی خدمت میں آ کر لشکر مخالف کا پیغام عرض کیا امام حسینؑ نے فرمایا لشکر مخالف کے پاس آپ لوٹ جائیں اگر ہو سکے تو کل تک ان سے مہلت طلب کریں اور آج کی رات ان کو ہم سے دور کر دیں تاکہ اس رات ہم پروردگار کی عبادت کریں اور تمام رات نماز دعا، استغفار اور تلاوت قرآن میں بسر کریں کیونکہ خدائے تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اسکی نماز، اس کی کتاب کی تلاوت، دعا اور استغفار کا کثرت سے ہمیشہ مشتاق رہا ہوں پس حضرت عباسؑ لشکر مخالف کے پاس تشریف لے گئے اور عمر بن سعد کے ایلچی کے ساتھ واپس تشریف لے آئے عمر بن سعد کے ایلچی نے کہا ہم نے آپ کو کل تک مہلت دی ہے اگر آپ نے اطاعت کر لی تو ہم آپ کو عبیداللہ ابن زیاد کے پاس لے جائیں گے اور اگر آپ نے انکار کیا تو ہم آپ کو نہیں چھوڑیں گے یہ عرض کر کے ایلچی واپس چلا گیا۔

حضرت امام حسینؑ نے شام کے قریب اپنے اصحاب کو جمع کیا علیؑ بن حسینؑ زین العابدینؑ

Presented by www.ziaraat.com

نے فرمایا یہ دیکھ کر میں امام حسینؑ کے پاس چلا گیا کہ سُنوں وہ اپنے اصحاب سے کیا فرماتے ہیں اور ناگہانی طور پر اس وقت بیمار تھا میں نے اپنے والد کو اپنے اصحاب سے فرماتے ہوئے سُنا، میں اللہ تعالیٰ کی بہترین ثنا کرتا ہوں، اور ہر راحت و مصیبت میں اس کی حمد کرتا ہوں اے اللہ تعالیٰ میں تیری اس بات پر حمد کرتا ہوں کہ تو نے ہمیں نبوّت سے مکرم اور تو نے ہمیں قرآن کی تعلیم دی، علم دین عطا کیا ہمیں گوشہائے شنوا اور چشم ہائے بینا اور دل ہائے با نور وضیاء عطا فرمائے پس ہمیں شکر گزاروں میں محسوب فرما، ما بعد میں نہیں جانتا کہ کسی کے اصحاب میرے اصحاب سے زیادہ وفادار اور بہتر ہوں اور نہ کسی کے اہلبیت میرے اہلبیت سے زیادہ اطاعت گزار اور حق شناس ہیں پس خدا تمہیں میری جانب سے جزائے خیر عطا فرمائے۔ آگاہ ہو بیشک میں گمان نہیں کرتا کہ لشکر مخالف کے ہاتھ سے بچ سکوں۔ کتاب الارشاد حصّہ دوم ۹۲ تا ۹۴۔

بروایت خواجہ اعثم کوفی تم نے میرے حق میں ذرا بھر کمی نہیں کی ہے میں تمہاری بہتری اور بھلائی اس بات میں سمجھتا ہوں کہ جب رات ہو جائے تو تم میں سے ہر ایک شخص میرے بھائیوں اور فرزندوں میں سے ایک ایک کا ہاتھ پکڑ کر جس طرف چاہے چلا جائے کیونکہ جہاں کہیں تم جاؤ گے لوگ اچھی طرح پیش آئیں گے۔ کوئی شخص تم سے تعرض نہیں کریگا تم مجھے اس مقام پر تنہا چھوڑ جاؤ کیونکہ ان لوگوں کو صرف مجھ سے دشمنی ہے وہ مجھے تنہا پاکر شہید کر دیں گے اور تم سے کچھ نہ کہیں گے اور میرے مارے جانے کے بعد تم زندہ رہ جاؤ گے۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۷۱۔

بروایت سید ابن طاؤس پھر امام حسینؑ نے اپنے عزیزوں کی طرف مخاطب ہو کر کہا تم اپنی جان بچانے کے لئے جدھر چاہو چلے جاؤ بلکہ اپنے ہمراہ اہل حرم کو بھی لے جاؤ۔ پھر اولادِ عقیل سے خصوصیّت کے ساتھ مخاطب ہو کر فرمایا تمہارے باپ کا

Presented by www.ziaraat.com

ہماری نصرت میں شہید ہو جانا کافی ہے جاؤ میں نے تم کو اجازت دی اتنا فرمانا تھا کہ آپ کے لشکر میں سخت بے چینی پھیل گئی جوش اطاعت اور وفور محبت میں حضرت عباس کھڑے ہو گئے اور عرض کیا مولا خدا ہم کو وہ روز بد نہ دکھائے کہ ہمارے سر پر آپ کا سایہ نہ رہے حضرت عباس کی طرح اور عزیزوں نے بھی جان نثاری کے لئے آمادگی ظاہر کی۔

ایک دوسری روایت کا مضمون یہ ہے کہ کل عزیزوں نے یک زبان ہو کر خدمت امام علیہ السّلام میں عرض کیا حضور اس وقت ہم سب کے سردار اور سرپرست ہیں آپ کے قدموں کو چھوڑ کر غلام کہاں جا سکتے ہیں مدینہ جا کر ہم کیا مُنہ دکھائیں گے اور جب اہلِ مدینہ ہم سے دریافت کریں گے کہ امام کو کہاں چھوڑ آئے ہو تو ہم کیا جواب دیں گے سرکار! اب ہم سے جانے کی بابت ارشاد نہ فرمائیں ہماری عین خواہش یہ ہے کہ حضور کے قدوم میمنت لزوم پر اپنی جانیں قربان کر دیں اب انصار میں سے اوّل مسلم بن عوسجہ دوسرے سعید بن عبداللہ حنفی تیسرے زہیر بن قین یکے بعد دیگرے کھڑے ہوئے۔

مسلم بن عوسجہ نے عرض کیا آپ جانشین رسولؐ اور جگر گوشہ علیؑ و بتولؑ ہیں اور آج ہم دیکھ رہے ہیں کہ حضور نرغہ اعداء میں گھر گئے ہیں رسولؐ اللہ کی وصیت ثقلین کی بابت ہم کو یاد ہیں آپ کو چھوڑنا قرآن کو چھوڑنا ہے بلکہ اسلام سے مُنہ کو موڑنا ہے سرکار کے دشمنوں سے میں جان توڑ کے لڑوں گا ان کے سروں پر تلواریں ماروں گا اور سینوں میں نیزے ٹھونک دوں گا اور اگر ہتھیار بھی میرے پاس ٹوٹ جائیں گے تو آپ کے دشمنوں کو پتھر مار مار کے ہلاک کروں گا۔

پھر سعید بن عبداللہ حنفی کھڑے ہو کر عرض کرنے لگے اے فرزندِ رسولؐ! رسولؐ اللہ کی آخری آواز معاشر الناس انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ و عترتی اہلِ بیتی ما ان تمسکتم

Presented by www.ziaraat.com

بھما لن تضلوا انھما لن یفترقا حتیٰ یردا علی الحوض ، پرعمل کرنے کا خاص وقت یہی ہے خدا کی قسم میں کربلا کے اسی چٹیل میدان میں تمسک ثقلین کی مثال قائم کرکے رہوں گا اور یہ تو ایک دفعہ ہی کا مرنا ہے اور مرنے کے بعد ابدی کرامت ہے اور اگر بعد شہادت کچھ اجر و ثواب بھی مجھے نہ ملے اور حضور کی نصرت میں مجھے قتل کرنے کے بعد پھر زندہ کیا جائے اور زندہ آگ میں جلایا جائے اور میری خاک کو ہوا میں اڑادیا جائے اور یہی عمل میرے ساتھ ستّر مرتبہ کیا جائے تب بھی حضور کے قدموں سے جدا نہ ہوں گا۔

پھر زہیر بن قین کھڑے ہوگئے اور دست بستہ خدمت امام میں عرض کی یا ابنِ رسولؐ اللہ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ حضور اور حضور کے اہل بیت سے یہ بلا کسی طرح ٹل جائے اور میں آپ سب کا فدیہ ہو جاؤں، اور اگر میرے قتل سے حضور کی اور اہل بیت کی سلامتی ممکن ہو تو ایک مرتبہ کیا ہزار مرتبہ قتل ہونے کے لئے میں تیار رہوں اسی طرح امام حسینؑ علیہ السلام کے باقی اصحاب نے بھی متفق اللفاظ ہو کر کہا سرکار ہم کو تو آپ کی رفاقت میں ہاتھوں سے حضور کے دشمنوں پر تلواریں مارنا اور چہروں پر زخم کھانا ہی اچھا معلوم ہوتا ہے حضور کی نصرت میں مرجانا اب ہمارا فرض ہے۔ مقتل لہوف ۸۰۔۷۔۵۶۔

بروایت علّامہ مجلسی حضرت امام حسینؑ نے ان کو دعا دی اور ہر ایک شخص کو اس کی جگہ بہشت میں اس کو دکھا دی جب انہوں نے حور و قصور و نعیم موخور کو دیکھا ان کا مرتبہ یقین زیادہ ہوگیا اس وجہ سے نیزہ و شمشیر و تیر ان کو معلوم بھی نہیں ہوتے تھے اور انہیں شربت شہادت پینے کی تمنّا و آرزو تھی۔

امام حسن عسکریؑ سے منقول ہے کہ جب لشکر مخالف نے سیّدالشہدا کو گھیر لیا تو حضرت امام حسینؑ اپنے اصحاب کو جمع کیا اور فرمایا میں نے اپنی بیعت تمہاری گردنوں

Presented by www.ziaraat.com

سے اٹھائے لیتا ہوں اگر منظور ہو تو اپنے قبیلوں اور خاندانوں کی طرف چلے جاؤ یہ سن کر منافق اور کمزور ایمان والے آدمی حضرت کو چھوڑ کر چلے گئے۔ جلاء العیون ۶-۲۸۵

بروایت خواجہ اعثم کوفی جناب امام حسینؑ نے تمام رات عبادت میں گزاری کبھی رکوع میں گریہ و زاری کرتے تھے تو کبھی سجود میں گڑگڑاتے تھے اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی دعائیں مانگتے تھے اسی طرح آپ کے بھائی، اصحاب، اہلبیت اور دوست مصروف عبادت رہے۔ ان میں سے کوئی بھی تمام رات دم بھر کے لئے نہ سویا اور تمام مصروف عبادت رہے اور خدا تعالیٰ سے مغفرت اور بخشش کی دعائیں مانگتے رہے۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۲۷

بروایت ملا محمد باقر مجلسی بسند سید ابن طاؤس امام حسین اور آپ کے اصحاب نے شب عاشورا عبادت و دعا و تفرع و مناجات میں بسر کی آواز تلاوت و عبادت حضرت کے لشکر سے مانند صدار مگس عسل بلند تھی کوئی رکوع میں تھا تو کوئی سجود میں کوئی قیام میں تھا تو کوئی قعود میں تھا اس حضرت کی برکت عبادت و دعا سے بتیس ۳۲ آدمی لشکر مخالف سے لشکر آنحضرت میں آ گئے۔ اور رکاب امام زماں سے وابستہ ہوئے۔ بحارالانوار جلد دہم مطبع طہران ۳۹۴۔

بروایت احمد بن یعقوب متوفی ۲۹۲ ھ علیؑ بن حسینؑ سے مروی ہے انہوں نے فرمایا میں اس رات جس کی صبح کو میرے والد بزرگوار شہید ہوئے، بیٹھا ہوا تھا اور میری پھوپھی جناب زینب عالیہ میری تیمار داری میں مصروف تھیں ناگہانی طور میرے والد اس خیمہ میں داخل ہوئے اور یہ اشعار پڑھ رہے تھے جس کا حاصل مضمون یہ ہے اے روزگار ناپائیدار تجھ پر افسوس ہے کہ تو نے کسی دوست سے وفا نہ کی ہر صبح و شام تو نے کیسے کیسے دوست ہر شہر و دیار میں قتل کئے اور کسی کے بدلے میں تو راضی نہیں ہوتا ہم سب کو خداوند جلیل کی طرف واپس جانا ہے ہر ذی

Presented by www.ziaraat.com

کو بھی راہ درپیش ہے جس پر میں جاتا ہوں۔ تاریخ یعقوبی حصہ دوم مطبع نجف اشرف ۲۴۳۔

بروایت شیخ مفید امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں جب میں نے یہ اشعار سنے تو سمجھ گیا کہ قیامت کی گھڑی آن پہنچی اور معلوم ہوا کہ حضرت نے عزم شہادت کر لیا ہے۔ اس وجہ سے میرا حال متغیر ہو گیا اور رقت نے مجھ پر غلبہ کیا لیکن مخدرات نبوت کی گھبراہٹ کے خوف سے میں نے رونے کو ضبط کیا۔ کتاب الارشاد جلد دوم مطبع طہران ۹۶۔

بروایت خواجہ اعثم کوفی آپ کی بہن زینب سلام اللہ علیہا اور بہن ام کلثوم نے آواز سن کر کہا اے بھائی یہ کس کی آواز ہے جو اپنے قتل کا یقین کئے ہوئے ہے حضرت نے فرمایا، اے بہن اگر قطا کو چھوڑ دیا جاتا تو سو جاتا، حضرت زینبؑ نے فرمایا اے کاش میں مر جاتی اور یہ دن نہ دیکھتی میں نے نانا محمد مصطفےٰ کی وفات دیکھی اپنے باپ علیؑ مرتضیٰ کا مرنا دیکھا اور اپنی پاک و پاکیزہ ماں فاطمۃ الزہراؑ کا سر سے گزر جانے کا الم سہا اپنے پیارے بھائی جناب امام حسنؑ کی شہادت کی مصیبت جھیلی اب بھائی امام حسینؑ جو دنیا میں باقی رہ گئے ہیں مجھے ایسی خبر سناتے ہیں اور اپنے انتقال کی خبر دیتے ہیں ہائے میں تو مرگئی مصیبتوں اور بلاؤں میں مبتلا ہونے کے حال پہ، اور اسی قسم کے کلمات فرماتی اور روتی تھیں۔ تمام اہلبیت آپ کے ساتھ مل کر رونے لگے ام کلثوم کا بیان تھا وا محمدا وا علیا امام حسینؑ انہیں تسلی دیتے اور کہتے تھے اے بہن صبر کرو اور مرضی الٰہی پہ راضی رہو کیونکہ خدائے تعالیٰ نے زمین سے لیکر آسمان تک کسی شئے کو ہمیشہ کی زندگی عنایت نہیں کی نہ کسی کو عطا کرے گا۔ سب فنا ہو جائیں گی صرف ایک ذات پاک خدا کے تمام مخلوق ہلاک ہونے والی ہے۔ سب کو اس نے اپنی قدرت کاملہ سے پیدا کیا ہے اور سب کو اپنی مرضی اور ارادہ کے مطابق نیست و نابود کریگا۔ میرے نانا، ماں، باپ،

Presented by www.ziaraat.com

اور بھائی مجھ سے بہتر اور زیادہ عزیز تھے اسی طرح وہ بھی جام فنا پی کر زیر خاک ہیں۔ تمام دنیا والوں کو حضرت محمد مصطفٰی کی وفات کا خیال اپنی موت پر صبر دلاتا ہے پھر ارشاد فرمایا اے بہنو اے ام کلثومؑ اے زینب عالیہؑ جب مجھے اشقیا شہید کر ڈالیں تو ہرگز کپڑے نہ پھاڑنا منہ نہ نوچنا اور نامناسب کلمے زبان سے نہ نکالنا جن سے خدا راضی نہ ہو۔ تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران ۳۶۶۔

بروایت ملا حسین واعظ جب صبح کے آثار نمودار ہوئے تو امام حسینؑ نے نماز کے لیئے اذان کہی آنحضرت کے اصحاب جمع ہوئے اور تیمم کر کے نماز ادا کی اور نماز جماعت کے ساتھ پڑھی۔ روضۃ الشہدا ۲۶۲۔

بروایت علامہ مجلسی بعد فراغ نماز اصحاب سعادت انتساب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ آج تم سب بغیر علیؑ بن حسینؑ شہید ہو جاؤ گے۔ لازم ہے پس خدا سے ڈرو اور صبر کرو تا آنکہ سعادت شہادت پر فائز ہو اور دنیائے فانی کی ذلت اور تکلیف سے نجات پاؤ۔ جلاء العیون ۳۸۸۔

بروایت علامہ طبری امام حسینؑ نے بعد نماز صبح صف ہائے جنگ کو مرتب کیا زہیر بن قین کو میمنہ لشکر اور حبیب ابن مظاہر کو میسرۂ لشکر سعادت اثر پر مقرر فرمایا اور علم ہدایت اپنے برادر عباسؑ نامور کو عطا کیا خیموں کو پشت پہ رکھا اور خیموں کے پیچھے آپ نے حکم دیا کہ لکڑیاں اور بانس جمع کر کے اس میں آگ لگا دی جائے خوف یہ تھا کہ دشمن پیچھے سے حملہ نہ کریں امام حسینؑ کے خیموں کے پیچھے زمین پست تھی جیسے ایک پتلی سی نہر کھدی ہوئی ہوتی ہے اسی کو شب کے وقت سب نے کھود کر خندق سا بنا لیا تھا۔ اس میں لکڑیاں اور بانس ڈال دیئے تھے کہ جب صبح کو دشمن ہم پہ حملہ کریں گے تو اس میں آگ لگا دیں گے "تاکہ دشمن ہم سے ایک ہی رخ سے لڑیں اور پیچھے سے ہم پہ حملہ نہ کر سکیں۔ تاریخ طبری ۲۶۷۔

Presented by www.ziaraat.com

بروایت ابو مخنف جب دونوں طرف کے لشکر میدان میں صف آرا ہوئے۔ تو حضرت امام حسینؑ نے انس بن کاہل بروایت ابن شہر آشوب واعثم کوفی بریر بن خضیر ہمدانی کو بلا کر حکم دیا کہ وہ اس گروہ کے سامنے جا کر انہیں خدا اور رسولؐ یاد دلائے شاید وہ ہمارے قتل سے باز آجائیں وہ خوب سمجھ لے کہ وہ لوگ باز نہیں آئیں گے لیکن میرے پاس ان کے برخلاف روز قیامت ایک دلیل تو رہ جائیگی حضرت کا قاصد روانہ ہو کر عمر بن سعد کے پاس پہنچا اور اسے سلام نہ کیا، عمر سعد نے اس سے پوچھا کس قصور نے تجھے مجھ کو سلام کرنے سے باز رکھا کیا میں مسلمان نہیں ہوں خدا کی قسم جس وقت سے خدا اور رسولؐ کو پہچانتا ہے دم بھر کے لئے بھی کافر نہیں ہوا۔ حضرت کے قاصد نے جواب دیا واہ جو تو خدا اور رسول کو پہچانتا ہے اور نیت یہ ہے کہ اولادِ رسولؐ ان کے اہلبیت اور مددگاروں کو شہید کرنے کی نیت رکھتا ہے۔ ابن سعد نے شرم سے گردن جھکالی اور کہا خدا کی قسم ہے میں جانتا ہوں کہ ان کا قاتل یقیناً آگ میں جائیگا۔ لیکن عبید اللہ ابن زیاد کا حکم ضرور پورا کرکے رہوں گا۔ قاصد واپس چلا گیا اور عمر سعد کی گفتگو امام حسینؑ کو سنادی۔ مقتل ابی مخنف: ۶۱

بروایت سید ابن طاؤس اس پر خود فرزند رسولؐ اتمام حجت کے لئے برآمد ہوئے اور گھوڑے سے اتر کر ناقہ پر سوار ہوئے باجوں کے شور سے میدانِ کربلا گونج رہا تھا کان پڑی آواز سنائی نہ دیتی تھی آپ نے حکم دیکر شور و غل اعجاز سے بند کر دیا جب خاموشی چھاگئی تو بعد حمد و ثنا الہی کے ارشاد فرمایا اے جماعت اشرار تم پر خدا کی مار ہو تم نے عرب کی حمیت کو بھی کھو دیا ہے مہمان بلا کر ہم پر تلواریں کھینچ لیں اور ناحق مارنے پر تل گئے ہو جس کی محبت میں تم ہم کو قتل کرتے ہو وہ وہی تو ہے جس کو تم نے اپنے خطوط میں دشمن لکھا تھا اب تم اس کی مدد کرکے ہماری تباہی کا باعث ہوئے ہو خدا کرے تمہاری کوئی امید اُن کے ذریعے سے پوری نہ ہو آگاہ ہو جاؤ بہت

Presented by www.ziaraat.com

پچھتاؤ گے تم نے ہم سے بیوفائی کی حالانکہ تم صاحب اختیار تھے اور تمہارے ہاتھ میں تلوار تھی دل تمہارا مطمئن تھا اور حق و باطل تم پر خوب روشن تھا لیکن تم نے ناحق ہماری مخالفت کر کے اسلام کو بد نما کر دیا اور مسلمانوں کو برباد کیا اے بنی اُمیہ کے غلامو! نفاق کے پتلو! قرآن سے پھرنے والو! احکام کے بدلنے والو! اور سنتوں کے مٹانے والو! شیطان کی پیروی کرنے والو! کیا اب بھی تم دشمنانِ دین کی حمایت اور حامیانِ دین کی مخالفت کئے جاؤ گے؟ ضرور تم ایسا ہی کرو گے بد عہدی اور کجروی تو تمہاری گھٹی میں پڑی ہوئی ہے۔ شجر ملعونہ کی جڑیں اور شاخیں تو بنی اُمیہ ہیں لیکن تم اس پیڑ کے پھل ہو دیکھنے میں خوشنما مگر ذائقہ میں نہایت تلخ۔ میں تم کو بتائے دیتا ہوں کہ تم کو ایک مجہول النسب نے ذلت و خواری کی دلدل میں پھنسا دیا ہے۔ اور ہم تو ہر قسم کی ذلت سے محفوظ ہیں کیونکہ ہم خدا کے خاص بندے ہیں اس کے رسولؐ کی آل ہیں اور ایمان لانے والوں کی نسل سے ہیں ہم نے پاکیزہ گودوں میں پرورش پائی ہے طاہر آغوش میں رہے ہیں ہم غیرت دار ہیں ہمارے نفوس کبھی شریفوں کی کساد بازاری کے لئے رذیلوں کی اطاعت قبول نہیں کر سکتے یاد رکھو میں ضرور اپنی چھوٹی سی جماعت لیکر اس بیشمار فوج میں گھس جاؤں گا اگرچہ تم سب نے میری رفاقت ترک کر دی ہے اتنا کہہ کر آپ نے فروہ بن میک کے ابیات پڑھے: اس جنگ میں اگر ہم فتحیاب ہوئے تو کیا تعجب ہے فتح تو ہماری موروثی ہے اور اگر ہم کو شکست ہو بھی گئی تو اس میں بھی ہمیشہ کے لئے ہماری فتحمندی کی صورت ہے ہم بزدل نہیں ہیں۔ بلکہ بات یہ ہے کہ ہم کو شہادت نصیب ہونے والی ہے اور دوسروں کو چند روزہ حکومت ملنے والی ہے۔ موت کسی پر بس نہیں کرتی بلکہ ایک کے بعد اسی طرح دوسرے کی گھات میں لگی رہتی ہے۔ ہم کیا! اس موت نے ہمارے بہت سے سرداروں کو پیوند خاک کر دیا سب جانتے

Presented by www.ziaraat.com

ہیں کہ اسکی روش ہر ایک کے ساتھ یہی رہی ہے اگر کسی بادشاہ کو دنیا میں ہمیشہ رہ جانا نصیب ہوتا تو وہ ہم ہی ہوتے اور موت اگر کسی شریف کو باقی چھوڑتی تو بس ہم ہی اس لائق تھے مگر وہ کسی کو زندہ نہیں چھوڑے گی۔ دشمن جو ہم پر ہنس رہے ہیں اُن سے کہہ دو کہ تم ابھی تو اپنا دل ٹھنڈا کرلو لیکن سمجھ لو کہ ایک دن تم کو بھی یہی راہ چلنی ہے۔

پھر فرمایا آگاہ ہو جاؤ تم میری شہادت کے بعد اس دنیا میں بس اتنی دیر باقی رہو گے جیسے گھوڑے کی پیٹھ پر سوار۔ پھر تو آسمان و زمین کے دونوں پاٹ چکی کی طرح تم کو پیس ڈالیں گے اور کیلی کا چکر تم کو ہلا ڈالے گا یہ سب کچھ میرے نانا بزرگوار سے روایت کرتے ہوئے میرے والد گرامی نے مجھ سے بیان کیا ہے اب تم اپنے معاملہ کو درست کر لو اور شریکوں کو جمع کر لو تاکہ اس کے بعد تمہارا معاملہ تم پر دشوار نہ ہو جائے۔ اور تم کو بعد میں اپنی کوتاہی پر کف افسوس نہ ملنا پڑے اب میرے بارے میں جو کچھ طے کرنا ہو کرلو کیونکہ اس کے بعد پھر تمہیں مہلت نہ ملے گی میں نے تو خدا پہ توکل کر لیا جو میرا بھی پالنے والا ہے اور تمہارا بھی پالنے والا ہے کوئی جاندار ایسا نہ رہے گا جسے خدا تعالیٰ اپنی طرف نہ بلائے۔ بے شک میرا رب جو کچھ کرتا ہے عین انصاف ہوتا ہے بار الٰہا! ان سے آسمان کی بارش روک لے یوسفؑ کے زمانے کی قحط سالی ان پر بھیج دے اور ان پر قبیلہ بنی ثقیف کے لڑکے کو مسلط کر دے جو انہیں انتقام کے تلخ جام سے سیراب کرلے۔ کیونکہ انہوں نے ہمیں جھٹلایا اور ساتھ چھوڑ دیا اور تو ہی ہمارا سننے والا ہے اور ہمارا پالنے والا ہے تجھ پر ہی ہم نے بھروسہ کیا ہے تجھ ہی سے ہم نے لو لگائی ہے اور تیری ہی طرف ہماری بازگشت ہے۔ مقتل لہوف ۵۹ - ۶۰ - ۶۱ -

بروایت علامہ طبری امام حسینؑ نے حمد و ثنائے الٰہی کی اور اس کی شان کے لائق اس کا ذکر کیا اور بیان میں اس کے ذکر کی گنجائش نہیں راوی کہتا ہے میں نے کسی کی

Presented by www.ziaraat.com

ایسی فصیح و بلیغ تقریر نہ اس سے پہلے کبھی سُنی نہ اس کے بعد کبھی سُنی اس کے بعد آپ نے فرمایا میرے خاندان کا خیال کرو کہ میں کون ہوں پھر اپنے دل سے پوچھو اور غور کرو کہ میرا قتل کرنا اور میری ہتک وحرمت کرنا کیا تم لوگوں کے لئے حلال ہے کیا میں تمہارے نبی کا نواسہ نہیں ہوں کیا میں ان کے وصی و ابن عم کا فرزند نہیں ہوں۔ جو کہ خدا پر سب سے پہلے ایمان لائے اور خدا کے پاس سے اس کا رسول جو احکام لیکر آیا انہوں نے اس کی تصدیق کی کیا سیّد شہدا حمزہ میرے والد کے چچا نہیں ہیں کیا جعفر طیار شہید ذوالجناحین میرے چچا نہیں ہیں کیا تم میں سے کسی نے یہ نہیں سُنا کہ رسولؐ اللہ نے میرے اور میرے بھائی کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ یہ دونوں جوانان اہلِ بہشت کے سردار ہیں جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں یہ حق بات ہے اگر تم میری تصدیق کروگے تو سُن لو واللہ جب سے مجھے اس بات کا علم ہوا کہ جھوٹ بولنے والے سے خدا بیزار ہوتا ہے اور جھوٹ بنانے والے کو اس کے جھوٹ سے ضرر پہنچاتا ہے میں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔ اگر تم مجھ کو جھوٹا سمجھتے ہو تو سُنو تم میں سے ایسے لوگ موجود ہیں کہ تم ان سے پوچھو تو وہ بیان کریں گے۔ جابر بن عبداللہ انصاری یا ابوسعید خدری یا سہل بن سعد سا عدی یا زید بن ارقم یا انس بن مالک سے پوچھ کر دیکھو یہ لوگ تم سے بیان کریں گے کہ انہوں نے میرے اور میرے بھائی کی نسبت رسولؐ اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی فرماتے ہوئے سُنا ہے کیا یہ امر بھی میرا خون بہانے میں تم کو مانع نہیں ہے۔ شمر نے کہا کہ یہ خدا کی عبادت ایک ہی رُخ سے کرتے ہیں خدا جانے کیا کہہ رہے ہیں حبیب ابن مظاہر نے جواب دیا واللہ میں سمجھتا ہوں کہ تو خدا کی عبادت ستر رُخ سے کرتا ہے بے شک تو سچ کہتا ہے تیری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں خدا نے تیرے دل پر مہر لگا دی ہے پھر تم نے ان لوگوں سے فرمایا تمہیں اس بات میں اگر شک ہے تو کیا اس امر میں بھی شک ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

میں تمہارے نبی کا نواسہ ہوں واللہ اس وقت مشرق سے مغرب تک میرے سوا کوئی شخص تم میں سے ہو یا تمہارے سوا ہو کسی نبی کا نواسہ نہیں ہے۔ اور میں تو خاص کر تمہارے نبی کا نواسہ ہوں یہ تو بتاؤ کیا تم اس لئے میرے درپئے ہو کہ میں نے تم میں سے کسی کو قتل کیا ہے یا تمہارے کسی مال کو تلف کیا ہے یا میں نے کسی کو زخمی کیا ہے اس کا قصاص مجھ سے چاہتے ہو۔

اب کوئی آپ کی بات کا جواب نہیں دیتا تھا آپ نے پکار کر کہا اے شبث بن ربعی اسے حجار بن الجبر اسے قیس بن اشعث اے یزید بن حارث تم لوگوں نے مجھے یہ نہیں لکھا تھا کہ میوے پک گئے ہیں باغ سرسبز ہو رہے ہیں تالاب چھلک رہے ہیں آپکی نصرت کے لیئے لشکر یہاں آراستہ ہیں تشریف لے آئیں۔

ان لوگوں نے جواب دیا ہم نے نہیں لکھا تھا آپ نے فرمایا نہیں واللہ تم نے لکھا تھا۔ لوگو! میرا آنا تمہیں ناگوار ہوا ہو تو بتاؤ میں کسی گوشۂ امن کی طرف مجھے چلا جانے دو قیس بن اشعث نے کہا آپ اپنے قرابت داروں کے کہنے پر کیوں نہیں سر جھکا دیتے یہ سب آپ سے اسی طرح پیش آئیں گے جیسا آپ چاہتے ہیں ان کی طرف سے کوئی امر آپ کے ناگوار خاطر ہرگز ظہور میں نہ آئیگا آپ نے جواب دیا آخر تو محمد بن اشعث کا بھائی ہے اب تو یہ چاہتا ہے کہ مسلم بن عقیل کے خون سے بڑھ کر بنی ہاشم کو تجھ سے مطالبہ ہو واللہ میں ذلت کے ساتھ ان لوگوں کے ہاتھ میں ہاتھ نہیں دینے والا نہ غلاموں کی طرح اطاعت کا اقرار کرنے والا ہوں اس کے بعد فرمایا اے بندگان خدا میں اپنے اور تمہارے پروردگار سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو میں اپنے اور تمہارے پروردگار سے پناہ مانگتا ہوں ہر ایسے ظالم سے جو روز حساب پر ایمان نہیں رکھتا۔

Presented by www.ziaraat.com

# حُربن یزید الرّیاحیؒ کی شہادت

جب عمر ابن سعد حملہ کرنے کے لیے بڑھنے لگا تو حر نے پوچھا خدا تیرا بھلا کرے کیا تو ان سے لڑے گا۔ ابن سعد نے کہا ہاں واللہ لڑنا بھی ایسا لڑنا جس میں کم سے کم یہ ہوگا کہ سر اڑیں گے اور ہاتھ قلم ہوں گے حُر نے کہا کیا ان کی باتوں میں سے کسی بات کو تم لوگ نہ مانو گے۔ ابن سعد نے کہا واللہ اگر میرا اختیار ہوتا تو میں ایسا ہی کرتا لیکن تیرا امیر اسے نہیں مانتا یہ سُن کر حُر ایک طرف جاکر ٹھہرے اور اپنی برادری کے ایک شخص قرہ بن قیس سے کہنے لگے قرہ تم اپنے گھوڑے کو آج پانی پلا چکے ہو کہا نہیں پلایا ہے پھر حُر نے کہا اسے پانی پلانے نہیں چلتے ہو، قرہ کو یہ گمان ہوا کہ کنارہ کشی کرنا چاہتا ہے یہ جنگ میں شریک نہ ہوگا اور چاہتا ہے کہ میں اس بات سے بے خبر رہوں مجھ سے اسے ڈر ہے کہ میں اس راز کو فاش نہ کردوں اس خیال سے قرہ نے کہا ہاں ابھی تک گھوڑے کو میں نے پانی نہیں پلایا اب جاکر پلاتا ہوں یہ کہہ کر قرہ وہاں سے سرک گیا کہتا تھا اگر حر نے مجھے اپنے ارادے سے مطلع کیا ہوتا تو واللہ میں بھی اس کے ساتھ حسینؑ کے پاس چلا جاتا۔

اب حر نے امام حسینؑ کی طرف بڑھنا شروع کیا مہاجر بن اوس اسی کی برادری کا ایک شخص حُر کا یہ خیال دیکھ کر کہنے لگا اے ابن یزید تمہارا کیا ارادہ ہے کیا تم حملہ کرنا چاہتے ہو حر یہ سن کر چپ رہا اور اسکے ہاتھ پاؤں میں تھرتھراہٹ سی پیدا ہوگئی، اس پر ابن اوس نے کہا تمہارا یہ حال دیکھ کر واللہ مجھے شبہ ہوتا ہے میں نے کسی مقام پر تمہاری یہ حالت نہیں دیکھی جو اس وقت دیکھ رہا ہوں مجھ سے کوئی پوچھے کہ اہلِ کوفہ میں سب سے بڑھ کر جری کون ہے تو تمہارا ہی نام لوں گا پھر یہ

Presented by www.ziaraat.com

کیا حالت تمہاری دیکھ رہا ہوں حرؔ نے جواب دیا واللہ اپنے دل سے پوچھ رہا ہوں
کہ دوزخ میں جانا چاہتا ہوں یا بہشت میں اور خدا کی قسم ہے اگر میرے ٹکڑے اڑا
دئے جائیں اور میں زندہ جلا دیا جاؤں جب بھی میں کسی شے کے لیے بہشت کو
نہیں چھوڑوں گا یہ کہہ کر حر نے گھوڑے کو تازیانہ مارا اور حسینؑ کے پاس جا پہنچا۔
عرض کی یا ابن رسول اللہ میں آپ پر فدا ہو جاؤں میں وہی شخص ہوں جس نے
آپ کو واپس نہ جانے دیا جو راستہ بھر آپ کے ساتھ ساتھ پھرتا رہا جس نے آپ کو
اسی جگہ ٹھہرنے پہ مجبور کیا قسم ہے خداوند وحدہٗ لاشریک کی میں ہرگز یہ نہ سمجھتا تھا
کہ جتنی باتیں آپ ان لوگوں کے سامنے پیش کریں گے یہ ان میں سے کسی امر کو نہ مانیں
گے اور یہاں تک نوبت پہنچ جائیگی میں دل میں یہ سوچے ہوئے تھا کہ بعض باتوں
میں ان لوگوں کی اطاعت کروں تو کیا مضائقہ ہے یہ لوگ یہ نہ سمجھیں کہ میں نے انکی
اطاعت سے انحراف کیا ہوگا یہی کہ حسینؑ جن باتوں کو پیش کرتے ہیں یہ ان باتوں
کو مان لیں گے واللہ اگر میں جانتا کہ آپکی کوئی بات یہ لوگ قبول نہ کریں گے تو میں اس
امر کا مرتکب نہ ہوتا مجھ سے جو قصور ہو گیا ہے میں خدا کے سامنے اس کی توبہ کرنے
کو اور اپنی جان آپ کی نصرت میں فدا کرنے کو آیا ہوں میں آپ کے سامنے ہی مرنے
کا ارادہ رکھتا ہوں یہ فرمائیے کہ اس طرح کی توبہ قبول ہو گی امام حسینؑ نے فرمایا،
خدا تیری توبہ قبول کرے گا اور تجھے بخش دے گا۔ فرمایا تیرا نام کیا ہے عرض کیا حرؔ
(آزاد) فرمایا تو آزاد ہے تیری ماں نے جس طرح تیرا نام آزاد رکھا ہے انشاء اللہ
دُنیا و آخرت میں تو آزاد ہے۔ اب گھوڑے سے اُتر۔ حرؔ نے عرض کیا میرا گھوڑے
پہ رہنا اترنے سے بہتر ہے ایک ساعت ان لوگوں سے قتال کروں گا جب میرا وقت
آخیر ہوگا تو گھوڑے سے اتروں گا آپ نے فرمایا جو تمہارا دل چاہے وہی کرو خدا
تم پہ رحم کرے حُر یہ سُن کر اپنے اصحاب کی طرف بڑھا اور کہا لوگو! حسینؑ نے تم کو جو

Presented by www.ziaraat.com

باتیں پیش کی ہیں ان میں سے کسی بات کو تم نہیں مانتے کہ خدا تم کو ان کے ساتھ جنگ و جدال میں مبتلا ہونے سے بچالے انہوں نے کہا ہمارا امیر عمر بن سعد موجود ہے اس سے گفتگو کرو حرُ نے یہ سُن کر وہی گفتگو ابن سعد سے پھر کی پہلے جو گفتگو اس سے کر چکا تھا اور جو گفتگو اپنے اصحاب سے اس نے کی تھی ابن سعد نے جواب دیا میری خواہش یہی تھی اگر ہو سکتا تو میں یہی کرتا اب حرُ نے اہلِ کوفہ کی طرف خطاب کر کے کہا کہ خدا تم کو ہلاک اور تباہ کرے کہ تم نے انہیں بُلایا اور جب وہ تشریف لے آئے تو انہیں دشمن کے حوالے کر دیا تم کہتے تھے کہ ان پر ہم اپنی جان کو نثار کریں گے اور اب انہیں پر ان کے قتل کرنے کے لئے حملہ کر رہے ہو، ان کو تم نے چار جانب سے گھیر لیا ان کو خدا کی بنائی ہوئی وسیع و عریض زمین میں کسی طرف نہ نکل جانے دیا کہ وہ اور ان کے اہلبیت امن سے رہتے اب وہ ایک قیدی کی طرح تمہارے ہاتھ میں آ گئے ہیں، تم نے ان کو، ان کے الحرم کو، ان کے بچوں اور ان کے رفیقوں کو بہتے ہوئے آبِ فرات سے روکا جسے یہودی و مجوس اور نصرانی پیا کرتے ہیں اب پیاس کی شدت نے ان سب لوگوں کو جان بلب کر رکھا ہے محمدؐ کی ذریت سے ان کے بعد تم نے کیا بُرا سلوک کیا اگر آج کے دن اسی وقت تم اپنے ارادے سے باز نہ آئے اور تم نے توبہ نہ کی تو خدا تمہیں تشنگی محشر میں سیراب نہ کرے گا یہ سُن کر پیادوں کی فوج نے حر پر تیر برسانے شروع کئے حر وہاں سے پلٹے اور حضرت کے سامنے آ کر کھڑے ہو گئے تاریخ طبری ۲۶۹/۲۷۵

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۷۷ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ نے حر کو جہاد کرنے کی اجازت دے دی حر ایک بہادر اور دانا مرد تھا وہ میدان جنگ میں ہزار سواروں کے برابر سمجھا جاتا تھا، اور عبیداللہ ابن زیاد کا سپہ سالار تھا عربی النسل گھوڑے کو دوڑاتا ہوا میدان میں آیا۔

Presented by www.ziaraat.com

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۷۴ پر لکھا ہے کہ حُر نے آکر یہ رجز پڑھا :-

انا الحر وما وی الضیف | اضرب اعنا قکم بالسیف
عن خیر من حل بلاد الخیف | اضربکم ولا اری من حیف

ترجمہ :- میں حر ہوں مہمانوں کا ملجا و ماوی میں تمہاری گردنیں تلوار سے اڑا دوں گا۔ میں لڑوں گا اُس بہترین انسان کی طرف سے جو بلادِ ظلم میں آیا ہے میں قتل کرنے میں ذرا افسوس نہ کروں گا۔

بروایت ملا حسینؒ جب عمر بن سعد نے حُر کو میدان میں دیکھا تو اس پر لرزہ طاری ہوگیا اور اس کا دل غصے سے بھر آیا اور مشہور بن عرب میں سے ایک شخص صفوان بن حنظلہ کو بلا کر کہا کہ حر کے پاس جاؤ اور اسے نصیحت اور نرمی سے سمجھا کر ہمارے پاس واپس لے آؤ اور اگر وہ تمہاری بات قبول نہ کرے تو اس کا سر تیز دھار تلوار کے ساتھ تن سے جُدا کر دو صفوان مصمم ارادے سے اور بڑی شان وشوکت کے ساتھ حُر کے سامنے آیا اور کہا اے حرُ تم ایک دانا، بہادر اور تجربہ کار مردِ میدان ہو کیا یہ مناسب ہے کہ تم یزید سے پھر کر امام حسینؑ کے پاس چلے جاؤ۔ حُر نے کہا اے صفوان! یہ بات تیری عقلمندی اور جوانمردی سے بعید تر ہے کہ تو یزید کو نہ جانے کیونکہ وہ ایک ناپاک اور بدکار شخص ہے اور امام حسینؑ پاک ہیں اور پاک زادہ ہیں جس کی والدہ کا نکاح بہشت میں ہوا تھا جبرئیلؑ امام حسینؑ کے گہوارہ کو ہلاتا تھا جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کو اپنے باغ کا ریحان کہا کرتے تھے۔ صفوان نے کہا میں یہ سب کچھ جانتا ہوں اور اس سے زیادہ بھی جانتا ہوں لیکن مال و دولت اور جاہ و جلال یزید کے پاس ہے اور ہم سپاہی مرد ہیں ہمیں ہتھیار اور مرتبہ و منصب چاہیئے۔ پرہیزگاری،

Presented by www.ziaraat.com

پاکیزگی، علمیت اور فضیلت کس کام آئیں گی حُر نے کہا اے ذلیل تو حق کو جانتے ہوئے بھی چھپاتا ہے، صفوان غضبناک ہوا اور حر کو نیزہ مارا اور حر نے اس کے نیزے پر اپنا نیزہ اس جوانمردی سے مارا کہ صفوان کا نیزہ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور اس جوش میں نیزہ کی نوک اس کے سینے میں اس طرح ماری کہ ایک گز نیزہ اس کی پیٹھ سے باہر نکل آیا پھر صفوان کو اسی نیزے کے ساتھ زین کے اوپر سے اُٹھایا اور اپنے قریب لایا چنانچہ دونوں لشکروں نے دیکھا پھر اسے زمین پر اس طرح مارا کہ اس کی ہڈیاں ریزہ ریزہ ہو گئیں دونوں لشکروں سے شور بلند ہوا لیکن صفوان کے تین بھائی تھے جو اپنے بھائی کے قتل کی وجہ سے برافروختہ تھے اس لئے حر پر بیک وقت حملہ آور ہوئے اور حُر نے زور سے نعرہ لگایا اور اللہ کی عظمت اور قدرت کو یاد کرتے ہوئے حملہ کر دیا ایک کو اس کے چرمی کمربند سے پکڑ کر اور زین سے اُٹھا کر اس طرح اسے زمین پر مارا کہ اس کی گردن چور چور ہو کر ٹوٹ گئی اور دُوسرے کے سر پر تلوار اس زور سے ماری کہ اس کے سینے تک کو چیر دیا تیسرے نے بھاگنا چاہا حر نے پیچھے سے اس پر حملہ کر دیا اور نیزہ اس کی پیٹھ پر اس طرح مارا کہ نیزے کی نوک اس کے سینے سے باہر نکل آئی پھر حر امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اے فرزند رسول! کیا آپ مجھے معاف کر کے مجھ سے راضی ہوئے ہیں امام حسینؑ نے جواب دیا۔ ہاں میں تم سے راضی ہوا ہوں اور تم آزاد ہو، یعنی فردائے قیامت تم دوزخ کی آگ سے آزاد ہو گئے، حر یہ خوشخبری سُن کر نہایت مسرت اور انبساط سے میدان کی طرف روانہ ہوا اور جنگ کرنے میں مشغول ہو گیا جس طرف حملہ کرتا تھا لاشوں کے انبار لگا دیتا تھا اسی اثنا میں حُر پیادہ ہو کر دوڑا۔ گھوڑا اس کے پیچھے چلتا رہا اور حر پیدل جنگ کرنے میں مشغول ہو گیا جب عمر بن سعد کے لشکر نے اس قسم کی لڑائی دیکھی تو پیادہ اور سوار بھاگنے لگے لیکن جب امام حسینؑ نے حر کو پیادہ جنگ کرتے ہُوئے دیکھا تو ایک عربی النسل گھوڑا مع جنگی ہتھ

Presented by www.ziaraat.com

حر کے پاس بھیجا تاکہ وہ اس پر سوار ہو، اور جب گھوڑا حر کے پاس لایا گیا تو اس نے اس کی رکاب کو بوسہ دیا اور سوار ہو کر اسے میدان جنگ میں دوڑایا جب ایک دستے کو جو اس کے چاروں طرف پر وین کی طرح جمع ہو گیا تھا بنات النعش کی طرح منتشر کر دیا تو چاہا کہ واپس جا کر امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو ہاتف نے آواز دی کہ اے حر واپس نہ جا کہ حوریں تیری آمد کی منتظر ہیں پھر حر نے امام حسینؑ کی طرف مُنہ کر کے عرض کیا اے فرزند رسول خدا! میں آپ کے نانا کے پاس جا رہا ہوں آپ کا کوئی پیغام ہے امام حسینؑ نے رو کر کہا اے حر اللہ تعالیٰ تم کو خوش رکھے ہم بھی تیرے پیچھے آنے والے ہیں امام حسینؑ کے اصحاب نے نعرہ لگایا حر نے دشمن کے لشکر پر حملہ کر دیا اور جنگ کرتا رہا یہاں تک کہ اس کا نیزہ ٹوٹ گیا پھر تیز دھار تلوار نکالی اور جس کمینے کے سر پہ مارتا تھا تو تلوار اس کے سینے تک کو چیر دیتی تھی۔ اور جس کسی کی کمر میں مارتا تھا تو اس کی کمر کو جدا کر دیتا تھا کبھی فوج کے دائیں ہاتھ پر رہ کر لڑنے والے دستے پر حملہ کرتا تھا تو ان کی جمعیت کو منتشر کر دیتا تھا اس طریقے سے حر جنگ کرتا ہوا عمر بن سعد کے جھنڈا اٹھانے والے کے پاس پہنچ گیا اور چاہا کہ اسے مع جھنڈا دو ٹکڑے کر دے کہ شمر نے اپنے لشکر میں اعلان کر دیا کہ اس کو چاروں طرف سے گھیر لو بیک وقت لشکر نے اسے گھیر لیا اور چاروں طرف سے اس پر وار کرنے شروع کئے حر اس گروہ کے درمیان جوش اور مردانگی کے ساتھ جنگ کرنے کی کوشش کرتا رہا تھا اچانک قسور بن کنانہ نے حر کے سینے پہ نیزہ مارا جو اس کے سینے میں پیوست ہو گیا حر میدانِ جنگ میں پر جوش طریقے سے جنگ میں مشغول تھا جب زخمی ہوا تو دیکھا کہ قسور نے اس کو نیزہ مارا ہے حر نے قسور کے سر پہ تلوار ماری جس نے اس کے سینے کو چیر دیا قسور گھوڑے سے اُلٹا گرا اور حر بھی اپنے گھوڑے سے گرا اور آواز دی اے فرزند رسولؐ میری خبر لیجئے امام حسینؑ نے گھوڑا دوڑایا اور حر کو دشمنوں کی صفوں سے نکال کر اپنے لشکر میں لے آئے پھر امام حسینؑ گھوڑے سے اتر کر بیٹھ گئے اور

Presented by www.ziaraat.com

حر کے سر کو اپنی گود میں رکھ کر حر کے چہرے سے گرد و غبار کو اپنی آستین سے صاف کر رہے تھے حر کے ابھی آخری سانس باقی تھے کہ آنکھ کھولی اور اپنے سر کو حضرت کی گود میں دیکھ کر مسکرایا اور کہا اے فرزندِ رسولؐ! آپ مجھ سے راضی ہوئے ہیں امام حسینؑ نے فرمایا میں تم سے راضی ہوں اور اللہ تعالیٰ بھی تم سے راضی ہو حر نے اس خوشخبری سے مسرور اور خوش ہو کر اپنی جان کی دولت قربان کر دی۔ امام حسینؑ حرؑ کے لئے روئے اور آنحضرت کے اصحاب نے بھی اس پر گریہ وزاری کی۔ روضۃ الشہداء - ۲۶۹/۲۶۷

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۹۳ پر لکھا ہے کہ ایوب بن مسرح نے حر کو شہید کیا۔ ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۶۸ پر حر کے قاتل ملعون کا نام قسور بن کنانہ نقل کیا ہے علامہ طبری نے تاریخ طبری صفحہ ۲۸۲ پر حر کے قاتل کا نام ایوب بن مسرح لکھا ہے علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۶۲ پر ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار صفحہ ۱۴ پر آقای ابو القاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار صفحہ ۱۲۰ پر اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم صفحہ ۱۰۸ پر لکھا ہے کہ دو آدمی حر کے شہید کرنے میں شریک تھے ایک ایوب بن مسرح تھا اور دوسرا آدمی سواران اہل کوفہ میں سے تھا علامہ قزوینی نے ریاض القدس صفحہ ۳۷۱ پر لکھا ہے کہ ایوب بن مسرح اور قسورہ بن کنانہ نے مل کر حر بن یزید ریاحی کو شہید کیا مگر رئیس المورخین علامہ ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون صفحہ ۱۲۳ پر لکھا ہے کہ عمر بن سعد نے للکارا پیادوں نے چاروں طرف سے گھیر کر حر بن یزید کو شہید کیا العلم عنداللہ۔

# مصعب برادر حر بن یزید ریاحی کی آمد و شہادت

بروایت ملا حسین جب حر کے بھائی مصعب نے دیکھا کہ حر نے آخرت کو دنیا پر اختیار کیا ہے اور دوستی کا ہاتھ اہلبیت کے دامن میں دے دیا ہے تو گھوڑے کو متحرک کیا اور

Presented by www.ziaraat.com

امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا عمر بن سعد کے لشکر نے یہ گمان کیا کہ اپنے بھائی سے جنگ کرنے کے لیئے جا رہا ہے جب میدان میں پہنچا تو مصعب نے کہا اے بھائی میرے لیئے خضر راہ بنے مجھے تکبر کی تاریکی سے نکال کر معرفت کے آب حیات کے چشمے تک پہنچا دیا اور میں بھی آپ سے موافقت کرتے ہوئے اشقیاء سے بیزار ہو گیا ہوں فردائے قیامت ہم ایک دوسرے کے گواہ ہوں گے اور مل کر شفاعت حسینؑ سے بہرہ ور ہوں گے پھر حر نے اپنے بھائی کو حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں لا کر موقف کی صورتحال کو پیش کیا اور امام حسینؑ اس سے بغل گیر ہوئے اور اسے سرافراز کیا لیکن جب حر کے بھائی مصعب نے دیکھا کہ اس کا بھائی شہادت کے پروں کے ساتھ باغ قدس یعنی بہشت کی طرف پرواز کر گیا ہے تو مستحکم الرائے امام کی اجازت سے میدان کا رخ کیا اور دشمنوں میں گھر گیا مردانہ وار جنگ کرنے اور بے شرم اور مفسد دشمنوں کو قتل کرنے کے بعد شربت شہادت نوش کیا۔ روضۃ الشہدا۔ ۲۶۹۔

# علی بن حر بن یزید ریاحی کی شہادت

بروایت ملا حسینؒ مورخین نے بیان کیا ہے کہ حر کا فرزند لشکر کوفہ میں موجود تھا جس کا نام علی تھا جب اس نے اپنے والد اور چچا کو دیکھا کہ وہ شہید ہو گئے ہیں تو بیتاب ہو کر اپنے غلام سے کہا آئیے کہ گھوڑوں کو پانی پلائیں پس دونوں سوار ہوئے اور عمر بن سعد کی فوج سے نکل کر امام حسینؑ کے لشکر کی طرف روانہ ہوئے جب علی بن حر امام حسینؑ کے لشکر کے قریب پہنچا تو اپنے گھوڑے سے اتر کر آداب بجا لایا اور اپنے والد کے نزدیک آ کر اپنا منہ اپنے والد کے منہ پر رکھ دیا امام حسینؑ نے فرمایا اے جوانمرد تو کون ہے اس نے عرض کیا میں حر کا بیٹا ہوں جس نے حضور کے قدموں میں رہ کر جان قربان کر دی ہے اور میں بھی اس لیئے حاضر ہوا ہوں کہ اپنی جان حضور کے سامنے قربان کروں

Presented by www.ziaraat.com

اور یہ بکنہ کہ شریف فرزند اپنے بزرگ آباؤ اجداد کی پیروی کرتا ہے واضح کروں امام حسینؑ نے اسے دعا دی اور علی بن حر اجازت لیکر میدان جنگ کی طرف روانہ ہوا رجز کہتے ہوئے للکارتا تھا اور گھوڑا دوڑاتا تھا اور مقابل کو طلب کرتا تھا فوج شام سے ایک مسلح سپاہی باہر آیا علی بن حر اس کے سامنے آیا اور اسے بات کرنے کا موقع تک بھی نہ دیا اسے نیزے کی نوک سے زین گھوڑے سے اٹھا کر زمین پر دے مارا مقابل اس کے سامنے آیا اور اسے اپنے والد اور چچا کے انتقام میں قتل کر دیا امام حسینؑ اسے کہہ رہے تھے آفرین مرحبا اور اس کے لئے دعا کرتے تھے آخرکار یزیدی لشکر نے اسے گھیر کر شہید کر دیا اور اسے اپنے والد اور چچا کے ساتھ ملحق کر دیا۔ روضۃ الشہداء ۲۶۹۔

# غزہ غلام حر بن یزید ریاحی کی شہادت

بروایت ملا حسینؒ حر کا غلام جس کا نام غزہ تھا اپنے آقا اور اپنے آقا کی امارت کے فراق میں رونے لگا اور اس کا دل ان کی جدائی اور ہجر میں کباب ہو چکا تھا اس لئے بے اختیار ہو کر میدان جنگ کی طرف آیا سخت جنگ کی اور دشمنوں کو مہلت نہ دیتے ہوئے کئی آدمیوں کو میدان جنگ میں تہہ تیغ کیا پھر امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے نواسۂ رسولؐ میں نے گستاخی کی مہربانی فرما کر مجھے معاف فرمائیں کیونکہ میں ابھی تک جنگ کے رسوم اور آداب نہیں سیکھا ہوں اور اپنے آقا اور آقازادہ کی جدائی میں جل گیا ہوں آج میں چاہتا ہوں کہ اپنی زندگی حضور کے قدموں میں رہ کر قربان کروں اور قیامت کو میدان حشر میں اپنے سرداروں پر فخر کروں امام حسینؑ نے فرمایا آفرین اور وہ نہایت خوشی اور انبساط سے میدان جنگ میں آیا اور بہت جلد اپنے آقا اور اس کی امارت سے جا کر ملحق ہوا اور شہادت کی دولت سے ہمیشہ

Presented by www.ziaraat.com

رہنے والی سعادت کا مال خریدا۔ روضۃ الشہدا۔ ۲۶۹۔ ۲۷۰۔

علامہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۶۲ پر حر بن یزید ریاحی کے غلام کی شہادت کے واقعات نقل کئے ہیں مگر غلام کا نام عزہ کی بجائے عروہ لکھا ہے۔ العلم عند اللہ۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی بعد ازاں ایک ایک اصحاب امام حسینؑ میں سے آتا اور رخصت جہاد مانگتا تھا اور امام مظلوم کو وداع کر کے کہتا تھا السلام علیک یا ابن رسول اللہ حضرت فرماتے تھے وعلیک السلام جاؤ بہت جلد ہم بھی پیچھے سے آتے ہیں اور یہ آیت تلاوت فرماتے تھے فمنہم من قضی نحبہ ومنہم ینتظر وما بدلوا تبدیلا۔ یعنی بعض وفات پا چکے ہیں اور بعض منتظر ہیں اور اپنا دین تبدیل نہ کیا اور اپنے دین پر ثابت قدم رہے موافق روایات معتبرہ اس وقت جو فرشتے نصرت حضرت کو آئے تھے زمین سے آسمان تک ان سے بھر گیا اور حضرت نے ان کی نصرت قبول نہ کی اور شہادت اختیار کی دیروایت دیگر جنات آئے اور چاہا نصرت کریں مگر حضرت نے انکار کیا۔ جلاء العیون۔ ۳۹۴۔

# بریر بن خضیر ہمدانی کی شہادت

علامہ محمد ہاشم خراسانی منتخب التواریخ صفحہ ۲۸۱ پر بریر کے نام کی تحقیق کے متعلق لکھتا ہے کہ زیارت ناحیہ مقدسہ میں بریر کا نام مرقوم نہیں ہے اور شاید یزید بن حصین ہمدانی مشرقی سے جناب بریر مراد ہوں اور ابصار العین میں مرقوم ہے کہ اس کے نام اور اس کی ماں کے نام کے متعلق اختلاف ہے پس رجال کی کتابوں میں یزید بن حصین لکھا گیا ہے۔

شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اول صفحہ ۲۵۹ پر لکھا ہے کہ بریر بن خضیر رحمتہ اللہ

Presented by www.ziaraat.com

ایک زاہد اور عابد انسان تھے لوگ اس کو قاریوں کا سردار کہا کرتے تھے وہ اہلِ کوفہ کے قبیلہ ہمدان کے شرفاء میں سے تھے اور عمر ابن عبداللہ سبیعی کوفی تابعی کے ماموں تھے جس کے حق میں کہا گیا ہے کہ اُس نے چالیس سال صبح کی نماز کو عشاء کے وضو سے پڑھا ہر رات کو قرآن مجید کا ایک ختم کیا کرتے تھے اُس کے زمانے میں اس سے زیادہ عبادت کرنے والا اور کوئی نہ تھا اور حدیث میں عام اور خاص لوگوں کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی معتمد آدمی نہ تھا وہ علیؑ ابن حسینؑ کے معتمد آدمیوں میں سے تھے۔

علّامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۸۰ پر لکھا ہے کہ کتاب ابصار العین میں منقول ہے کہ بریر اسلام کے پُورے پابند، تابعی، عابد اور قرآن مجید کے بڑے قاریوں میں سے تھے۔

علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۷۰ ۵ پر لکھا ہے کہ حر کے بعد بریر ابن خضیر ہمدانی میدان میں آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میں بریر ہوں میرے باپ خضیر ہیں ۔۔۔ میری آواز سُن کر شیر ڈر جاتا ہے
صاحبانِ خیر ہم میں نیکی کو پہچانتے ہیں ۔۔۔ میں تمہیں ماروں گا اور کوئی نقصان نہ سمجھوں گا
بریر ایسے ہی نیک کام کرتا ہے

علّامہ قزوینی نے ریاض القدس صفحہ ۷۷ ۳ پر لکھا ہے کہ کتب میں مذکور نہیں ہے کہ یہ زاہد اور مجاہد مرد سوار ہو کر میدان میں آیا یا پیادہ۔

علّامہ طبری نے تاریخ الامم والملوک حصّہ چہارم صفحہ ۲۷۸ اور ۲۷۹ پر لکھا ہے کہ یزید بن معقل صف سے نکلا پکار کر کہنے لگا کیوں بریر بن خضیر تم نے دیکھ لیا کہ خدا نے تمہارے ساتھ کیا کیا، بریر نے کہا واللہ خدا نے میرے ساتھ بھلائی کی اور تیرے حق میں بُرائی کی وہ کہنے لگا تم نے جھوٹ کہا تم تو کبھی جھوٹ نہیں بولتے تھے، اس میں کوئی شک نہیں کہ تو گمراہ ہے بریر نے جواب دیا آؤ ہم اور تم مباہلہ

Presented by www.ziaraat.com

کریں پہلے خدا سے دُعا مانگیں کہ وہ جھوٹے پہ لعنت کرے اور گمراہ کو قتل کرے اس کے بعد ہم لڑیں اب وہ دونوں نکلے خدا کی طرف ہاتھوں کو بلند کرکے یہ دُعا مانگی کہ جھوٹے پہ عذاب نازل ہو اور جو راہ راست پہ ہو وہ گمراہ کو قتل کرے اس کے بعد دونوں لڑنے کو بڑھے دو دو چوٹیں ہوئی تھیں کہ یزید کا ایک اوچھا سا وار بریر پہ پڑا جس سے بریر کو کوئی نقصان نہ پہنچا بریر نے جو تلوار یزید کو ماری وہ خود کو کاٹتی ہوئی دماغ تک جا پہنچی وہ اس طرح گرا کہ معلوم ہوا پہاڑ سے نیچے آرہا ہے اور بریر کی تلوار اُسی طرح شگاف زخم میں موجود تھی بریر تلوار کو زخم میں سے کھینچ رہے تھے یہ دیکھ کر رضی بن منقذ عبدی بریر سے لپٹ گیا کچھ دیر تک کشتی ہوتی رہی بریر اسکی چھاتی پہ چڑھ بیٹھے تو عبدی چلّانے لگا کہاں ہو مدد کرنے والو دوڑو اب کعب ازدی نے بریر پہ حملہ کرنے کا ارادہ کیا ایک شخص نے اسے جتا بھی دیا کہ یہ تو قاری قرآن بریر ہیں جو مسجد میں ہم لوگوں کو قرآن پڑھاتے تھے کعب نے نیزہ کا وار کیا اس کی سنان بریر کی پشت پہ لگی بریر برچھی کھا کر زانو کے بل ہو گئے اور عبدی کی ناک دانتوں سے کاٹ لی اس کے چہرے کو زخمی کر دیا کعب نے ایسا وار کیا کہ بریر عبدی کے سینے سے الگ ہو گئے اور اس کی برچھی کا پھل بریر کی پشت میں اترا ہوا تھا عبدی خاک جھاڑ کر اُٹھ کھڑا ہوا ازدی سے کہنے لگا تم نے تو ایسا احسان مجھ پر کیا جس کو میں کبھی نہ بھولوں گا کعب ازدی میدان جنگ سے جب واپس ہوا تو اسکی عورت یا اس کی بہن نوار بنت جابر نے کہا تو نے فرزند فاطمہ کے مقابلے میں کمک کی تو نے سیّد قاریین کو شہید کیا تو کیسے امر عظیم کا مرتکب ہوا واللہ میں تجھ سے کبھی بات نہ کروں گی کعب نے اپنی برچھی کی مدح میں اور اپنی حرب کی خوشامد میں اور عبدی پر احسان کرنے کی مفاخرت میں چند شعر کہے عبدی نے اس کے رد میں چند شعر کہے اور اپنی اس دن کی حرکت پر پشیمانی اور ندامت کا اظہار کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۷۶ پر لکھا ہے کہ بریر یزید بن معقل کو قتل کرنے کے بعد امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے امام حسینؑ نے اس کو بہشت کی خوشخبری دی وہ معہ نیک اعتقاد اس خوشخبری سے مسرور ہو کر میدان کی طرف گئے اور بحیر بن اوس جبنی نے آپ کو شہید کیا۔

علامہ ابوالقاسم اصفہانی نے بھی نفائس الاخبار صفحہ ۱۲۵ پر اور علامہ ابن شہر آشوب نے بھی مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۷۵ پر حضرت بریر کے قاتل کا نام بحیر بن اوس جبنی لکھا ہے۔

خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۷۵ پر لکھا ہے کہ اب تمام لوگ بحیر کو لعنت و ملامت کرنے لگے کہ تو نے بریر جیسے عابد و زاہد کو شہید کر دیا اسکے چچیرے بھائی عبید بن جابر نے بھی بریر کے قتل پر اُسے شرم دلائی وہ کم بخت بھی ایسے وقت پر پشیمان اور نادم ہوا لیکن اس کی یہ پشیمانی بے فائدہ تھی اور وہ اسی شرمندگی میں مر گیا۔

# وہب بن عبداللہ کی شہادت

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۶۵، ۶۶ پر لکھا ہے کہ انہوں نے میدان کارزار میں بے انتہا جرأت و شجاعت کا مظاہرہ کیا اور حق جہاد ادا کیا اثنائے قتال وہب کو اپنی مادر اور زوجہ کا خیال آیا جو میدان کربلا میں اس مجاہد راہ خدا کے ہمراہ تھیں چنانچہ جنگ سے واپس ہوئے اور مادر گرامی کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کیوں والدہ گرامی! آپ مجھ سے راضی ہو گئی ہیں یا نہیں؟ مادر وہب نے جواب دیا اے بیٹا! میں تم سے بس اس وقت راضی ہوں گی جب تم فرزند رسولؐ جان علیؑ و بتولؑ کے قدموں پر اپنی جان نثار کرو گے مگر زوجہ

Presented by www.ziaraat.com

وہب نے کہا اے والی میرے ! خدا کی قسم آپ اپنی جان کھو کر مجھے غم میں ڈالیں یہ سُنتے ہی مادر وہب نے للکارا اے بیٹا ! اس عورت کی بات پر توجہ نہ کرو اور میدان قتال کو واپس چلے جاؤ اور اپنے آقا اور مولا کی حمایت میں اعدائے دین سے جنگ کرو تاکہ روز قیامت شفیع روز جزا جناب رسولؐ خدا کی شفاعت نصیب ہو۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی وہب ماں کی بات کو سُن کر دوبارہ قتل گاہ میں آئے اور دریائے جنگ میں غوطہ مار کے دلیرانہ محاربہ کیا یہاں تک کہ انیس[۱۹] سوار اور بارہ پیادے لشکر شقاوت اثر کے واصل جہنم کئے ظالموں نے ان کے ہاتھ کاٹ ڈالے مادر وہب نے جب یہ حال اپنے پسر کا دیکھا تو چوب خیمہ اپنے ہاتھ میں لیکر متوجہ معرکہ ہوئیں اور کہتی تھی اے میرے فرزند! میرے ماں باپ تجھ پر نثار ہوں حرم محترم جناب رسولؐ خدا کی حمایت کر کے شہید ہو جاؤ اور سعادت ابدی حاصل کرو وہب ہر چند چاہتے تھے کہ ماں کو پھیر دیں مگر وہ نہ مانتی تھی جب امام حسینؑ نے یہ حال ملاحظہ فرمایا تو فرمایا خدا تجھے جزائے خیر عطا کرے کہ نصرت اہلبیتؑ میں تو نے کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا اے عورت صالحہ واپس چلی آ کیونکہ عورتوں پر جہاد نہیں ہے جب وہب نے شربت شہادت نوش کیا اس کی زوجہ بیتابانہ اس کے پاس گئی اور اپنا منہ اس کے منہ پر رکھ کر شوہر کے منہ سے خاک جھاڑنے لگی شمر لعین نے اپنے غلام سے کہا، اس نے گرز اس عورت کے سر پر ایسا لگایا کہ اپنے شوہر سے ملحق ہوئی اور حدیث میں امام زین العابدینؑ سے منقول ہے کہ وہب پہلے نصرانی تھا بعد میں وہ اور اس کی ماں امام حسینؑ کی ہدایت سے مسلمان ہوئے اور جب معرکہ میں پہنچا تو سات آٹھ شقی قتل کئے۔ اور بروایت دیگر چوبیس[۲۴] پیادے اور بارہ[۱۲] سوار منافقان نابکار کے لقمہ تیغ کئے جب کثرت جراحت سے مجبور ہو گیا اس کو قید کر کے عمر بن سعد کے پاس لے گئے اس ملعون نے حکم دیا کہ ان کا سر کاٹ کر امام حسینؑ کی طرف پھینک دو اس کی ماں نے تلوار اپنے پسر کی لی اور متوجہ لشکر مخالف ہوئی امام حسینؑ نے

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا اے مادر وہب لڑنے نہ جا خدا نے جہاد کا عورتوں پر حکم نہیں دیا تجھ کو بشارت ہو، تو اور تیرا پسر بہشت میں میرے جد بزرگوار کے ہمراہ ہوں گے، بروایت دیگر سر اپنے فرزند کا بجانب لشکر مخالف پھینک دیا اور ایک ظالم کو ہلاک کیا پھر چوب خیمہ اٹھا کے دو کافروں کو قتل کیا حضرت نے فرمایا اے مادر وہب پھر آ، وہ مومنہ پھر آئی اور کہا خداوندا میری امید قطع نہ کرنا حضرت نے فرمایا اے مادر وہب خدا تجھے ناامید نہ کرے گا اور تو مع پسر خدمت سید البشر میں درجہ اعلیٰ بہشت میں ہوگی۔ جلاء العیون ص ۳۹۴

# عمرو بن خالد ازدی کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار میں، علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ میں خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی میں، ملا حسین نے روضۃ الشہداء میں، علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب میں علامہ محمد قزوینی نے ریاض القدس میں اور علامہ ابوالقاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار میں لکھا ہے کہ وہب کے بعد عمرو بن خالد ازدی جہاد کی خاطر میدان قتال میں نمودار ہوئے۔

علامہ ابن شہر آشوب مناقب صفحہ ۶ - ۵۷ پہ لکھا ہے کہ عمرو نے میدان میں ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اے نفس آج تو رحمٰن کی طرف راحت و آرام سے چلا جانے والا ہے
آج تجھے اس نیکی کا بدلہ ملے گا جو لوح محفوظ میں بدلہ دینے والے خدا نے لکھ دی ہے
بے چین نہ ہو ہر زندہ کو ایک دن مرنا ہے

بروایت ملا محمد باقر مجلسی اس کے بعد سرگرم جہاد راہ خدا ہوئے یہاں تک کہ اپنا گلوئے خشک شربت شہادت سے تر کیا۔ بحار الانوار - ۱۸ -

Presented by www.ziaraat.com

# خالد بن عمرو ازدی کی شہادت

علامہ مجلسی نے جلاء العیون اور بحار الانوار جلد دہم میں ملا حسین نے روضۃ الشہداء میں شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اول میں اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ میں لکھا ہے کہ عمرو بن خالد ازدی کے بعد اس کے فرزند خالد بن عمرو ازدی میدان جنگ میں آئے مگر ابو القاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار طبع طہران صفحہ ۱۲۶ پر لکھا ہے کہ عمرو بن خالد ازدی کے بعد اس کے فرزند زید بن عمرو میدانِ جنگ میں جہاد کیلئے آئے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۷۶ ۵ پر لکھا ہے کہ عمرو بن خالد کے بعد ان کے فرزند خالد بن عمرو بقصدِ جہاد میدان میں آئے اور رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اے بنی قحطان موت پر صبر کرو ۔۔۔ تاکہ رضائے رحمٰن حاصل ہو

اے پدر بزرگوار آپ جنت میں پہنچے ۔۔۔ اور آپ کیلئے شاندار موتیوں کا قصر ہے

علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۱۸ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد سرگرم جہاد ہوئے جہاں تک کہ درجہ شہادت پہ فائز ہوئے۔

# سعد بن حنظلہ تمیمی کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون اور بحار الانوار جلد دہم میں ملا حسین نے روضۃ الشہداء میں علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ میں علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب میں شیخ عباس قمی نے منتہی الامال میں اور آقا ابو القاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار میں لکھا ہے کہ خالد بن عمرو کی شہادت کے بعد سعد بن حنظلہ تمیمی درجہ شہادت پہ فائز ہونے کیلئے میدان جنگ میں پہنچے اور بروایت علامہ ابن شہر آشوب ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

تلواروں اور نیزوں پہ صبر کر      جنت میں داخلے کیلئے ان چیزوں پر صبر کر
اور ان حوروں کو پانے کیلئے جو نازک اندام      اور پسندیدہ ہیں اپنے نفس صبر کراور راحت کیلئے جدوجہد کر۔ مناقب
بروایت علامہ مجلسی یہ کہہ کر حملہ کیا اور بہت سے منافقوں کو واصل جہنم کیا یہاں تک کہ
درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ بحار الانوار - جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۱۸ -

# عمیر بن عبداللہ کی شہادت

علّامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۹۵ پر اور بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۱۹ پر علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۷۶ پر شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اوّل صفحہ ۲۷۰ پر اور آقا ابو القاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار صفحہ ۱۲۶ پر لکھا ہے کہ سعد بن حنظلہ تمیمی کے بعد عمیر بن عبداللہ مذحجی میدان کارزار میں تشریف لائے مگر ملا حسینؒ نے روضۃ الشہدا صفحہ ۲۸۱ پر لکھا ہے کہ سعد بن حنظلہ کی شہادت کے بعد حماد بن انس سوار ہو کر میدانِ کارزار میں آئے آقا ابو القاسم نے نفائس الاخبار میں اس شہید کا نام عمر بن عبداللہ مذحجی نقل کیا ہے اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۷۶ پر اس شہید کا نام عبداللہ مذحجی درج کیا ہے۔

علّامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۱۹ پر لکھا ہے کہ عمیر نے میدان میں رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے:۔

قبیلہ سعد اور قبیلہ مذحج واقف ہیں کہ میں لڑائی کے وقت شیر غضبناک ہوں اور اس شخص کے سر پر اپنی تلوار بلند کرتا ہوں جو غرق سلاح اور شجاع ہو اور اپنے مقابل کی لاش بجوؤں کا طعمہ بنا کر چھوڑ دیتا ہوں یہ کہہ کر مشغول جہاد ہوگئے یہاں تک کہ مسلم ضبابی اور عبداللہ بجلی نے ان کو شہید کیا۔ علّامہ طبری نے تاریخ طبری میں علّامہ ابن خلدون نے تاریخ ابن خلدون میں احمد بن ابی یعقوب نے تاریخ یعقوبی میں علّامہ

Presented by www.ziaraat.com

ابن طاؤس نے مقتل لہوف میں شیخ مفید نے الارشاد میں اور علامہ ابو اسحٰق نے نور العین میں تو اس کی شہادت کا تذکرہ ہی نہیں کیا ہے۔

# مُسلم بن عوسجہ کی شہادت

آقا ابو القاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار صفحہ ۱۲۶ پر علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۷۶ پر علامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۹۵ پر اور بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۱۹ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۷۵ پر عمیر کی شہادت کے بعد مُسلم بن عوسجہ کی شہادت کے واقعات نقل کئے ہیں۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۷۶ پر لکھا ہے کہ اب مسلم بن عوسجہ شیرانہ انداز میں فوج دشمن کے سامنے آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اگر میرے متعلق پوچھو تو میں صاحب قوت — بنی اسد کی شاخ ہوں

جو ہم سے بغاوت کرے گا وہ ہدایت سے — دور رہے گا اور دین خدا کا منکر

بروایت علامہ مجلسی پھر مصروف جہاد ہوئے ایک جماعت اشقیاء کو واصل جہنم کیا بحار ۱۹

بروایت علامہ طبری پسر سعد کے میمنہ سے عمرو بن حجاج نے فرات کی طرف سے حملہ کیا ایک ساعت تک جنگ ہوتی رہی۔ اسی میں مسلم بن عوسجہ اسدی انصار حسینؑ میں سب سے پہلے زخمی ہو کر گرے ابن حجاج حملہ کر کے جب پلٹا اور غبار پھٹا تو دیکھا کہ مسلم بن عوسجہ زمین پر پڑے ہیں حسینؑ ان کے پاس آئے ابھی ذرا جان باقی تھی آپ نے فرمایا مسلم بن عوسجہ خدا تم پر رحم کرے یعنی مجاہدوں میں سے کسی نے اپنی جان فدا کر دی کوئی انتظار کر رہا ہے۔ انہوں نے ذرہ تغیر و تبدل نہیں کیا پھر حبیب ابن مظاہر نے قریب آ کر کہا اے ابن عوسجہ تمہارے قتل ہونے کا مجھے بڑا قلق ہے، تمہیں بہشت مبارک ہو بہت آہستہ سے جواب دیا خدا تم کو بھی بخیر و خوبی مبارک کرے، حبیب نے کہا میں جانتا ہوں کہ تمہارے

Presented by www.ziaraat.com

پیچھے ہی پیچھے اُسی وقت میں بھی تمہارے پاس آنے کو ہوں ورنہ یہ کہتا کہ جو جی چاہے اس بات کی وصیت مجھے کرو کہ تم سے قرابت واخوت دینی کا جو مقتضیٰ ہے اسی کے مطابق تمہاری وصیت کو میں بجا لاؤں۔ مسلم بن عوسجہ نے امام حسینؑ کی طرف ہاتھ اُٹھا کر کہا ان کے باب میں میں تم سے یہ وصیت کرتا ہوں کہ ان پر اپنی جان فدا کرنا، حبیب نے کہا واللہ میں ایسا ہی کروں گا جو نہی مسلم بن عوسجہ کی رُوح نے مفارقت کی اوران کی کنیز اُن کا نام لے لے کر بین کرنے لگی عمرو بن حجاج کے لشکر میں شور مچ گیا کہ ہم نے مسلم بن عوسجہ اسدی کو قتل کیا شبث نے یہ سُن کر اپنے پاس کے لوگوں سے کہا تم کو موت آئے اپنے عزیزوں کو اپنے ہی ہاتھ سے قتل کرتے ہو غیروں کے سامنے خود کو ذلیل کرتے ہو مسلم بن عوسجہ جیسے شخص کو قتل کر کے خوش ہو رہے ہو سُنو واللہ مسلمانوں میں ان کو بڑے بڑے معرکوں میں میں نے بڑی شان کے ساتھ دیکھا ہے۔ آذربائیجان کے دھاوے میں میں نے دیکھا کہ انہوں نے چھ کافروں کو قتل کیا اور ابھی مسلمانوں کے سب سوار آنے بھی نہ پائے تھے بھلا ایسا شخص تم میں قتل ہو جائے اور تم خوش ہو رہے ہو جنہوں نے مسلم بن عوسجہ کو قتل کیا ہے ان کا نام مسلم بن عبداللہ ضبابی اور عبدالرحمن بجلی ہے۔ تاریخ طبری - ۲۸۰ -

کتاب نفس المہموم میں ہے کہ مسلم بن عوسجہ رحمہ اللہ تعالیٰ مال لینے اسلحہ خریدنے اور بیعت لینے میں جناب مسلم بن عقیل کے وکیل تھے۔

بروایت ابوالقاسم اصفہانی مسلم بن عوسجہ جناب سیدالشہداء علیہ السلام کے بزرگان لشکر نامور بہادروں، زمانہ کے مشہور لوگوں اور امیرالمومنین کے اصحاب میں سے تھے انہوں نے آنحضرتؐ کی خدمت میں رہ کر جہاد کیا اور بہادری کے جوہر دکھائے اور بعض نے ذکر کیا ہے کہ حضرت امیرالمومنین مسلم بن عوسجہ کو اپنا بھائی کہہ کر پکارتے تھے۔

نفائس الاخبار - ۱۲۶ -

Presented by www.ziaraat.com

# مسلم بن عوسجہؓ کے فرزند کی شہادت

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۸۲ پر علامہ محمد قزوینی نے ریاض القدس صفحہ ۴۹۱ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۶۶ پر لکھا ہے کہ روضۃ الاحباب تالیف حافظ جمال الدین میں منقول ہے کہ حضرت مسلم بن عوسجہ کا ایک صاحبزادہ تھا جب اس نے دیکھا کہ اس کے والد شہید ہو گئے ہیں تو ایک بپھرے ہوئے شیر کی طرح نکلا امام حسینؑ نے اسے اپنے ارادے سے باز رکھتے ہوئے فرمایا اے جوان! تمہارا باپ ابھی مارا جا چکا ہے اگر تم بھی شہید ہو گئے تو پھر تمہاری غریب ماں اس بے آب و گیاہ جنگل میں کس کے ہاں پناہ لے گی مسلم بن عوسجہ کا فرزند لوٹنے ہی کو تھا کہ اس کی ماں جلدی کر کے اس کے پاس راستے ہی میں پہنچ گئی اور کہا تو اپنی جان کی سلامتی کو امام حسینؑ کی نصرت و حمایت سے بہتر سمجھتا ہے لیکن میں اس امر میں تجھ سے کبھی راضی اور خوشنود نہ ہوں گی ماں کا یہ حکم سن کر وہ پھر میدان جنگ کی طرف واپس ہوئے اور حملہ کیا اور انکی ماں بھی ان کے پیچھے پیچھے باآواز بلند کہہ رہی تھی اے بیٹے خوش ہو ابھی ابھی تم ساقی حوض کوثر کے ہاتھوں سے سیراب ہو گے اور وہ مردانگی کے جوہر دکھا رہے تھے، یہاں تک کہ مشرکین کے تیس آدمیوں کو قتل کرنے کے بعد درجۂ شہادت پر فائز ہوئے کوفیوں نے ان کا سر کاٹ کر ان کی ماں کے آگے پھینک دیا ان کی والدہ نے سر کو اٹھا کر بوسہ دیا اور اس دردناک انداز میں روئی کہ ہر شخص پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا۔ ترجمہ اقتباس ناسخ التواریخ۔

جگل سیکشن حیدرآباد سندھ، پاکستان

# ہلال بن نافع کی شہادت

ملا حسین نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۸۴ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحات ۲۶۶ و ۲۶۷ پر لکھا ہے کہ پسر مسلم بن عوسجہ کی شہادت کے بعد ہلال بن نافع میدانِ جنگ

Presented by www.ziaraat.com

میں نکلے مگر علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۱۹۹ پر لکھا ہے کہ مسلم بن عوسجہ کی شہادت کے بعد نافع بن ہلال شہید ہوئے اور جلاء العیون صفحہ ۳۹۶ پر باسناد امام زین العابدین علیہ السلام لکھا ہے کہ بعد شہادت مسلم بن عوسجہ زہیر بن قین بجلی درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور علامہ سید ابن طاؤس نے مقتل لہوف میں لکھا ہے کہ مسلم بن عوسجہ کے بعد عمر بن قرظہ انصاری میدان میں آئے اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۷۷۰ پر لکھا ہے کہ مسلم بن عوسجہ کے بعد عبدالرحمن بن عبداللہ یزنی میدانِ قتال میں پہنچ کر شہید ہوئے۔ العلم عند اللہ۔

اب بمطابق روایت ملا حسین اور علامہ محمد تقی، ہلال بن نافع کی شہادت کے واقعات نقل کئے جاتے ہیں۔ حافظ جمال الدین محدث اہل سنت مولف روضۃ الاحباب کی روایت کے مطابق مسلم بن عوسجہ کے شہید ہونے کے بعد ہلال بن نافع بجلی نے میدان جنگ کا قصد کیا۔ ہلال بن نافع ایک نہایت حسین جمیل اور متناسب الاعضاء جوان تھا اس نے ایک کنواری لڑکی سے شادی کی تھی جس سے اس نے اس وقت تک ہمبستری نہیں کی تھی۔ جب اس نے اپنے شوہر کو آمادہ پیکار دیکھا تو رو پڑی اور اس کا دامن تھام لیا اور کہنے لگی تم کہاں جاتے ہیں مجھے کس کے حوالے کئے جاتے ہو یہ کہہ کر وہ عفیفہ ہای ہای کر کے رونے لگی جب اس کی خبر امام حسینؑ کو ہوئی تو ہلال کو بلا کر ارشاد کیا کہ تیرے اہل و عیال کی مایوسی کا علاج سوائے اس کے نہیں ہے کہ تو ان کے سامنے موجود رہے اگر جی چاہے تو طریق قتال میں چشم پوشی کر لو اور اپنے اہل و عیال کو خوش رکھو ہلال نے عرض کیا کہ اگر میں آپ کی نصرت سے ہاتھ اٹھالوں تو فرمائیے فردائے قیامت جناب رسولؐ خدا کے سامنے کیا جواب دوں گا یہ کہہ کر اس نے اپنی زوجہ کو وداع کر کے جہاد کا ارادہ کیا اور اشعار پڑھے جس کا ترجمہ یہ ہے۔

ان تیروں کو چلاؤں گا جن کے منہ پر نشان لگے ہوئے ہیں زہر میں بجھے ہوئے ہیں اور بے لگا کر اڑ رہے ہیں ان کے ختم ہو جانے پر زمین کشتوں سے بھر دوں گا جس وقت

Presented by www.ziaraat.com

موت سر پہ آپہنچے تو خوف کھانا کسی نفس کے لیئے فائدہ مند نہیں تحقیق ہلال ایک دلیر مرد اور ایک بہادر تیر انداز تھا جس کے تیر کا عقاب نشانے کے مرکز کے سوا اور کہیں آشیانہ نہیں بناتا تھا اور اپنے بھرے ہوئے ترکش میں اسّی تیر رکھتا تھا اور ہر تیر کے ساتھ ایک مرد کو گھوڑے کی زین سے زمین پہ گرا دیتا تھا جب کوئی تیر اس کے ترکش میں نہ رہا تو تلوار سے بہادرانہ حملہ کیا اور کہا میں یمنی بجلی کا لڑکا ہوں میرا دین بموافق دین علیؑ اور حسینؑ ہے اگر آج کے دن قتل کیا جاؤں تو یہ میری آرزو ہے اور یہ میری رائے ہے کہ اپنے عمل کو پالوں گا ان کا رجز سُن کر عمر دبن سعد کے لشکر سے قیس برہنہ تلوار کے ساتھ میدان میں دوڑا ہلال نے جلد ہی اس کو جہنم کی جلتی ہوئی آگ میں بھیج دیا اور سر کاٹنے والی تلوار سے دشمنوں کے تیرہ ۱۳ آدمیوں کو ہلاک کر دیا اسی اثنا میں دشمنوں نے تلواروں اور تیروں کی مار سے اس کو گھیر لیا اور اس کے بازوؤں کو توڑ ڈالا اور پکڑ کر شمر ذی الجوشن کے پاس لے گئے شمر کے حکم سے اسکے سر مبارک کو تن اقدس سے جُدا کیا گیا۔ ترجمہ اقتباس ناسخ التواریخ ۲۹۶

بروایت علامہ محمد ہاشم خراسانی ابصار العین میں منقول ہے کہ قدماء کی تحقیق میں ہلال ابن نافع غلط ہے اور نافع ابن ہلال صحیح ہے جملی جمل کی طرف منسوب ہے جو کہ قبیلہ مذحج کا ایک خاص قبیلہ ہے اور بعض کتب میں بجلی لکھا گیا ہے وہ صراحۃً غلط ہے۔ منتخب التواریخ۔ ۲۸۲۔

# نافع ابن ہلال کی شہادت

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۶۷ پہ لکھا ہے کہ ہلال بن نافع کے بعد نافع بن ہلال نے شہادت پائی بروایت علامہ طبری نافع بن ہلال اس دن جدال و قتال میں مصروف تھے اور کہتے جاتے تھے انا الجملی انا علی دین علی۔ مزاحم بن حریث ان سے لڑنے کو بڑھا نافع نے حملہ کرتے ہی اسے قتل کر ڈالا نافع بن ہلال جملی نے تیروں کے سوفاروں

Presented by www.ziaraat.com

پر اپنا نام لکھا تھا زہر میں بجھے ہوئے تیر لگاتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے میں
جملی اور دین علی پر ہوں پسر سعد کے اصحاب میں سے بارہ شخصوں کو انہوں نے قتل کیا کچھ لوگ
زخمی ہوئے ان پر وار کیا اور دونوں بازو ٹوٹ گئے زندہ گرفتار ہو گئے شمر اور اس کے ساتھ
انہیں دھکیلتے ہوئے پسر سعد کے پاس لائے ابن سعد نے کہا اے نافع تم نے اپنے نفس کے
ساتھ ایسی برائی کیوں کی ؟ نافع نے کہا میرے ارادے کا حال خدا خوب جانتا ہے اس
کی داڑھی پر خون بہتا جاتا تھا اور کہہ رہے تھے میں نے زخمیوں کے علاوہ تمہارے بار
شخصوں کو قتل کیا اور پھر مجھے ذرا پشیمانی بھی نہیں میرے دست و بازو اگر ٹوٹ نہ گئے ہوتے
تو مجھے تم اسیر نہ کر سکتے شمر نے ابن سعد سے کہا خدا آپ کو سلامت رکھے اسے قتل
کیجئے ابن سعد نے کہا تو ہی ان کو پکڑ لایا ہے قتل کرنا چاہتا ہے تو قتل بھی تو ہی کر، شمر
تلوار کھینچی تو نافع نے کہا واللہ اگر تو مسلمان ہوتا تو ہم لوگوں کا خون گردن پر لیکر خدا کے سامنے
جانا تجھے شاق ہوتا۔ خدا کا شکر ہے کہ جو لوگ بدترین خلائق ہیں ان کے ہاتھوں ہمار
موت اس نے مقدر کی اس کے بعد شمر نے اسے قتل کیا۔ تاریخ طبری ۲۸۰۰
مذکورہ واقعات بعینہٖ علامہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۶۷
نقل کئے ہیں۔

# کوفیوں کی امام حسینؑ سے جنگ

بروایت علامہ طبری یہ دیکھ کر عمرو بن حجاج پکارا اے احمقو! اے اہل کو
تم نہیں جانتے کہ کس سے لڑ رہے ہو یہ وہ لوگ ہیں جو مرنے پر آمادہ ہیں ایک
ایک کر کے ان سے ہرگز نہ لڑو یہ تھوڑے سے لوگ ہیں اور تھوڑی دیر میں فنا ہو
واللہ اگر تم انہیں پتھر اٹھا اٹھا کر مارو تو سب کو قتل کر سکتے ہو ابن سعد نے کہا تو
کہتا ہے یہی رائے ٹھیک ہے لوگوں کو اس نے سخت ممانعت کر دی کہ ایک ایک

Presented by www.ziaraat.com

نہ لڑیں عمرو بن حجاج انصار حسینؑ کے مقابل ہو کر اپنے لوگوں سے کہنے لگا اے کوفیو!
یعنی اطاعت و جماعت کو نہ چھوڑو جس نے دین کو چھوڑ دیا اور امام کے خلاف کیا
اس شخص کے قتل کرنے میں تامّل نہ کرو آپ نے یہ کلمہ سُن کر اس سے کہا اے عمرو بن
حجاج تو میرے قتل پر لوگوں کو ابھار رہا ہے ہم لوگوں نے تو دین کو چھوڑ دیا اور تم لوگ
دین پر قائم ہو۔ واللہ قبض روح کے بعد ان افعال کے ساتھ مرنے پر تم کو معلوم ہو گا کہ
کس نے دین کو چھوڑ دیا کون دوزخ کا سزاوار ہوا اس کے بعد لشکر سعد کے میمنہ سے
عمرو بن حجاج نے فرات کی طرف سے حملہ کیا ایک ساعت تک جنگ ہوتی رہی۔
شمر ذی الجوشن نے اپنے میسرہ کے ساتھ حضرتؑ کے میسرہ پر حملہ کیا اور یہ سب
لوگ اپنی جگہ سے نہ سرکے شمر کو اور اس کے اصحاب کو برچھیاں مارنے لگے اب حسینؑ
اور انصار حسینؑ پر چاروں طرف سے لوگ ٹوٹ پڑے۔ آپ کے انصار نے بڑی
شدت و قوت سے جنگ کی ادھر کل بتیس سوار تھے انہوں نے جب حملہ کیا جدھر
رخ کیا اہل کوفہ کے سواروں کو شکست دی عزرہ بن قیس اہل کوفہ کا سرخیل تھا اس نے
دیکھا کہ اس کے رسالہ کے سوار ہر طرف پسپا ہو رہے ہیں ابن سعد کے پاس عبدالرحمن
بن حصین کو بھیج کر یہ کہلا بھیجا تو دیکھ رہا ہے کہ ان چند سواروں کے مقابلہ میں کتنی دیر سے میرا
رسالہ منتشر ہو رہا ہے ان کے لئے پیادوں کو اور تیر اندازوں کو جلدی بھیج۔ ابن سعد نے
شبث بن ربعی سے کہا تم ان سے لڑنے کو نہ جاؤ گے اس نے کہا سبحان اللہ اس شخص کو
جو قوم عرب اور تمام اہل شہر کا بزرگ ہو اس سے تم چاہتے ہو کہ تیر اندازوں کو لیکر جائے
تمہیں کوئی دوسرا نہیں ملتا جو اس کام کی حامی بھرے اور میری ضرورت نہ ہو غرض شبث
لڑنے سے پہلو تہی کرتا رہا ایک شخص نے مصعب کے عہد حکومت میں شبث کو یہ کہتے سُنا کہ
اہل کوفہ کو خیر و خوبی کبھی خدا نصیب نہ کرے گا ان کو کبھی راہ راست کی توفیق نہ دے گا
تعجب کی بات ہے کہ ہم لوگ پانچ برس تک علیؑ بن ابیطالب کے ساتھ پھر ان کے فرزند کے

Presented by www.ziaraat.com

ساتھ رہ کر بنی اُمیہ سے کشت و خون میں مشغول رہے ہوں پھر یہیں لوگ اولاد معاویہ و دلپسر سمیہ فاحشہ کے ساتھ ان کے دوسرے فرزند سے جو تمام روئے زمین کے لوگوں سے افضل ہو کشت و خون کریں ہائے گمراہی ہائے زیاں کاری۔

ابن سعد نے حصین بن تمیم کو پکارا اور تمام زرہ پوش سواروں اور پانچ سو تیر اندازوں کے ساتھ اسے روانہ کیا یہ لوگ حسینؑ و انصار حسینؑ پر حملہ کرنے کو بڑھے قریب پہنچے تو ان پر تیر برسانے لگے تھوڑی ہی دیر میں ان کے گھوڑوں کو پے کردیا سب کے سب پیادہ ہو گئے ایسی شدید جنگ خدائی کے پردہ پر نہ ہوئی ہو گی جیسی اس روز ہوئی دوپہر ہونے کو آئے اور کوفیوں کو ایک رخ کے سوا کسی دوسری طرف سے انصار حسینؑ پر حملہ کرنا ممکن نہ ہوا وجہ یہ تھی کہ ان کے خیام ایک ہی مقام پر تھے خیمہ سے خیمہ متصل تھا یہ دیکھ کر ابن سعد نے پیادوں کو بھیجا کہ داہنی اور بائیں طرف کے خیمے اکھاڑ ڈالیں تو وہ لوگ گھر جائیں۔ تاریخ طبری ۲۸۰ تا ۲۸۳۔

بروایت علامہ محمد تقی عمر بن سعد نے اعلان کیا کہ خبردار اے لشکر والو جلدی کرو جس قدر لکڑیاں امام حسینؑ نے اس خندق میں جمع کر رکھی ہیں انہیں آگ لگا دو سپاہیوں نے خندق میں آگ لگا دی اور روشن کر دیا امام حسینؑ نے فرمایا انہیں آگ روشن کرنے دو تاکہ جنگ ایک طرف سے ہو اسی اثنا میں شبث بن ربعی آگے دوڑا اور عمر بن سعد کو پکار کر کہا تیری ماں تیرے ماتم میں بیٹھے ان عورتوں اور بچوں سے کیا چاہتے ہو یزیدی فوج کے سپاہی اس کی ملامت اور طعنہ زنی سے شرمندہ ہوئے اور واپسی کا راستہ اختیار کیا ناچار جنگ ایک جانب سے جاری رہی زہیر بن قین کے ساتھیوں نے حملہ کیا اور ابو عذرہ ضبابی کو جو شمر بن ذی الجوشن کی فوج کے سرداروں میں سے تھا قتل کر دیا اس روایت کو تھوڑے تغیر کے ساتھ علامہ طبری نے بھی تاریخ طبری صفحہ ۲۸۳ پر اور ملا محمد باقر مجلسی نے بھی بحار الانوار۔ ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۲۹ پر نقل کیا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۹۰ پر لکھا ہے کہ اصحاب امام حسینؑ میں جو لوگ حملہ اولیٰ میں شہید ہوئے وہ یہ ہیں۔ نعیم بن عجلان۔ عمران بن کعب۔ حنظلہ بن عمر۔ قاسط بن زہیر۔ کنانہ بن عتیق۔ عمرو بن مشیعہ۔ ضرغامہ بن مالک۔ عامر بن مسلم۔ سیف ابن مالک۔ عبدالرحمٰن بن عبداللہ ارجی۔ مجمع العائذی۔ حباب بن حارث۔ عمرو الجندعی حلاس بن عمرو۔ سوار بن ابی عمیر۔ عمار بن ابی سلامہ۔ نعمان بن عمرو۔ زاہر بن عمرو۔ غلام بن الحق۔ جبلہ بن علی۔ مسعود ابن حجاج۔ عبداللہ بن عروہ۔ زہیر بن بشیر۔ عمار بن حسان۔ عبداللہ بن عمیر۔ مسلم بن کثیر۔ زہیر بن سلیم۔ عبداللہ و عبیداللہ پسران زید بصری۔

امام حسینؑ کے دس غلام اور امیرالمومنینؑ کے دو غلام بھی کام آئے۔

علّامہ محمد تقی نے بھی امام حسینؑ کے ان اصحاب کے اسمائے گرامی جو حملہ اولیٰ میں شہید ہوئے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۶۸ پر بسند مناقب مؤلفہ علّامہ ابن شہر آشوب نقل کئے۔

# ابوثمامہ صیداوی کا امام حسینؑ کی خدمت میں نماز کا تذکرہ کرنا

بروایت ملا محمد باقر مجلسی جب ابوثمامہ صیداوی نے دیکھا کہ امام حسینؑ کے اکثر اصحاب شہید ہو گئے ہیں اور طغیانی لشکر مخالف کی زیادہ ہوتی جا رہی ہے تو حضرت امام حسینؑ کی خدمت میں آ کر عرض کیا یا ابن رسول اللہ میں آپ پر فدا ہوں لشکر مخالف قریب آ گیا ہے، بخدا آرزو ہے کہ اپنی جان آپ پر نثار کروں لیکن چاہتا ہوں کہ بقائے پروردگار سے مشرف ہوں درحالیکہ نماز ظہر آپ کے ہمراہ ادا کی ہو یہ آخری نماز ہے جب حضرت نے نماز کا نام سُنا تو ایک آہ سرد دل پر درد سے کھینچی اور سر مبارک جانب آسمان بلند کیا اور فرمایا یا اباثمامہ ذکرت الصلوٰۃ جعلک اللہ من المصلین الذاکرین نعم ہذا اوّل وقتھا یعنی اے ابوثمامہ تو نے نماز کو یاد کیا خدا تجھے نماز گزاروں میں محسوب کرے یہ

Presented by www.ziaraat.com

اوّل وقت نماز ظہر ہے اس کے بعد فرمایا کہ ان کافروں سے مہلت طلب کرو تاکہ ہم نماز ظہر بجا لائیں جب مہلت مانگی حصین بن نمیر نے کہا تمہاری نماز قبول نہیں حبیب ابن مظاہر نے کہا اے غدار تو گمان کرتا ہے کہ نماز فرزند رسولؐ کی قبول نہیں ہے اور تجھ نابکار کی قبول ہے۔ بحار الانوار جلد دہم جزء ۴۵ صفحہ ۲۱ مطبع طہران۔

مذکورہ روایت کو بجنسہٖ علاّمہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۶۸ پر بسند ملا محمد باقر مجلسی مولف بحار الانوار نقل کیا ہے۔

# حبیب ابن مظاہر کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۶۵ پر لکھا ہے کہ حبیب ابن مظاہر نے ارشاد فرمایا تم پر ہلاکت ہو حسینؑ کی نماز تو قبول نہیں ہے اے کلال تیری نماز قبول ہے حصین ابن نمیر یہ بات سن کر غضبناک ہوا اور حبیب سے لڑنے کے لئے یہ کہتا ہوا نکلا، اے حبیب ذرا اس تلوار کا وار تو جھیلو ہاں حبیب بہادر شیر تمہارے پاس آ پہنچا اس کے ہاتھ میں ایسی تیز تلوار ہے جو اپنی چمک میں تازہ دودھ کی طرح سفیدی لئے ہوئے ہے۔ اس کے بعد آواز دی اے حبیب میدانِ جنگ میں نکلو اور تلوار و نیزہ کے وار کا مقابلہ کرو حبیب اس وقت امام حسینؑ کے سامنے کھڑے تھے حصین کی آواز سنتے ہی امام حسینؑ سے رخصت ہوئے اور عرض کیا اے مولا بس نماز تو جنت میں پوری کروں گا۔ حضور کے نانا۔ والد اور بھائی کو حضور کا سلام پہنچاؤں گا یہ فرما کر یہ رجز پڑھتے ہوئے میدان میں آئے۔ میرا نام حبیب ہے اور میرے والد کا نام مظاہر ہے ان کا شاہسوار اور بہادر شیر ہوں میرے قبضے میں فولادی تلوار ہے اگرچہ تم بے شمار اور زیادہ ہو لیکن ہم تم سے لڑائیوں میں زیادہ ثابت قدم ہیں نیز ہر بات میں تم سے زیادہ ماہر ہیں۔ خداوند کریم جنت میں سب سے بلند اور سب سے

Presented by www.ziaraat.com

زیادہ ظاہر ہیں تم میں جہنم کی آگ شعلے مار رہی ہے۔ علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۶۹ پر حبیب کے والد کے نام کی تحقیق کے متعلق لکھا ہے کہ علماء نے جناب حبیب کے باپ کے نام کی تشکیل کے بارے میں اختلاف کیا ہے ایک جماعت جیساکہ زبانوں اور افواہوں میں مشہور ہے اسے مظہر پڑھتی ہے اور ایک جماعت مطہر کے وزن پر مظہر جانتی ہے علامہ نے "خلاصہ" میں بھی مظہر لکھا ہے اور اس رجز سے جو حبیب سے نقل کیا گیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ مظہر نام رکھتا تھا کیونکہ اگر ہم مظاہر پڑھیں تو تمام مصرعوں میں قافیہ صحیح نہیں ہوگا کیونکہ الف تاسیس کا لحاظ رکھنا بخلاف عجمیوں کے عربوں کے نزدیک صحت قافیہ کی شرط ہے اللہ تعالیٰ اچھا جانتا ہے۔

خواجہ اعثم کوفی نے بھی تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۶۸ پر حبیب کے والد کا نام مظہر لکھا ہے۔

علامہ طبری نے تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم صفحہ ۶-۳۰۵ پر لکھا ہے کہ ابن تمیم نے بس کر حملہ کیا حبیب نے بڑھ کر اس کے گھوڑے کے منہ پر تلوار ماری وہ الف ہوا یہ گھوڑے سے گرا اس کے اصحاب دوڑے اور اٹھا لے گئے اسے بچا لیا حبیب رجز پڑھتے جاتے تھے اور بڑی شد و مد سے شمشیر زنی کر رہے تھے کہ بنی تمیم کے ایک دشمن نے بڑھ کر برچھی کا وار کیا حبیب گر کر اٹھنا چاہتے تھے کہ حصین بن تمیم نے ان کے سر پر تلوار ماری اور وہ گر گئے مرد تمیمی نے گھوڑے سے اتر کر ان کا سر کاٹ لیا۔ حصین نے کہا میں بھی ان کے قتل کرنے میں شریک تھا۔ اس نے کہا واللہ میں نے ہی اسے قتل کیا ہے حصین نے کہا یہ سر تو ذرا مجھے دے دے میں اپنے گھوڑے کے گلے میں لٹکا دوں لوگ دیکھ لیں اور اتنا جان جائیں کہ میں بھی ان کے قتل میں شریک ہوں پھر یہ سر مجھ سے تم لے لینا اور ابن زیاد کے پاس لے جانا ان کے قتل کا جو صلہ تم کو ملے گا مجھے اس کی ضرورت نہیں۔ تمیمی نے اس کا کہنا نہ مانا اس کی قوم والوں نے دونوں لشکروں کے درمیان پڑھ کر اسی بات پر صلح کرادی اس نے حبیب کا سر حصین کو دے دیا یہ اپنے گھوڑے کے گلے میں سر کو ڈال کر لشکر

Presented by www.ziaraat.com

میں پھرایا اور اس سر کو پھر تمیمی کے حوالے کر دیا۔

یہ لوگ جب کوفہ میں واپس آئے ہیں تو حبیب کے سر کو اپنے گھوڑے کے سینے پہ لٹکائے ہوئے یہ تمیمی ابن زیاد کے قصر کی طرف آیا۔ قاسم بن حبیب نے باپ کا سر اس سوار کے پاس دیکھا اس وقت بالغ ہونے کے قریب ان کا سن ہو چکا تھا۔ پس جب سے اس سوار کے پیچھے پیچھے پھرنا اختیار کیا کسی وقت اس کا ساتھ نہ چھوڑتا تھا وہ قصر میں جاتا تو یہ بھی اس کے ساتھ قصر میں جاتا وہ نکلتا تو یہ بھی نکلتا سوار کو کچھ بدگمانی ہوئی کہنے لگا اے فرزند تو میرے پیچھے پیچھے کیوں پھر رہا ہے۔ اس نے کہا کوئی سبب نہیں۔ کہا کوئی سبب ضرور ہے مجھ سے بیان کر کہا یہ میرے باپ کا سر تیرے پاس ہے مجھے دیدے کہ میں اسے دفن کر دوں کہنے لگا اے فرزند اس کے دفن کرنے پر امیر راضی نہیں ہوگا اور مجھے امید ہے کہ اس کے قتل کے صلہ میں امیر مجھے بہت اچھا عوض دے گا لڑکے نے کہا خدا تجھے بہت برا عوض دے گا واللہ تو نے اپنے سے بہتر شخص کو قتل کیا یہ کہہ کر وہ لڑکا رونے لگا غرض لڑکا اسی فکر میں رہا اور وہ بالغ بھی ہو گیا مگر اس کے سوا جرأت نہ ہوئی کہ باپ کے قاتل کی تاک میں لگا رہے، موقع پا جائے تو باپ کا بدلہ اس سے لے اور اس کے عوض میں قتل کرے آخر مصعب بن زبیر کے عہد حکومت میں جس زمانہ میں کہ مصعب نے باجمیرہ پر فوج کشی کی تھی قاسم بن حبیب اس لشکر میں آیا اپنے باپ کے قاتل کو دیکھا کہ ایک خیمہ میں ہے جب سے اس نے اس کی تاک میں آمد و رفت جاری رکھی اور موقع کا منتظر رہا ایک دن دوپہر کو قیلولہ کے وقت اسے جا کر تلواریں ماریں کہ ٹھنڈا ہو کر رہ گیا۔

بروایت فوق بلگرامی حضرت حبیب ابن مظاہر کے سر کی نسبت مشہور ہے کہ بدیل ابن حریم ان کا فرق مبارک۔ لیکر بعض کے نزدیک کوفہ میں اور بعض کے نزدیک مکہ میں آیا حبیب کے صاحبزادے نے اپنے باپ کے سر کو پہچان کر بدیل کو مار ڈالا اور اپنے

Presented by www.ziaraat.com

باپ کا سر مدفون کردیا سلام اللہ علیہ۔ ذبح عظیم مطبع دہلی صفحہ ۱۹۲۔

بروایت علاّمہ محمد نقی جب حبیب شہید ہوئے تو امام حسینؑ نے فرمایا اے حبیب بتحقیق تم ایک فاضل شخص تھے اور ایک رات میں پورے قرآن مجید کی تلاوت کیا کرتے تھے۔ ناسخ التواریخ۔ ۲۷۰۔

بروایت علامہ محمد ہاشم خراسانی، قاضی نوراللہ نے مجالس المومنین میں فرمایا ہے کہ حبیب ابن مظاہر ایک صاحب کمال وجمال مرد تھے اور واقعہ کربلا میں بوڑھے تھے آپ کو قرآن مجید اوّل سے آخر تک یاد تھا ایک ہی رات میں قرآن مجید کا ختم کیا کرتے تھے حضرت رسالت مآبؐ کی صحبت کا اسے شرف حاصل ہوا تھا اور آنحضرتؐ سے احادیث بھی سُنی تھیں اور حضرت علی کی صحبت سے مدّت تک مشرف رہے۔ منتخب التواریخ۔ ۲۷۷۔

اس روایت کو لوط بن یحییٰ نے بھی مقتل ابی مخنف صفحہ ۸۴ پر نقل کیا ہے۔ جو ناسخ التواریخ کا ماخذ ہے۔

# میدان کربلا میں ظہر کی نماز

سیّد علاّمہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۰ پر لکھا ہے کہ اسی اثنا میں ظہر کا وقت آگیا اور امام حسینؑ نے نماز خوف با جماعت ادا کرنے کا اہتمام کیا اور حسب الحکم لشکر دو حصّوں میں تقسیم کیا گیا آدھا لشکر نماز پڑھنے کے لئے مامور ہوا اور آدھا نمازیوں کی حفاظت کے لئے متعین کیا گیا پھر زہیر بن قین اور سعید بن عبداللہ سے امام عالی مقام نے ارشاد فرمایا کہ محافظین کی جماعت کو لیکر نمازیوں کی صف کے مقابل ایستادہ ہوجاؤ اور حق کی حفاظت ادا کرو جوں ہی امام حسینؑ نے نماز کی نیت کی ایک تیر آپ کی طرف آیا تیر کو دیکھتے ہی سعید جھپٹے اور اپنے سینے پر لیا جب مولانا نماز پڑھتے رہے سعید برابر اسی طرح اپنا سینہ سپر کئے رہے اور آقا تک کوئی تیر نہ پہنچنے دیا یہاں تک کہ خود زخموں سے بیدم ہوکر

Presented by www.ziaraat.com

گرے جسم شریف پر علاوہ زخمہائے نیزہ و شمشیر تیرہ زخم صرف تیروں کے تھے آپ کا گرنا تھا کہ زخموں کے منہ کھل گئے اور خون جاری ہو گیا جلتی ریت نے زخموں میں پہنچ کر سوزش اور کھون پیدا کردی آخر سعید کربلا کی تپتی زمین پر اپنے خون میں لوٹنے لگے اور جبکہ دعا کے یہ کلمے زبان پر جاری تھے بارالہا! قاتلان حسینؑ کو قوم عاد و ثمود کی طرح اپنی رحمت سے دور رکھنا اور خاتم النبیین رحمۃ اللعالمین تک میرا سلام پہنچا دینا اور میری وہ مصیبتیں جو تیری خوشنودی کے لئے تیرے نبی کی ذریت کی حمایت میں میں نے جھیلی ہیں ان پر عیاں کردینا دم توڑ کر راہی جنت ہوئے۔

آقا ابوالقاسم اصفہانی نے نفائس الاخبار صفحہ ۱۳۷ پر لکھا ہے کہ ابن نما سے روایت کی گئی ہے کہ حسینؑ بن علیؑ بن ابیطالب اور آنحضرتؑ کے اصحاب نے علیحدہ علیحدہ اشارے سے نماز ادا کی۔

بروایت لوط بن یحیٰی نماز سے فارغ ہو کر امامؑ نے پکارا اور ارشاد فرمایا کہ اے میرے ساتھیو یہ رہی جنت جس کے دروازے کھلے ہوئے ہیں نہریں ایک دوسرے سے ملتی چلی گئی ہیں محل گدرا گئے ہیں اور محلات سجا دیئے گئے ہیں حوریں اور غلمان جمع ہیں وہ رہے رسول خدا اور تمام کے تمام وہ شہید جنہوں نے اُن کے ساتھ شہادت پائی تھی میرے والد اور والدہ تمہاری راہ دیکھ رہے ہیں اور تم کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں اور تمہارے مشتاق بھی ہیں اب تم خدا کے دین کو بچالو اور دشمنان حرم رسول کو ہٹا دو اصحاب نے جس وقت یہ سنا تو چیخیں اور دھاڑیں مار کر رونے لگے اور عرض کی ہماری جانیں آپ کی جانوں پر، ہمارے خون آپ کے خون کے عوض اور ہماری روحیں آپ پر قربان ہو جائیں خدا کی قسم جب تک ہماری جان میں جان ہے کوئی آپ کو نگاہ اُٹھا کر نہیں دیکھ سکتا ہم نے اپنی جانیں تلواروں کے سامنے کردیں جسم پرندوں کے لئے چھوڑ دیئے ہیں ایسا ممکن ہے کہ جب ہم آپ سے پہلے اپنی جانیں جھونک دیں تو

Presented by www.ziaraat.com

آپ ان صفوں کے حملہ سے بچ جائیں گے ہاں آج کے دن فقط وہ کامیاب ہو سکتا ہے جو نیکی کمائے اور آپ کی جانوں کو موت سے بچائے ۔مقتل ابی مخنف ۔ ۶ - ۸۵ -

# زہیر بن قین کی شہادت

علامہ طبری نے تاریخ طبری حصہ چہارم صفحہ ۳۸۶ پر ابو مخنف نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۱۸۶ پر اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۲۰۸ ۵ پر لکھا ہے کہ حبیب ابن مظاہر کے بعد زہیر بن قین میدان جنگ میں شہید ہوئے مگر علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۵ پر لکھا ہے کہ زہیر بن قین ، حجاج بن مسروق کی شہادت کے بعد درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور جلاء العیون صفحہ ۳۹۶ پر لکھا ہے کہ مسلم بن عوسجہ کی شہادت کے بعد زہیر بن قین درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۵ پر لکھا ہے کہ زہیر بن قین میدانِ کارزار میں آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے ۔

میں زہیر ہوں اور قین کا فرزند ہوں اپنی تلوار کے ذریعے حسینؑ سے دفاع کروں گا حسینؑ رسولؐ خدا کے دو مشہور نواسوں میں سے ایک ہیں اور بنی خوش خصال و خوش جمال و نقی کی عترت ہیں وہ اللہ کا رسول برحق ہے میں تم کو تلوار مارنا کوئی برائی نہیں سمجھتا کاش کہ میں نصرت فرزند رسول میں ایک کے بجائے دو ہوتا تو حسینؑ کی دوبارہ مدد کرتا ۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۲۰۹ ۵ پر زہیر بن قین کے رجز کے اشعار کی تعداد چار نقل کی ہے اور محمد تقی نے ناسخ التواریخ صفحہ ۲۷۱ پر اس کے رجز کے مصرعوں کی تعداد تیرہ درج کی ہے ۔

علامہ مجلسی بحار الانوار جلد دہم صفحہ ۲۵ پر لکھا ہے بروایت محمد ابن ابی طالب زہیر نے ایک سو بیس اشقیاء کو قتل کیا یہاں تک کہ ضربت کثیر بن عبد اللہ شعبی اور مہاجر بن اوس تمیمی سے

Presented by www.ziaraat.com

درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۲۷۹ پر لکھا ہے کہ جناب زہیر نے ۱۲۵ دشمنوں کو داخل دار البوار کیا اور شہید ہوئے۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسینؑ معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۶۸ پر لکھا ہے کہ مصروف پیکار تھے یہاں تک کہ ستر آدمیوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا تو ان لوگوں نے ہجوم کر کے آپکو شہید کر دیا۔

علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم صفحہ ۲۶ پر لکھا ہے کہ اس وقت حضرت نے فرمایا کہ اے زہیر خدا تجھے اپنی رحمت سے جدا نہ کرے تیرے قاتلوں کو مثل عذاب مسوخات خوک دمیمون معذب کرے۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۸۵ پر لکھا ہے کہ تذکرہ سبط ابن جوزی میں ہے کہ زہیر بن قین امام حسینؑ کے ہمراہ شہید ہوئے تھے زہیر کی زوجہ نے زہیر کے غلام سے کہا اپنے آقا کے پاس جا کر اسے کفن دے دو چلا گیا جب امام حسینؑ کی لاش کو بغیر کفن کے دیکھا تو کہا میں اپنے آقا کو کفن دوں اور امام حسینؑ کی لاش کو بغیر کفن کے چھوڑ دوں قسم بخدا یہ نہیں ہوگا پس پہلے اس نے امام حسینؑ کی لاش کو کفن دیا اور بعد میں اپنے سردار کو دوسرا کفن دیا۔

# ابو ثمامہ صیداوی کی شہادت

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۱ پر لکھا ہے کہ اب ابو ثمامہ صیداوی نے امام حسین کو سلام عرض کیا اور جنگ کی اجازت حاصل کی۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۰ پر لکھا ہے کہ اب شیروں کی طرح ہمہمہ کرتے ہوئے ابو ثمامہ میدان میں آئے رجز پڑھا۔

Presented by www.ziaraat.com

مصیبت ہے اولادِ مصطفیٰؐ اور ان کی لڑکیوں | کیلئے خیر الناس سبط محمد کا دشمنوں میں گھر جانا
مصیبت ہے نبی کی بیٹی فاطمہ اور انکے شوہر کیلئے | وہ شوہر جو بعد محمدؐ خزانہ علم الٰہی ہیں
مصیبت ہے اہل مشرق و مغرب سب کیلئے | اور غم ہے حسینؑ جیسے پاک دل کے محصور ہونے کا
کوئی ہے کہ نبی اور ان کی بیٹی کو میرا یہ پیغام | پہنچا دے کہ آپ بیٹے کیلئے انتہائی تکلیف میں ہے

سخت خونریزی واقع ہوئی حضرت ابو ثمامہ نے ایک معتدبہ جماعت بے دینوں کی قتل کر ڈالی اور پھر خود بھی شہید ہوئے۔

علّامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۸۲ پر لکھا ہے کہ ابصار العین میں منقول ہے کہ ابو ثمامہ تابعی تھا اور وہ شہسواراں عرب میں مشہور تھا۔ وہ جلیل القدر شیعوں اور امیرالمومنین علیہ السّلام کے ان اصحاب میں سے تھا جو آپ کے ساتھ جنگوں میں شریک رہے تھے حضرت علی علیہ السّلام کے بعد امام حسنؑ کی مصاحبت اختیار کی اور کوفہ میں رہے جب معاویہ فوت ہوا تو امام حسینؑ کو خط لکھا جب مسلم بن عقیل کوفہ تشریف لائے تو اس نے ان کا ساتھ دیا حضرت مسلم کے حکم سے شیعوں سے اموال جمع کرنا شروع کیا جن سے آپ جنگی سازوسامان خریدتے تھے اور وہ ان امور میں بصیرت رکھتے تھے۔

# حجاج بن مسروق کی شہادت

علّامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۱ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد حجاج بن مسروق جعفی جو امام حسین علیہ السلام کا موذن تھا موزخین نے اسے رکابدار بھی کہا ہے امام حسین علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوا۔

علّامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم جزء ۴۵ صفحہ ۲۵ پر لکھا ہے کہ محمد بن ابیطالب موسوی اور ابن اثیر اور صاحب مناقب نے روایت کی ہے کہ بعد شہادت عمرو بن مطاع جعفی، حجاج بن مسروق رحمۃ اللہ موذن امام حسینؑ جہاد اعداء کیلئے میدان کارزار میں گئے اور رجز

Presented by www.ziaraat.com

پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے ۔
میں حسینؑ کے آگے اپنی جان نثار کروں گا آج میں آپ کے جدِّ نبی پاک سے ملاقات کروں گا بعد ازاں صاحب جُود وسخا علیؑ سے ملوں گا جن کو میں نبی کا وصی جانتا ہوں اور حسنؑ خوش خصال وصی وولی سے پھر جناب جعفر طیار پھر شیر خدا حمزہ شہید زندہ سے ملاقات کروں گا اس کے بعد حملہ کیا اور داد مردانگی وشجاعت دی ۔
بروایت علامہ محمد تقی حجاج بن مسروق نے پندرہ آدمیوں کو قتل کیا اور شہادت کی سعادت سے سرفراز ہوئے کتاب شرح شافیہ میں مرقوم ہے کہ حجاج بن مسروق اپنے غلام مبارک کے ہاتھ ایک سو پچاس کوفیوں کو قتل کر کے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے ۔
ناسخ التواریخ ۔ ۲۷۲ ۔

# یحییٰ بن کثیر کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۶۹ پر لکھا ہے کہ یحییٰ بن کثیر انصاری میدان قتال میں بڑھے اور رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے :۔ ابن سعد اور اس کے بیٹے کا ناک میں دم ہو گیا جب ان دونوں نے انصار کے شہسوار سے مقابلہ کیا ان کو ایسے مہاجرین سے پالا پڑا جن کے نیزے غبار جنگ میں کافروں کے خون سے رنگین ہو رہے تھے یا تو وہ نبی خدا حضرت محمدؐ کے زمانے میں رنگین ہوئے تھے یا آج ظالموں کے خون میں نہائیں گے جس گھڑی ملاؤں کی کثرت تھی انھوں نے حسینؑ سے دغا کی اور یزید سے راضی ہو کر آگ ہی میں اپنی خوشنودی سمجھی تو ہم بھی آج کے دن اسی آگ کو اپنی تلوار کی تیزی سے اور دہکائیں گے اور مقام مشرف کی تلواروں اور لچکدار نیزوں سے اسی آگ کو اور بھڑکائیں گے یہ تو آج کے دن مجھ پر اور قبیلہ نجار پہ دلیروں اور بنی خزرج کے شخص پر لازمی طور پر واجب ہے یہ فرما کر حملہ شروع کیا اور پچاس آدمیوں کو قتل

Presented by www.ziaraat.com

کر کے خود بھی درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

# یحیٰی بن سلیم مازنی کی شہادت

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۲ پر لکھا ہے کہ دوسرا یحییٰ بن سلیم مازنی تھا جس نے رخصت لیکر جہاد کا ارادہ کیا اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میں اس قوم کو فیصلہ کن چوٹیں ماروں گا　　اور بار بار شدید ضربیں لگاؤں گا

میں نہ اظہار عجز کروں گا اور نہ خوشامد　　اور نہ آج موت کے آنے سے ڈروں گا

اور اس طرح سے جنگ کی اور بہت سے اشقیاء کو واصل جہنم کیا یہاں تک کہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

# حنظلہ بن سعد کی شہادت

سید علامہ ابن طاؤس مقتل لہوف ۶۹ پر لکھا ہے کہ اس وقت حنظلہ بن سعد شامی امام حسینؑ کے سامنے کھڑے ہوئے تھے اور صورت یہ تھی کہ تیروں کی بوچھاڑ اور نیزوں کے وار اور تلواروں کی دھار کو اپنے چہرہ اور سینہ پر روکتے تھے اور مولا کو دشمنوں کے حملوں سے بچاتے تھے۔

مذکورہ روایت کو علامہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۲ پر نقل کیا ہے۔

علامہ طبری نے تاریخ طبری حصہ چہارم صفحہ ۲۸۷-۸ پر لکھا ہے کہ اسی اثنا میں حنظلہ بن سعد شامی آپ کے سامنے آکر کھڑے ہو گئے پکار پکار کر کہنے لگے اے میری قوم والو! مجھے ڈر ہے کہ تم لوگوں پر جنگ احزاب کا سا عذاب نازل ہوگا جیسا کہ قوم نوح و عاد و ثمود پر اور ان کے بعد والوں پہ نازل ہوا اور خدا اپنے بندوں پر ظلم

Presented by www.ziaraat.com

کرنا نہیں چاہتا ہے اے میری قوم کے لوگو مجھے تمہارے لئے روز قیامت کا ڈر ہے جس روز کہ تم پیٹھ پھیرے بھاگتے ہوئے پھرو گے اور خدا کی طرف سے تمہارا کوئی بچانے والا نہ ہوگا اور سنو جسے خدا گمراہ کرتا ہے اسے کوئی راہ پر لگانے والا نہیں ملتا اے میری قوم کے لوگو! حسینؑ کو شہید نہ کرو کہ خدا عذاب نازل کرکے تم کو تباہ نہ کر دے اور سنو جس نے خدا پر بہتان کیا وہ زیاں کار ہے۔

حنظلہ کا یہ کلام سن کر آپ نے کہا اے حنظلہ اللہ تعالیٰ کی آپ پر رحمت ہو یہ لوگ تو اسی وقت سے سزاوار عذاب ہو چکے جب تم نے ان کو حق کی طرف پکارا اور انہوں نے تمہارے قول کو رد کر دیا تمہارا اور تمہارے اصحاب کا خون بہانے کو آمادہ ہو گئے اور اب تو یہ لوگ تمہارے برادران صالح کو قتل کر چکے حنظلہ نے کہا میں آپ پر فدا ہو جاؤں آپ نے سچ فرمایا آپ مجھ سے افقہ ہیں اور اس منصب کے احق ہیں کیا ابھی ہم اپنے بھائیوں سے ملنے کو نہ جائیں آپ نے اجازت دی کہ جاؤ دار البقا کی طرف جو دنیا و ما فیہا سے بہتر ہے حنظلہ نے کہا السلام علیکم یا ابا عبداللہ خدا آپ پر اور آپ کے اہلبیتؑ پر صلوٰۃ بھیجے اور ہم کو آپ کو بہشت میں ملائے آپ نے یہ سن کر دوبارہ آمین کہی حنظلہ آگے بڑھے شمشیر زنی کرتے رہے یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔

محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۸۹ پر لکھا ہے کہ کتاب ابصار العین میں منقول ہے کہ شبامی بضبط شین معجمہ اور بامفردہ اور الف و میم اور یا شبام کی طرف منسوب ہے اور وہ شام میں ایک جگہ ہے۔

# عبدالرحمٰن بن عبداللہ یزنی کی شہادت

علّامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۳ پر اور محمد بن علی نے مناقب صفحہ

Presented by www.ziaraat.com

۲۷۵ پر لکھا ہے کہ اب عبدالرحمٰن بن عبداللہ یزنی یہ کہتے ہوئے نکلے۔

میں ابن عبداللہ یزنی ہوں　　　میں حسنؑ اور حسینؑ کے دین پر ہوں
میں ایک جوانمرد کیطرح تمہیں مارونگا　　　اور بھروسہ والے خدا سے کامیابی کی امید ہے

رجز کے بعد فوج مخالف پر حملہ آور ہوئے اور چند مخالفین کو قتل کر کے خود بھی شہید ہو گئے۔

# عمرو بن قرظہ کی شہادت

سیّد علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۷۶ پر لکھا ہے کہ عمرو بن قرظہ انصاری آمادہ جہاد ہوئے اور امام حسینؑ سے طالب اذن ہوئے آپ نے اجازت دے دی۔

بروایت علامہ ابن شہر آشوب عمرو بن قرظہ نے میدان میں ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے جماعت انصار جانتی ہے کہ جنکی حفاظت لازم ہے میں انکی حمایت کرتا ہوں۔

میں پے در پے ضربیں تم پر لگاؤں گا　　میری جان اور میرا گھر حسینؑ پر فدا فدا ہو۔ مناقب ۱۸۱۔

بروایت سیّد علامہ ابن طاؤس آپ مصروف حرب وضرب ہوئے اور گروہ ابن زیاد کی جماعت کثیر کو دار البوار میں پہنچایا۔ محبت حسینؑ اس درجہ اس کے رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے تھی کہ جو تیر خامس آل عبا کی طرف آتا اس کو اپنے ہاتھ پر روک لیتے اور تلوار چلتی تو اپنی جان کو اس کی سپر بنا دیتے تھے غرض امام حسینؑ پر کسی طرح آنچ نہ آنے دی یہاں تک کہ زخموں سے چور ہو گئے ایسی حالت میں حسرت سے دیکھا اور کہا یابن رسول اللہ! کیا غلام نے حق غلامی ادا کر دیا؟

امام علیہ السّلام نے فرمایا ہاں! تم چونکہ مجھ سے پہلے بہشت عنبر سرشت کو جا رہے

Presented by www.ziaraat.com

ہو میری جانب سے میرے نانا جناب رسول خدا کو میرا سلام پہنچا دینا اور عرض کر دینا کہ حضور کا نواسہ بھی حضور سے ملحق ہونے والا ہے پھر عمرو بن قرظہ تھوڑی جنگ کے بعد مرحوم ہو گئے مقتل لہوف - مذکور تمام واقعات علامہ محمد تقی نے بھی بجنسہٖ ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۳ پر نقل کئے ہیں -

# جون غلام ابوذر کی شہادت

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۶۸ پر علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۲ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۳ پر لکھا ہے کہ عمرو بن قرظہ انصاری کے بعد حضرت ابوذر کے غلام حضرت جون درجہ شہادت پر فائز ہوئے -

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۶۸ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد حضرت ابوذر کے غلام جون زنگی نے اذن چاہا امام حسینؑ نے فرمایا تمہارا جہاں جی چاہے چلے جاؤ تم تو ہمارے ساتھ اس لئے آئے تھے کہ سکھ اٹھاؤ اور ہماری طرح دکھ نہ سہو یہ سن کر جون نے عرض کیا اے مولا! یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کہ آسائش کے دنوں میں تو آپ کے دستر خوان پر نعمت ہائے گونا گوں سے بہرہ ور ہوں مصائب کے وقت آپ سے منہ موڑ دوں میرے متعلق حضور کے تامل کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ میرا جسم بدبودار اور میرا حسب لئیم ہے اور میرا رنگ کالا ہے تو حضور مجھ سے جنت کو عزیز رکھنا چاہتے ہیں مبادا میرا جسم پاک و خوشبودار ہو جائے اور میرا حسب و نسب عالی اور میرا چہرہ نورانی ہو جائے قسم خدا کی! میں تو آپ کے قدموں سے ہرگز جدا نہ ہوں گا تاوقتیکہ میرا سیاہ خون حضور کے پاک خون سے نہ مل جائے مولا نے جون کا یہ اضطراب اور خلوص دیکھ کر اذن جہاد دیا -

بروایت ابی مخنف حضرت جون میدان میں تشریف لائے اور ایک رجز پڑھا

Presented by www.ziaraat.com

جس کا ترجمہ یہ ہے ۔

اے فاجرو ! اب ذرا تم کو اس حبشی کے واروں کا بھی پتہ چل جائیگا جو وہ کاٹنے والی تلوار ہند لیکر مقام شرف حاصل کرتا ہے فرزند رسولؐ کی طرف ہم تلوار لے کر میدان میں اترے ہیں جس کے عوض میری صرف یہ تمنّا ہے کہ اپنے پیشوا محمد مصطفیٰؐ کی معیت میں کامیاب ہو جائیں ۔

یہ رجز پڑھ کر آپ برابر جنگ کرتے رہے اور اس گروہ کے ستر آدمیوں کو قتل کر چکے تھے کہ آپ کے حلقۂ چشم میں ایک ضرب پہنچی اور ساتھ ہی گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور آپ سر کے بل زمین پر گر پڑے گرنا تھا کہ ظالموں نے چاروں طرف سے گھیر کر تلواروں اور نیزوں کے زخم لگا کر شہید کر دیا۔ مقتل ابی مخنف ۸۹-۹۰ ۔

علّامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۲۳ پر بسند محمد بن ابیطالب موسوی لکھا ہے کہ بعد شہادت جونؑ ، حضرت امام حسینؑ ان کی نعش پر آئے اور فرمایا خداوندا اس کا چہرہ نورانی کر اور اس کے جسم کو خوشبو دار کر اور ہمراہ نیکوں کے محشور فرما اور اس کو آلِ محمدؐ سے جدا نہ کر اور حضرت امام محمدؑ باقرؑ نے امام زین العابدینؑ سے روایت کی ہے کہ بعد شہادت وہ روز حضرت جونؑ ، جناب سیدالشہداء اور بنی اسد نے دیکھا کہ لاش جونؑ سے بہ برکت دعائے امام مظلوم بوئے مشک ساطع ہے ۔

# عمرو بن خالد صیداوی کی شہادت

سید علّامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۹-۶۸ پر لکھا ہے کہ پھر عمرو بن خالد صیداوی امام عالی مقام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی اے میرے مولا ! میری جان حضور پر فدا ہو میں نے طے کر لیا ہے کہ آپ اور آپ کے اصحاب

Presented by www.ziaraat.com

حق بجانب ہیں اور آپ سے روگردانی کرنا نہایت مکروہ اور مذموم ہے اور اب میں دیکھ رہا ہوں کہ حضور تنہا رہ گئے ہیں اور آپ اپنے اہل وعیال کی آنکھوں کے سامنے قتل ہونا چاہتے ہیں امام حسینؑ نے فرمایا اچھا بھائی جاؤ ہم بھی اس دار فانی سے کوچ کرنے والے ہیں مولی کی اجازت پاکر عمرو بن خالد عازم جنگاہ ہوئے اور جہاد کیا یہاں تک درجہ شہادت پر فائز ہو گئے۔

# سوید بن عمرو کی شہادت

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۱۰۷ پر لکھا ہے کہ پھر سوید بن عمرو بن ابی مطاع جو ایک نہایت نماز گزار بزرگ تھے عازم جنگاہ ہوئے آپ نے شیر غضبناک کی طرح بڑی دلیری سے جنگ کی اور نازل ہونے والی مصیبتوں کو صبر اور استقلال سے برداشت کیا آخر زخموں سے چور ہو کر گرے زخموں کی کثرت اور خون کی روانی کے سبب آپ کے بدن کی طاقت ضائع ہو چکی تھی چنانچہ کچھ دیر تک بے حس و حرکت زمین پر پڑے رہے مگر جونہی آپ کے کان میں اشقیاء کے اس نعرہ کی آواز پہنچی کہ امام حسینؑ شہید ہو گئے تو دل مضبوط کر کے اٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے موزہ میں سے چھری نکال کر اسی حال میں دشمن کو قتل کرنے لگے یہاں تک کہ خود بھی شہید ہو گئے منقول ہے کہ اصحاب امام حسینؑ کے جوش کا اس وقت یہ عالم تھا کہ ایک دوسرے پر حضور کے لئے اپنی جان قربان کرنے میں سبقت کرتا تھا شاعر نے ان کے حال کو کیا خوب نظم کیا ہے۔

وہ ایسے بلا کے غازی ہیں کہ جب مصیبت کے دفع کرنے کے لئے بلائے جائیں تو زرہوں کے اوپر اپنے دلوں کو پہن لیتے ہیں اور جان دینے میں ایک دوسرے پر گرے پڑتے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

# قرہ بن ابی قرہ غفاری کی شہادت

علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۴ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد قرہ بن قرہ غفاری نے قدم اخلاص میدان شہادت میں رکھا اور اس مضمون کا رجز پڑھا۔

تمام بنو غفار و خندف و بنی نزار خوب جانتے ہیں کہ میں بوقت حمیت و غیرت شیر نر ہوں میں گروہ فاسقین کو اپنی تلوار آبدار سے بڑی کاری ضرب لگاؤں گا جو اولاد اخیار و سادات ابرار کی اولاد کی حمایت میں ہوگی اس کے بعد حملہ کیا یہاں تک کہ وہ شہید ہوئے۔

# مالک بن انس کی شہادت

علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۴ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد مالک بن انس مالکی میدان جہاد میں تشریف لائے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے

تحقیق خوب جانتے ہیں قبیلہ مالک، وو داں، خندق اور قبیلہ قیس بنی غیلان کہ میری قوم اپنی بہادری کیوجہ سے حریف کے لئے آفت ہے اور وہ سردار تیس سواروں کے ہم قوت سے بضرب نیزہ ہائے تند و تیز ملاقات کرتے ہیں عاجز نہیں ہیں نیزہ بازی سے گواہی دیتا ہوں ہم علی والے مطیع اور پیروان خداوند رحمن ہیں اور ذیاد والے پیروان شیطان ہیں۔

اس کے بعد حملہ کیا اور داد مردانگی و شجاعت دی یہاں تک کہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔ ابن بابویہ رحمت اللہ علیہ نے روایت کی ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

اس بزرگوار کا اسم مبارک انس بن حارث کاہلی تھا۔

# عمیر بن مطاع کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۱۷ پر لکھا ہے کہ پھر عُمیرؓ بن مطاع بڑھے اور ارشاد فرمایا کہ میرے والد کا نام تو مطاع ہے اور میرا نام عمیر ہے اور میرے ہاتھ میں کاٹنے والی اور ٹکڑے کر دینے والی ایسی تلوار ہے جو اپنی چمک کی وجہ سے کرن معلوم ہوتی ہے آج ہی کے دن تو ہم کو حسینؑ کی حمایت میں لڑنا تلوار کے ہاتھ دکھانے ہیں اور شہادت خوشگوار معلوم ہوتی ہے قابل اطاعت بادشاہ (خدا) کرامت حسینؑ پر نازل ہوتی ہے۔ تیس ۳۰ شخصوں کو قتل فرما کر آپ بھی شہید ہو گئے۔

# ایک یتیم جوان کی شہادت

علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۷ پر لکھا ہے کہ ایک نوجوان جس کا باپ معرکہ قتال میں شہید ہو چکا تھا اور اس کی ماں اس کے ہمراہ تھی بقصد جہاد نکلا اس کی ماں اس کو جہاد کی ترغیب دیتی تھی حضرت نے فرمایا ابھی یہ نوجوان ہے اور اس کا باپ شہید ہو چکا ہے مبادا اس کی ماں اس کے خروج پر راضی نہ ہو اس سعادتمند نے کہا یا ابن رسول اللہ! میری ماں نے مجھے حکم دیا ہے اور اشقیاء سے لڑنے کو بھیجا ہے یہ کہہ کر میدان کارزار میں آیا اور ایک رجز پڑھا۔ جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میرا امیر حسینؑ ہے اور وہ کیا اچھا امیر ہے اور وہ بنی بشیر اور نذیر کے دل کا سرور ہے علیؑ و فاطمہؑ اس کے والدین ہیں کیا تمہارے علم میں اس کا کوئی نظیر ہے اس

Presented by www.ziaraat.com

کے چہرے پر ایسا نور ہے جیسے آفتاب دوپہر اور ایسی ضیاء ہے جیسے مہتاب درخشاں۔

یہ رجز پڑھ کر خوب لڑے یہاں تک کہ درجۂ شہادت پر فائز ہوئے ظالموں نے آپکا سرانور حضرت کے لشکر میں پھینک دیا اس کی ماں نے اپنے فرزند کا سر اٹھا لیا خوشا حال تیرا اے میرے فرزند اے میرے دل کا سرور اے میری آنکھوں کی ٹھنڈک تونے اپنی جان فرزند رسولؐ پہ نثار کی یہ کہہ کر اپنے فرزند کا سر لشکرِ مخالف میں پھینک دیا اور اس ملعون کو قتل کیا عمود خیمہ اٹھا کر لشکرِ مخالف پہ حملہ کیا اور اشعار پڑھتی تھی جن کا ترجمہ یہ ہے۔

میں ایک بوڑھی عورت ہوں اگرچہ میرا جسم بڑھاپے کی وجہ سے کمزور ہے لیکن اے اشقیاء میں تمہیں بضرب شدید قتل کروں گی اور حمایت کروں گی فرزندِ فاطمہ علیہا السلام کی۔

یہ کہہ کر اس ضعیفہ نے مقابلہ کیا یہاں تک کہ دو شخصوں کو خاک پر گرایا اس وقت حضرت نے اصحاب سے فرمایا اس نیک اعتقاد عورت کو واپس لے آؤ اور حضرت نے اس کے حق میں دعا کی۔

# جنادہ بن حارث کی شہادت

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۷۹ پر لکھا ہے کہ اب جنادہ بن حارث انصاری نکلے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میں جنادہ بن حارث ہوں نہ میں ذلیل ہوں نہ توڑنے والا اپنی بیعت کا جو درا نشتا چلیتی رہے گی اور میرے خون کا قصاص باقی رہنے والا ہے۔

سولہ اشقیاء کو قتل کیا اور خود بھی درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

Presented by www.ziaraat.com

# عمرو بن جنادہ کی شہادت

علّامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۲۸ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد عمرو بن جنادہ معرکہ کارزار میں گئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میں آج پسر ہند کا ناطقہ بند کر دوں گا اور لشکر انصار کے ساتھ ان پر حملہ آور ہونگا اور ایسے مہاجرین کو لیکر حملہ آور ہونگا جن کے نیزے گرد و غبار کے نیچے کافروں کے خون سے رنگین ہیں وہ اس سے پہلے زمانہ نبی میں بھی کافروں کے خون سے رنگین رہ چکے ہیں اور آج ان ذلیلوں کے خون سے رنگین ہوں گے یہ لوگ وہ ہیں جنہوں نے شریروں کی نصرت کی خاطر قرآن کو چھوڑ دیا ہے اور اپنے بدر کے کشتوں کا بدلہ لینے کو تلواروں اور نیزوں سے مسلح ہو کر جمع ہوتے ہیں خدا کی قسم میں بھی اپنی تیغ براں سے ان لوگوں سے جہاد کئے جاؤں گا کیونکہ تلواروں سے گلے ملنا اور بڑھ بڑھ کر حملے کرنا مجھ پر حق واجب ہے۔ یہ اشعار پڑھ کر داد مردانگی دی یہاں تک کہ شرف شہادت پر فائز ہوئے۔

# عابس بن شبیب شاکری و شوذب غلام شاکری کی شہادت

علامہ طبری نے تاریخ طبری حصّہ چہارم صفحہ ۲۸۸-۹ پر لکھا ہے کہ عابس بن ابی شبیب شاکری اپنے غلام آزاد شوذب کو ساتھ لئے ہوئے شوذب سے پوچھا کہو کیا ارادہ ہے اس نے کہا ارادہ کیا ہے فرزند رسولؐ اللہ کی طرف سے میں بھی آپ کے ساتھ شریک ہو کر قتال کروں گا اور قتل ہو جاؤں گا عابس نے کہا مجھے تجھ سے بڑھ کر میرا کوئی عزیز ہوتا تو میری خوشی یہی تھی کہ میرے سامنے آتا اور میں اسے رخصت کرتا آج کا دن وہ دن ہے کہ جتنا ہم سے ہو سکے ثواب لوٹ لیں بس آج کے بعد عمل خیر کا موقع نہیں پھر

Presented by www.ziaraat.com

روز حساب آنے والا ہے شوذب نے امام حسینؑ کو جاکر سلام کیا لڑنے کو نکلا اور یہاں تک جنگ کی کہ شہید ہو گیا۔

عابس بن ابی شبیب نے اب آپ سے یہ عرض کیا کہ یا ابا عبداللہ آپ سے بڑھ کر روئے زمین پہ کوئی قریب یا بعید واللہ مجھے عزیز نہیں ہے اگر اپنی جان دینے سے اور خون بہانے سے بڑھ کر کوئی ایسی بات ہوتی کہ میں آپ کو مصیبت سے اور قتل سے بچا سکتا تو میں وہ بھی کر گزرتا السلام علیک یا ابا عبداللہ میں خدا کو گواہ کرتا ہوں آپ اور آپ کے پدر بزرگوار کی ہدایت پہ قائم ہوں یہ کہہ کر تلوار کھینچے ہوئے دشمنوں کی طرف چلے ان کی پیشانی پر ایک زخم کا نشان بھی تھا ربیع بن تمیم نے ان کو آتے ہوئے دیکھ کر پہچان لیا یہ اور معرکوں میں بھی ان کو دیکھ چکا تھا یہ بہت بڑے بہادر تھے ربیع نے لوگوں سے کہا یہ شیر میدان وغا ہے یہ عابس بن ابی شبیب ہے تم میں سے کوئی ایک شخص اس سے لڑنے کو ہرگز نہ جائے عابس نے پکارنا شروع کیا۔ کیا ایک مقابل میں کوئی ایک نہ نکلے گا، ابن سعد نے حکم دیا کہ پتھر پھینک پھینک کر اس شخص کو چور کر دو چاروں طرف سے پتھر آنے لگے۔ یہ دیکھ کر انہوں نے اپنی زرہ اور مغفر کو اتار ڈالا اور ان لوگوں پہ حملہ کیا ربیع کہتا ہے واللہ یہ دو سو سے زیادہ آدمی تھے جو بھاگ کھڑے ہوئے مگر بھاگے ہوئے پھر پلٹ پڑے ہر طرف سے حملہ کر دیا اور وہ قتل ہو گئے میں نے چند لوگوں کے ہاتھ میں ان کا سر دیکھا یہ کہتا تھا میں نے اسے قتل کیا وہ کہتا تھا میں نے قتل کیا ہے سب کے سب ابن زیاد کے پاس آئے اس نے کہا کیوں جھگڑتے ہو اس شخص کو ایک برچھی نے قتل نہیں کیا ہے یہ کہہ کر ان کا جھگڑا چکا دیا۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۴-۲۸۳ پر لکھا ہے ثنا کرکے مولا جناب شوذب بن عبداللہ ہمدانی تابعی کا ذکر ثقتہ الاسلام حاجی نوری اللہ تعالیٰ اس

Presented by www.ziaraat.com

کی قبر کو روشن کرے، فرماتے ہیں ہو سکتا ہے کہ شوذب کا مقام عابس کے مقام سے ارفع و اعلیٰ ہو جیسا کہ لوگوں نے شوذب کے حق میں کہا ہے اور میرا والد شوذب متقدمین شیعوں میں سے تھا، اور ابصار العین میں منقول ہے کہ شوذب جلیل القدر شیعوں اور نامور شہسواروں میں سے تھا اور احادیث نبوی انہیں یاد تھیں جنہیں امیر المومنین سے روایت کرتا تھا صاحب الحدائق الوردیہ نے کہا شوذب شیعوں کے لیۓ بیٹھتا تھا اور وہ اس کے پاس احادیث سننے کے لیۓ حاضر ہوتے تھے اور وہ ان کا صدر ہوتا تھا۔

لولو و مرجان میں ثقتہ الاسلام حاجی نوری فرماتے ہیں کہ شاکر یمن میں طائفہ ہمدان کا ایک قبیلہ ہے اور عابس اس قبیلہ سے ہو گزرا ہے جب لفظ مولیٰ کی اضافت کسی قبیلے کی طرف کرتے ہیں تو اس سے مراد حلیف یعنی ہم قسم ہوتا ہے ہم قسم وہ شخص ہوتا ہے جو کسی قبیلے سے اپنی تقویت کیلئے کسی دوسرے قبیلے کے پاس جاتا ہے اور ان کا ہم قسم بن جاتا ہے پس وہ قبیلہ سختی اور تکلیف میں اس کی اس طرح مدد کرتا ہے جس طرح قبائل عرب کا دستور ہے یا لفظ مولیٰ کے معنی اترنے والے کے ہیں یعنی اپنے قبیلے سے بعض اغراض مثل کشادگی رزق یا دشمن سے فرار کی وجہ سے ہجرت کرتے ہیں اور دوسرے قبیلے میں اترتے ہیں اور ان کے رسم و رواج اور قوانین کے مطابق عمل کرتے ہیں اور شوذب قبیلہ شاکر کا حلیف تھا یا ان کا نزیل تھا اور نہ یہ گروہ ان کا غلام اور نہ تابع تھا جس طرح کہ ذہنوں میں سمجھا جاتا ہے کیونکہ غلام کو طائفہ اور قبیلہ سے نسبت نہیں دیتے۔

## عبداللہ غفاری اور عبدالرحمٰن کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۹ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد

Presented by www.ziaraat.com

عبداللہ اور عبدالرحمٰن غفاری سیدالشہداء کی خدمت میں آئے عرض کیا السلام علیک یا اباعبداللہ ہم آپ کی خدمت میں آئے ہیں تاکہ اپنی جان آپ پر فدا کریں حضرت نے فرمایا: مرحبا قریب آؤ مہیا ئے شہادت ہو پس وہ دونوں بزرگوار حضرت کے قریب آئے اور اشک حسرت آنکھوں سے برسائے حضرت نے فرمایا اے فرزندانِ برادر تمہارے رونے کا کیا سبب ہے قسم بخدا مجھے اُمید ہے ایک ساعت کے بعد تمہاری آنکھیں روشن اور تمہارے دل خوش ہوں گے انہوں نے عرض کیا ہم آپ پر فدا ہوں ہم اپنے حال پر نہیں روتے ہیں بلکہ اس لئے روتے ہیں کہ مخالفوں نے ہر طرف سے آپ کو گھیر لیا ہے اور ہم اشقیاء کو آپ سے دفع نہیں کر سکتے حضرت نے فرمایا اے فرزند و خدا تمہیں اس اندوہ و ملال پر جزائے خیر دے پھر ان دونوں نے حضرت کو وداع کیا اور عرض کیا السّلام علیک یا ابن رسول اللہ! حضرت نے فرمایا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ پس دونوں جوان مانند شیر میدان کارزار میں گئے اور بعد جنگ عظیم خلعت شہادت سے سرفراز ہوئے۔

## امام زین العابدین علیہ السّلام کے ترکی غلام کی شہادت

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۴-۳-۹۲ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد ترکی غلام جو کہ قرآن مجید کے قاری اور حافظ تھے امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اداب بجا لاکر عرض کیا میری روح آپ پر فدا ہو اے فرزند رسولؐ! مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے لشکر میں کوئی متنفس زندہ نہیں بچے گا آپ اجازت دیں تاکہ میں بھی اپنی جان حضور کے سامنے قربان کردوں امام حسین علیہ السّلام نے فرمایا کہ میں تجھے اپنے فرزند زین العابدین کے لیے خریدا ہے اور اسے بخش دیا ہے اس کے پاس جاکر اجازت طلب کرو راوی کہتا ہے کہ اس دن امام زین العابدین علیہ السلام بیمار

Presented by www.ziaraat.com

تھے اور خیمہ میں سہارا لئے ہوئے تھے غلام نے امام زین العابدین کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا اے میرے مولیٰ و آقا کے فرزند میں نے حضور کے والد سے جہاد کی اجازت مانگی انہوں نے فرمایا تم میرے اس نورِ چشم کے غلام ہو تمہارا اختیار اسے حاصل ہے اور اب میں آپ کے آستانہ کی طرف آیا ہوں اور مجھے اُمید ہے کہ حضور مجھے مایوس نہیں فرمائیں گے اور جنگ کی اجازت دیں گے امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا میں نے تجھے راہ خدا میں آزاد کردیا ترکی غلام دوسری دفعہ امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور صورت حال عرض کی اور ان حضرت سے اجازت لیکر میدان جنگ کا رخ کیا جب امام زین العابدین علیہ السلام کو خبر ہوئی کہ میرا غلام میدان جنگ کی طرف جا رہا ہے تو آپ نے فرمایا کہ خیمہ کے دامن کو اٹھایا جائے چنانچہ حسب الحکم ایسا کیا گیا شہزادے نے دیکھا کہ وہ ترکی غلام کھلے ہوئے پھول جیسے رخساروں اور چودھویں کے چاند جیسے چہرے کے ساتھ دونوں فوجوں کے درمیان کھڑے ہوگئے اور اس بدبخت فوج کے سامنے تلوار ہلا کر مقابل کو طلب کیا کبھی عربی زبان اور کبھی ترکی زبان میں رجز پڑھتے تھے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۵ پر لکھا ہے کہ اس مضمون کا رجز پڑھا میری طعن و ضرب سے دریا میں آگ لگ جاتی ہے اور میرے تیر دل کی چوٹ سے افق میں ہیجان پیدا ہو جاتا ہے جب میری تلوار میرے ہاتھ میں چمکتی ہے تو حاسد بدذات کا قلب پاش پاش ہو جاتا ہے۔

اس جوان نے ستر دشمنوں کو تہ تیغ کیا۔ بروایت علامہ مجلسی آخر کار تیغ ظلم عدوان سے گھائل ہوگئے اور زمین پر گر پڑے حضرت اس سعادت مند کی نعش پر آئے اور زار زار روئے اور اپنا رخسارہ مبارک غلام کے رخسارہ پر رکھا غلام

Presented by www.ziaraat.com

نے آنکھیں کھول کر اس امام انام کے جمال عدیم المثال پر نظر کر کے تبسّم کیا اور مرغ روح باغ جنت کی طرف پرواز کر گیا ۔ بحارالانوار ۔ ۳۰ ۔

علاّمہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۹۱ پر لکھا ہے کہ گمان ہے کہ اس ترکی غلام کا نام اسلم بن عمرو ہو ۔

# یزید بن زیاد بن شعثا کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۳۰ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد یزید بن زیاد بن شعثا میدانِ کارزار میں آئے اور وہ آٹھ تیر جو اُن کے پاس تھے لشکر مخالف کی طرف پھینکے اور پانچ مخالفوں کو ان تیروں سے واصل جہنم کیا اور جو تیر پھینکتے تھے حضرت فرماتے تھے کہ خداوندا ان کے تیر کو نشانہ پر لگا اور اس کے عوض میں اس کو بہشت عطا فرما اس وقت فوج مخالف نے حملہ کر کے اسے شہید کر دیا ۔

علاّمہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۷ پر بسند علاّمہ مجلسی مولف بحارالانوار مذکورہ واقعات نقل کئے ہیں ۔

# ابو عمر نہشلی کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۳۰ پر لکھا ہے کہ ابن نما رحمہ اللہ تعالیٰ نے مہران مولی بنی کاہل سے روایت کی ہے اس نے کہا میں صحرائے کربلا میں امام حسینؑ کے ہمراہ تھا ایک شخص کو دیکھا کہ زبردست مقابلہ کرتا ہے اور ہر حملہ میں جمعیت اعدا کو متفرق کر کے حضرت کی خدمت میں آتا ہے اور اس مضمون کا رجز پڑھتا ہے ۔

Presented by www.ziaraat.com

خوشخبری ہو تجھے کہ ہدایت پائی تو نے راہ راست کی اور ملاقات کرے گا تو رسولؐ خدا سے جنت الفردوس ہیں۔ میں نے پوچھا کہ یہ بزرگوار کون ہیں لوگوں نے کہا کہ یہ ابو عمر نہشلی ہیں بروایت دیگر کہا گیا کہ یہ ابو عمر خشعمی ہیں پس عامر بن نہشلی اور ثعلبی ملعون نے انہیں شہید کر کے سر انور بدن شریف سے جدا کیا یہ بزرگوار بڑے عابد وزاہد اور کثیر الصلوٰۃ تھے۔

مذکورہ واقعات علامہ محمد تقی نے بھی بسند علامہ مجلسی مولف بحارالانوار، ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۷ پر نقل کئے ہیں۔

# یزید بن مہاجر کی شہادت

علامہ طبری نے تاریخ طبری صفحہ ۱۰۶۰ پر لکھا ہے کہ روایت ہے کہ بنی بہدلہ میں سے ابو شعثا یزید بن زیاد حسینؑ کے سامنے آ کر دونوں زانو کو ٹیک کر کھڑے ہو گئے اور سو تیر دشمنوں کو مارے ان میں سے پانچ تیر خطا ہو گئے یہ شخص اس قدر تیر انداز تھے جب تیر سر کرتے تھے تو کہتے تھے میں بنی بہدلہ سے ہوں جو لوگ کہ شہ سوار ست کر ہیں۔ حسینؑ کہتے جاتے تھے یا رخدایا ان کے نشانہ کو صائب اور بہشت انہیں نصیب کر سب تیر لگا چکے تو اُٹھ کھڑے ہوئے اور کہا پانچ تیروں کے سوا میرا کوئی تیر خطا نہیں ہوا اور مجھے یقین ہے کہ پانچ شخصوں کو میں نے قتل نہیں کیا انصار میں سے جو لوگ پہلے ہی قتل ہو گئے یہ بھی ان میں سے ہیں ان کے رجز کا یہ مضمون تھا۔

میرا نام یزید ہے میرے باپ کا نام مہاجر ہیں شیر بیشہ شجاعت ہوں خدا مثل میں حسینؑ کا ناصر ہوں اور ابن سعد کا ساتھ میں نے چھوڑ دیا اس سے دوری اختیار کی۔

Presented by www.ziaraat.com

پہلے یہ ابن سعد کے لشکر میں تھے جب انہوں نے دیکھا کہ حسینؑ نے جتنی شرطیں پیش کیں وہ سب رد کی گئیں تو انصار حسینؑ میں آکر مل گئے اور مشغولِ قتال رہے یہاں تک کہ درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

مذکورہ واقعات بجنسہٖ علامہ مجلسی نے بھی بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۰ پر اور علامہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۰ پر نقل کئے ہیں۔

## سیف بن ابی الحارث اور مالک بن عبداللہ کی شہادت

علامہ طبری نے تاریخ طبری حصہ چہارم صفحہ ۲۸۷ - ۸ پر لکھا ہے کہ سیف بن حارث اور مالک بن عبداللہ دونوں آپس میں چچازاد بھائی تھے ماں دونوں کی ایک تھی یہ دونوں جابری جوان روتے ہوئے آپ کے پاس آئے آپ نے فرمایا بچو کیوں روتے ہو واللہ میں تو جانتا ہوں اب تھوڑی ہی دیر میں تم خاموش ہو جاؤ گے۔ انہوں نے جواب دیا ہم آپ پر فدا ہو جائیں اپنے لئے نہیں روتے آپ کے حال پر ہمیں رونا آتا ہے ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ نرغہ میں ہیں اور ہم آپ کو بچا نہیں سکتے آپ نے جواب دیا میری حالت پر محزون ہونے کی جزا، میرے ساتھ ہمدردی کرنے کا عوض اے فرزندو! حق تعالیٰ تمہیں دے جیسا کہ نیک بندوں کو وہ دیتا ہے۔

حنظلہ کے بعد دونوں نوجوان جابری آگے بڑھے مڑ مڑ کر آپ سے کہتے جاتے تھے السلام علیکم یا ابن رسولؐ اللہ آپ نے دونوں کے جواب میں فرمایا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ ان دونوں نے قتال کیا اور شہید ہو گئے۔

مذکورہ واقعات معمولی تغیر کیساتھ علامہ مجلسی نے بھی بحارالانوار اور علامہ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم میں نقل کئے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

# زیاد مصاہر الکندی کی شہادت

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۷۸ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن محمد رضا الحسینی اپنی تالیفات میں جلاء العیون جلد دوم میں لکھتے ہیں کہ مالک بن انس کے بعد زیاد مصاہر الکندی نے عمر ابن سعد کے لشکر پر حملہ کیا اور اس گروہ سے نو آدمی تہہ تیغ کئے اور خود بھی شہید ہوئے۔

# حضرت ابراہیم ابن حسینؑ کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحات ۶۹ و ۷۰ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد ابراہیم بن حسینؑ اس مضمون کا رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں تشریف لائے۔

اے حسینؑ آگے بڑھیئے تو آج کے دن احمدؐ سے ملاقات ہو گی پھر اپنے باپ سے جو پاک اور خدا کی طرف سے قوی نیز ابن حسنؑ سے جو سب سے زیادہ نیک اور زہر سے شہید ہو گئے تھے اور سب شہیدوں کے نامدار گروں سے پرواز کرنے والے سے اور سردار و سور ما ء و شیر زبان حمزہ سے ملاقات فرمائیے گا یہ سب لوگ جنت الفردوس میں سعادت پر کامیاب ہو گئے۔

یہ فرما کر لشکر پر دھاوا بول دیا پچاس آدمیوں کو خاک پر سلا کر ان پر رحمت خدا ہو خود بھی جنّت کو سدھارے۔

# علی بن مظاہر کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۷۰ پر لکھا ہے کہ آپ کے بعد علی بن مظاہر اسدی

Presented by www.ziaraat.com

یہ فرماتے ہوئے میدانِ جنگ میں بڑھے۔

میں یہ قسم کھاتا ہوں کہ اگر ہم لوگ تمہارے برابر ہوتے بلکہ اگر تم سے آدھے بھی ہوتے تو تم بُری طرح میدان سے بھاگتے اے شرافت اور اعمال میں بدترین قوم خدا تمہاری اولاد کو نہ رکھے۔ یہ فرما کر قوم اشقیاء پر حملہ فرمادیا اور ستر بہادروں کو قتل کر کے امام حسینؑ علیہ السلام کے سامنے راہی جنان ہو گئے۔

# معلیٰ کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسینؑ معروف بہ مقتل ابی مخنف صفحہ ۷۰ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد معلیٰ میدان جنگ میں آئے آپکی شجاعت کی ایک دھوم مچی ہوئی تھی اس مضمون کا رجز پڑھتے تھے، میرا نام معلیٰ ہے حمایت کو اٹھا ہوں باز نہیں رہوں گا۔ جو محمدؐ و علیؑ کا دین ہے وہی میرا ایمان ہے جب تک موت نہ آجائے برابر تم کو ہٹاتا رہوں گا۔ اور ایسے شخص کی طرح وار کرتا رہوں گا جسکو موت کا کوئی خدشہ نہیں ہوتا۔ خالق ازلی سے ثواب کی امید کرتا ہوں اور یہ چاہتا ہوں کہ اللہ خوبی کے ساتھ میرا عمل پورا کر دے پھر حملہ فرمایا پچاس شہسوار خاک میں ملا کر خود بھی زمین پر تشریف لائے اور اپنے خون میں تڑپنے لگے۔

# طرماح بن عدی کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسینؑ معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۷۱-۷۲ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد طرماح بن عدی بڑھ کر یہ شعر پڑھنے لگے۔

بہت سخت وار لگانے والا طرماح میں ہی ہوں اور اپنے پروردگار پر بھروسہ کر کے کہتا ہوں کہ گھمسان میں جب اپنی تلوار سونت لیتا ہوں تو میرا ہم پلہ بھی میرے چھا جانے سے ڈرنے لگتا ہے یہ وار تو نہیں لا میں نے تو سرکشوں کے خلاف اگرچہ میرا فرزند ہی کیوں نہ ہو،

Presented by www.ziaraat.com

اپنا دل سخت کر لیا ہے۔

یہ فرما کر آپ مشغولِ جنگ ہو گئے اور ستر آدمیوں کو قتل کر دیا۔ اس عرصہ میں آپ کے گھوڑے نے ٹھوکر کھائی اور ہیجان کر کے زمین پر گرا دیا تو لشکر ابن سعد نے آپکو گھیر لیا اور سر تن سے جدا کر دیا۔

# یزید بن مظاہر اسدی کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۹۸-۶۸ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد یزید بن مظاہر اسدی میدان میں آئے اور اس مضمون کا رجز ارشاد فرما رہے تھے۔

میرا نام یزید ہے اور میرے والد مظاہر ہیں مقام شیبری کے شیر سے زیادہ بہادر ہوں اور تم کو آگاہ کرتا ہوں شیر کی انیاں میرے پاس سرکشوں کے لئے حاضر رہتی ہیں اے پروردگار میں حسین علیہ السلام کا مددگار ہوں ہند کے بیٹے سے بچتا اور پرہیز کرتا ہوں اور میرے قبضہ میں کاٹ کرنے والی اور تیز تلوار ہے۔

یہ کہتے ہی فوج اشقیاء پر حملہ کر دیا اور جب تک پچاس بہادر قتل نہ کر لئے برابر لڑتے رہے آخر کار درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

# مالک بن اوس مالکی کی شہادت

خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۷۵ پر لکھا ہے کہ اب مالک بن اوس مالکی نے تلوار سونت کر فوج اشقیاء پر حملہ کر دیا اور کئی بہادروں کو قتل کر کے درجۂ شہادت حاصل کیا اور رحمتِ الٰہی کے جوار میں چلا گیا۔

# انیس بن معقل کی شہادت

محمد بن علی شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۸۷۵ پر لکھا ہے کہ انیس بن معقل

Presented by www.ziaraat.com

اصبحی لڑنے کو نکلے اور اس مضمون کا رجز پڑھا۔

میں انیس بن معقل ہوں | میرے ہاتھ میں چمکدار تلوار کا قبضہ ہے
میں دشمنوں کے سر اڑادوں گا غبار اڑاؤنگا | اور صاحب مجد وفضل حسین سے دشمن کو ہٹاؤنگا

جو خیر المرسلین رسول اللہؐ کے فرزند ہیں

انہوں نے بیس سے زائد اشقیاء کو قتل کیا اور خود درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

# ابراہیم بن حصین اسدی کی شہادت

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۰ پر لکھا ہے کہ ابراہیم بن حصین اسدی نے ایک رجز پڑھا اور فوج اشقیاء پر حملہ کر دیا۔ اس نے ۸۴ آدمیوں کو قتل کیا اور خود بھی جام شہادت نوش کیا۔

## مولف جامع التواریخ

عرض کرتا ہے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے جو اصحاب یوم عاشورا میدان کربلا میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے انکی تعداد اور ان کے ماقبل اور مابعد شہید ہونے کے متعلق مابین علماء تاریخ کربلا اختلاف ہے اب باحتراز طوالت و باختصار تفاوت ان علماء تاریخ کربلا کی آراء کا مختصر ترین خاکہ پیش کیا جاتا ہے جن کی کتب ماخذ کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں۔

سب سے پہلے لوط بن یحییٰ المشہور ابو مخنف مولف مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف کے چشم دید بیان کا مختصر ترین خاکہ دربارہ تعداد و نوبت شہادت اصحاب امام حسین علیہ السلام جامع التواریخ میں درج کیا جاتا ہے۔

۱۔ حبیب ۲۔ زہیر بن قین ۳۔ یزید بن مظاہر اسدی ۴۔ یحییٰ بن کثیر انصاری۔
۵۔ ہلال بن نافع۔ ۶۔ ابراہیم ۷۔ علی بن مظاہر ۸۔ معلی ۹۔ جون غلام ابی ذر غفاری۔

Presented by www.ziaraat.com

۱۰۔عمیر ابن مطاع ۱۱۔ عبداللہ بن وہب کلبی ۱۲۔ طرماح بن عدی۔ لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف میں لکھا ہے کہ جب امام حسینؑ کے تمام اصحاب و انصار شہید ہو چکے اور حضرت نے استغاثہ کیا تو حر بن یزید ریاحی اس وقت خدمت امام زماں میں حاضر ہوا اور بعد تحصیل اجازت جہاد کرکے درجۂ شہادت پر فائز ہوا۔

اس کے علاوہ علامہ سید ابن طاؤس مؤلف مقتل لہوف کی تحقیق کا مختصر ترین خاکہ درباب تعداد و نوبت شہادت اصحاب امام حسین علیہ السلام نقل کیا جاتا ہے۔

۱۔ حر بن یزید ریاحی ۲۔ بریر بن خضیر ہمدانی ۳۔ محمد بن بشیر ۴۔ وہب پسر حباب کلبی ۵۔ مسلم بن عوسجہ ۶۔ عمر بن قرظہ انصاری ۷۔ جون غلام ابی ذر ۸۔ عمر بن خالد صیداوی ۹۔ حنظلہ بن اسعد ۱۰۔ سعید بن عبداللہ ۱۱۔ زہیر بن قین ۱۲۔ سوید بن عمر بن ابی مطاع۔

سید علامہ ابن طاؤس کہتے ہیں کہ مطابق روایات، حر کے آنے سے پہلے بہت سے اصحاب حسینؑ درجہ شہادت پر فائز ہو چکے تھے۔ مولف عرض کرتا ہے کہ سید علامہ ابن طاؤس نے ان شہداء کے اسماء گرامی نقل نہیں کئے ہیں۔

اب شیخ الامۃ محمد بن محمد النعمان الملقب بالمفید متوفی ۴۱۳ھ مولف الارشاد فی معرفۃ حجج اللہ علی العباد، کی رائے کا مختصر ترین خاکہ نقل کیا جاتا ہے ۱۔ حر بن یزید ریاحی ۲۔ عبداللہ بن عمیر ۳۔ نافع بن ہلال ۴۔ مسلم بن عوسجہ ۵۔ حبیب بن مظاہر ۶۔ زہیر بن قین ۷۔ حنظلہ بن سعد ۸۔ شوذب ۹۔ عابس بن شبیب شاکری۔

مولف عرض کرتا ہے کہ شیخ مفید جیسے ممتاز مورخ نے کتاب الارشاد میں جو مورخین ماخذ کے طور پر استعمال کرتے ہیں، حضرت امام حسینؑ کے دیگر اصحاب کے اسماء گرامی نقل نہیں کئے ہیں۔

اس کے بعد احمد یا محمد بن علی اعثم کوفی مولف تاریخ اعثم کوفی کی رائے کا مختصر ترین خاکہ

Presented by www.ziaraat.com

راجع بہ تعداد اور نوبت شہادت اصحاب امام حسین علیہ السلام لکھا جاتا ہے۔ ۱۔ حر بن یزید ریاحی ۲۔ بریر ہمدانی ۳۔ عمر بن خالد ازدی ۴۔ مسلم بن عوسجہ اسدی ۵۔ مالک بن اوس مالکی ۶۔ ہلال بن نافع ۷۔ حباب بن ارت انصاری ۸۔ عمر بن جنادہ

خواجہ اعثم کوفی جیسے ممتاز مورخ نے بھی فقط مذکورہ بالا اصحاب امام حسینؑ کی شہادتوں کے واقعات نقل کئے ہیں۔

اب علامہ محمد بن علی بن شہر آشوب مازندرانی مولف مناقب آل ابیطالب کی تحقیق کا مختصر ترین خاکہ جامع التواریخ میں درج کیا جاتا ہے۔ ۱۔ حر۔ ۲۔ بریر بن خضیر ہمدانی۔ ۳۔ وہب بن عبداللہ کلبی ۴۔ عمرو بن خالد ازدی ۵۔ سعد بن حنظلہ تمیمی ۶۔ عبداللہ مذحجی ۷۔ مسلم بن عوسجہ ۸۔ عبدالرحمٰن بن عبداللہ یزنی ۹۔ یحییٰ بن سلیم مازنی۔ ۱۰۔ قرہ بن ابی قرہ انصاری ۱۱۔ عمرو بن مطاع جعفی ۱۲۔ جون غلام ابی ذر۔ ۱۳۔ انیس بن معقل اصبحی ۱۴۔ یزید بن مہاجر جعفی ۱۵۔ حجاج بن مسروق جعفی ۱۶۔ حبیب ابن مظاہر۔ ۱۷۔ زہیر بن قین ۱۸۔ جنادہ بن حارث انصاری ۱۹۔ حر کا ایک ترکی غلام ۲۰۔ مالک بن دودان ۲۱ ابو ثمامہ صائدی ۲۲۔ ابراہیم بن حصین اسدی ۲۳۔ عمرو بن قرظہ انصاریؓ ۲۴۔ احمد بن محمد ہاشمی اس کے بعد علامہ ابوجعفر بن جریر طبری مولف تاریخ الامم والملوک کی رائے کا خاکہ متعلق بہ تعداد و نوبت شہادت امام حسینؑ نقل کیا جاتا ہے۔ ۱۔ حر ۲۔ وہب بن عبداللہ ۳۔ بریر بن حضیر ۴۔ علی ابن قرظہ ۵۔ مسلم بن عوسجہ ۶۔ عبداللہ بن عمیر کلبی ۷۔ حبیب ابن مظاہر ۸۔ ابو ثمامہ حنفی ۹۔ زہیر بن قین ۱۰۔ نافع بن ہلال۔ ۱۱۔ عزرہ غفاری کے فرزند عبداللہ، عبدالرحمٰن ۱۲۔ حنظلہ بن اسعد شبامی ۱۳۔ سیف و مالک ۱۴۔ شوذب ۱۵۔ عابس بن ابی شبیب ۱۶۔ یزید بن زیاد ۱۷۔ عمر بن خالد صیداوی ۱۸۔ سعد ۱۹۔ جابر بن حارث سلمانی ۲۰۔ مجمع بن عبداللہ عائذی۔

اب ملا حسینؒ مولف روضۃ الشہداء کی رائے کا خاکہ متعلق بہ تعداد و نوبت شہادت

Presented by www.ziaraat.com

اصحاب امام حسینؑ جامع التواریخ میں درج کیا جاتا ہے۔ ۱۔ حر بن یزید ۲۔ مصعب برادر حر۔ ۳۔ پسر حر ۴۔ حر کا غلام عزہ ۵۔ زہیر بن حسان اسدی ۶۔ عبداللہ بن عمیر کلبی ۷۔ بریر بن خضیر ہمدانی ۸۔ وہب بن عبداللہ کلبی ۹۔ عمرو بن خالد ازدی ۱۰۔ خالد بن عمرو ۱۱۔ سعد بن حنظلہ ۱۲۔ عمرو بن عبداللہ مذحجی ۱۳۔ حماد بن انس ۱۴۔ شریح بن عبید روحی ۱۵۔ مسلم بن عوسجہ ۱۶۔ پسر مسلم بن عوسجہ ۱۷۔ ہلال بن نافع ۱۸۔ عبداللہ یزنی ۱۹۔ یحیی بن سلیم مازنی۔ ۲۰۔ عبدالرحمن بن عروہ غفاری ۲۱۔ مالک بن انس بن مالک ۲۲۔ عمرو بن مطاع جعفی ۲۳۔ قیس بن منبہ ۲۴۔ ہاشم بن عتبہ ۲۵۔ حبیب بن مظاہر ۲۶۔ حرہ یا جریر آزاد کردہ غلام ابی ذر غفاری ۲۷۔ یزید بن مہاجر جعفی ۲۸۔ انیس بن معقل اصبحی ۲۹۔ عابس بن شبیب وشوذب ۳۰۔ حجاج بن مسروق جعفی ۳۱۔ سیف بن حارث بن سریع و مالک بن عبداللہ ۳۲۔ امام زین العابدینؑ کا ترکی غلام ۳۳۔ حنظلہ بن سعد ۳۴۔ یزید بن زیاد شعبا ۳۵۔ سعد بن حنفی ۳۶۔ جنادہ بن حارث انصاری ۳۷۔ عمرو بن جنادہ ۳۸۔ مرہ بن ابی مرہ غفاری ۳۹۔ محمد بن مقداد و عبداللہ بن ابو ریحانہ ۴۰۔ سعد غلام امیرالمومنین ۴۱۔ قیس بن ربیع و اشعث بن سعد و عمرو بن قرظہ و عظمہ و حماد۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۶ پر لکھا ہے میدان کربلا میں یاران، چاکران اور ملازمان امام حسینؑ میں سے ترپن افراد نے شربت شہادت نوش فرما کر اس جہانِ فانی سے رحلت فرمائی۔

اس کے بعد ملا محمد باقر مجلسی مولف بحارالانوار جلد دہم کی تحقیق کا خاکہ درباب تعداد ولویت شہادت اصحاب امام حسین علیہ السلام نقل کیا جاتا ہے۔ ۱۔ حر بن یزید ریاحی۔ ۲۔ بریر ۳۔ وہب کلبی ۴۔ عمر بن خالد ازدی ۵۔ خالد بن عمرو ۶۔ سعد بن حنظلہ ۷۔ عمیر بن عبداللہ ۸۔ مسلم بن عوسجہ ۹۔ نافع بن ہلال بجلی ۱۰۔ سعید بن عبداللہ ۱۱۔ عبدالرحمن بن عبداللہ ۱۲۔ عمرو بن قرظہ ۱۳۔ جون غلام ابی ذر ۱۴۔ عمر بن خالد ۱۵۔ حنظلہ بن سعد۔

Presented by www.ziaraat.com

۱۶-سوید بن عمرو ۱۷-یحییٰ بن سلیم ۱۸-قرہ غفاری ۱۹- مالک بن انس ۲۰-عمرو بن مطاع جعفی ۲۱-مسروق موذن امام حسینؑ ۲۲-زہیر بن قین ۲۳-سعید بن عبداللہ ۲۴-حبیب بن مظاہر ۲۵-ہلال بن نافع ۲۶- ایک یتیم بچّہ ۲۷-جنادہ بن حرب ۲۸-عمر بن جنادہ ۲۹-عبدالرحمٰن بن عروہ ۳۰-عابس بن شبیب شاکری وشوذب غلام ترکی ۳۱-عبداللہ وعبدالرحمٰن غفاری ۳۲-ایک ترکی غلام ۳۳-یزید بن زیاد شعثا ۳۴-ابوعمر نہشلی ۳۵-یزید بن مہاجر ۳۶-سیف بن حریث و مالک بن عبداللہ۔

اب ملا محمد باقر مجلسی مولف جلاء العیون کے تفحص کا مختصر ترین خاکہ راجع بہ تعداد و نوبت شہادت اصحاب امام حسینؑ قلمبند کیا جاتا ہے۔ ۱- حر ۲- بریر بن خضیر ۳- وہب بن عبداللہ ۴-عمر بن خالد ازدی ۵-خالد بن عمرو ازدی-۶-سعید بن حنظلہ تمیمی ۷-عمرو بن عبداللہ مذحجی ۸-مسلم بن عوسجہ ۹-زہیر بن قین ۱۰-حبیب ابن مظاہر ۱۱-ہلال ابن حجاج ۱۲-نافع ابن ہلال ۱۳-عبدالرحمٰن بن عبداللہ ۱۴-جون غلام ابی ذر غفاری ۱۵-عمرو بن صیداوی ۱۶-حنظلہ بن اسعد ۱۷-سوید بن عمر ۱۸-یحییٰ بن سلیم ۱۹-قرہ بن قرہ غفاری ۲۰-عمرو بن مطاع جعفی ۲۱-حجاج بن مسروق ۲۲-جنادہ بن حارث ۲۳-عمرو بن جنادہ ۲۴-عبدالرحمٰن بن عروہ ۲۵-عابس بن شبیب شاکری وشوذب ۲۶-عبداللہ وعبدالرحمٰن غفاری ۲۷-ترکی غلام ۲۸-زیاد بن شعثا-۲۹-ابوعمر نہشلی ۳۰-سیف بن ابی حارث و مالک بن عبداللہ۔

مولف عرض کرتا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کے جو اصحاب یوم عاشورا میدان کربلا میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے ان کی تعداد مع اسماء گرامی حضرت صاحب العصر والزمان صلوات اللہ علیہ نے بھی زیارت ناحیہ میں دی ہے جو یہ ہے۔

۱-سلیمان ۲-قارب ۳-منجح ۴-مسلم بن عوسجہ ۵-سعد بن عبداللہ-۶-بشر بن عمر حضرمی ۷-یزید بن حصین ہمدانی ۸-عمر بن کعب انصاری ۹-نعیم بن عجلان انصاری۔

Presented by www.ziaraat.com

۱۰- زہیر بن قین بجلی ۱۱- عمر بن قرظہ انصاری ۱۲- حبیب بن مظاہر اسدی ۱۳- حر بن یزید ریاحی ۱۴- عبداللہ بن عمر کلبی ۱۵- نافع بن ہلال بن نافع مرادی ۱۶- انس بن کاہل اسدی- ۱۷- قیس بن مسہر صیداوی ۱۸- عبداللہ؛ عبدالرحمٰن غفاریان ۱۹- عون بن حوی غلام ابی ذر ۲۰- شبیب بن عبداللہ نہشلی ۲۱- حجاج بن زید سعدی ۲۲- قاسط و کرش پسران ظہیر ۲۳ کنانہ بن عتیق ۲۴- ضرغامہ بن مالک ۲۵- حوی بن مالک ضبعی ۲۶- یزید بن ثبیت قیسی ۲۷- عامر بن مسلم ۲۸- قعنب بن عمر تمری ۲۹- سالم غلام عامر بن مسلم ۳۰- سیف بن مالک ۳۱- زہیر بن بشر خثعمی ۳۲- زید بن معقل جعفی ۳۳- حجاج مسروق جعفی- ۳۴- مسعود بن حجاج ۳۵- مجمع بن عبداللہ عائذی ۳۶- عمار بن حسان بن شریح طائی ۳۷- حیان بن حارث سلمانی ازدی ۳۸- جندب بن حجر خولانی ۳۹- عمر بن خالد صیداوی اور اس کا غلام سعید ۴۰- یزید بن زیاد مظاہر کندی ۴۱- زاہد غلام عمر بن حمق خزاعی- ۴۲- جبلہ بن علی شیبانی ۴۳- سالم غلام مدینہ کلبی ۴۴- اسلم بن کثیر ازدی اعرج ۴۵- زہیر بن سلیم ازدی ۴۶- قاسم بن حبیب ازدی ۴۷- جندب حضرمی ۴۸- ابو ثمامہ عمر بن عبداللہ صائدی ۴۹- حنظلہ بن اسدی شیبانی ۵۰- عبدالرحمٰن بن عبداللہ کدری ارحبی ۵۱- عمار بن سلامہ ہمدانی ۵۲- عابس بن شبیب شاکری- شاکر کا غلام شوذب ۵۳- شبیب بن حارث سریع ۵۴- مالک بن عبداللہ سریع ۵۵- زخمی اسیر سوار بن ابی حمیر فہمی ہمدانی ۵۶- عمر بن عبداللہ جندعی-

Presented by www.ziaraat.com

# واقعاتِ شہادت ہائے بنی ہاشم
# حضرت علی اکبر علیہ السّلام کی شہادت

علّامہ ابوجعفر محمد بن جریر طبری متوفی بغداد سال ۳۱۰ ھ نے تاریخ الامم والملوک حصّہ چہارم صفحہ ۲۹۱ پر لکھا ہے کہ اولادِ ابوطالب میں سب سے پہلے علی اکبر ابن حسینؑ علیہ السلام شہید ہوئے۔

علامہ علی بن حسین مسعودی متوفی ۳۴۶ ھ نے مروج الذہب حصّہ سوم مطبع مصر صفحہ ۱۴۵ پر، شیخ مفید متوفی در بغداد سال ۴۱۳ ھ نے کتاب الارشاد مطبع طہران صفحہ ۱۰۹ پر اور علامہ علی بن موسیٰ متوفی در بغداد سال ۶۶۴ ھ نے مقتل لہوف صفحہ ۷۱ پر لکھا ہے کہ اصحاب امام حسینؑ میں سے ایک جوان کے بعد دوسرا آتا اور شہید ہوجاتا جب خاص طور پر امام حسینؑ کے ہمراہ ماسوائے آپ کے اہلبیتؑ کے اور کوئی باقی نہ رہا تو امام حسینؑ کے فرزند علیؑ بن حسینؑ نے اپنے ضعیف باپ سے مرنے کی اجازت چاہی۔

علامہ مجلسی نے جلاءالعیون مطبع تہران صفحہ ۴۰۰ پر لکھا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے کہ اوّل جو فرزندان ابوطالب سے صحرائے پُرآشوب کربلا میں تیغ اہلِ جفا سے شہید ہوئے وہ علی اکبر علیہ السلام تھے۔ علی بن حسین اموی معروف بابی الفرج اصفہانی متوفی بغداد سال ۳۵۶ ھ نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ مطبوعہ ۱۳۶۵ ھ صفحہ ۱۱۴ پر لکھا ہے کہ مدائنی نے عباس بن محمد بن رزین سے، اس نے علی بن طلحہ سے، اس نے ابی مخنف سے، اُس نے عبدالرحمٰن بن یزید جابر سے، اُس نے حمید بن مسلم سے روایت کی ہے اور عمر بن سعد بصری نے ابی مخنف سے، اس نے زہیر بن عبداللہ خثعمی سے روایت کی ہے علامہ ابوالفرج اصفہانی نے کہا کہ یہ روایت مجھ سے احمد بن سعید نے

Presented by www.ziaraat.com

یحییٰ بن حسن علوی سے، اس نے بکر بن عبدالوہاب سے، اس نے اسماعیل بن ابی ادریس سے، اس نے اپنے باپ سے، اس نے جعفر بن محمد سے، اس نے اپنے والد بزرگوار امام محمد باقر علیہ السلام سے، بیان کی اور بعض روایات دوسری روایات میں داخل ہیں۔ تحقیق آل ابی ابیطالب میں سے جو امام حسین علیہ السلام کے ساتھ سب سے پہلے شہید ہوئے، وہ آپ کے فرزند علیؑ تھے۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع تہران صفحات ۲۷۰، ۲۷۱، ۲۷۲ پر لکھا ہے کہ زیارت ناحیہ مقدسہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام اہلبیت اطہار سے شہید اول تھے کیونکہ حضرت صاحب العصر والزمان صلوات اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے مقدس خاندان کے بہترین فرد یعنی جناب محمد مصطفےٰ کی نسل سے پہلے شہید آپ پر سلام ہو اور زیارت ناحیہ مقدسہ کی عبارت مذکور سے یہ احتمال بھی ہو سکتا ہے کہ اولیت سے مراد مرتبہ اور شان میں اولیت ہو جس طرح کہتے ہیں کہ فلاں شخص شہر کے عالموں میں سے درجہ اول کا عالم ہے یا شہر کے تاجروں میں درجہ اول کا تاجر ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اہلبیت سے پہلے شہید عبداللہ بن مسلم تھے۔

علی اکبر علیہ السلام نے اپنے چچا حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اور اپنے والد حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی آغوش میں تربیت پائی تھی وہ معرفت اور کمال میں انتہائی درجے تک پہنچے ہوئے تھے۔ اور کہا جاتا ہے کہ حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام اس کے پرورش کرنے اور تعلیم دینے والے تھے کیونکہ جناب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق والد تین قسم کے ہوتے ہیں ایک وہ ہوتا ہے جس نے تم کو جنا، دوسرا وہ ہوتا ہے جس نے تم کو تعلیم دی اور تیسرا وہ ہوتا ہے جس نے تمہیں اپنی لڑکی نکاح میں دی۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۰ پر لکھا ہے کہ

Presented by www.ziaraat.com

علی اکبر علیہ السلام کی کنیت ابا الحسن ہے اور آپکی والدہ ماجدہ لیلیٰ بنت ابی مرہ بن عروہ بن مسعود ثقفی ہیں جناب لیلیٰ کی والدہ میمونہ بنت ابی سفیان بن حرب بن امیہ ہے جس کی کنیت ام شیبہ ہے اور میمونہ کی ماں ابی العاص بن امیہ کی بیٹی ہے۔

شیخ عباس قمی نے منتہی الا مال جلد اوّل مطبع تہران صفحہ ۲۷۰ پر لکھا ہے کہ عروہ بن مسعود مشرف باسلام ہونے والے چار سرداروں میں سے اور مشہور عظیم المرتبت لوگوں میں سے ہیں اور لوگوں نے اسے صاحب یٰسین اور حضرت عیسیٰ کے مشابہ ترین مردوں کے ہم مثل کیا ہے۔

علاّمہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۷۱ پر لکھا ہے کہ معلوم نہیں ہے کہ جناب لیلیٰ والدہ مکرمہ حضرت علی اکبر علیہ السلام کربلا میں موجود تھیں بلکہ یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ واقعہ کربلا کے وقت یہ مخدرہ بقید حیات تھیں مگر ملا حسین ؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۳۴۲ پر لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام شہزادے علی اکبر علیہ السلام کو گھوڑے پر دروازہ خیمہ تک لے آئے اور ان کی والدہ اور بہنیں زار زار روتی تھیں اور ان پر مرثیے پڑھتی تھیں مگر محمد باقر خراسانی نے کبریت الاحمر مطبع طہران صفحہ ۱۸۷ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام کی والدہ جناب ام لیلیٰ کے کربلا میں موجود ہونے کا ذکر کسی معتبر کتاب میں نہیں ہے برانگیختہ کرنے والے کلام کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہے کہ علی اکبر علیہ السلام کی والدہ اور بہنیں آنجناب کی لاش پر آئیں اور ہو سکتا ہے کہ ماں سے مراد حضرت سید الشہداء علیہ السلام کی بانوان حرم سے بعض دوسری ازواج ہوں ورنہ کیوں اس مخدرہ کا ذکر کربلا، کوفہ اور شام کے واقعات میں سے کسی معتبر واقعہ میں نہیں ہے۔

حافظ سلیمان بن ابراہیم قندوزی حنفی نے ینابیع المودہ مطبع نجف اشرف صفحہ ۴۱۵ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام بوقت شہادت سترہ برس کے تھے اور علامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ اس وقت حضرت علی اکبر علیہ السلام کا سن شریف ۱۸ سال سے

Presented by www.ziaraat.com

متجاوز تھا اور بعض نے ۲۵ سال بھی کہا ہے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء مطبع طہران صفحہ ۳۰۲ پر ملا محمد باقر نے بحار الانوار جلد دہم مطبع طہران صفحہ پر اور خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۷۶ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام اس وقت ۱۸ سال کے نونہال تھے علامہ مسعودی نے مروج الذھب حصہ سوم مطبع مصر صفحہ ۱۴۵ پر لکھا ہے کہ اس وقت علی اکبر علیہ السلام انیس سال کے تھے علاّمہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۸۶ پر لکھا ہے کہ آپ کا سن شریف ۱۸ سال اور ایک روایت کی رو سے ۱۵ رسال تھا۔ محمد ہاشم خراسانی منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۷۲ پر لکھا ہے کہ علامہ مجلسی نے جلاء العیون میں محمد بن ابیطالب سے نقل کیا ہے کہ وہ بزرگوار واقعہ کربلا میں اٹھارہ سال کے تھے جو کہ حضرت امام زین العابدین سے پانچ سال چھوٹے تھے اور فرماتے ہیں کہ یہ صحیح تر ہے اور شہید نے دروس میں اور کفعمی نے فرمایا ہے کہ شہزادہ علی اکبر علیہ السلام پچیس (۲۵) سال کے تھے جو حضرت زین العابدین علیہ السلام سے دو سال بڑے تھے اور احتمال ہے کہ یہ قول قوی تر ہے۔ اولاً! اس لئے کہ جمہور محدثین اور مورخین نے علیؑ شہید کو علی اکبرؑ اور حضرت زین العابدینؑ کو علیؑ اصغر لکھا ہے۔

دوسرے مقاتل کی کتب میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت زین العابدین علیہ السلام نے یزید کی مجلس میں فرمایا: میرے ایک بھائی تھے جو مجھ سے بڑے تھے اس کا نام علیؑ تھا جسے اشقیاء نے شہید کیا۔

تیسرے: مورخین نے سیر اور مقاتل میں حضرت علی اکبر علیہ السلام کے حالات میں بیان کیا ہے علی بن حسین علیہ السلام عثمان کے عہد خلافت میں پیدا ہوئے حضرت علی اکبر علیہ السلام نے یہ روایت اپنے دادا پاک جناب علی ابن ابیطالب علیہ السلام سے کی ہے اور کفعمی اور شہید اول نے دروس میں اس قول کو ترجیح دی ہے۔

محمد باقر خراسانی نے کبریت احمر مطبع تہران صفحہ ۱۸۶ پر لکھا ہے کہ مورخین کا اس بات

Presented by www.ziaraat.com

پر اختلاف ہے کہ علی اکبر علیہ السلام سن کے اعتبار سے امام زین العابدین علیہ السلام سے بڑے تھے یا امام زین العابدین علیہ السلام ۔ پس شیخ مفید علیہ الرحمۃ اور مورخین کی ایک جماعت اس بات پر متفق ہے کہ علی مقتول امام زین العابدین علیہ السلام سے چھوٹے تھے اور ابوالقاسم کوفی علی بن احمد بن موسیٰ مرقع نواسہ امام محمد تقی مولف کتاب اخلاق واستغاثہ سے "کتاب الاستغاثۃ فی بدع الثلثۃ" کے آخری حصہ میں روایت کرتے ہیں کہ ہم اس بات کے قائل ہیں اور اس بات پر اعتماد کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ علی بن حسین علیہ السلام جو امام حسین علیہ السلام کی شہادت کے روز زندہ رہ گئے تھے وہ تیس سال کے تھے۔ اور علی جو کربلا میں شہید ہوئے وہ بارہ سال کے تھے اور اپنے والد کے سامنے جہاد کر کے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے اور تمام زیدیہ یہ کہتے ہیں کہ امام زین العابدین علیہ السلام چھوٹے تھے اور یوم عاشورا سات سال کے تھے اور عام نسب بیان کرنے والے یہ کہتے ہیں کہ چار سال کے تھے اور یہ قول غلط ہے اور امامیہ علویہ اور غیر امامیہ علویہ شیعہ کے مشائخ کرام بھی اس قول کے خلاف ہیں ۔

شیخ عباس قمی نے نفس المہموم صفحہ ۱۶۴ پر دربارہ سن شریف علی اکبر علیہ السلام یہ تحقیقات پیش کی ہیں : شیخ مفید رحمۃ اللہ علیہ کتاب الارشاد میں فرماتے ہیں کہ وہ علی جو روز عاشورا شہید ہوئے امام زین العابدین علیہ السلام سے چھوٹے تھے اور امام زین العابدین علیہ السلام ان سے بڑے تھے اور امام زین العابدین علیہ السلام کی والدہ ام ولد تھیں جن کا نام شاہ زنان تھا اور وہ کسریٰ یزدگرد کی لڑکی تھیں محمد بن ادریس کہتے ہیں کہ اس بارے میں زبیر بن بکار اور ان میں سے ایک گروہ جس کا اس نے نام لیا ہے جیسے اہل فن کی طرف رجوع کرنا بہت بہتر ہے جو کہ فن نسب، تواریخ اور اخبار کے عالم ہیں اور کہتا ہے کہ یہ سب کے سب متفق ہیں کہ علی اکبر علیہ السلام کربلا میں شہید ہوئے اور یہ اس فن میں زیادہ بصیرت رکھنے والے ہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

مترجم کہتا ہے کہ وہ جن کے نام ابن ادریس نے کتاب سرائر میں لئے ہیں اور جنہوں نے کہا ہے کہ علی شہید، امام زین العابدین علیہ السلام سے بڑے تھے یہ ہیں زبیر بن بکار نے "کتاب انساب" میں ابو الفرج اصفہانی و بلاذری و عُمری مولف کتاب لباب اخبار الخلفاء وعمری نسابہ نے کتاب مجدی میں اور مؤلف کتاب زواجر و مواعظ اور ابن قتیبہ نے معارف میں اور ابن جریر طبری اور ابن ابی الحدید نے اپنی تاریخ میں اور ابو حنیفہ دینوری نے اخبار الطوال میں اور مولف کتاب فاخرہ امامیہ اور ابو علی بن ہمام نے کتاب انوار در تاریخ اہل بیت میں اور ان میں سے دس غیر امامیہ اور اہل سنّت سے ہیں والعلم عنداللہ۔

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۰ پہ لکھا ہے کہ محمد بن محمد بن سلیمان نے مجھے روایت کی ہے اس نے کہا ہمیں یوسف بن موسیٰ قطان نے روایت کی اس نے کہا ہمیں جریر نے مغیرہ سے روایت کی ہے اس نے کہا معاویہ نے ایک دن کہا اس امر خلافت کا سب لوگوں سے زیادہ حقدار کون ہے اہل مجلس نے کہا تو ہے معاویہ نے کہا نہیں۔ اس امر خلافت کا زیادہ حقدار علی بن حسین بن علی علیہ السلام ہیں جن کے نانا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور جن میں بنی ہاشم کی بہادری ہے بنی اُمیّہ کی سخاوت ہے اور ثقیف کا حسن و جمال ہے۔

علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسین مطبع مصر صفحہ ۴۳ پہ لکھا ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام تشریف لائے اور اپنے والد سے اجازت طلب کی امام حسینؑ علی اکبر علیہ السلام کو جہاد کی اجازت دے دی۔ بروایت سید علامہ ابن طاؤس امام حسینؑ نے حضرت علی اکبر کو نگاہ یاس سے دیکھا اور آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔

بروایت ملا حسینؒ اس کے بعد حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے دستہائے مبارک سے علی اکبر علیہ السلام کو ہتھیار جنگ پہنائے آپ نے ایک زرہ کے اُوپر دُوسری زرہ پہنائی اور جناب امیر علیہ السلام کا چرمی کمربند آپکی کمر میں باندھا اور فولادی خود آنجناب کے

Presented by www.ziaraat.com

سراقدس پر رکھا اور عقاب نامی گھوڑے پر سوار کیا آپ کی والدہ اور بہنیں آپکی رکاب اور لگام سے لپٹ گئیں اور امام حسین علیہ السلام نے مخدرات سے فرمایا کہ آپ انہیں جانے دیں کیونکہ علی اکبر علیہ السلام سفرِ آخرت کا مصمم ارادہ رکھتے ہیں ۔ روضۃ الشہداء ۳۲۰ ۔

علامہ مسعودی نے مروج الذہب صفحہ ۱۴۵ پر، علامہ ابواسحٰق اسفرائنی نے نورالعین فی مشہد الحسین صفحہ ۴۰ پر، سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۷۱ پر ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ جب حضرت علی اکبر علیہ السلام میدان کارزار میں آئے تو حضرت بے اختیار رونے لگے انگشت شہادت سے جانب آسمان اشارہ کرکے فرمایا پالنے والے ! تو اس قوم پر گواہ رہنا کہ اب وہ جوان ان کی طرف قتل ہونے جا رہا ہے جو صورت میں سیرت میں گفتار میں بالکل تیرے نبی کی شبیہ ہے اور جب ہم لوگوں کو تیرے رسولؐ کی زیارت کا اشتیاق ہوتا تھا تو اس کا چہرہ دیکھ لیتے تھے ۔ بارالہا ! تو ان لوگوں سے زمین کی برکتیں اٹھالے ان کی جمعیت کو پراگندہ کردے ان کے حکام کو ہمیشہ ان سے ناراض رکھ کیونکہ ان اشقیاء نے وعدہ نصرت کرکے ہمیں بلایا اور اب ہمارے قتل پر آمادہ ہیں ۔ پھر حضرت نے ابن سعد کو پکار کر فرمایا اے دشمن خدا ! خدا تیرے رحم کو قطع کرے اور کسی امر میں تجھے برکت نہ دے اور تجھ پر ایسے بے رحم مسلط کرے جو تیرے فرش خواب پر تجھے ذبح کرے جس طرح تو نے میرے رحم کو قطع کیا اور قرابت رسولؐ کی میرے حق میں پرواہ نہ کی اس کے بعد حضرت نے آواز بلند یہ آیت جو اہلبیت رسالت کی شان میں نازل ہوئی ہے تلاوت فرمائی ۔ ان اللہ اصطفٰے آدم ونوحا وآلِ ابراہیم وآلِ عمران علی العلمین ذریۃ بعضہا من بعض واللہ سمیع علیم ۔

بروایت ملاحسین جب عمر سعد نے نگاہ کی تو حضرت علی اکبر علیہ السلام کو عقاب نامی گھوڑے پر سوار دیکھا اور کہا یہ امام حسین علیہ السلام کا بڑا فرزند ہے جو صورت سیرت، رفتار اور گفتار میں حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشابہ ہے اور

Presented by www.ziaraat.com

ایک روایت میں آیا ہے کہ جب کبھی اہل مدینہ کو سید عالم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی زیارت کا شوق ہوتا تھا تو آ کر علی اکبر علیہ السلام کے چہرے کی زیارت کرتے تھے اور جب انہیں سید علیہ صلوات والسلام کے کلام سننے کا اشتیاق ہوتا تھا تو شہزادہ علی اکبر علیہ السلام کا شیریں کلام سنتے تھے ابو المؤید نے کہا ہے کہ اس کے بعد علی اکبر علیہ السلام میدانِ جنگ میں پہنچے۔ روضۃ الشہداء۔ ۱۔ ۳۲۰ ۔

بروایت شیخ مفید آپ نے میدان میں ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے :۔

میں علیؑ بن حسینؑ بن علیؑ ہوں بیت اللہ کی قسم ہے کہ ہم نبی پاک کے سب سے زیادہ قریب ہیں

خدا کی قسم ہے ایک بدکار ہم پر حکومت نہیں کر سکتا میں اپنے باپ کی حمایت میں تلوار چلاؤں گا

یہ ضرب ایک ہاشمی قریشی کی ہو گی

ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسین مطبع مصر صفحہ ۴۷ پر، علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۹۳ پر، خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۷۶ پر اور ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۵ اور بحار الانوار مطبع طہران صفحہ ۴۳ پر لکھا ہے کہ حضرت علی اکبر علیہ السلام میدان میں پہنچے تو ہر چند مقابل طلب کیا مگر کسی کو جرأت ضرب و حرب نہ ہوئی جناب علی اکبر علیہ السلام نے تیغ نیام سے کھینچ کر ان اشقیاء کو طعمۂ شمشیر آتش بار کیا جس طرف حملہ کرتے تھے بہت سے ناریوں کو ہلاک کر دیتے تھے اور جس جانب پڑتے تھے کشتوں کے پشتے لگا دیتے تھے یہاں تک کہ بروایت امام زین العابدین علیہ السلام پینتالیس اشقیاء کو واصل جہنم کیا۔ بروایت معتبر دیگر ایک سو بیس بدبخت کافروں کو جہنم روانہ کیا۔ اقتباس جلاء العیون ۔

علامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۱۵ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام نے فوج اشقیاء کے اسّی ملعون واصل جہنم کئے علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابی طالب

Presented by www.ziaraat.com

صفحہ ۵۸۶ پر لکھا ہے کہ آپ نے ستر جفا کاروں کو قتل کیا ابو مخنف نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۱۵۴ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام نے ایک سو اسی آدمیوں کو قتل کیا۔

علّامہ سید ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۲۷ پر لکھا ہے کہ آپ نے اشرار کے ایک کثیر گروہ کو تلوار کے گھاٹ اتارا

علّامہ ابو اسحٰق اسفرائینی نے نور العین صفحہ ۴۵ پہ لکھا ہے کہ حضرت علی اکبرؑ نے فوج اشقیاء میں سے پانچ سو سواروں کو قتل کیا۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی اس کے بعد زخمی جسم کے ساتھ اپنے پدر بزرگوار کی خدمت میں آکر عرض کیا اے پدر بزرگوار شدت پیاس سے جان بلب ہوں اور سنگینی اسلحہ اور گرانی آہن سے مجھے تعب شدید ہے اگر تھوڑا سا پانی ممکن ہو تو اس سے دشمنوں پر تقویت حاصل کروں یہ سن کر حضرت رونے لگے اور فرمایا اے فرزند! محمد مصطفٰی اور علیؑ مرتضٰی پر صدمہ گزرتا ہے کہ تو انہیں ندا کرے اور وہ تجھے جواب نہ دیں اور تو ان سے استغاثہ کرے اور وہ تیری فریاد کو نہ پہنچیں اے میرے نورِ نظر اپنی زبان میرے منہ میں دے دو یہ فرما کر حضرت امام حسینؑ نے علی اکبر علیہ السلام کی زبان کو اپنے منہ میں لے کر چوسا اور اپنی انگوٹھی دیکر فرمایا اسے اپنے منہ میں رکھ لو اور مصروف جہاد ہو جاؤ مجھے امید ہے کہ تم عنقریب اپنے جد پاک کے ہاتھوں سے حوضِ کوثر پر ایسے سیراب ہو گے کہ پھر کبھی پیاسے نہ ہو گے، اس وقت علی اکبر علیہ السلام نے آکر دوبارہ یہ رجز پڑھا اور اشقیاء پہ حملہ کر دیا۔

لڑائی کی حقیقتیں ظاہر ہو گئیں    اور جو اس کے مصداق تھے ظاہر ہو گئے
خدا کی قسم جب تک تلواروں کی بجلیاں    تم کو جھلس نہ دیں گی ہم تم سے جُدا نہ ہوں گے۔

بحار الانوار۔

بروایت ملا حسین اس مرتبہ شہزادے علی اکبر علیہ السلام نے مقابل کو طلب کیا،

Presented by www.ziaraat.com

عمر بن سعد نے طارق بن شیث سے کہا کہ جا کر امام حسینؑ کے فرزند کا کام تمام کر دے تا کہ میں تیرے لئے ابن زیاد سے رقہ اور موصل کی حکومت حاصل کروں طارق نے کہا میں تو فرزند رسول کو شہید کروں گا مگر مجھے خوف ہے کہ تو اس وعدے کو پورا نہ کرے گا عمر سعد نے قسم کھائی کہ میں اس قول سے نہیں پھروں گا اور میری یہ انگوٹھی لیکر اپنے پاس محفوظ رکھ لے اس نے عمر سعد کی انگوٹھی انگلی میں پہن لی اور حکومت رقہ اور موصل کی آرزو میں علی اکبر علیہ السلام سے جنگ کرنے کے لئے روانہ ہوا وہ جنگی ہتھیاروں سے مسلح ہو کر میدان میں آیا اور علی اکبر علیہ السلام پر نیزے کا وار کیا علی اکبر علیہ السلام نے اس کے نیزے کے وار کو رد کرتے ہوئے اس کے سینے پر اس طرح نیزہ مارا کہ دو بالشت نیزے کی نوک اس کی پیٹھ سے باہر نکل آئی اور طارق گھوڑے سے گر پڑا علی اکبر علیہ السلام نے اپنے گھوڑے عقاب کو اس پر چلا دیا یہاں تک کہ اس کے تمام اعضاء گھوڑے کے سموں سے زخمی ہو کر ٹوٹ گئے۔ اس کا لڑکا عمر بن طارق میدان میں آیا اور قتل ہوا اس کا دوسرا لڑکا طلحہ بن طارق اپنے باپ اور بھائی کے غم میں بیقرار ہو کر گھوڑے کو مہمیز لگا کر آگ کے شعلے کی طرح علی اکبر علیہ السلام کے پاس پہنچا اور فوراً اس کے گریبان کو پکڑ کر اپنی طرف کھینچا تا کہ شہزادے کو اپنے گھوڑے سے گرا دے، علی اکبر علیہ السلام نے ہاتھ بڑھا کر اس کو گردن سے پکڑ لیا اور اس طرح پٹخا کہ ریزہ ریزہ ہو کر شکستہ ہو گیا اور اس کو زین سے اٹھا کر زمین پر اس طرح مارا کہ لشکر سے شور و غوغا بلند ہوا قریب تھا کہ وہ شہزادے کے خوف، ہیبت، طاقت اور شوکت سے منتشر ہو جائیں عمر بن سعد ڈر گیا اور مصراع بن غالب سے کہا کہ جا کر اس ہاشمی جوان کو یہاں سے پھیر دے مصراع نے علی اکبر علیہ السلام کے سامنے آ کر اس پر نیزے کا فوراً وار کیا چونکہ علی اکبر علیہ السلام کو شجاعت اور بہادری اپنے باپ دادا سے میراث میں ملی تھی اس لئے اس نے اس طرح نعرہ لگایا کہ تمام فوج نعرے کی ہیبت سے کانپ اٹھی

Presented by www.ziaraat.com

علی اکبر علیہ السلام مصراع کے سامنے آئے اور اپنی تلوار سے اس کے نیزے کو کاٹ ڈالا پھر مصراع نے چاہا کہ تلوار کھینچے مگر علی اکبر علیہ السلام نے خدا تعالیٰ کی تعریف کرتے ہوئے اور نبی پاک پر درود و سلام بھیجتے ہوئے اس کے سر پر اس طرح تلوار ماری کہ زین پر ٹکڑے ہو کر اپنے گھوڑے سے گر پڑا فوج میں شور و غوغا مچ گیا اور ابن سعد نے محکم بن طفیل کو فرزند نوفل کے ساتھ بلایا اور ہر ایک کو ایک ایک ہزار سوار دیکر علی اکبر علیہ السلام سے جنگ کرنے کے لیئے بھیج دیا انہوں نے فوراً علی اکبر علیہ السلام پر حملہ کردیا۔ شہزادہ ایک ہی حملے سے ان دو ہزار سواروں کو پسپا کرتے ہوئے قلب لشکر تک اس بھوکے شیر کی طرح پہنچ گیا جو کہ گلہ میں جا پہنچتا ہے اور قتل و غارت کرتا ہے یہاں تک کہ سپاہیوں میں شور مچ گیا پس واپس آکر اپنے والد کے پاس پیاس کی شکایت کی حضرت امام حسینؑ نے فرمایا کہ میرے پیارے غم نہ کرو کیونکہ فوراً حوضِ کوثر سے سیراب ہو گے علی اکبر علیہ السلام اس خوشخبری سے دلشاد ہو کر واپس میدانِ جنگ میں چلے گئے اور بیک وقت فوج اشقیاء نے دائیں بائیں علی اکبر علیہ السلام پر حملہ کیا اور شہزادہ زخمی ہوئے۔ روضۃ الشہداء ۲۔ ۴۲۱۔

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۷۰ پر لکھا ہے کہ مرہ بن منقذ لعین نے ایک تیر شہزادے کو مارا۔ علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۶ پر لکھا ہے کہ مرہ لعین نے علی اکبر علیہ السلام کی پشت پر نیزہ مارا۔ شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم صفحہ ۱۱۵ پر لکھا ہے کہ مرہ بن منقذ لعین نے ہمشکل پیغمبر کو نیزہ مارا۔ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبیین صفحہ ۱۱۵ پر اور محمد باقر خراسانی نے کبریت احمر صفحہ ۱۸۵ پر لکھا ہے مرہ بن منقذ نے ایک تیر علی اکبر علیہ السلام کے حلق اقدس پر مارا۔ علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۴۴ پر جلاء العیون صفحہ ۴۰۵ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۹۳ پر لکھا ہے کہ مرہ بن منقذ نے علی اکبر علیہ السلام کے سر اقدس پر

Presented by www.ziaraat.com

تلوار ماری - لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۸۱ پر لکھا ہے کہ مرہ بن منقذ نے ایک لوہے کا گرز علی اکبرؑ کے سر اقدس پر لگایا کہ آپ زمین پر گر پڑے اور ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۳۴۲ پر لکھا ہے کہ آخر کار علی اکبر علیہ السلام ابن نمیر کے نیزے کے وار سے اور بعض کہتے ہیں منقذ بن مرہ عبدی کی تلوار کی ضرب سے گھوڑے سے زمین پر گرے۔

بروایت سید علامہ ابن طاؤس علی اکبر علیہ السلام نے گھوڑے سے زمین پر گرتے ہی آواز دی اے بابا جان اس غلام کا حضور کو آخری سلام ہو اے بابا! میرے جدِ امجد بھی میرے پاس تشریف لائے ہیں اور آپ کو سلام کہتے ہیں اور آپ سے فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس آنے میں جلدی کرو۔ مقتل لہوف - ۴۷ -

شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم صفحہ ۱۱۰ پر علامہ طبری نے تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم صفحہ ۲۹۱ پر اور علامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۰۵ پر لکھا ہے کہ مرہ بن منقذ نے سامنے آکر نیزہ مارا وہ گرے دشمنوں نے آپ کو گھیر لیا اور تلواریں مار مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

بروایت شیخ مفید اسی وقت امام حسین علیہ السلام پہنچے اور اپنے فرزند کی یہ حالت دیکھ کر اس کے ساتھ ٹھہر گئے اور فرمانے لگے اے بیٹا! خدا اس قوم جفا کار کو قتل کرے جس نے تجھے شہید کیا افسوس! یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی اور رسول کی ہتک وحرمت پر کس قدر جری ہو گئے اور حضرت کی چشمہائے مبارک سے آنسو بہنے لگے پھر فرمایا اے علی اکبرؑ تمہارے بعد تو دنیا اور زندگانی دنیا پر خاک ہے۔

کتاب الارشاد حصہ دوم : ۱۱۰ -

بروایت علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی پھر امام حسین علیہ السلام نے فوج اشقیاء پر حملہ کیا اور اس کو قتل کرنے کا ارادہ کیا جس نے علی اکبر علیہ السلام کو شہید کیا امام حسین علیہ السلام نے اس کے کندھے پر تلوار کا وار کر کے تلوار کو اس کی پیٹھ سے باہر نکالا،

Presented by www.ziaraat.com

اور فوج اشقیاء پر حملہ کر کے انہیں اپنے فرزند علی اکبرؑ سے دور بھگا دیا اور علی اکبر علیہ السلام کی لاش پر زار و قطار روئے اور فرمایا اے میرے فرزند! تمہارا فراق مجھ پر سخت دشوار گزرتا ہے اور انہیں اٹھا کر باقی شہیدوں کے پاس لے آئے۔ نور العین : ۴۱۔

بروایت طاسینؔ امام حسین علیہ السلام علی اکبر علیہ السلام کو عقاب نامی گھوڑے پر دروازۂ خیمہ تک لے آئے اور علی اکبر علیہ السلام کی والدہ اور آپ کی بہنیں زار زار روتی تھیں اور آپ پر مرثیے پڑھتی تھیں۔ روضۃ الشہداء : ۳۲۴۔

علامہ طبری نے تاریخ طبری صفحہ ۲۹۲ پر علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ پر اور جلاء العیون صفحہ ۴۰۶ پر محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۰۷ پر اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۱۱۰ پر لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے علی اکبر علیہ السلام کی لاش کو اٹھا لانے کا حکم دیا اور فرمایا اے جوانو! اپنے بھائی کی لاش کو اٹھا لاؤ پس حضرت علی اکبر علیہ السلام کی لاش کو اٹھا لائے یہاں تک کہ اس خیمہ کے سامنے اسے رکھ دیا جس کے سامنے جنگ کر رہے تھے۔ ترجمہ اقتباس کتاب الارشاد۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۱۰۴ پر لکھا ہے کہ جس وقت علی اکبر علیہ السلام شہید ہو چکے تو مخدرات نبوت سے صدائے نالہ و شیون و فریاد بلند ہوئی امام حسینؑ علیہ السلام نے ان کو آواز دی کہ خاموش ہو جاؤ رونا تو تمہارے دم کے ساتھ ہے یہ فرما کر خود بھی ٹھنڈے سانس بھرنے لگے۔

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۱ پر لکھا ہے کہ احمد بن سعید نے مجھے یحییٰ سے، اس نے عبید اللہ بن حمزہ سے، اس نے حجاج بن معتمر ہلالی سے اس نے ابی عبیدہ فرزند احمر سے روایت کی ہے کہ یہ اشعار حضرت علی اکبرؑ بن حسینؑ کی شان میں کہے گئے ہیں۔

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ :۔ کسی دیکھنے والی آنکھ نے ننگے پاؤں اور جوتا پہن کر چلنے والوں میں سے کسی کو علی بن حسینؑ کے مثل نہیں دیکھا جب گوشت مہنگا ہونے کے باوجود آپ کے لیئے پکایا جاتا تھا تو آپ اسے کسی کھانے والے سے چھپا کر نہ رکھتے تھے جب آنجناب کے کھانا تیار کرنے کے لیئے آگ روشن کی جاتی تھی تو وہ نہایت اونچے اور سامنے نظر آنے والے ٹیلے پر روشن کی جاتی تھی تاکہ اس آگ کو بھوکے محتاج اور قبیلوں میں سے وہ آدمی جن کے کھانا تیار کرنے کے لیئے اہل وعیال نہ ہوں دیکھ کر آئیں۔ اس سے میری مراد علی اکبر بن لیلیٰ ہیں جو کہ شرافت اور سخاوت کے مالک ہیں اور میری مراد وہ ہیں جو فضیلت اور شرافت والے خاندان کی خاتون کے فرزند ہیں وہ کبھی دنیا کو دین پر ترجیح نہیں دیتے تھے اور کبھی حق کے مقابلے میں باطل کو اختیار نہیں کرتے تھے۔

سبیل سکینہ

# حضرت عبداللہ بن مسلم بن عقیل علیہ السلام کی شہادت

ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسینؑ مطبع صفحہ ۱۴۱ پر علامہ مسعودی نے مروج الذہب مطبع مصر صفحہ ۱۴۵ پر علامہ طبری نے تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم صفحہ ۲۹۲ پر اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۱۱۱ پر لکھا ہے کہ علی اکبر علیہ السلام کے بعد جو ہاشمی جوان یوم عاشور کربلا میں درجۂ شہادت پر فائز ہوئے وہ عبداللہ بن مسلم بن عقیل تھے مگر ابو اسحٰق نے اس کا نام مسلم بن عقیل نقل کیا ہے۔

خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی مطبع تہران صفحہ ۲۷۵ پر علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب مطبع صفحہ پر ملا حسینؑ نے روضۃ الشہدا مطبع طہران صفحہ ۲۹۷ پر لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۲۷ پر علامہ محمد تقی نے

Presented by www.ziaraat.com

ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۰ پر شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اوّل مطبع طہران صفحہ ۲۷۳ پر ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۰ اور بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم مطبع طہران صفحہ ۳۲ پر لکھا ہے کہ جب اہلبیت رسالت اور دونوں جہانوں کے امام کے خویش و اقارب کے سوا اور کوئی باقی نہ رہا تو فرزندان امام حسین علیہ السلام، فرزندان حضرت امیر المومنین، فرزندان امام حسن علیہ السلام فرزندان جعفر بن ابی طالب اور فرزندان عقیل نے جمع ہو کر ایک دوسرے کو الوداع کیا اور عازم جنگ ہوئے ان میں سے پہلے جو لڑنے کے لئے نکلے وہ مسلم بن عقیل بن ابی طالب کے فرزند حضرت عبداللہ تھے۔

شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اول صفحہ ۲۷۳ پر علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۱ پر علامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۰۱ پر اور بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۳۲ پر اور علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ جناب عبداللہ بن مسلم بن عقیل علیہ السلام کی والدہ گرامی جناب رقیہ خاتون بنت علی ابن ابی طالب تھیں اور جناب رقیہ کی والدہ ام ولد تھیں

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۷۶ پر لکھا ہے کہ تاریخ طبری اور مقاتل ابوالفرج میں ہے کہ آنجناب کی والدہ ماجدہ رقیہ بنت امیر المومنین علیہ السلام ہیں بظاہر جناب رقیہ کی کنیت ام کلثوم صغریٰ جناب مسلم بن عقیل علیہ السلام کی زوجہ تھیں۔

بروایت ملا حسینؒ امام حسینؑ کے قریبی رشتہ داروں میں سے جو سب سے پہلے آگے آئے وہ عبداللہ بن مسلم بن عقیل تھے اس نے عرض کیا اے فرزند رسولؐ مجھے اجازت دیں کہ میں ہمت و جرأت کے گھوڑے کو آخرت کے میدان میں چلاؤں اور حضور کا سلام مسلم بن عقیل کو پہنچاؤں امام حسینؑ نے فرمایا: اے بیٹے ابھی تک میں

Presented by www.ziaraat.com

مسلم بن عقیل کے درد فراق سے بے چین ہوں اور ہمیشہ ہیں آپ کے نو عمر بھائیوں کے غم میں مغموم رہا ہوں اور اس وقت مجھے جدائی کی آگ سے نہ جلا اور اپنے والد کے زہر آلود پیالے کے اوپر فراق کا تلخ شربت مجھے نہ پلا تو مسلم بن عقیل کی یادگار ہے تجھے اپنے والد کی جدائی کا غم کافی ہے۔ اپنی والدہ کی حفاظت کرو ابھی کچھ موقع ہے کہ اپنا راستہ لو اس تمام قوم اشقیاء کی نگاہیں مجھ پر لگی ہوئی ہیں اور جب تک مجھے دیکھتے رہیں گے دوسروں کا خیال نہیں کریں گے عبداللہ نے عرض کیا اے فرزند رسول! میں آپ کو اس ذات پاک معبود کی قسم دیتا ہوں جس نے آپ کے نانا کو رسولؐ برحق بنا کر اپنی مخلوق کی طرف بھیجا ہے کہ مجھے میدان جنگ میں جانے کی اجازت عطا فرمائیں اور بدبخت فوج اشقیاء کے ساتھ جنگ کرنے سے مجھے نہ روکیں تاکہ میں بھی حضور کی خدمت میں اپنے باپ کا رتبہ حاصل کروں اور جس طرح پہلے وہ شخص جس نے وفاداری میں اپنی جان قربان کی میرے والد تھے اب اسی طرح آپ کی محبت میں سب رشتہ داروں سے پہلے جو اپنا سر قربان کرے گا وہ میں ہی ہوں گا امام حسینؑ نے اسے اپنی آغوش میں لے لیا اور فرمایا اے میرے شریک غم! اے میرے مونس! اے میرے چچازاد بھائی کی یادگار میری آنکھیں تجھ سے روشن ہیں اور میرا دل تجھ سے شاد تھا آپ کے چلے جانے سے میری خوشی مجھ پر حرام ہو جائیگی دنیا میں ہماری رفاقت ختم ہو جائیگی پس اسے وداع کرتے ہوئے اجازت دے دی حضرت عبداللہ نے رجز پڑھنا شروع کیا۔ روضۃ الشہداء : ۲۹۷ -

بروایت علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی شہزادے نے ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔ آج میں اپنے باپ مسلم بن عقیل اور نبی پاک کے اتباع کرنے والے ان جوانوں سے ملاقات کروں گا جنہوں نے وفات پائی ہے اور ان سرداروں سے ملوں گا جنہوں نے اپنی آرزوں کو پالیا ہے وہ ہمارے سردار رسولِ عربیؐ کی اولاد ہیں۔ نور العین - ۴۱

Presented by www.ziaraat.com

بروایت علّامہ ابن شہرآشوب شہزادے نے رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔
اے قوم اشرار میں چاہتا ہوں کہ آج اپنے پدر بزرگوار مسلم بن عقیل سے ملاقات کروں گا اور ان جوانوں سے جنہوں نے دین پیغمبر پر وفات پائی ہے اور کسی نے سخن دروغ و باطل ان سے نہیں سنا وہ شرافت نسب میں بہترین مرد تھے اور سادات ہاشمی اور صاحبان حسب تھے مناقب - ۸۱ ھ

لوط بن یحییٰ نے بھی مقتل ابی مخنف صفحہ ۷۲ پر حضرت عبداللہ بن مسلم کا رجز نقل کیا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔

وہ بنی ہاشم جو سب کے سب شریف ہیں ہم ہی ہیں ہم ایک بہت بڑے سردار کی اولاد ہیں حسینؑ خدائے عالم و دانا کے رسول کے نواسے اور شیروں کے شیر اور شہسواروں کے شہسوار علی کی نسل ہیں تمہارے مقابلے میں تیز تلوار چلاؤں گا اور خاص طور پر نیزے کے حملے کروں گا خداوند عالم و قادر کے سامنے اسی کے ذریعے سے بروز قیامت کامیابی کی امید رکھتا ہوں۔

بروایت ملا حسینؑ حضرت عبداللہ بن مسلم نے گھوڑے کو میدانِ جنگ میں لاکر مدمقابل کو طلب کیا کبھی تلوار چلانے والے مریخ کی طرح تیز دھار تلوار کے ساتھ حملہ کرتے تھے اور کبھی شہاب ثاقب کی طرح آگ برسانے والے نیزے کے ساتھ حملہ کرتے تھے بالآخر اپنے والد کے انتقام میں اپنے مخالفوں کے جسموں کے اعضاء کو توڑ ڈالا عمر بن سعد نے قدامہ بن اسعد فزاری کی طرف رخ کر کے کہا ۔ اے قدامہ مراسم حرب کو ادا بجالا کر میدان کی طرف نکل اور اس ہاشمی جوان کی طرف بہادری کے ساتھ متوجہ ہو۔ ہو سکتا ہے کہ تم اس ہاشمی جوان کو ہمارے لشکر سے دُور کر دو اور اپنے آپ کو جنگجو بہادروں میں سرفراز کرو قدامہ مکمّل طور پر جنگی ہتھیاروں سے مسلح ہو کر گھوڑے پر سوار ہوا اور گھوڑا دوڑاتا

Presented by www.ziaraat.com

ہوا عمر سعد کی نوازشات پہ ناز کرتے ہوئے عبداللہ بن مسلم کے مقابلے میں آیا۔
حضرت عبداللہ نے اس پر حملہ کیا قدامہ اس جگہ سے اپنے گھوڑے کو لیکر حضرت عبداللہ
کے سامنے سے ہٹ گیا اور جب حضرت عبداللہ اس پر حملہ کرنے تھے تو وہ اس کے
سامنے بھاگ جاتا تھا جس قدر حضرت عبداللہ اس کے پیچھے اپنے گھوڑے
کو دوڑاتے تھے قدامہ تک نہیں پہنچ سکتے تھے کیونکہ حضرت عبداللہ کے گھوڑے
نے نہ پانی پیا تھا اور نہ دور سے خوراک کو دیکھا تھا حضرت عبداللہ گھوڑا
دوڑانے سے تھک چکے تھے اس لئے نیزہ اپنے ہاتھ سے پھینک ڈالا اور
تلوار کو نیام سے نکال لیا اور میدان جنگ کے ایک کونے میں کھڑے ہو گئے
قدامہ نے جب دیکھا کہ حضرت عبداللہ نے نیزہ پھینک دیا ہے تو نہایت خوش
ہو کر اپنا گھوڑا حضرت عبداللہ کی طرف بڑھایا اور آنجناب کے پرخلوص سینہ پر نیزہ مارا
حضرت عبداللہ نے اپنے آپ کو گھوڑے کی زین سے جھکا دیا یہاں تک کہ نیزے کا
وار خطا ہو گیا پھر گھوڑے کی زین پر واپس آ گئے قدامہ نے اپنے گھوڑے کو پھیر
کر چاہا کہ دوسرا حملہ کرے، تو حضرت عبداللہ نے اپنی تلوار اس کے منہ پر اس طرح
ماری کہ اس کی ٹوپی کا آدھا حصہ اُڑ گیا پھر حضرت عبداللہ نے موقع پاکر اس کے
کمربند کو پکڑ کر اس کو گھوڑے کی پیٹھ سے گرا دیا اور فوراً اس کے گھوڑے پر سوار
ہو گئے اور اپنا گھوڑا اپنے غلام کے حوالے کیا پھر اپنا نیزا زمین سے اٹھا کر مدمقابل
کو طلب کیا۔

راوی کہتا ہے جب سلامہ بن قدامہ نے حضرت عبداللہ کی بہادری دیکھی تو عمر بن
سعد سے کہا کہ اے سپہ سالار میں نے بہت سی جنگیں لڑی ہیں اور بہت سے
جنگجو بہادر دیکھے ہیں لیکن دلیری اور بہادری جس اس ہاشمی جوان کا مدمقابل میں نے
کسی کو نہیں دیکھا جب فوج مخالف نے اس جنگ کا مشاہدہ کیا تو سب کے سب

Presented by www.ziaraat.com

حضرت عبداللہ سے ڈر گئے حتیٰ کہ کسی کو یہ طاقت اور جرأت نہ ہوئی کہ اس کے سامنے آئے حضرت عبداللہ کچھ دیر تک ٹھہرے رہے مگر ان کے مقابلے میں کوئی بہادر نہ آیا پیاس سے بے چین ہو کر انہوں نے لشکرِ مخالف کے دائیں حصّہ پر حملہ کر کے اور اسے منتشر کر کے بہت سے جوانوں اور گھوڑوں کو ہلاک کیا ان میں سے قبیلہ حمیر کے ایک حمیری جوان کو جو کہ جنگ نہروان کے لشکر خوارج سے باقی رہ گیا تھا اور اس کے بیٹے کامل بن جمیر کو قتل کر ڈالا اور جب لشکر کے دائیں حصّہ سے فارغ ہوئے تو ان کی تلوار سے خون کے قطرے ٹپک رہے تھے اور لشکر کے درمیانی حصّہ پر حملہ کیا اور تقریباً بیس آدمیوں کو قتل کر دیا اور صالح بن نصیر کو بھی اسی جگہ قتل کیا اور اس جگہ سے لشکرِ مخالف کے بائیں حصّہ کی طرف متوجہ ہوئے بہادری اور شجاعت کے جوہر دکھائے اور عمر سعد کے لشکر کے حبشی پہلوان قدامہ سے مقابلہ کیا اور اس کے شر کو بھی رفع دفع کر دیا۔ روضۃ الشہداء ۸۰ - ۲۹۷ -

بروایت ابی مخنف و علاّمہ ابو اسحٰق حضرت عبداللہ بن مسلم نے فوج اشقیاء کے نوّے ۹۰ سواروں کو واصل جہنم کیا، مگر بروایت ابن شہر آشوب و علاّمہ مجلسی حضرت عبداللہ بن مسلم نے تین حملوں میں اٹھانوّے ۹۸ اشقیاء قتل کئے۔

علاّمہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ ہمیں علی بن محمد مدائنی اور حمید ابن مسلم سے خبر دی گئی ہے کہ عمرو بن صبیح نے حضرت عبداللہ کو شہید کیا اور یہ روایت بھی کی گئی ہے کہ کسی نے ایک تیر حضرت عبداللہ کی طرف آپ نے اپنا ایک ہاتھ اپنی پیشانی پر رکھ لیا تیر ہتھیلی کو چھیدتا ہوا اس کی پیشانی تک جا پہنچا۔

شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۱۱۱ پر لکھا ہے کہ عمر بن سعد کی فوج سے عمرو بن صبیح نے حضرت مسلم بن عقیل کے فرزند حضرت عبداللہ کو تیر مارا حضرت عبداللہ نے

Presented by www.ziaraat.com

اپنا ہاتھ اپنی پیشانی پہ رکھ لیا تاکہ اپنے آپ کو تیر سے بچائے مگر تیر ہاتھ کو چھید تا ہُوا پیشانی تک پہنچ گیا اب یہ اپنے ہاتھ کو ذرا جنبش نہ دے سکتے تھے پھر ایک دوسرے ملعون نے ان کے قلب پر ایک تیر مارا اور انہیں شہید کر دیا۔

بروایت ابی مخنف امام حسینؑ نے جب عبداللہ بن مسلم کو زمین پر دیکھا تو ارشاد فرمایا بارالٰہا آلِ عقیل کے قاتل کو ہلاک فرما اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن پھر ارشاد فرمایا کہ خدا تم کو برکت عطا فرمائے جنت کی طرف بڑھو اور سب مل کر حملہ کرو اس کا مقام جنت ذلت کی جگہ زندگی بسر کرنے سے بہتر ہے۔ ابی مخنف ۹۲۔

بروایت علامہ قزوینی حضرت عبداللہ بن مسلم بن عقیل کی عمر بوقت شہادت سترہ سال تھی۔ ریاض القدس ۲۹۲۔

# حضرت محمد بن مسلم بن عقیل کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ محمد بن مسلم بن عقیل کی والدہ ام ولد تھیں۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۱ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن مسلم کے شہید ہو جانے کے بعد جب محمد بن مسلم بن عقیل نے اپنے بھائی کو خاک و خون میں غلطاں دیکھا تو ایک زخمی شیر کی طرح نکلے اور امام حسینؑ سے نہایت عاجزی اور انکساری سے اجازت لیکر میدانِ کارزار میں آئے اور فوج اشقیاء کے چند بہادر آدمیوں کو نیزہ اور تلوار سے پائمال کر دیا اسی اثنا میں ابوجرہم ازدی اور لقیط بن ایاس جہنی کے ہاتھوں شہید ہُوئے۔ رضوان اللہ علیہ۔ ہو سکتا ہے کہ فرزندان مسلم بن عقیل سے محمد اکبر ہوں۔ علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ ہمیں یہ خبر ابوجعفر محمد بن علی سے دی گئی ہے کہ ابوجرہم ازدی اور لقیط بن

Presented by www.ziaraat.com

ایاس جہنی نے محمد بن مسلم بن عقیل کو شہید کیا۔

# حضرت جعفر بن عقیل بن ابیطالب کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبیین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۳ پر لکھا ہے کہ جناب جعفر بن عقیل کی والدہ گرامی ام الثغر بنت عامر ابن ہصان عامری قبیلہ بنی کلاب سے تھیں اور کہا جاتا ہے کہ حضرت جعفر بن عقیل کی والدہ محترمہ خوصا بنت ثغر تھیں اور اس کا نام عمرو بن عامر بن ہصان بن کعب بن عید بن ابی بکر بن کلاب عامری تھا۔

علامہ طبری نے تاریخ طبری صفحہ ۲۹۲ پر ابومخنف نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۷۳ پر علامہ قندوزی نے ینابیع المودۃ صفحہ ۴۱۲ پر اور شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۱۱۱ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن مسلم کی شہادت کے بعد جو درجہ شہادت پر فائز ہوئے وہ حضرت عون بن عبداللہ بن جعفر طیار تھے۔

مگر خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۳۷۵ پر ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۹ پر ابواسحٰق اسفرائنی نے نورالعین صفحہ ۴۱ پر اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۱۸۵ پر لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسلم بن عقیل کے بعد حضرت جعفر بن عقیل بن ابیطالب منصب شہادت پر فائز ہوئے

مگر علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۱ پر اور ملا محمد باقر مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصّہ دوم صفحہ ۲۲ پر اور جلاء العیون صفحہ ۴۰۱ پر لکھا ہے کہ حضرت جعفر بن عقیل نے حضرت محمد اکبر بن مسلم بن عقیل کے شہید ہو جانے کے بعد جام شہادت نوش کیا۔ العلم عنداللہ۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۹ پر لکھا ہے کہ جب اس کے چچا حضرت جعفر بن عقیل نے اپنے بھتیجے کو دیکھا کہ وہ شہید ہو کر خاک و خون میں ملا ہوا ہے تو

Presented by www.ziaraat.com

زار زار روئے اور امام حسینؑ سے اجازت لیکر میدان قتال کی طرف آئے اور رجز پڑھتے تھے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۱۸۵ پر لکھا ہے کہ ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

میں جوان ابطحی و طالبی ہوں ۔۔۔ ہاشمی ہوں نسل بنی غالب سے

بے شک ذی شرف سادات ہم ہیں ۔۔۔ یہ حسین طیب و طاہر نسل سے پاک و پاکیزہ ہیں

پندرہ اشقیاء کو قتل کیا لیشر بن حوط ہمدانی نے آپ کو شہید کیا۔

مذکورہ واقعات علامہ مجلسی نے بھی بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۴۳ پر نقل کئے جن کا ماخذ علامہ ابن شہر آشوب کی کتاب مناقب آل ابیطالب ہے۔

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۳ پر لکھا ہے کہ یہ بات کہ عروہ بن عبداللہ نے حضرت جعفر بن عقیل بن ابیطالب کو شہید کیا اس روایت میں ہے جو ہمیں ابو جعفر محمد بن علیؑ بن حسینؑ اور حمید بن مسلم سے بیان کی گئی ہے۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۷۶ پر لکھا ہے کہ مقاتل میں مذکور ہے کہ جناب عقیل کی اولاد میں سے تین جوان میدان کربلا میں شہید ہوئے ایک عبداللہ اکبر بن عقیل تھے دوسرے عبداللہ اصغر بن عقیل تھے ان دونوں کی ماں ام ولد تھیں اور تیسرے جعفر بن عقیل تھے یہ تینوں حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے داماد تھے۔

# حضرت عبدالرحمٰن بن عقیل بن ابیطالب کی شہادت

ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۲ پر لکھا ہے کہ حضرت

Presented by www.ziaraat.com

عبدالرحمٰن بن عقیل کی والدہ ماجدہ ام ولد تھیں۔

ملاحسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۹ پر علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۱ پر علامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۳۴ پر اور جلاء العیون صفحہ ۴۰۱ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۱ پر لکھا ہے کہ جعفر بن عقیل درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۲ پر لکھا ہے کہ اب عبدالرحمٰن بن عقیل رجز خوانی کرتے ہوئے نکلے۔

| | |
|---|---|
| میرا مرتبہ پہچانو عقیل میرے باپ ہیں | میں ہاشمی ہوں ہاشمی میرے بھائی ہیں |
| ہم سچ بولنے والے لوگوں کے سردار ہیں | یہ صاحب احترام نسل والے حسینؑ ہیں |

جو سردار جوانان جنت ہیں

سترہ ناریوں کو واصل جہنم کیا آپ کو عثمان بن خالد جہنی نے شہید کیا۔

مذکورہ واقعات علامہ مجلسی نے بھی بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۳۴ پر نقل کئے ہیں جن کا ماخذ مناقب آل ابیطالب ہے۔

شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۱۱ پر لکھا ہے کہ عثمان بن خالد ہمدانی نے عبدالرحمٰن بن عقیل بن ابیطالب پر حملہ کرکے اسے شہید کیا محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۷۶ پر لکھا ہے کہ آنجناب کا قاتل عمر بن خالد بن اسد جہنی لعنۃ اللہ علیہ تھا۔

ملاحسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۹ پر لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عقیل بن ابیطالب کا قاتل عبداللہ بن عروہ تھا۔ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۹۲ پر لکھا ہے کہ یہ بات کہ عثمان خالد بن اسید جہنی اور بشیر بن حوط قابضی نے جناب عبدالرحمٰن بن عقیل کو شہید کیا اس روایت میں ہے جو سلیمان بن ابی راشد نے حمید بن مسلم سے بیان کی ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت عبداللہ بن عقیل بن ابیطالب کی شہادت

علامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۳ پر اور جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۱ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۱ پر لکھا ہے کہ جو عبدالرحمٰن بن عقیل کے بعد شہید ہوئے وہ عبداللہ بن عقیل تھے۔

علامہ مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۱ پہ لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عقیل نے میدانِ جنگ میں آکر کثیر تعداد میں اشقیاء کو قتل کیا اور عثمان بن خالد اور بشیر بن حوط کی تلوار کی ضرب سے مقام شہادت پر پہنچے۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۱ پر لکھا ہے کہ سلیمان بن ابی راشد حمید بن مسلم سے روایت کرتے ہیں کہ وہ عبداللہ اصغر ہیں اور ان کی والدہ ام ولد ہیں۔

# حضرت عبداللہ اکبر بن عقیل بن ابیطالب کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۳ پہ لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ اکبر بن عقیل بن ابیطالب کی والدہ گرامی ام ولد تھیں۔

علامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۳ اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۲ پر لکھا ہے کہ عبداللہ اصغر بن عقیل کے بعد عبداللہ اکبر بن عقیل درجۂ شہادت پہ فائز ہوئے۔

ملا محمد باقر مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۳ پر لکھا ہے کہ بروایت مدائنی عبداللہ اکبر بن عقیل بن ابیطالب میدانِ کارزار میں آئے اور ضربت عثمان بن خالد جہنی اور ایک شخص ہمدانی سے شربت شہادت نوش فرمایا۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۳ پہ لکھا ہے کہ یہ

Presented by www.ziaraat.com

بات کہ عثمان بن خالد بن اسیر جہنی اور ہمدان کے ایک شخص نے جناب عبداللہ اکبر بن عقیل بن ابیطالب کو شہید کیا اس روایت میں ہے جس کو مدائنی نے بیان کیا ہے۔

# حضرت موسیٰ بن عقیل بن ابیطالب کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۴۲ پر لکھا ہے کہ جب حضرت موسیٰ بن عقیل امام حسین علیہ السلام سے اجازت لیکر میدانِ جنگ میں آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے :۔ اے گروہ بدنہاد میں تلوار اور نیزے سے تم پر حملہ کرونگا جن وانسان کے امام نیز نوجوانوں اور عورتوں کو بچاؤں گا اپنے اس فعل سے بنی نوع انسان کے خالق کو خوش کروں گا اس کی ذات پاک اور پاکیزہ ہے اور وہ ملک اور فیصلہ کا مالک ہے۔

اس کے بعد فوج اشقیاء پر حملہ فرما کر برابر آپ مشغولِ جنگ رہے اور ستر آدمیوں کو قتل کر کے خود بھی درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔

# حضرت عون بن عقیل اور حضرت علی بن عقیل کی شہادت

علّامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۲ پر لکھا ہے کہ علامہ سبط ابن جوزی نے اپنی کتاب تذکرہ خواص الامہ فی معرفۃ الائمہ میں حضرت عون کو فرزند عقیل میں شمار کیا ہے اور اس کو بھی شہید کربلا سمجھا ہے اور اس کے علاوہ فاضل مجلسی نے اپنی ہی سند سے علیؑ بن عقیل کو شہدائے کربلا کی فہرست میں لکھا ہے حضرت مسلم کے کوفہ میں شہید ہونے کے علاوہ فرزندان عقیل میں سے سات ہاشمی جوان روزِ عاشورا درجہ شہادت پر فائز ہوئے اور یہ بات سراقۃ الباہلی کے شعر کے ساتھ جو کہ مرثیہ آل علی میں کہا ہے صادق آتی ہے وہ

Presented by www.ziaraat.com

اشعار یہ ہیں اور مسعودی ان اشعار کو مسلم بن قتیبہ مولی بنی ہاشم سے سمجھتا ہے۔
اے آنکھ! بہانے والے آنسو اور فریاد کے ساتھ گریہ کر اور اگر کسی میت کے محاسن بیان کرنا چاہتی ہو تو آلِ رسول کے محاسن بیان کر فرزندان جناب علیؑ میں سے نو اور فرزندانِ عقیل میں سے بھی نو درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔ اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا زاد بھائی کے فرزند حضرت عون پر گریہ کرو کیونکہ جو حادثات آلِ رسول کو در پیش آئے تھے ان میں حضرت عون ان کی امداد کو ترک نہ کرتے تھے۔ اور دشمنوں نے ہم نام نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو آلِ رسول میں موجود تھا تیز دھار تلوار سے غلبہ پا لیا جب تم ادھیڑ عمر والے لوگوں کے محاسن بیان کرو تو آلِ رسول میں سے جو ادھیڑ عمر والے حضرات تھے ان کے محاسن بیان کرو۔

زیاد، اس کا لڑکا اور اس کی بیوی جہاں بھی ہوں خدا تعالیٰ ان پر لعنت کرے۔
علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۵ پر لکھا ہے کہ محمد بن علی بن حمزہ نے بھی عقیل بن عبداللہ بن عقیل بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن عقیل ابن ابیطالب سے روایت کی ہے کہ علی ابن عقیل اور انکی والدہ ام ولد اسی دن شہید ہوئے۔

# حضرت محمد بن ابی سعید بن عقیل کی شہادت

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ جناب محمد بن ابی سعید بن عقیل کی والدہ ام ولد تھیں۔
محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۷۶ پر لکھا ہے کہ کتاب ابصار العین میں ہے اہل السیر نے حمید بن مسلم ازدی سے روایت کرتے ہوئے کہا کہ

Presented by www.ziaraat.com

تحقیق اس نے بیان کیا ہے کہ جب امام حسینؑ گھوڑے سے گرائے گئے تو ایک لڑکا دہشت زدہ ہو کر خیمہ سے برآمد ہوا وہ دائیں اور بائیں طرف دیکھتا تھا پس ایک سوار اس پر حملہ کیا اور اس پر تلوار سے وار کیا میں نے لڑکے کے متعلق پوچھا کہ وہ کون ہے؟ جواب دیا گیا کہ وہ محمد بن ابی سعید ہیں پھر میں نے سوار کے متعلق پوچھا کہ وہ کون ہے؟ جواب دیا گیا کہ وہ لقیط بن ایاس جہنی ہے۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ ہمیں مدائنی نے ابو مخنف سے، اس نے سلیمان بن ابی راشد سے، اس نے حمید بن مسلم سے خبر دی ہے کہ محمد بن ابی سعید، لقیط بن یاسر جہنی کے تیر سے شہید ہوئے۔

# حضرت جعفر بن محمد بن عقیل کی شہادت

دوسرے جعفر بن محمد بن عقیل ہیں جس کو مورخین نے شہدائے کربلاء کی فہرست میں درج کیا ہے ایک روایت کے مطابق یوم حرہ شہید ہوئے۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۴ پر لکھا ہے کہ محمد بن علی بن حمزہ نے ذکر کیا ہے تحقیق بات یہ ہے کہ محمد بن ابی سعید کے ہمراہ جعفر بن محمد بن عقیل بھی شہید کئے گئے تھے اور اس نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ اس نے بعض لوگوں سے یہ بھی سنا ہے کہ جعفر بن محمد بن عقیل یوم حرہ (یہ وہ دن ہے جس میں یزیدی فوج نے کربلا کے واقعہ کے بعد مدینہ منورہ پر حملہ کر کے قتل عام کیا تھا) شہید کئے گئے۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے کہا: میں نے سلسلہ نسب کی کسی کتاب میں محمد بن عقیل کا جعفر نامی کوئی لڑکا نہیں دیکھا ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت احمد بن محمد بن عقیل کی شہادت

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۷۴ پر لکھا ہے کہ احمد بن محمد ہاشمی نے قصد میدان کیا اور ایک رجز ارشاد فرمایا جس کا ترجمہ یہ ہے ۔ آج کے دن میں اپنا حسب اور دین دونوں ایسی تیز تلوار سے جو میرے قبضہ میں ہے ظاہر کروں گا اسی تلوار سے اپنے دین اور اپنے ایسے سردار کی حمایت کروں گا جو پاکیزہ اور حضرت علی علیہ السلام کے فرزند ہیں ۔ رجز ختم کرنے کے بعد حملہ شروع فرما دیا اور اسی آدمیوں کو داخل جہنم فرما کر خود بھی درجۂ شہادت پالیا ۔

مذکورہ واقعات بجنسہٖ محمد تقی نے بھی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۲ پر نقل کئے جن کا ماخذ مقتل ابی مخنف ہے ۔ مولف بسند ابی مخنف عرض کرتا ہے کہ احمد بن محمد ہاشمی نے موسیٰ بن عقیل کے بعد جام شہادت نوش فرمایا ۔

# حضرت محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار بن ابیطالب کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۱۶ پر لکھا ہے کہ حضرت محمد بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب کی والدہ گرامی خوصا بنت حفصہ بن ثقیف بن ربیعہ بن عثمان بن ربیعہ بن عائذ بن ثعلبہ بن حرث بن تیم اللات بن ثعلبہ بن عکابہ بن صعب بن علی بن بکر بن وائل تھیں اور جناب خوصا کی والدہ ہند بنت سالم بن عبداللہ بن مخزوم بن سنان بن مولہ بن عامر بن مالک بن تیم اللات بن ثعلبہ تھی ۔

محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۷۵ پر لکھا ہے کہ کتاب کامل بہائی میں منقول ہے کہ محمد و عون مخدرہ جناب زینب خاتون دختر حضرت امیر علیہ السلام اور فاطمۃ الزہرا کے فرزند ہیں ۔

Presented by www.ziaraat.com

ملاحسینؑ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۲۹۹ پر لکھا ہے کہ جب اولادِ عقیل درجۂ شہادت پہ فائز ہو چکی تو فرزندانِ جعفرِ طیار کی باری آئی اور سب سے پہلے محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے ولایت کی بلندی کے بلند پرواز کرنے والے شہباز مجھے جنگ کی اجازت دیں امام حسین علیہ السلام نے اسے جنگ کی اجازت دے دی اور محمد بن عبداللہ بن جعفر طیار میدان میں آئے اور بروایت علامہ ابن شہر آشوب ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے:

ہم اس ظلم کی شکایت خدا سے کرتے ہیں۔ ایک فعال قوم جاہلوں میں پھنس گئی ہے جنہوں نے معالمِ قرآن کو بدل دیا ہے۔ بحکم تنزیل و تبیان میں تغیر کر دیا ہے اور سرکشی کے ساتھ کفر کو ظاہر کیا۔ انہوں نے دس دشمنوں کو ہلاک کیا۔ عامر نہشل تمیمی نے آپکو شہید کیا۔

علامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۳۴ پر اور علامہ محمد تقی ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۲ پہ مذکورہ واقعات دوبارہ رجز خوانی، جنگ و شہادت جناب محمد بن عبداللہ بجنسہٖ نقل کیے جن کا ماخذ علامہ ابن شہر آشوب کی کتاب مناقب آل ابیطالب ہے۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۲ پر لکھا ہے کہ یہ بات کہ عامر بن نہشل تمیمی نے جناب محمد عبداللہ بن جعفر بن ابیطالب کو شہید کیا اس روایت میں ہے جو سلیمان بن ابی راشد سے کی گئی اور اس نے حمید بن مسلم سے کی ہے۔

# حضرت عون بن عبداللہ بن جعفر بن ابیطالب کی شہادت

علامہ ابوالفرج نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۱ پر لکھا ہے کہ جناب عون بن عبداللہ بن

Presented by www.ziaraat.com

جعفر بن ابیطالب کی والدہ ماجدہ جناب زینب خاتون عقیلہ بنت علی ابن ابیطالب ہیں اور جناب زینب خاتون کی والدہ ماجدہ فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

ملا حسین نے روضۃ الشہداء مطبع طہران صفحہ ۴۰۰ پر لکھا ہے کہ جب حضرت محمد بن عبداللہ بن جعفر بن ابیطالب کے بھائی جو حضرت عون بن عبداللہ تھے اپنے بھائی کو دیکھا کہ شہید ہو گئے ہیں تو فوج اشقیاء کے درمیان تشریف لے آئے اور اپنے بھائی کے قاتل کو اپنے بھائی کی لاش کے سر کی طرف کھڑے ہوئے دیکھا فوراً ایک ہی وار سے اس کا کام تمام کر دیا اور امام حسین علیہ السلام کے پاس آ کر معافی مانگی کہ اے ماموں بزرگوار! میں اپنے بھائی کے فراق کی وجہ سے بے اختیار ہو گیا تھا اس لئے آپ سے اجازت نہ لے سکا اب مہربانی فرما کر مجھے جہاد کی اجازت دیں امام حسین علیہ السلام نے اسے اپنے پاس بلا کر اپنی آغوش میں لے لیا اور وداع فرما کر جنگ کی اجازت دے دی اور حضرت عون بن عبداللہ رجز پڑھتے ہوئے میدان جنگ میں آئے۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۲۸۵ پر لکھا ہے کہ جناب عون بن عبداللہ نے رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اگر تم مجھے نہیں جانتے تو جان لو میں ابن جعفر ہوں جو شہید صدق ہیں اور جنت میں روشن چہرہ ہیں۔ سبز بازوؤں سے جنت میں پرواز کرتے ہیں قیامت میں ہمارے لئے یہ شرف کافی ہے۔ تین سوار اور اٹھارہ پیادے قتل کئے عبداللہ بن قطنہ طائی نے آپ کو شہید کیا۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۱ پر لکھا ہے کہ احمد بن عیسیٰ نے مجھے خبر دی اس نے کہا کہ ہمیں حسین بن نصر نے اپنے والد سے اس نے عمر بن سعد سے اس نے ابی مخنف سے اس نے سلیمان بن ابی راشد سے اس نے حمید بن مسلم سے خبر دی کہ تحقیق عون بن عبداللہ بن جعفر کو عبداللہ بن قطنہ تیہانی نے شہید کیا۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت عبید اللہ (عبد اللہ) بن عبد اللہ بن جعفر طیار بن ابیطالب کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۲ پر لکھا ہے کہ جناب عبید اللہ بن عبد اللہ بن جعفر کی والدہ جناب خوصا بنت حفصہ تھیں۔ یحییٰ بن حسن علوی نے اس حدیث میں بیان کیا جو مجھے احمد بن سعید نے اپنی سند سے بیان کی ہے کہ تحقیق حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ بن جعفر طیار یوم عاشورا حضرت امام حسین علیہ السلام کے ہمراہ شہید ہوئے۔

# حضرت قاسم بن حسن بن علی علیہ السلام کی شہادت

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۳ پر لکھا ہے کہ اب امام حسنؑ کے فرزندوں کی باری آئی واضح ہو کر تاریخ اور سلسلہ نسب کا علم رکھنے والوں نے امام حسنؑ کی اولاد کی تعداد کے بارے میں اختلاف کیا ہے اور ہر ایک نے اپنی اپنی کتابوں میں بعض کا ذکر کیا ہے اور بعض کا ذکر نہیں کیا ہے اور بندہ نے معتبر کتابوں میں جس قدر چھان بین کی ہے اور آنحضرت کے فرزندوں کے نام معلوم کئے ہیں وہ بیس ہیں جن کی تفصیل یہ ہے۔ پہلا زید دوسرا حسن مثنیٰ تیسرا حسین اثرم چوتھا علی اکبر پانچواں علی اصغر چھٹا جعفر ساتواں عبد اللہ آٹھواں عبد اللہ اصغر نواں قاسم دسواں عبد الرحمن گیارھواں احمد بارھواں اسمٰعیل تیرھواں یعقوب۔ ابن جوزی کہتے ہیں اسمٰعیل اور یعقوب جعدہ بنت اشعث بن قیس کندی کے بطن سے تھے اس رائے میں ابن جوزی تنہا ہیں کیونکہ یقیناً جعدہ کا کوئی فرزند نہ تھا چودھواں عقیل پندرھواں محمد اکبر سولھواں محمد اصغر سترھواں حمزہ اٹھارھواں ابوبکر انیسواں عمر بیسواں طلحہ امام حسنؑ کی اولاد میں سے پانچ جوان کربلا میں شہید ہوئے پہلے قاسم بن حسنؑ

Presented by www.ziaraat.com

دوسرے عبداللہ اکبر بن حسنؑ تیسرے عبداللہ اصغر بن حسنؑ چوتھے ابوبکر بن حسنؑ اور پانچویں احمد بن حسنؑ ہیں۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۳۰۰ پر علامہ ابواسحٰق نے نور العین فی مشہد الحسین صفحہ ۴۱ پر اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۳ پر لکھا ہے کہ فرزندان امام حسنؑ میں سے جو سب سے پہلے میدان کربلا میں درجہ شہادت پر فائز ہوئے وہ قاسم بن حسن علیہ السلام تھے۔

آقای محمد ہاشم خراسانی منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۶۷ پر لکھا ہے کہ ان تین سردار زادوں (عبداللہ بن حسن۔ ابوبکر بن حسن۔ قاسم بن حسن) کی والدہ ام ولد تھیں۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۷۹ پر لکھا ہے کہ جناب قاسم بن حسن علیہ السلام بوقت شہادت چودہ سال کے تھے علامہ قزوینی نے ریاض القدس جلد اوّل مطبع طہران۔

صفحہ ۲۹۲ پر جناب قاسم بن حسنؑ کی عمر شہادت کے وقت تیرہ سال لکھی ہے علامہ محمد تقی نے بسند تذکرۃ الآئمہ تاریخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۵ پر لکھا ہے کہ جناب قاسم بن حسنؑ کی عمر دس محرم کو نو سال تھی اور محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۶۷ پر لکھا ہے کہ کتاب کامل بہائی میں منقول ہے کہ جناب قاسم اور جناب عبداللہ حد بلوغ کو نہیں پہنچے تھے۔

علامہ مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۱ پر اور بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۴ پر لکھا ہے کہ بعد ہیں جناب امام حسن علیہ السلام کے فرزند جناب قاسم حسن کا چہرہ مبارک مہتاب کی طرح چمک رہا تھا اور ابھی حد بلوغ کو نہیں پہنچے تھے اپنے چچا بزرگوار کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جہاد کی رخصت طلب کی حضرت سید الشہداء نے حضرت قاسم کو اپنی آغوش مبارک میں لے لیا اور اس

Presented by www.ziaraat.com

قدر روئے کہ قریب تھا کہ روح پرواز کر جائے ہر چند جناب قاسم جہاد کی رخصت طلب کرنے میں سخت کوشش کرتے تھے مگر حضرت اجازت نہ دیتے تھے یہاں تک کہ جناب اپنے چچا بزرگوار کے پاؤں پر گر پڑے اور اس قدر بوسے دئے، روئے اور فریاد کی کہ امام حسینؑ سے اجازت حاصل کر لی۔

علامہ فخر الدین طریح نے منتخب مطبع النجف صفحہ ۳۸۳ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ نے فرمایا بیٹا قاسم! کیا اپنے قدموں سے چل کر موت کی طرف جاتے ہو؟ پھر امام حسینؑ نے قاسم کے گریبان کو چاک کیا اور عمامہ کے دو حصے کر کے چہرے پر ڈال دئے پھر کفن کی طرح لباس پہنایا اور اس کی کمر کے ساتھ تلوار باندھی پھر میدان جنگ کی طرف روانہ کیا۔ بروایت علامہ مجلسی جناب قاسم میدان میں آئے اور اسے اپنے حسن و جمال کے نور سے روشن کر دیا۔ جلاء العیون ۱۔ ۴۰۱۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۲۸۵ پر لکھا ہے کہ جناب قاسم نے میدان میں رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔ میں قاسم نسل علی سے ہوں بیت اللہ کی قسم ہے ہم نبی کے نزدیک اولی ہیں شمر ذی الجوشن ولد الحرام ہے۔

علامہ مجلسی نے بھی بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۳۴ پر جناب قاسم کے رجز کو بھی نقل کیا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اے قوم اشرار! اگر تم میرے حسب و نسب سے ناواقف ہو تو جان لو کہ میں قاسم بن حسنؑ ہوں اور امام حسینؑ مثل اسیروں کے اس گروہ میں اسیر ہیں اس گروہ کو خدا کبھی سیراب نہیں کرے گا۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۴ پر نقل کیا ہے کہ شرح شافیہ میں مرقوم ہے کہ ایک شخص جسے لوگ ہزار آدمیوں کے برابر سمجھتے تھے قاسم بن حسنؑ پر حملہ کرنے کے لئے چلا قاسم بن حسنؑ نے سخت آندھی اور چندھیا نے والی بجلی

Presented by www.ziaraat.com

کی طرح اس پر حملہ کیا اور اسے تلوار سے سختی سے دھکیل کر گھوڑے سے گرا دیا اور اسی وقت چمکنے والے سورج کی طرح جو رات کی تاریکی میں چمکتا ہے اپنے آپ کو فوج اشقیاء کے ازدحام میں پہنچا دیا اور باوجود کمسنی اور چھوٹی عمر کے پینتیس ۳۵ آدمیوں اور دوسری روایت سے ستر سرکشوں کو زندگی کے لباس سے برہنہ کر دیا یعنی قتل کر دیا۔

علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری متوفی ۳۱۰ ھ نے تاریخ الامم والملوک حصہ چہارم مترجمہ حیدر علی صفحہ ۲۹۲ پر بسند حمید بن مسلم ازدی نے لکھا ہے "حمید بن مسلم نے ایک طفل کو دیکھا جیسے چاند کا ٹکڑا، ہاتھ میں تلوار لیئے ہوئے معرکہ کی طرف بڑھا کہتا ہے کہ اس کے گلے میں کرتہ تھا، پاؤں میں پائجامہ اور مجھے خوب یاد ہے کہ ان کی نعلین میں سے بائیں پاؤں کے جوتے کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا ان کو دیکھ کر عمرو بن سعید ازدی مجھ سے کہنے لگا اسے تو واللہ میں قتل کروں گا میں نے کہا سبحان اللہ اس کے قتل کرنے سے تجھے کیا مقصود ہے انصار حسین میں سے یہ لوگ جن کو تم نے گھیر لیا ہے بس ان کا قتل ہونا تجھے کافی ہے اس نے جواب دیا واللہ اسے تو میں ضرور قتل کروں گا یہ کہہ کر اس نے حملہ کیا اور اس کے سر پر تلوار مار کر پلٹا وہ طفل منہ کے بل زمین پر گر پڑا چچا چچا کہہ کر پکارا یہ سن کر امام حسینؑ اس طرح جھپٹ کر آئے جیسے شاہین آتا ہے اور شیر غضبناک کی طرح آپ نے حملہ کیا عمرو کو تلوار ماری اس نے تلوار کو ہاتھ پر روکا۔ ہاتھ اس کا کہنی کے پاس سے جدا ہو گیا وہ چلایا اور وہاں سے ہٹ گیا اہل کوفہ کے سوار دوڑے کہ اس کو امام حسین علیہ السلام کے ہاتھ سے بچا کر لے جائیں گھوڑے اس کی طرف پلٹ پڑے ان کے قدم اٹھ گئے سواروں کو لیئے ہوئے اس کو پامال کرتے ہوئے گزر گئے آخر میں وہ مر گیا۔ غبار فرو ہوا تو دیکھا حسین علیہ السلام اس طفل کے سرہانے کھڑے ہوئے ہیں اور وہ ایڑیاں رگڑ رہا ہے آپ یہ کہہ رہے ہیں خدا انتقام لے ان لوگوں سے جنہوں نے تجھے قتل کیا جن سے قیامت کے دن تیرے

Presented by www.ziaraat.com

جدِ بزرگوار تیرے خون کا دعویٰ کریں گے واللہ یہ امر تیرے چچا پر شاق ہے کہ تو پکارے اور وہ جواب نہ دے سکے جواب دے بھی تو اس سے تجھے کچھ نفع نہ ہو واللہ تیرے چچا کے دشمن بہت ہیں مددگار کم رہ گئے ہیں پھر آپ نے ان کو گود میں اٹھالیا میں نے دیکھا کہ حسین علیہ السلام ان کو سینہ سے لگائے ہوئے تھے دونوں پاؤں ان کے زمین پر گھسٹتے جا رہے تھے میں اپنے دل میں کہہ رہا تھا کہ انہوں نے گود میں کیوں اٹھالیا، دیکھا کہ ان کی لاش کو اپنے فرزند علی اکبر کے پہلو میں اور جو لوگ ان کے خاندان کے گرد اگرد قتل ہوئے تھے ان کی لاشوں میں لٹا دیا میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ طفل کون ہیں معلوم ہوا کہ یہ قاسم بن حسنؑ ہے۔

جناب قاسم بن حسنؑ کی شہادت کے مذکورہ واقعات بسند حمید بن مسلم ازدی، علامہ ابو الفرج اصفہانی متوفی ۳۵۶ھ نے بھی مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۰ پر بجنسہ بلفظہ یہ لفظ نقل کئے ہیں جو یہ ہے حدثنی احمد بن عیسیٰ، قال : حدثنا الحسین بن نصر، قال : حدثنا ابی، قال حدثنا عمر بن سعد، عن ابی مخنف، عن سلیمان بن ابی راشد، عن حمید بن مسلم، قال خرج الینا غلام کان وجہہ شقۃ قمر، فی یدہ السیف، وعلیہ قمیص و ازار و نعلان وقد انقطع شسع احدہما، ما انس انہا الیسریٰ، فقال عمرو بن سعد بن نفیل الازدی : واللہ لاشدن علیہ، فقلت لہ : سبحان اللہ، وما ترید الی ذلک، یکفیک قتلہ ہؤلاء الذین تراہم قد احتوشوہ من کل جانب، قال واللہ لاشدن علیہ فما ولی وجہہ حتیٰ ضرب راس الغلام بالسیف، فوقع الغلام لوجہہ وصاح : یا عماہ۔ قال فواللہ لتجلی الحسین کما یتجلی الصقر، ثم شد شدۃ اللیث اذا غضب فضرب عمرًا بالسیف فاتقاہ بساعدہ فاطنہا من لدن المرفق ثم تنحی عنہ وحملت خیل عمر بن سعد فاستنقذوہ من الحسین ولما حملت الخیل استقبلتہ بصدورہا، وجالت فتوطاتہ فلم یرم حتیٰ مات لعنہ اللہ واخزاہ فلما تجلت الغبرۃ اذا بالحسین علیٰ راس الغلام وہو یفحص برجلیہ وحسین یقول : بعداً لقوم قتلوک،

Presented by www.ziaraat.com

خصمھم فیک یوم القیامۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ ثم قال عز علی عمک ان تدعوہ فلا یجیبک او یجیبک ثم لا تنفعک اجابتہ یوم کثر واترہ وقل ناصرہ ثم احتملہ علی صدرہ وکانی انظر الی رجلی الغلام تخطان فی الارض حتی القاہ مع ابنہ علی بن الحسین فسألت عن غلام، فقالوا: ھو القاسم بن الحسن بن علی ابی طالب صلوات اللہ علیھم اجمعین۔

ترجمہ: احمد بن عیسیٰ نے مجھے خبر دی اس نے کہا ہمیں حسین بن نصر نے خبر دی اس نے کہا ہمیں اپنے والد نے خبر دی اس نے کہا ہمیں عمر بن سعد نے ابی مخنف سے اس نے سلیمان بن ابی راشد سے اس نے حمید بن مسلم سے خبر دی حمید نے کہا: میں نے ایک معصوم لڑکے کو خیام اہلبیت سے برآمد ہو کر اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا اس کا چہرہ چاند کا ٹکڑا تھا اس کے ایک ہاتھ میں تلوار تھی وہ ایک قمیص، تہہ بند اور نعلین پہنے ہوئے تھا مجھے یہ بات نہیں بھولتی کہ اس کے بائیں پاؤں کے جوتے کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا پس عمرو بن سعد بن نفیل ازدی نے کہا قسم بخدا میں اس پر ضرور حملہ کروں گا پس میں نے اس سے کہا سبحان اللہ اس کے قتل کرنے سے تجھے کیا مقصود ہے ان لوگوں کا اس معصوم کو قتل کرنا تیرے لئے کافی ہے جن کو تو دیکھ رہا ہے اور جنہوں نے اسے ہر طرف سے گھیر رکھا ہے عمرو بن سعد بن نفیل نے جواب دیا واللہ اس پر تو میں ضرور حملہ کروں گا پس وہ اپنے ارادے سے باز نہ آیا یہاں تک کہ اس معصوم کے سر پہ تلوار کا وار کیا پس وہ معصوم منہ کے بل زمین پر گر پڑا اور فریاد کی اے چچا بزرگوار۔ حمید نے کہا خدا کی قسم ہے امام حسینؑ شہباز کی طرح پہنچے اور ایک غضبناک شیر کی طرح سخت حملہ کر کے عمرو بن سعد بن نفیل ازدی پہ تلوار کا وار کیا اس نے تلوار کو اپنے بازو پہ روکا اور تلوار نے اس کے بازو کو کہنی سے جدا کر دیا حضرت اس سے ایک طرف ہو گئے اور عمرو بن سعد کی گھوڑ سوار فوج نے اسے امام حسینؑ سے چھڑانے کے لئے حملہ کیا اس حملہ کے دوران گھوڑوں نے اسے اپنے سینوں اور پاؤں سے روند دیا اور وہ فوراً مر گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

اللہ تعالیٰ اس پر لعنت کرے اور اسے ذلیل کرے۔

جب گرد و غبار فرو ہو گیا تو دیکھا کہ امام حسین علیہ السّلام اس معصوم کے سرہانے کھڑے ہوئے ہیں اور وہ معصوم زمین پر ایڑیاں رگڑ رہا ہے اور آپ یہ فرما رہے ہیں وہ لوگ اللہ کی رحمت سے دور ہوں جنہوں نے آپ کو شہید کیا جناب محمد مصطفےٰ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیامت کے دن تیری طرف سے ان دشمنوں کے خلاف دعویدار ہوں گے پھر فرمایا یہ امر تیرے چچا پر شاق ہے کہ تو پکارے اور وہ جواب نہ دے یا اگر جواب دے تو اس سے تجھے کچھ نفع نہ ہو تو دیکھتا ہے کہ آج تیرے چچا کے دشمن کافی جمع ہو گئے ہیں اور مددگار کم رہ گئے ہیں اس کے بعد حضرت امام حسینؑ اس معصوم کو اٹھا کر اس طرح لے چلے کہ اس کا سینہ اپنے سینے سے لگائے ہوئے تھے اور پاؤں اس معصوم کے زمین پر خط دیتے جاتے تھے یہاں تک کہ اس کی لاش کو اپنے فرزند علی بن حسینؑ کی لاش کے ساتھ رکھ دیا میں نے اس معصوم لڑکے کے متعلق پوچھا کہ وہ کون ہے تو لوگوں نے جواب دیا کہ وہ قاسم بن حسن بن علی ابن ابیطالب صلوات اللہ علیہم اجمعین ہیں۔"

جناب قاسم بن حسنؑ کی شہادت کے مذکورہ واقعات بسند حمید بن مسلم ازدی شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصّہ دوم مطبع طہران صفحہ ۱۱۱ پر لفظ بہ لفظ نقل کئے ہیں "قال حمید بن مسلم: فبینا کذلک اذ خرج علینا غلام کان وجہہ شقۃ قمر، فی یدہ سیف وعلیہ قمیص و ازار ونعلان قد انقطع شسع احدہما فقال عمرو بن سعد بن نفیل الازدی: واللّٰہ لاشدن علیہ. فقلت: سبحان اللّٰہ وما ترید بذلک دعہ یکفیکہ ہولاء القوم الذین ما یبقون علی احد منہم. فقال: واللّٰہ لاشدن علیہ فشد علیہ فما ولی حتی ضرب راسہ بالسیف ففلقہ ووقع الغلام لوجہہ فقال: یا عماہ فجلا الحسین علیہ السلام کما یجلی الصقر ثم شد شدۃ لیث اغضب، فضرب عمرو بن سعد بن نفیل بالسیف فاتقاہا بالساعد فقطعہا من لدن المرفق، فصاح صیحۃ سمعہا اہل العسکر ثم تنحی عنہ الحسین علیہ السلام

وحملت حبیل الکوفۃ لتستنقذہ فتوطاتہ بارجلہا حتی مات وانجلت الغبرۃ، فرایت الحسین علیہ السلام قائماً علی راس الغلام وہو یفحص برجلیہ والحسین علیہ یقول: بعداً لقوم قتلوک ومن خصمہم یوم القیامۃ فیک جدک، ثم قال علیہ السلام: عزّ واللہ علی عمک ان تدعوہ فلا یجیبک او یجیبک فلا ینفعک صوت واللہ کثر واترہ وقلّ ناصرہ ثم حملہ علی صدرہ وکانّی انظر الی رجلی الغلام یخطان الارض، فجاء بہ حتی القاہ مع ابنہ علی بن الحسین علیہما السلام والقتلی من اہل بیتہ، فسئلت عنہ فقیل لی: ہو القاسم بن الحسن بن علی بن ابی طالب علیہ السّلام"۔

علامہ سید ہاشم رسولی نے کتاب الارشاد حصّہ دوم صفحہ ۱۱۱ کے حاشیہ پر مرقوم عربی اقتباس کا ترجمہ فارسی میں کیا ہے جو یہ ہے "حمید بن مسلم می گوید، در این گیر و دار بودیم کہ دیدم پسری بسوی ما آمد کہ رویش ہمانند پارہ ماہ بود و در دستش شمشیری بود و پیراہنی بتن داشت و ازار و نعلینی داشت کہ بند یکی از آن دو نعلین پارہ شدہ بود، عمر بن سعد بن نفیل ازدی گفت: بخدا من باین پسر حملہ خواہم کرد گفتم سبحان اللہ تو از این کار چہ بہرہ خواہی برد (واز جان این پسر بیچہ چہ می خواہی) او را بحال خود واگذار این مردم سنگدل کہ ہیچ کس از اینان باقی نگذارند کار او را نیز خواہند ساخت۔ گفت: بخدا من بر او حملہ خواہم کرد پس حملہ کرد و رو برنگردانده بود کہ سر آن پسرک را چنان بشمشیر بزد کہ آن را از ہم شگافت و آن پسر برو بزمین افتادہ، فریاد زد: ای عمو جان! حسینؑ علیہ السّلام مانند باز شکاری لشکر را شگافت، سپس ہمانند شیر خشمناک حملہ افگند شمشیری بعمر بن سعد بن نفیل بزد، عمر شانہ را سپر آن شمشیر کرد، شمشیر دستش را از نزدیک مرفق جدا ساخت، چنان فریادی زد کہ لشکریان شنیدند آنگاہ حسینؑ (ع) از او دور شد سواران کوفہ ہجوم آوردند کہ او را از معرکہ بیرون برند پس بدن نحسش را اسپان لگدکوب کردہ تا بدوزخ شتافت و دیدہ از این جہان بست و گرد و خاک کہ برطرف شد دیدم حسنؑ (ع)،

Presented by www.ziaraat.com

بالای سرآن پسر بچه ایستاده و او پای بر زمین می سائید (وجان میداد) وحسین (ع) می فرمود دور باشند از رحمت خدا آنان که ترا کشتند واز دشمنان اینان در روز قیامت جدت (رسول خدا ص) می باشند سپس فرمود: بخدا بر عمویت دشوار است که تو اورا آواز بخوانی واو پاسخ ندهد یا پاسخ دهد ولی بتو سودی ندهد آوازیکه بخدا ازرساندو تم کارش بسیار و یارا واندک است سپس حسین (ع)، اورا برسینه خود گرفته از خاک برداشت وگویا من می نگرم بپاهای آن پسر که بزمین کشیده می شد پس اورا بیاورد تا در کنار فرزندش علی بن الحسین علیهما السلام وکشته های دیگر از خاندان خود بر زمین نهاد من پرسیدم: این پسر که بود؟ گفتند: او قاسم بن حسن بن علی بن ابیطالب (ع) بود"

ترجمہ: حمید بن مسلم ازدی نے کہا: ہم جنگ کربلا میں موجود تھے کہ اسی اثنا میں ہم نے ایک معصوم بچے کو اپنی طرف آتے ہوئے دیکھا جس کا چہرہ چاند کا ٹکڑا تھا اس کے ہاتھ میں تلوار تھی وہ ایک قمیص اور تہہ بند زیب تن کئے ہوئے تھا اور اس کے پاؤں میں نعلین تھیں ان کی نعلین میں سے ایک پاؤں کے جوتے کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا عمر بن سعد بن نفیل ازدی نے کہا: بخدا میں اس پر ضرور حملہ کروں گا میں نے کہا سبحان اللہ تجھے اس کام سے کیا فائدہ حاصل ہوگا اس کو جانے دے کیونکہ ظالم لوگ جوان میں سے کسی کو زندہ نہیں چھوڑیں گے اسے بھی شہید کردیں گے اس نے جواب دیا: واللہ میں اسے تو ضرور قتل کروں گا پس عمر بن سعد بن نفیل نے اس پر حملہ کیا اور اس ارادے سے باز نہ آیا یہاں تک کہ اس کے سر مبارک پر اس طرح تلوار ماری کہ اسے شگافتہ کردیا اور وہ معصوم منہ کے بل زمین پر گر پڑا اور چچا چچا کہہ کر پکارا امام حسین علیہ السلام اس طرح جھپٹ کر آئے جیسے شاہین آتا ہے اور غضبناک شیر کی طرح آپ نے حملہ کیا عمر بن سعد بن نفیل ازدی کو تلوار ماری اس نے تلوار کے وار کو اپنے ہاتھ پر روکا اور تلوار نے اس کے ہاتھ کو کہنی سے جدا کردیا اس نے ایک چیخ ماری جس کو لشکریوں نے سنا اس وقت امام حسین علیہ السلام اس سے ایک طرف ہوگئے

Presented by www.ziaraat.com

اہل کوفہ کے سواروں نے حملہ کیا تاکہ اس کو چھڑا لائیں مگر گھوڑے اس کی نجس لاش کو روندتے ہوئے گزر گئے یہاں تک کہ وہ مر گیا جب گرد و غبار فرو ہوا تو میں نے امام حسینؑ علیہ السلام کو اس معصوم کے سرہانے کھڑے ہوئے دیکھا اور وہ معصوم ایڑیاں رگڑ رہا تھا اور امام حسینؑ یہ فرما رہے تھے وہ لوگ اللہ کی رحمت سے دور ہوں جنہوں نے آپ کو شہید کیا تیرے جد بزرگوار قیامت کے دن ان کے خلاف دعویٰ کریں گے پھر امام حسین علیہ السلام نے فرمایا واللہ یہ امر تیرے چچا پر دشوار گزرتا ہے کہ تو پکارے اور وہ جواب نہ دے یا جواب دے تو وہ تجھے نفع نہ دے امام حسینؑ نے آواز دی قسم بخدا تیرے چچا کے دشمن کثیر ہیں اور مددگار کم رہ گئے ہیں پھر امام حسینؑ اس معصوم کو اٹھا کر اس طرح لے چلے کہ اس کا سینہ اپنے سینے سے لگائے ہوئے تھے اور اس معصوم کے پاؤں زمین پر خط دیتے جاتے تھے حتیٰ کہ اسے اپنے فرزند علی بن حسین علیہما السلام اور اپنے اہلبیت کے شہداء کی لاشوں کے ساتھ ملا دیا میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ طفل کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ قسم بن حسنؑ علیؑ ابن ابیطالب علیہم السلام ہیں "

مذکورہ واقعات در باب شہادت حضرت قاسم بن حسنؑ بسند حمید بن مسلم ازدی، علامہ طبرسی متوفی ۵۴۸ھ نے اعلام الوریٰ یا علام الہدیٰ مطبع شیراز صفحہ ۱۴۶ پر اور شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اوّل مطبع طہران صفحہ ۲۷۵ پر بعینہٖ لفظ بہ لفظ نقل کئے ہیں مگر جناب قاسم کی پائمالی لاش کی روایت کا اضافہ کیا ہے!

قال حمید: کنت فی عسکر ابن سعد فکنت انظر الی ہذا الغلام علیہ قمیص و ازار و نعلان قد انقطع شسع احدہما ما انسیٰ انہ کان الیسریٰ، فقال عمرو بن سعد الازدی: واللہ لاشدن علیہ، فقلت سبحان اللہ و ما ترید بذالک؟ واللہ لو ضربنی ما بسطت الیہ یدی، یکفیہ ہولاء الذین تراہم قد احتوشوہ قال: واللہ لافعلن فشد علیہ فما ولّی

Presented by www.ziaraat.com

حتی ضرب راسہ بالسیف ووقع الغلام لوجہہ، ونادی : یا عماہ ۔ قال : فجاء الحسین کالصقر المنقض فتخلل الصفوف وشد شدۃ اللیث الحرب فضرب عمراً قاتلہ بالسیف، فاتقاہ بیدہ فاطنہا من المرفق فصاح ثم تنحی عنہ وحملت خیل اہل الکوفۃ لیستنقذوہ عمراً من الحسین، فاستقبلتہ بصدورہا، وجرحتہ بحوافرہا، ووطئتہ حتی مات الغلام فانجلت الغبرۃ فاذا بالحسین قائم علی راس الغلام، وہو یفحص برجلہ، فقال الحسین : یعز واللہ علی عمک ان تدعوہ فلا یجیبک، او یجیبک فلا یعینک، او یعینک فلا یغنی عنک، بعداً لقوم قتلوک ثم احتملہ فکانی انظر الی رجلی الغلام یخطان فی الارض، وقد وضع صدرہ علی صدرہ، فقلت فی نفسی : ما یصنع ؟ فجاء حتی القاہ بین القتلی من اہل بیتہ ۔"

ترجمہ : حمید ابن مسلم کہتا ہے میں لشکر عمر سعد میں تھا دیکھا میں نے اس لڑکے کو کہ لشکر حسین سے جدا ہو کر لشکر عمر سعد کی طرف آیا نور اس کی پیشانی سے درخشاں تھا وہ اس وقت ایک کرتہ اور ازار پہنے تھا اور نعلین اس کے پاؤں میں تھیں مجھے خوب یاد ہے کہ اس معصوم کے بائیں نعل کا تسمہ ٹوٹا ہوا تھا اس وقت عمرو بن سعد ازدی نے کہا: خدا کی قسم ہے میں اس پر ضرور حملہ کروں گا۔ میں نے کہا سبحان اللہ تو کیسا سنگدل ہے آیا تو اس بچے کے قتل کا ارادہ رکھتا ہے بخدا اگر یہ مجھ پر وار کرے تو اس کے روکنے کے لئے اپنا ہاتھ تک نہ بڑھاؤں گا یہ لوگ جو اس کو گھیرے ہوئے ہیں، کافی ہیں اس ملعون نے کہا میں ضرور کروں گا پھر اس نے حضرت قاسم پر حملہ کیا اور اس کام سے باز نہ آیا یہاں تک کہ اس کے سر پر تلوار لگائی کہ وہ معصوم منہ کے بل گرا اور فریاد کی اے چچا۔ حمید نے کہا کہ میں نے دیکھا حسین مانند عقاب آئے اور مثل شیر غضبناک کفار پر حملہ کیا اور جناب قاسم کے قاتل پر ایک تلوار ماری اس شقی نے ہاتھ سامنے رکھ لیا حضرت نے اس کا ہاتھ کہنی سے جدا کیا شقی نے ایک چیخ ماری اور بھاگنے کا ارادہ کیا لشکر کوفہ نے اسے امام حسین سے چھڑانے کے

Presented by www.ziaraat.com

لئے حملہ کیا اس حملے کے دوران گھوڑوں نے اسے اپنے سمبتوں اور سموں سے زخمی کر کے روند دیا یہاں تک وہ نوجوان مرگیا۔ جب گرد و غبار فرو ہوا تو دیکھا کہ امام حسینؑ اس نوجوان کے سرہانے کھڑے ہوئے ہیں اور وہ نوجوان زمین پر ایڑیاں رگڑ رہا ہے پس امام حسین علیہ السلام نے فرمایا، واللہ یہ امر تیرے چچا پر دشوار ہے کہ تو انہیں پکارے اور وہ جواب نہ دے یا اگر جواب دے تو تیری مدد نہ کر سکے یا اگر تیری مدد کرے تو تجھے کوئی فائدہ نہ دے اللہ تعالیٰ اس گروہ اشقیاء کو اپنی رحمت سے دور کرے جنہوں نے تجھے قتل کیا اس کے بعد امام حسینؑ اس معصوم کو اٹھا کر اس طرح لے چلے کہ اس کا سینہ اپنے سینے سے لگائے ہوئے تھے اور پاؤں اس معصوم کے زمین پر خط دیتے جاتے تھے یہاں تک کہ اس کی لاش کو اپنے اہلبیت کی لاشوں میں رکھ دیا ۔"

علامہ محمد تقی نے بھی بسند حمید بن مسلم ازدی جناب قاسم بن حسنؑ کی شہادت کے مذکورہ واقعات بعینہٖ لفظ بہ لفظ باضافہ روایت پائمالی لاش جناب قاسم بن حسنؑ ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۲۸۴ پر نقل کئے جن کا ماخذ علامہ مجلسی کی کتاب بحار الانوار جلد دہم ہے۔

مگر علامہ محمد قزوینی نے ریاض القدس وحدائق الانس جلد دوم مطبع طہران صفحہ ۱۷ پر جناب قاسم بن حسنؑ کی لاش کی پائمالی کی روایت کی بایں الفاظ تردید کی ہے۔ "قرینہ کہ ہمیں مضمونست روایت علامہ مجلسی در بحار وراوی نیز در آن کتاب مستطاب حمید بن مسلم است ومسلّم است کہ مرحوم مجلسی از ارشاد نقل نمودہ وتصرّف در بعضی از عبارات فرمو از جملہ در پامال شدن زیر سم قاسم را فہمیدہ نہ عمرو بن سعید قاتل قاسم را و بر آن تصرف علامہ قزوینی صاحب ریاض اعتراض فرمودہ والحق والانصاف اعتراض بجائی نمودہ فرمو کہ قاتل قاسم پامال سم مراکب شدہ نہ قاسم وضمایر ثلثہ مفعولیہ راجع بقاتل است

Presented by www.ziaraat.com

ورلستنفذوه ودرفاستقبلته ودروطاته راجع بغلام فرموده نه بعمرو حال آنکه
صریح است بقاتل علاوه درعبارت شیخ مفید حتی مات به تنها وارد و مرحوم مجلسی مات
الغلام نوشته ولفظ غلام بعد از مات زیادتی است اگر بگوید کسی شاید سهو کاتب بوده
که الغلام افزوده عرض میشود چنین نیست عمداً مرحوم مجلسی افزوده زیرا که در جلاء
العیون فارسی تصریح می نماید میفرماید که اهل نفاق جمع شدند که آن ملعون قاتل قاسم
را از دست امام آفاق بگیرند جنگ برپا شد و آن ملعون کشته شد و جسد آن معصوم
هم زیر دست پای اسپان مخالف افتاد پایمال شد چون حضرت آنقوم را متفرق ساخت
آمد ببالین پسر برادر عزیز خود دید و هو یفحص برجلیه دست و پامی زند و روح پرفتوحش
عزم آشیانه اعلی علیین دارد اشک حسرت از دیده مبارکش جاری شد فرمود
بخدا قسم برعم تو گرانست که تو او را بیاری خود بطلبی و او نتواند یاری کند الخ ما قال رحمه
الله علیه عرض میکنم اگر حتی مات الغلام صحیح است پس یفحص برجلیه چیست باین معنی که اگر جسد
غلام که عبارت از قاسم باشد زیر سم اسپان پایمال شده وکشته شده دیگر اینکه میفرماید
چون گرد و غبار فرونشست حضرت سر بالین قاسم آمد دید دست و پامی زند و
روحش عزم اعلی علیین دارد چه معنی وارد مات الغلام بعد تفحیص برجلیه معنی
ندارد حاصل آنکه در این عبارت اهل اشارت تاملی فرمایند و عبارت روایت
مرحوم سید در لهوف بروایت شیخ مفید مطابق است نهایت آنکه مرحوم سید عوض حتی
مات حتی هلک میفرماید و این لفظ هلک نیز مشعر است که قاتل بهلاکت پیوسته
زیرا که در اهل دین و ادیان اهل معنی استعمال نمی کنند بعضی از مقتل نویس ها محض تقلید
بدون تحقیق عبارت مرحوم مجلسی را دیدند و توجیه غیر وجیه کردند گفتند چون
بدن قاسم زیر سم مرکبان پایمال شده بود و مفاصل از هم گسیخته شده بود لهذا
چون حضرت کشته قاسم را از زمین برداشت و بسینه چسبانید پاهای قاسم بزمین

Presented by www.ziaraat.com

کشیدہ می شند بحمنہ آنکہ بند بند قاسم از ہم جدا شدہ بود و دیگر این ملاحظہ ندارند کہ قامت با استقامت قاسم در کمال رعنائی و رشاقت بود قبای حضرت امام حسنؑ بہ قدر و قامت قاسم راست آمد و دیگر آنکہ قدرسای امام حسینؑ از داغ ہجران علی اکبر و فراق جوانان دیگر خم شدہ بود کہ چون سینہ قاسم را بہ سینہ چسپانید پاہای آن نو نہال بر زمین کشیدہ میشد علاوہ برین ہا بعضی اہل خبر تصریح دارند کہ قاسم را تا بدر خیمہ ہا آوردہ رمق داشت چنانچہ شیخ فخر الدین در منتخب می فرماید کہ چون حضرت قاسم را بخیمہ بیت الحرب آورد و بہ رمق فتح عینیہ فجعل یکلمہ درمیان خیمہ و چشم خود را باز کرد بصورت عمو و عمو و مادر و سایہ زنان باز کرد دید بعضی ایستادہ اند بعضی نشستہ اند بر احوال او گریہ میکنند۔"

ترجمہ: اسی مضمون کے قریب قریب علامہ مجلسی کی روایت بحارالانوار میں ہے اور اس معتبر کتاب میں راوی بھی حمید بن مسلم ہے اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ مجلسی مرحوم نے یہ روایت کتاب الارشاد سے نقل کی ہے اور اس کی بعض عبارتوں میں تغیر و تبدل کیا ہے منجملہ ان تصرفات میں سے ایک بات یہ ہے کہ علامہ مجلسی نے گھوڑوں کے سموں کے نیچے پامال ہونے والا حضرت قاسم بن حسنؑ کو لکھا ہے نہ کہ عمرو بن سعید کو لیکن علامہ قزوینی، صاحب ریاض نے علامہ مجلسی کے اس تغیر و تصرف پر اعتراض کیا ہے اور حق اور انصاف کی بات یہ ہے کہ ان کا اعتراض صحیح ہے کہ حضرت قاسم کا قاتل گھوڑوں کے سموں کے نیچے پامال ہوا تھا نہ کہ حضرت قاسم بن حسنؑ کیونکہ مفعول کی تینوں ضمیریں قاتل کی طرف پھرتی ہیں اور علامہ مجلسی نے لیستنقذوہ، فاستقبلتہ اور وطاتہ میں ضمیریں جناب قاسم کی طرف پھیری ہیں نہ کہ عمرو بن سعد کی طرف حالانکہ ان کا قاتل کی طرف پھرنا ظاہر ہے اور شیخ مفید کی عبارت میں فقط

Presented by www.ziaraat.com

"حتی مات" کا جملہ ہے اور مجلسی نے "مات الغلام" لکھا ہے لفظ "غلام" کو "مات" کے بعد زیادہ کر دیا ہے اگر علاّمہ مجلسی کی طرف سے کوئی کہے کہ شاید کسی کاتب کی غلطی سے "الغلام" کا لفظ زیادہ ہوا ہو تو اس کے متعلق عرض ہے کہ ایسا نہیں ہے بلکہ مجلسی مرحوم نے اس لفظ کو عمداً زیادہ کیا ہے کیونکہ اپنی کتاب جلاء العیون میں صراحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اہل نفاق جمع ہوئے تاکہ حضرت قاسم کے قاتل ملعون کو حضرت امام حسینؑ کے ہاتھ سے چھڑا لیں جنگ ہوئی اور وہ ملعون قتل کیا گیا اور اس معصوم بچے کا جسم بھی مخالفوں کے گھوڑوں کے سموں کے نیچے پامال ہوگیا جب حضرت امام حسینؑ نے ان مخالفوں کو منتشر اور متفرق کر دیا تو آپ نے عزیز بھائی کے فرزند کے سرہانے دیکھا کہ وہ معصوم دونوں ایڑیاں رگڑ رہا ہے اور ہاتھ پاؤں مار رہا ہے اور اس کی روح پرفتوح اعلیٰ علیین کا قصد کئے ہوئے ہے حسرت کے آنسو آپ کی مبارک آنکھوں سے جاری ہوئے اور فرمایا اللہ کی قسم ہے تیرے چچا پر یہ بات سخت دشوار ہے کہ تو اس کو اپنی مدد کے لئے پکارے اور وہ تیری مدد نہ کر سکے۔ الخ

اب مجلسی کی اس صراحت پر اعتراض کرتا ہوں کہ اگر حتی مات الغلام صحیح ہے تو پھر بعد میں ایڑیاں رگڑنے کا کیا معنی ہے جبکہ جناب قاسم گھوڑوں کے سموں کے نیچے پائمال ہو کر شہید ہو چکے تھے۔

دوسری بات یہ ہے جو آگے فرماتے ہیں کہ جب گرد و غبار بیٹھ گیا تو حضرت امام حسینؑ حضرت قاسم کے سر کے قریب آئے اور دیکھا کہ وہ معصوم ہاتھ پاؤں مار رہا ہے اور اس کی روح اعلیٰ علیین کی طرف جانے کا قصد کئے ہوئے ہے اس کا کیا معنی ہے؟ جناب قاسم کے فوت ہو جانے کے بعد ایڑیاں رگڑنے کا کوئی معنی نہیں ہے خلاصہ یہ ہے کہ اس عبارت میں سمجھ دار لوگ غور و فکر فرمائیں۔

Presented by www.ziaraat.com

سید علامہ ابن طاؤس مرحوم کی کتاب لہوف میں جو روایت منقول ہے وہ شیخ مفید کی روایت کے مطابق ہے فرق صرف اتنا ہے کہ سید مرحوم نے حتیٰ مات کی بجائے حتیٰ ہلک لکھا ہے اور یہ لفظ " ہلک " بھی خبر دیتا ہے کہ حضرت قاسم کا قاتل ہی ہلاکت میں پڑا کیونکہ اہل دین اور اہل ایمان لوگوں کے لئے ہلاکت کا لفظ استعمال نہیں کرتے ہیں۔

بعض واقعہ شہادت کے لکھنے والوں نے سوائے تحقیق کے محض تقلید میں علامہ مجلسی کی عبارت کو دیکھ کر اس کی بے معنی توجیہ کی ہے اور کہا ہے جب حضرت قاسم کا بدن مبارک گھوڑوں کے سموں کے نیچے پائمال ہوا تھا تو حضرت قاسم کے بند بند ایک دوسرے سے جدا ہو گئے تھے اس لئے جب حضرت امام حسینؑ نے حضرت قاسم کی لاش کو زمین سے اٹھا کر اپنے سینے سے لگایا تو جناب قاسم کے پاؤں زمین پر گھسٹتے آتے تھے بوجہ اس کے کہ حضرت قاسم کا بند بند ایک دوسرے سے جدا ہو گیا تھا۔

دوسری بات یہ ہے کہ وہ اس بات کا لحاظ نہیں کرتے کہ حضرت قاسم کی قد و قامت اپنے پورے شباب پر تھی کیونکہ حضرت امام حسنؑ کی قبائے مبارک حضرت قاسم کی قد و قامت پر پوری آتی تھی۔

دوسری بات یہ ہے کہ حضرت امام حسینؑ کی قد و قامت علی اکبر اور دوسرے جوانوں کے ہجر و فراق کے داغ کی وجہ سے ٹیڑھی ہو چکی تھی اس لئے جب حضرت قاسم کے سینے کو اپنے سینے مبارک سے لگایا تو اس نونہال کے پاؤں زمین پر کھنچتے آرہے تھے۔

اس کے علاوہ یہ بات بھی ہے کہ بعض مورخین نے تصریح کی ہے کہ جناب قاسم میں خیمے کے دروازے تک آخری سانس باقی تھی جس طرح شیخ فخر الدین منتخب میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام حسینؑ جناب قاسم کو جنگی خیمہ میں لے آئے ابھی ان میں رمق باقی تھی پس انہوں نے اپنی دونوں آنکھیں کھولیں اور حضرت امام حسین علیہ السلام سے باتیں کرنا شروع کیں اور پھوپھی، والدہ اور تمام مستورات کو دیکھا کہ بعض کھڑی ہوئی ہیں اور بعض بیٹھی

Presented by www.ziaraat.com

ہوتی ہیں اور ان کے حال پر رو رہی ہیں"۔

مولف جامع التواریخ عرض کرتا ہے کہ علامہ عاملی نے لواعج الاشجان میں فرہاد مرزا نے قمقام میں ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء میں لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف میں شیخ عباس قمی نے نفس المہموم میں میرزا ابوالحسن شعرانی نے ترجمہ نفس المہموم میں سلیمان بن ابراہیم نے ینابیع المودہ میں اور علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب میں جناب قاسم بن حسنؑ کی شہادت کے واقعات کے ضمن میں جناب قاسم بن حسنؑ کے جسد اطہر کے پائمال ہونے کا تذکرہ نہیں کیا ہے العلم عند اللہ۔

# حضرت عبداللہ اکبر بن حسن علیہ السّلام کی شہادت

علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۹ پر لکھا ہے کہ جناب عبداللہ اکبر بن حسنؑ کی والدہ ماجدہ سلیل بن عبداللہ کی لڑکی تھیں اور سلیل جریر بن عبداللہ بجلی کے بھائی تھے اور بعض نے کہا ہے کہ عبداللہ اکبر بن حسنؑ کی والدہ ام ولد تھیں۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۵ پر محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ صفحہ ۲۶۶ پر اور علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۳۶ پر اور جلاء العیون صفحہ ۴۰۲ پر لکھا ہے کہ جناب قاسم بن حسنؑ کے شہید ہو جانے کے بعد جناب عبداللہ اکبر بن حسن علیہ السلام میدان جنگ میں آئے اور رجز پڑھا۔

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۸۲ ۵ پر رجز لکھا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے۔

اگر نہیں جانتے تو جان لو میں ابن حسنؑ ہوں سبط محمد مصطفےٰ ہوں یہ حسینؑ قیدیوں کی طرح لوگوں کے درمیان محصور ہیں تمہیں پانی پینا نصیب نہ ہو۔ بروایت علامہ مجلسی اس کے بعد اپنی تیغ آبدار سے چودہ اشقیاء فی النار کئے بعد مقاتلہ بسیار ہانی بن ثبیت حضرمی نے ان کو شہید کیا جس کی وجہ سے اس لعین کا منہ سیاہ ہو گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۹ پر لکھا ہے کہ ہمیں امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت کی گئی ہے وہ فرماتے ہیں حضرت عبداللہ اکبر بن حسنؑ کو حرملہ بن کاہل اسدی نے شہید کیا اور مدائنی نے اپنی سند سے جناب موسٰی سے اس نے حمزہ بن بیض سے اس نے ہانی بن شبیت قابضی سے روایت کی ہے کہ اشقیاء میں سے کسی ایک نامعلوم شخص نے حضرت عبداللہ اکبر بن حسن علیہ السّلام کو شہید کیا۔ العلم عنداللہ۔

# حضرت ابوبکر بن حسن علیہ السّلام کی شہادت

علّامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۶ پر لکھا ہے کہ حضرت ابوبکر بن حسنؑ علیہ السّلام کی والدہ امام حسنؑ کی بیویوں میں سے ام ولد ہیں بعض کی دانست میں اس محترمہ کا نام نفیلہ ہے۔

علّامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۳۶ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد ابوبکر بن حسنؑ معرکہ قتال میں آ کر اعدائے دین سے خوب لڑے یہاں تک موافق اس روایت کے جو مدائنی نے سلیمان بن ابی راشد سے بیان کی ہے عبداللہ بن عقبہ غنوی نے انہیں شہید کیا اور موافق روایت عمرو بن شمر جو امام محمد باقر علیہ السّلام سے منقول ہے عقبہ غنوی کی ضربت سے شہید ہوئے۔

# حضرت احمد بن حسنؑ بن علی علیہ السّلام کی شہادت

لوط بن یحیٰی نے مقتل ابی مخنف صفحہ ۱۰۲ پر لکھا ہے کہ آپ کے بعد آپ کے بھائی حضرت احمد بن حسنؑ بڑھے جو ابھی سولھویں برس میں تھے آپ نے قوم اشقیاء پر حملہ فرما کر رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔

Presented by www.ziaraat.com

میں اس امام کا فرزند ہوں جو فرزند علیؑ ہے جب تک تلوار کند نہ پڑ جائے گی برابر حملے ہی کرتا رہوں گا خانہ خدا کی قسم ہم ہی نبی کی اولاد ہیں میں لشکر کے بیچوں بیچ پہنچ کر تمہاری خبر لوں گا۔

یہ فرما کر قوم پر حملہ کر دیا اور اسّی آدمیوں کو قتل کر کے امام حسینؑ کے پاس واپس تشریف لائے اس وقت پیاس کی وجہ سے آپکی آنکھیں حلقوں میں بیٹھ گئی تھیں خدمت میں پہنچ کر عرض کی اے چچا جان کیا پانی کا ایک گھونٹ مل سکتا ہے جس سے اپنا کلیجہ ٹھنڈا کر لوں اور دشمنان خدا و رسولؐ سے لڑنے کے لئے سہارا لے لوں آپ نے ارشاد فرمایا کہ اے بھائی کے دلبند! تھوڑی دیر اور ٹھہر جاؤ تو اپنے نانا رسولؐ خدا سے جا کر مل جاؤ گے اور وہ تم کو ایسے پانی کے گھونٹ سے سیراب کریں گے جس کے بعد ہرگز پیاس نہیں لگے گی یہ سن کر وہ صاحبزادے لشکر بے دین کی طرف پھر مڑ گئے اور چند اشعار پڑھ کر حملہ فرما دیا جن کا ترجمہ یہ ہے۔

تھوڑی دیر اور صبر کر لو اس لئے کہ یہ آزمائش کا موقع تو پیاس کے بعد ہی ہے۔ (شدت پیاس سے) میری جان نسی نکل جاتی ہے مگر لڑائی سے تو میں اس وقت بھی نہیں ڈرتا جب وہ مبہوت بنا دیتی ہے اور نہ میں مقابلہ سے کبھی کانپتا ہوں۔

یہ فرما کر لشکر پر مکرّر حملہ فرمایا اور پچاس شہسواروں کو قتل کر دیا اس کے بعد آپ نے اشعار پڑھے جن کا ترجمہ یہ ہے۔

پسندیدہ اور منتخب لوگوں کی اولاد کے ورا یہ وار تو سنبھالو جس کی دہشت سے شیر خواروں کا سر بھی سپید پڑ جاتا ہے انشاءاللہ کاٹ کرنے والی تیز تلوار کھا کر کافروں کی تمام ٹولیاں ہلاک ہو جائیں گی۔

ان اشعار کے بعد آپ نے پھر حملہ فرما دیا اور ساٹھ آدمیوں کو قتل کر کے خود بھی مرتبہ شہادت پر فائز ہوئے۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت ابو بکر بن علی بن ابیطالب علیہ السّلام کی شہادت

خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۷۵ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کے بھائیوں میں سے جو شخص سب سے پہلے معرکہ آرا ہوا وہ ابو بکر بن علی تھا اس کا نام عبداللہ تھا۔

علاّمہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۶ پر لکھا ہے کہ آپکا اسم گرامی نامعلوم ہے اور آنجناب کی والدہ گرامی لیلیٰ بنت مسعود بن خالد بن مالک بن ربعی مسلم ابن جندل بن نہشل بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن زید مناۃ بن تمیم تھیں۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء مطبع طہران صفحہ ۳۱۳ پر لکھا ہے کہ ابو بکر بن علی امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے بھائی مجھے جنگ کی اجازت دیں تاکہ ان بے دینوں سے اپنے خویش و اقارب کا انتقام لوں امام حسینؑ نے فرمایا تم ایک ایک ہو کر جا رہے ہو اور مجھے تنہا چھوڑ رہے ہو ابو بکر نے کہا: اے بھائی! مدت سے میری یہ آرزو ہے کہ میں آپکی خدمت میں تحفہ پیش کروں مگر میں نہیں جانتا تھا کہ کونسا تحفہ حضور کی شان کے لائق ہے آج میں دیکھتا ہوں کہ اپنی جان کے سوا آپ کے لائق کوئی اور ہدیہ نہیں ہے میں چاہتا ہوں کہ اسے آپ کے قدموں میں نثار کروں پس امام حسینؑ نے اسے اجازت دے دی اور ابو بکر بن علیؑ میدانِ جنگ میں تشریف لے آئے۔

بروایت علاّمہ ابن شہر آشوب ابو بکر بن علیؑ نے میدانِ جنگ میں ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے:۔

میرے باپ صاحبِ فخر الطول ہیں نسل ہاشم سے نیک اکریم اور صاحب فضل ہیں یہ حسینؑ ابن نبی مرسلؐ ہیں میں چمکدار تلوار سے ان کی حمایت کروں گا اور اپنے عزیز بھائی پر اپنی جان فدا کروں گا۔ مناقب ۴ : ۸۳۔

بروایت علاّمہ محمد تقی ابو بکر بن علی نے سخت جنگ کی روضۃ الاحباب میں منقول ہے

Presented by www.ziaraat.com

کہ اکیس[۲۱] کوفیوں کو واصل جہنم کیا جنگ کرتے رہے یہاں تک کہ خود بھی درجہ شہادت پر فائز ہوئے، آپ کے قاتل کی شناخت کے متعلق بہت سی روایات ہیں کتاب زیارت میں مسطور ہے کہ ہانی ثبیت حضرمی نے آپ کو شہید کیا۔ کتاب عوالم میں آپ کے قاتل کا نام زجر بن بدر نخعی لکھا ہے اور ایک جماعت نے آپ کے قتل کو عبداللہ بن عقبہ غنوی کی طرف منسوب کیا ہے۔

علی بن حسین اموی معروف بابی الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۹۶ پر لکھا ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے روایت کی ہے کہ بتحقیق ایک مرد ہمدانی نے حضرت ابوبکر بن علیؑ کو شہید کیا اور مدائنی نے ذکر کیا ہے کہ آنجناب کو ایک نہر میں شہید پایا گیا اور معلوم نہ ہوسکا کہ کس نے آپ کو شہید کیا۔

# حضرت ابراہیم بن علی علیہ السلام کی شہادت

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۰ پر لکھا ہے کہ محمد بن علی بن حمزہ نے بیان کیا ہے کہ ابراہیم بن علی بن ابیطالب روز عاشورا درجہ شہادت پر فائز ہوئے آپ کی والدہ ام ولد تھیں۔ مگر میں نے اس کے سوا کسی اور سے یہ روایت نہ سنی ہے اور نہ ہی سلسلہ نسب کی کتابوں میں ابراہیم کا ذکر دیکھا ہے۔

# حضرت عمر بن علی علیہ السلام کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۲۰۷ پر لکھا ہے کہ ان کے بعد ان کے بڑے بھائی عمر بن علی میدان کارزار میں آئے اور رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے:۔

اے قوم جفا کار میں تم کو قتل کروں گا اور کہاں ہے قاتل میرے بھائی کا زجر ملعون ؟

Presented by www.ziaraat.com

وہ بدبخت جو رسالت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا منکر اے زجر ! اے زجر ! تو عمر سعد کے پاس کیوں گھس رہا ہے سامنے آ آج میں تجھے اسفل جہنم اور نارِ سقر میں پہنچاؤں اے بدترین مردم تو کافر اور منکر حق ہے ۔ اس کے بعد زجر ملعون پر حملہ کیا اور اسے واصل جہنم کر کے مصروف جہاد ہوئے ، اور اپنی شمشیر آبدار سے اشقیاء کو قتل کرتے تھے اور اس مضمون کا رجز پڑھتے تھے ، اے دشمنانِ خدا شیر خشمناک سے دور ہو جاؤ وہ تم کو شمشیر آبدار سے ٹکڑے ٹکڑے کروا لے گا اور فرار نہ کرے گا اور مانند نامردوں کے میدانِ قتال سے روپوش نہ ہوگا پس بعد مقاتلہ بسیار درجہ شہادت پر فائز ہوئے ۔

خواجہ اعثم کوفی نے حضرت عمر بن علی کی جنگ اور شہادت کے متعلق تاریخ اعثم کوفی مطبع طہران صفحہ ۳۷۵ پر اس طرح لکھا ہے کہ اب اس کا دوسرا بھائی عمر بن علی میدان میں آیا زجر کو جس نے آپ کے بھائی کو شہید کیا تھا مقابلے کے لئے طلب کیا زجر حملہ آور ہوا اور عمر بن علیؑ نے ذرا مہلت نہ دی بکہ تلوار کا ایسا ہاتھ مارا کہ وہ دو ٹکڑے ہو کر زمین پر آ رہا پھر رجز خوانی کرتے ہوئے گھوڑے کو میدانِ جنگ میں کاوے دیتا اور مرد مقابل کو طلب کرتا تھا اور جو شخص مقابلے پر نکلتا اسی کو مار گراتا تھا انجام کار کئی بہادروں کو واصل جہنم کر کے شہید ہو گیا ۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۳۱۴ پر لکھا ہے کہ بعض نے کہا ہے کہ عمر بن علیؑ جنگ کربلا میں موجود نہیں تھے اور یہ قول علماء نسب کے نزدیک صحیح تر ہے لیکن مشہور یہ ہے کہ اس روز درجۂ شہادت پہ فائز ہوئے ۔

مؤلف جامع التواریخ عرض کرتا ہے کہ علامہ علی بن حسینؒ اموی معروف بابی الفرج اصفہانی متوفی بغداد سال ۳۵۶ ھ نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ میں حضرت عمر بن علیؑ کا شہدائے کربلا کی فہرست میں تذکرہ نہیں کیا ہے العلم عند اللہ ۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت عبداللہ بن علیؑ بن ابیطالب علیہ السّلام کی شہادت

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۱ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن علی بن ابیطالب کی مادر گرامی ام البنین بنت حزام بن خالد بن ربیعہ بن وحید بن کعب اور وہ عامر بن کلاب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ تھے اور ام البنین کی والدہ ثمامہ بنت سہیل بن عامر بن مالک بن جعفر بن کلاب تھیں اور ثمامہ کی والدہ عامر بنت طفیل فارس قرزل بن مالک احزام رئیس ہوازن بن جعفر بن کلاب تھی اور عامرہ کی والدہ کبشہ بنت عروۃ الرحال بن عقبہ بن جعفر بن کلاب تھی اور کبشہ کی والدہ ام الخشف بنت ابی معاویہ سوار ہوازن بن عبادہ بن عقیل بن کلاب بن ربیعہ بن عامر بن صعصعہ تھی اور اُمّ الخشف کی والدہ فاطمہ بنت جعفر بن کلاب تھی اور فاطمہ کی والدہ عاتکہ بنت عبد شمس بن عبد مناف بن قصی ابن کلاب تھی اور عاتکہ کی والدہ آمنہ بنت وہب بن عمیر بن نصر بن قعین بن حرث بن ثعلبہ بن دودان بن اسد بن خزیمہ تھی اور آمنہ کی والدہ دختر جحدر بن ضبیعہ اغرّ بن قیس بن ثعلبہ بن عکابہ بن صعب بن علی بن بکر بن وائل بن ربیعہ بن نزار تھی اور جحدر کی دختر کی والدہ دختر مالک بن قیس بن ثعلبہ تھی اور دختر مالک بنت ذی راسین تھی وہ خشیش بن ابی عصم بن سمح بن فزارہ تھے اور اسکی والدہ عمرو بن حرمہ بن عوف بن سعد بن ذبیان بن نفیض بن ریث بن غطفان کی لڑکی تھی۔

احمد بن عیسیٰ نے مجھے خبر دی اس نے کہا: حسین بن نصر نے مجھے خبر دی اس نے کہا: میرے والد نے ہمیں عمر بن سعد سے اس نے ابی مخنف سے اس نے عبداللہ بن عاصم سے اس نے ضحاک مشرقی سے خبر دی اس نے کہا: حضرت عباس بن علی علیہ السلام نے اپنے پدری اور مادری بھائی حضرت عبداللہ بن علیؑ سے فرمایا: آپ مجھ سے پہلے میدان میں جہاد کرنے کے لیے جائیں تاکہ میں آپ کو دیکھوں اور آپ کے

Presented by www.ziaraat.com

لئے اللہ تعالیٰ سے اجر و ثواب کی امید رکھوں کیونکہ بات یہ ہے کہ آپ کی کوئی اولاد نہیں ہے پس حضرت عبداللہ بن علیؑ حضرت عباسؑ کے سامنے اور پہلے میدان میں تشریف لے گئے۔

علّامہ طبرسی نے اعلام الوریٰ مطبع شیراز صفحہ ۱۴۶ پر لکھا ہے کہ جب حضرت عباس بن علیؑ نے دیکھا کہ بنی ہاشم میں سے بہت سے جوان شہید ہو گئے ہیں تو مادری بھائیوں عبداللہ جعفر اور عثمان سے کہا اے میرے ماں جائے بھائیوں آپ مجھ سے پہلے میدانِ جنگ میں جہاد کرنے کے لئے تشریف لے جائیں جہاں تک کہ میں آپ کو دیکھوں کہ آپ نے اللہ اور اس کے رسول کی خیر خواہی کی ہے کیونکہ بات یہ ہے کہ آپ کی کوئی اولاد نہیں ہے عبداللہ آگے بڑھے :۔

علّامہ مجلسی نے بحارالانوار جلد دہم حصّہ دوم مطبع طہران صفحہ ۳۸ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن علیؑ نے معرکہ قتال میں آ کر رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے : اے اشقیاء آگاہ ہو میں اس صاحب فضیلت و شجاعت کا فرزند ہوں جس کا اسم مبارک علیؑ ہے جو صاحب افعال پسندیدہ اور شیر خدا اور شمشیر رسولؐ اور قاتل فجار و کفار تھے ۔ اس کے بعد ایک گروہ اشقیاء کو فی النار کیا آخر کار تیغ ہانی بن ثبیت حضرمی سے درجہ شہادت پر فائز ہوئے۔ علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۸۲ پر لکھا ہے کہ جب عبداللہ بن علیؑ شہید ہوئے تو آپ پچیس سال کے تھے اور آپکے پیچھے آپکی کوئی اولاد نہ تھی۔

# حضرت جعفر بن علی علیہ السّلام کی شہادت

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۳ پر لکھا ہے کہ جناب جعفر بن علیؑ کی والدہ گرامی بھی ام البنین تھیں۔

علّامہ طبرسی نے اعلام الوریٰ مطبع شیراز صفحہ ۱۴۶ پر لکھا ہے کہ حضرت عبداللہ بن علیؑ کے شہید ہو جانے کے بعد حضرت جعفر بن علی علیہ السّلام بڑھے۔

Presented by www.ziaraat.com

علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۲۸۵ پر لکھا ہے کہ حضرت جعفر بن علیؑ میدان میں آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے: میں جعفر ہوں صاحب عز و شرف میں نیک انسان کا بیٹا ہوں جو صاحب جود تھا وہ وصی مصطفےٰ ہے جو صاحب عزت و بزرگی۔ کافی ہے میرا فخر اپنے چچا جعفر اور ماموں پر میں صاحب فضل و کرم حسین کی حمایت کروں گا۔

علّامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصّہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۸ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد قتال اعلائے دین میں مشغول ہوئے یہاں تک کہ خولی اصبحی نے ایک تیر ان کی آنکھ یا شقیقہ مبارک پر مارا جس سے درجۂ شہادت پر فائز ہوئے۔

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۳ پر لکھا ہے کہ ہانی بن ثبیت نے جعفر بن علی پر حملہ کیا اور اسے شہید کیا یہ وہی شخص ہے جس نے اس کے بھائی کو شہید کیا تھا اسی طرح ضحاک نے کہا اور نصر بن مزاحم نے کہا عمرو بن شمر نے مجھے جابر سے اس نے ابی جعفر محمد بن علیؑ سے روایت کی ہے کہ خولی بن یزید اصبحی لعنہ اللہ نے جعفر بن علی کو شہید کیا۔ یحییٰ بن حسن علی بن ابراہیم سے اس سند کے ساتھ جس کو میں نے حضرت عبداللہ بن علیؑ کے حالات میں پیش کیا ہے روایت کی ہے جب جعفر بن علی علیہ السّلام شہید ہوئے تو وہ انیس (۱۹) سال کے تھے۔

# حضرت عثمان بن علی علیہ السّلام کی شہادت

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۳ پر لکھا ہے کہ حضرت عثمان بن علی علیہ السّلام کی والدہ گرامی بھی ام البنین تھیں۔

عثمان بن علی علیہ السّلام نے حضرت علی ابن ابیطالب سے روایت کی ہے کہ اس نے فرمایا: میں نے عثمان کا نام اپنے بھائی عثمان بن مظعون کے نام پر رکھا۔

Presented by www.ziaraat.com

شیخ عباس قمی نے منتہی الامال جلد اوّل مطبع طہران صفحہ ۲۷۷ پر لکھا ہے کہ عثمان بن مظعون حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جلیل القدر اصحاب اور خاص لوگوں میں سے تھے جناب پیغمبرِ خدا آپ کو عزیز رکھتے تھے وہ اس حد تک بزرگ، زاہد اور عابد تھے کہ دن کو روزہ رکھتے تھے اور رات کو عبادت کرتے تھے اس کی قدر و منزلت کی بلندی اس بات سے زیادہ ہے جو بیان کی جاتی ہے ماہ ذوالحج ۲ھ میں وفات فرمائی کہتے ہیں کہ وہ پہلا شخص تھا جو سب سے پہلے جنت البقیع میں دفن کیا گیا اور روایت کی گئی ہے کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے رحلت کر جانے کے بعد اس کو بوسہ دیا اور جب ابراہیم ابن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے رحلت فرمائی تو جناب پیغمبر خدا نے فرمایا آپنے سلف صالح عثمان بن مظعون سے جا مل۔

علاّمہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۸۳ پر علامہ مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ ۲۷ پر اور خواجہ اعثم کوفی نے تاریخ اعثم کوفی صفحہ ۲۷ پر لکھا ہے کہ حضرت عثمان بن علی علیہ السّلام، عمر بن علی علیہ السّلام کے بعد درجۂ شہادت پر فائز ہوئے مگر علاّمہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۸۳ پر اور محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۸۸ پر لکھا ہے کہ حضرت عثمان بن علی علیہ السّلام، جعفر بن علی علیہ السّلام کے بعد شہید ہوئے۔

علاّمہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۸۳ پر لکھا ہے کہ عثمان بن علیؑ میدان میں آئے اور ایک رجز پڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے: میں عثمان صاحب مفاخر ہوں میرے باپ علیؑ بڑے کام کرنے والے اور طاہر ہیں یہ حسینؑ نیکوں کے سردار ہیں اور چھوٹے اور بڑوں کے سربراہ ہیں۔

نبی کے بعد وصی اور ناصر ہیں۔

خولی نے ان کے پہلو پر نیزہ مارا جس سے آپ گھوڑے سے گر پڑے بنی ابان بن

Presented by www.ziaraat.com

حازم کے ایک شخص نے بڑھ کر آپ کا سر کاٹ لیا۔

علاّمہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین صفحہ ۸۳ پر لکھا ہے کہ خولی بن یزید اصبحی نے عثمان بن علی کو ایک تیر مارا اور وہ زمین پر آرہے اور اولاد ابان بن دارم میں سے ایک آدمی نے آپ پر حملہ کیا اور انہیں شہید کر کے ان کا سر مبارک جدا کیا۔

یحیی بن حسن نے علی بن ابراہیم سے اس نے عبیداللہ بن حسن اور عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے انہوں نے کہا کہ جب عثمان بن علی علیہ السلام شہید ہوئے تو وہ اکیس برس کے تھے۔

# حضرت محمد الاصغر بن علی علیہ السلام کی شہادت

علاّمہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸ پر لکھا ہے کہ اس کی والدہ اُمّ ولد تھیں۔ احمد بن عیسٰی نے مجھے خبر دی ہے اس نے کہا: ہمیں حسین بن نصر نے اپنے والد سے، اس نے عمرو بن شمر سے، اس نے جابر سے، اس نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے اور احمد بن شبیہ نے مجھے احمد بن حرث سے اس نے مدائنی سے روایت کی ہے کہ بنی ابان بن دارم کے قبیلہ تمیم کے ایک فرد نے حضرت محمد الاصغر بن علیؑ کو شہید کیا تھا محمد اصغر پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوں اور اس کے قاتل پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

مولف عرض کرتا ہے کہ مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۶ کے حاشیہ پر بسند تاریخ طبری جلد ششم صفحہ ۸۹، پہ لکھا ہے کہ ان کی والدہ ماجدہ کا نام اسماء بنت عمیس خثعمیہ تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت عباس بن علی علیہ السّلام کی شہادت

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۳۰۴ پر لکھا ہے کہ حضرت عباس بن علیؑ اپنے بھائیوں سے بڑے تھے اور حسن و جمال، خوبصورتی، شجاعت، قوت، شوکت تنومندی، بلندی قامت میں اپنے ہمعصروں میں ممتاز تھے۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۶۱ پر لکھا ہے کہ حضرت ابوالفضل کا اسم گرامی عباس ہے۔ آقا کا لقب شریف قمر بنی ہاشم، باب الحوائج اور سقا ہے آنجناب کی کنیت شریف ابوالفضل اور ابالقربہ ہے۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۴ پر لکھا ہے کہ حضرت عباس بن علیؑ کی کنیت ابوالفضل ہے اور آپ کی والدہ بھی ام البنین تھیں یہ ان کی اولاد میں سے بڑے تھے اپنے پدری اور مادری بھائیوں میں سے آپ سب سے آخیر میں شہید ہوئے اس لئے کہ ان کی اولاد تھی اور ان کے دوسرے بھائیوں کی کوئی اولاد نہ تھی اس لئے ان کو پہلے بھیجا پس وہ شہید ہو گئے ان کے وارث حضرت عباس ہوئے پھر حضرت عباس آگے بڑھے اور شہید ہو گئے پس حضرت عباس علیہ السلام اور ان کے بھائیوں کا وارث عبیداللہ ہوا۔ حضرت عباس نہایت حسین و جمیل تھے آپ بڑے گھوڑے پر سوار ہوتے تھے اور ان کے دونوں پاؤں زمین پر خط دیتے تھے اور ان کو قمر بنی ہاشم کہا جاتا تھا یوم عاشورا حضرت حسینؑ بن علیؑ کا علم ان کے ہاتھ میں تھا۔

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۳۰۴ پر لکھا ہے کہ جب حضرت عباس علیہ السلام نے دیکھا کہ اب کوئی بغیر جناب امام حسین علیہ السّلام و فرزندان آنحضرت باقی نہیں رہا اپنے برادر گرامی جناب امام حسین علیہ السّلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی اے برادر بزرگوار مجھے رخصت دیجئے کہ اپنی جان آپ پر قربان کروں اور شہادت

Presented by www.ziaraat.com

ند درجے تک پہنچوں حضرت امام حسینؑ اپنے مہربان بھائی کے سخت تکلیف دینے
لے کلام کے سُننے سے پھوٹ پھوٹ کر رو ئے اور فرمایا : اے برادر نامدار!
میری فوج کے علم کو اٹھانے والے ہو تمہارے جانے سے میرا لشکر بے آس
دجائیگا۔ حضرت عباس نے عرض کیا: اے برادر بزرگوار میرا سینہ بھائیوں اور دوستوں
ے شہید ہو جانے سے ناذک ہو چکا ہے اور میں اپنی زندگی سے مایوس ہو چکا ہوں اب اللہ تعالیٰ کے
ربار میں حاضر ہونے کے لئے آرزو رکھتا ہوں اب دوستوں کی مصیبتوں کو دیکھنے کی
اقت نہیں رکھتا ہوں اس لئے اب چاہتا ہوں کہ آپ اپنے بھائیوں اور رشتہ داروں کے
ون کے انتقام میں مخالفوں کا مغز نکال دوں امام حسینؑ نے فرمایا کہ اگر تم نے آخرت
ے سفر کا ارادہ کر ہی لیا ہے تو مخدرات وطفلان اہلبیت رسالت کے لئے کچھ پانی لے آؤ
یونکہ وہ پیاس سے بے تاب ہو چکے ہیں یہ سُن کر حضرت عباس ان ظالموں اور بے
یاؤں کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا اے بے شرمو اگر تمہارے گمان میں ہم
ناہگار ہیں تو ہماری مستوروں اور ہمارے معصوموں کا کیا قصور ہے ان پر رحم کرو
ور تھوڑا سا پانی دے دو۔ جب حضرت عباس نے دیکھا کہ پند و نصیحت ان کافروں
ا اثر نہیں کرتی ہے تو امام حسینؑ کی خدمت میں واپس آگئے ناگہاں خیام اہلبیت
سے العطش (پیاس) کی صدا بلند ہوئی حضرت عباس بے تاب ہو کر مشک اور
نزہ لیکر اپنے گھوڑے پر سوار ہوئے اور دریائے فرات کے کنارے کی طرف
وانہ ہوئے۔

علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب میں لکھا ہے کہ آپ نے ایک رجز میدان میں
ڑھا جس کا ترجمہ یہ ہے۔ میں موت سے نہیں ڈرتا ہیں دشمنوں کی صفوں میں چھپ
اؤں تو پروا نہیں کرتا میرا نفس برگزیدہ طاہر نفس پر فدا ہو میں عباس ہوں میں
ل حرم کی سقائی کروں گا اور میں جنگ کے دن کی سختی سے نہیں گھبراتا۔

Presented by www.ziaraat.com

علّامہ مجلسی نے جلاء العیون صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ چار ہزار کفار اشرار نے جو دریائے فرات پر متعین تھے حضرت عباس علیہ السّلام کو گھیر لیا اور آنجناب کے بدن اقدس پر تیروں کی بارش برسائی اس شیر بیشۂ شجاعت نے اس بے شمار فوج پر حملہ کیا اور فوج اشقیا میں سے اسّی ناریوں کو قتل کر کے نہر فرات پر جا پہنچے جب ایک چلو پانی لیا کہ پی لیں تو اس وقت امام حسینؑ اور اہلبیت امام حسینؑ کی پیاس یاد آئی اس لئے آپ نے پانی چلو سے پھینک دیا اور مشک بھر کر اپنے کندھے مبارک پر رکھی اور لڑتے ہوئے خیام حرم محترم کی طرف روانہ ہوئے ان بے حیا کافروں نے حضرت عباس کا راستہ روک کر آپ کو چاروں طرف سے گھیر لیا حضرت عباس علیہ السلام فوج اشقیاء سے جنگ کرتے چلے جاتے تھے۔

علّامہ ابن شہر آشوب نے مناقب صفحہ ۵۸۵ پر لکھا ہے کہ آپ نے وہ بے مثل جنگ کی کہ دشمن کے چھکے چھوٹ گئے ہر طرف بھاگے بھاگے پھرتے تھے جب یہ حال دیکھا تو زید بن ورقاء جہنمی ایک درخت کے پیچھے آپ کی گھات میں لگا اور حکیم بن طفیل نے اس کی اعانت کی آپ کے داہنے ہاتھ کو قلم کر دیا آپ نے تلوار بائیں ہاتھ میں لی۔ اور ایک رجز پڑھا اور فوج اشقیاء پر حملہ کر دیا: خدا کی قسم اگرچہ تم نے میرا داہنا ہاتھ قطع کیا لیکن میں برابر حمایت دین کرتا رہوں گا اور اس امام کی مدد کروں گا جو صادق الیقین ہے اور طاہر اور امین نبی کی نسل سے ہے۔

علّامہ مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۴ پر لکھا ہے کہ جہاد بھی کر رہے تھے اور راہ بھی طے کر رہے تھے ناگاہ حکیم بن طفیل لعین نے دوسری ضربت بائیں ہاتھ پر لگائی اور وہ ہاتھ بھی کٹ گیا حضرت نے مشک دانتوں میں پکڑ کر گھوڑا دوڑایا کہ کسی طرح پانی پیاسوں تک پہنچ جائے ناگاہ ایک تیر مشک پر لگا اور پانی زمین پہ بہہ گیا۔

Presented by www.ziaraat.com

بروایت علامہ ابن شہر آشوب آپ نے فرمایا: اے نفس کافروں سے نہ ڈر اور رحمت خدا کی بشارت حاصل کر۔ سید مختار نبی کے ساتھ ہونے کی وجہ سے انہوں نے میرا بایاں ہاتھ بھی قطع کر دیا اے خدا ان کو آتش جہنم میں ڈال مناقب ۵۸۵ بروایت علامہ مجلسی دوسرا تیر سینہ اقدس پر لگا کہ گھوڑے کی زین سے زمین پر تشریف لائے اس وقت آواز دی کہ اے بھائی میری خبر لیجئے اور بروایت دیگر نوفل بن ارزق شامی ملعون نے ایک ایسا گرز سر مبارک پر لگایا کہ حضرت عباس علیہ السلام نے سعادت کے پروں سے جانب ریاض جناں پرواز کیا اور آب کوثر اپنے پدر بزرگوار کے ہاتھ سے نوش کیا جب امام حسینؑ نے اپنے بھائی کی آواز سنی جلد تشریف لائے اور حضرت عباسؑ کا وہ حال دیکھ کر آہ حسرت دل پر درد سے نکالی اور قطرات اشک خونین دیدۂ حق بین سے جاری ہوئے۔ جلاء العیون ۴۰۴

بروایت خواجہ اعثم کوفی آپ نے فرمایا اب میری کمر ٹوٹ گئی ہے اور طاقت میری گھٹ گئی ہے۔ تاریخ اعثم کوفی ۳۷۶۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل الحسین معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۵۷ پر حضرت عباسؑ کی شہادت کے واقعات اس طرح نقل کئے ہیں۔ ابو مخنف رحمتہ اللہ علیہ نے کہا کہ پیاس نے امام حسینؑ اور ان کے اصحاب و اولاد پر غلبہ کیا تو امام حسینؑ نے اپنے بھائی عباس سے فرمایا کہ بھائی اپنے اہلبیت کو جمع کر کے ایک کنواں کھودو انہوں نے تعمیل حکم فرمائی لیکن اس میں پانی برآمد نہیں ہوا پھر حضرت امام حسینؑ نے جناب عباسؑ سے فرمایا کہ اے بھائی دریائے فرات کے کنارے جا کر ایک دفعہ سیراب ہونے کے اندازے کے مطابق پانی لے آؤ آپ نے بسر و چشم فرما کر کچھ آدمی اپنے ساتھ لئے اور روانہ ہو گئے اس وقت یہ لوگ آپ کے دائیں اور بائیں ساتھ تھے یہاں تک کہ بڑھ کر فرات کا کنارہ لے لیا ابن زیاد کے لشکر نے

Presented by www.ziaraat.com

جب ان کو دیکھ کر پوچھا کہ تم کون ہو؟ ان لوگوں نے فرمایا ہم امام حسینؑ کے اصحاب ہیں ان لوگوں نے پوچھا کہ تمہارا یہاں کیا کام ہے؟ اصحاب امام حسینؑ نے فرمایا پیاس نے ہم پر سختی کر رکھی ہے اور امام حسینؑ کی پیاس ہم کو سب سے زیادہ گراں ہے ان لوگوں نے یہ سنتے ہی یک جان ہو کر اصحاب امام حسینؑ پر حملہ کر دیا حضرت عباس اور آپ کے اصحاب نے ان کا مقابلہ کیا اور ایک بہت سخت لڑائی لڑ کر ان کے بہت سے آدمیوں کو مار ڈالا پھر حضرت عباسؑ نے ایک رجز پڑھا: میں ایک ہدایت یافتہ دل لیکر ان لوگوں سے لڑتا ہوں اور نبی احمد کے فرزند سے دشمنوں کو ہٹا رہا ہوں میں تم کو کاٹ کرنے والی تلوار سے اس وقت تک مارتا رہوں گا جب تک کہ تم میرے سردار کے ساتھ لڑائی سے باز نہ آؤ گے۔

میں محبت رکھنے والا عباس ہوں اور علی مرتضیٰ کا فرزند ہوں جس نے خدا کی جانب سے زور پایا تھا۔

ابو مخنف نے کہا پھر حضرت عباسؑ نے اس گروہ پر دھاوا بول دیا اور ان کو دائیں بائیں پراگندہ کر کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر ڈالا اور آپ یہ رجز پڑھ رہے تھے: جس وقت موت بلند ہو کر سروں پر آجائیگی تو میں موت سے نہیں ڈرتا جب تک کہ بوقت جنگ مردہ بن کر تہہ خاک نہ پہنچ جاؤں۔ میں جنگ کے وقت بہت کچھ صبر اور شکر کرنے والا ہوں اور کوئی مصیبت آجائے میں اس سے نہیں گھبراتا بلکہ سروں پر وار لگاتا اور مانگ کی جگہ چاک چاک کرتا ہوں میں ہی وہی عباسؑ ہوں جو بوقت جنگ بہت سخت ہے میری جان پاک و پاکیزہ فرزند رسولؐ کے لئے سپر ہے۔ جب یہ اشعار پڑھ چکے تو قوم پر ٹوٹ پڑے اور مار کر گھاٹ پر سے ہٹا دیا اور مشک لیکر دریا میں اترے اور مشک بھری اپنا ہاتھ پانی پینے کے لیے بڑھایا تو امام حسینؑ کی پیاس یاد آئی فرمانے لگے خدا کی قسم جس حالت میں

Presented by www.ziaraat.com

کہ میرا سردار حسینؑ پیاسا ہو میں ہرگز ہرگز پانی نہیں پیوں گا ہاتھ سے پانی پھینک دیا اور مشک پشت پر رکھ کر یہ پڑھتے ہوئے باہر نکل آئے اے نفس، حسینؑ کے بعد تیرے لئے ذلّت ہے اگر تو رہنا چاہتا ہے تو حسینؑ کے بعد نہ رہنا یہ حسینؑ تو موت کے گھونٹ پئیں اور تو ٹھنڈا صاف پانی پیئے تو یہ میرے مذہب کا شیوہ نہیں ہے اور نہ سچا یقین رکھنے والے کے یہ کام ہوتے ہیں۔

ابو مخنف کہتے ہیں یہ فرما کر آپ گھاٹ سے نمودار ہوئے تو آپ پر ہر سمت سے تیر برسنے لگے لیکن آپ مشکیزہ کاندھے پر رکھے ہوئے برابر جہاد فرما رہے تھے یہاں تک کہ زرہ ساہی کی طرح بن گئی اس وقت آپ پر ابرحمن بن شیبان نے حملہ کیا اور آپ کے دائیں ہاتھ پر وار لگا کر مع تلوار اس کو جدا کر دیا آپ نے بائیں ہاتھ میں تلوار لیکر اس گروہ پر حملہ کر دیا اور یہ فرمانے لگے: خدا کی قسم تم نے میرا دایاں ہاتھ کاٹ دیا تو کاٹ دو جس وقت کہ میں اپنے دین اور سچے یقین والے امام کی جانب سے جہاد کر رہا تھا وہ تو پاکیزہ و پاک اور امین نبی کے فرزند ہیں وہ بہت ہی سچے نبی تھے ہمارے پاس دین لیکر آئے اور یکتا اور امین کی تصدیق کرنے والے تھے۔

ابو مخنف نے کہا: پھر آپ قوم پر ٹوٹ پڑے بہت سے آدمیوں کو مار ڈالا بہت سے گرا دیئے اور مشکیزہ برابر پشت پر لئے رہے ابن سعد نے جب یہ دیکھا تو آواز دی ارے تمہارا بھلا ہو مشکیزہ پر تیروں کی بوچھاڑ کر دو خدا کی قسم اگر حسینؑ نے پانی پی لیا تو اس سرے سے لیکر دوسرے سرے تک سب کو مار ڈالیں گے۔

ابو مخنف نے کہا: ان لوگوں نے حضرت عباسؑ پر ایک سخت حملہ کر دیا اور آپؑ نے بھی ان کے ایک سو اسی شہسوار قتل کر دیئے اسی اثنا میں عبداللہ ابن یزید شیبانی نے آپ کے بائیں ہاتھ پر وار لگایا اور اسے جدا کر دیا آپؑ نے تلوار منہ میں دبا

Presented by www.ziaraat.com

لی اور ان پر حملہ کر دیا اور یہ اشعار پڑھے: اے نفس! کافروں سے مت جھجک اور خدائے جبار کی رحمت سے خوش ہو جو تمام نیکوں کے سردار نبی مصطفیٰ کے ساتھ اور تمام پاک و پاکیزہ نفوس اور سادات کے ساتھ ملے گی انہوں نے اپنی بغاوت سے میرا دایاں ہاتھ قطع کر دیا خدایا ان کو آگ کی تپش سے جلانا۔

ابو مخنف نے کہا: پھر حضرت عباس نے ان پر حملہ کیا خون برابر آپ کے دونوں ہاتھوں سے ٹپک رہا تھا اور ان سب نے بھی مل کر آپ پر حملہ کر دیا۔ حضرت نے ان سے سخت جنگ فرمائی اسی عرصہ میں ان میں سے ایک شخص نے لوہے کا ایک گرز آپ کے سر اقدس پر لگایا جس نے سر شگافتہ کر دیا اور حضرت زمین پر رخسارے کے بل گرے اپنے خون میں تڑپ کر آواز دینے لگے اے ابو عبداللہ (حسینؑ) آپ پر میرا سلام پہنچے امام حسینؑ نے جس وقت عباس کی آواز سنی فرمایا ہائے بھائی! ہائے عباس! ہائے روح رواں دل! پھر آپ نے ان لوگوں پر حملہ فرما کر اپنے بھائی کے پاس سے ہٹا دیا اور اتر کر اپنے گھوڑے کی پشت پر بٹھایا اور خیمہ میں لا کر لٹا دیا اس قدر شدت سے روئے کہ تمام حاضرین کو رلا دیا اور ارشاد فرمایا کہ خدا تم کو جزائے خیر دے خدا کی راہ میں حق جہاد ادا کر دیا۔

علامہ ابو اسحٰق اسفرائینی نے نور العین فی مشہد الحسینؑ مطبع مصر صفحات ۳۵ تا ۳۹ پر حضرت عباس علیہ السّلام کی شہادت کے واقعات اس طرح لکھے ہیں کہ جب پیاس کی شدت جناب امام حسین علیہ السّلام، آپ کے اہلبیتؑ اور آپ کے اصحاب پر سخت ہوئی تو انہوں نے امام حسینؑ کی خدمت میں اس تکلیف کو پیش کیا۔ امام حسینؑ نے اپنے بھائی عباس علیہ السّلام کو اپنے پاس بلایا اور فرمایا کہ اے بھائی! فرات کی طرف جاؤ امید ہے کہ کچھ پانی لے آؤ گے، حضرت عباسؑ نے عرض کیا سمعاً و طاعۃً یعنی جو ارشاد ہے بجا لاتا ہوں حضرت عباسؑ روانہ ہوئے،

Presented by www.ziaraat.com

یہاں تک کہ دریائے فرات پر جا پہنچے لشکر عمر سعد سے لوگ چلائے اور آپ پر بڑے بڑے شجاعوں نے حملہ کیا حضرت عباسؑ اس وقت صبر کو کام میں لائے اور ان سے سخت جنگ کی یہاں تک کہ بڑے بڑے شجاعوں اور بڑے بڑے دلیروں کو قتل کیا یہاں تک کہ وہ سب آپ کے سامنے متفرق ہو کر بھاگ گئے تب حضرت عباسؑ نہر میں اترے اور اپنی مشک بھرنے کا ارادہ کیا پھر فوج امنڈ کر آئی اور آپ پر حملہ کیا آپ نے تلوار سے ان کا مقابلہ کیا تمام فوج شقاوت موج نے دریا کے گھاٹ کو روک لیا اور حضرت عباسؑ، جناب امام حسینؑ اور پانی کے درمیان حائل ہو گئی پس حضرت عباسؑ نے ان پر حملہ کیا اور اپنی زبان پر یہ اشعار جاری فرمائے:

ہم نسل ہاشمی کی تلواریں ہیں جن کی تیز دھاریں تمہارا خون بہانے کے واسطے ہیں۔ اے کمینوں کی اولاد اور اے بکریاں چرانے والوں کے بیٹو! کاش کہ ہمارے جد ہماری مصیبت کو دیکھتے کہ جوان کی ذریت پر اس وقت پڑی ہے۔

اے بہترین برادران! جنہوں نے زمین غافریات میں اپنے نفسوں کو قربان کیا تلواروں کی باڑھوں کے نیچے مرجانا ایک جلیل عظمت ہے جبکہ اس کے بعد بہشت میں جانا ہو۔ دنیا پر اور اس کی لذت پر افسوس نہ کرنا کہ ہمارے جد پاک کے حضور میں سب گناہ بخش دئیے جائیں گے۔

اس رجز کو سن کر لشکر ابن زیاد نے چاروں طرف سے حضرت عباسؑ علیہ السلام پر حملہ کر دیا حضرت عباس نے ان کو اس زور سے للکارا اور ان پر ایسا سخت حملہ کیا کہ ایک ہلچل مچ گئی بڑے بڑے دلیروں کو تہ تیغ کر ڈالا جب مارد ابن صدیق نے حضرت عباسؑ کی یہ حالت دیکھی اور ان کی ایسی شجاعت اور دلیری کا مشاہدہ کیا اور معلوم کیا کہ یہ بڑے بڑے شجاعوں کو تہ تیغ کر چکے ہیں تو اس نے اپنے کپڑے پھاڑ ڈالے اور اپنی فوج کی طرف مخاطب ہو کر بولا وائے ہو تم پر

Presented by www.ziaraat.com

باوجودیکہ تم تعداد میں اتنے ہو کہ اگر ایک ایک مٹھی خاک ہی اس پر پھینک دو تو یہ مرجائے اور پھر بآواز بلند کہا کہ ایہا الناس! جس کے گلے میں یزید کی بیعت ہے اور جو اس کا مطیع ہے وہ اس صف جنگ سے علیحدہ ہو جائے کہ میں اس نوجوان کو جس نے بڑے بڑے شجاعوں کو قتل کیا ہے کافی ہوں شمر ذی الجوشن نے کہا اچھا ہم ہٹے جاتے ہیں اور لڑائی چھوڑ دیتے ہیں اور یزید کے پاس خط بھیج دیتے ہیں کہ تو اور تیرا بھائی ان لوگوں سے لڑیں اور اپنے لشکر سے اس نے اشارہ کیا کہ سب ایک طرف ہو جائیں پس سب ایک طرف ہو گئے اور یہ حضرت عباسؑ کی طرف تنہا چلا۔ اس کے بدن پر زرہ تھی اور اس کے سر پر خود تھا اور سرخ گھوڑے پر سوار تھا اور اس کے ہاتھ میں ایک لمبا نیزہ تھا حضرت عباسؑ نے جب اس کو اپنی طرف آتے دیکھا کہ وہ تنہا آرہا ہے تو آپ اس کی طرف بڑھے اور قریب پہنچ گئے تو وہ چلایا کہ اے نوجوان! اپنی تلوار پھینک دے اور اپنے علوم کو ظاہر کر کیونکہ جو لوگ تجھ سے لڑے وہ تیرے ساتھ نرمی کرتے تھے اور میں ایسا شخص ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے میری خلقت سے رحم نکال دیا ہے اور اس کے عوض انتقام اور عداوت رکھ دی ہے اور میری یہ حقیقت ہے کہ جب اپنے سے بڑے پر حملہ کرتا ہوں تو اس کو حقیر کر دیتا ہوں اب تیری جوانی اور ملاحت کو جو دیکھتا ہوں تو میرا دل نرم ہوتا ہے تو واپس جا اور اپنی جان کو ضائع نہ کر اور عاقل کو اشارہ کافی ہے اگرچہ میں نے تیرے سوا آج تک کسی اور پر کرم اور رحم نہیں کیا ہے اور یہ شعر پڑھنے شروع کئے، نصیحت کی ہے میں نے تجھ کو اگر تو اس کو قبول کرے سبب یہ ہے کہ مجھ کو تیرے باب میں تلواروں سے بہت خوف ہے میرا دل تو کسی پر سوائے تیرے نرم نہیں ہوا ہے لیکن تو میرے اس کلام کو مان لے اور میں اطاعت کی نصیحت کرتا ہوں کہ تو بڑے آرام سے دنیا میں زندگی بسر کرے

Presented by www.ziaraat.com

ورنہ سخت مصیبت کا مزہ تجھے چکھا دوں گا۔ مارد کا کلام سُن کر حضرت عباسؑ نے فرمایا: اے دشمنِ خدا میں دیکھتا ہوں کہ تو نے اچھی بات کہی بجز اس کے کہ تیری محبت کلّا اچھی زمین اور پتھر میں بیج بونے کے مترادف ہے اور یہ امر بعید ہے کہ تیری تدبیر آفتاب پہ حاوی ہو جائے یا تو دریا کو اپنی سختی اور چلانے سے پھاڑ دے اور یہ بات کہ میں تیری فرمانبرداری کروں اور تیرے ہاتھ میں ہاتھ ڈال دوں بہت بعید ہے اور نہایت صعب و شدید ہے اور یہ جو تو نے کہا میں ملیح شکل ہوں اور حداثتِ سن کا بھی ذکر کیا ہے یہ مجھ کو کچھ بھی فریب دینے والی نہیں ہے اس واسطے کہ میں اپنی شرافت نسل اور اپنی ذکاوت عقل کو جانتا ہوں اور جو کچھ تو نے میرے دین اور میری ریاضت نفس کا اور معرفت و شمن وصبر کا تذکرہ کیا ہے سو مردوں کا امتحان بہادروں اور شجاعوں سے مقابلہ کرنے اور تلوار و نیزہ بازی میں اور سواروں کے بھگاتے میں اور قتل کرتے میں اور بلا کے وقت صبر کرنے میں اور نعمت خدا پہ شکر کرنے میں اور اللہ پہ توکل کرنے میں ہوتا ہے بس جس میں یہ اوصاف ہوں وہ ہرگز کسی امر سے نہیں ڈرتا اور اے دشمنِ خدا تو فضائل و خصائل و آداب سے بالکل خالی ہے اے دشمنِ خدا تو میری قرابت کو جو رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہے جان گیا ہے کہ گویا میں اس درخت کی شاخوں میں سے ایک شاخ ہوں اور جو شخص کہ اُس درخت کی ایک شاخ ہو اس کا توکل اللہ پہ ہے وہ کیونکر برائیوں میں داخل ہو سکتا ہے اور تلواروں کے ڈر سے کیونکر کسی کی اطاعت کر سکتا ہے اور جب کہ میرے پدر بزرگوار جناب علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں تو میں اپنے مقام سے کبھی ہٹ سکتا اور کسی لڑنے والے سے نہیں ڈر سکتا اور میں کسی کافر اور غادر سے خوف نہیں کھاتا اور نہ میں کبھی اللہ کے کام سے ناراض ہو سکتا ہوں اور میں اسی شجر کا ایک ورق ہوں اگر تجھ کو یہ خیال

Presented by www.ziaraat.com

ہے کہ میں تیری اطاعت کرلوں گا تو تیرا یہ گمان فضول ہے اور تیری کوشش ضائع ہے میں ایسا شخص نہیں ہوں جو اس زندگی کا افسوس کرے اور اپنے مرنے سے بھاگے اور میں خوب جانتا ہوں کہ جنت اس دُنیا سے کہیں بہتر ہے اور بہت سے چھوٹی عُمر کے لڑکے خدا کے نزدیک شیخ کبیر سے افضل ہیں۔

جب مارد نے اس کلام کو سُنا تو وہ مثل عقاب شکستہ بازو کے حضرت عباسؑ کی طرف جھپٹا اور اس نے گمان کیا تھا کہ حضرت عباسؑ کا قتل کرنا بہت آسان امر ہے حضرت عباسؑ نے اس کو نہ روکا بلکہ اپنی طرف آنے دیا یہاں تک کہ حضرت عباسؑ مارد کی لمبی سنان کے قریب ہو گئے حضرت عباسؑ نے اپنے ہاتھ سے نیزے کو پکڑ کر کھینچ لیا قریب تھا کہ وہ اس کے جھٹکے سے گر پڑے مارد نے نیزے کو ہاتھ سے چھوڑ دیا اور حضرت عباسؑ نے اس کے نیزے کو چھین لیا مارد اس سے بہت شرمندہ ہوا پھر حضرت عباسؑ نے وہی نیزہ اس کو مارا اور فرمایا کہ اے دشمنِ خدا و رسولؐ میں امید کرتا ہوں کہ میں تیرے ہی نیزے سے تجھے ہلاک کروں گا، مارد پر خوف طاری ہو گیا حضرت عباسؑ نے بھی اس کے انتشار کو تاڑ لیا اور وہی نیزہ پھر اس کے گھوڑے کی ساق پر لگا یا گھوڑا الف ہو گیا اور وہ زمین پر گرا اب مارد کو طاقت نہ رہی کہ حضرت عباسؑ سے پیدل لڑے کیونکہ وہ بہت موٹا تھا اس کے پیر بھاری ہو گئے اور صفوف لشکر میں اس واقعہ کو دیکھ کر کھلبلی پڑ گئی اور وہ برہم ہو گئیں شمر نے فوراً مارد کے رسالے کو پکارا کہ اپنے سردار کے پاس دوسرا گھوڑا لے جاؤ اس کا ایک حبشی غلام اس کی طرف فوراً ایک گھوڑا لیکر چلا کہ اس کا نام صارفہ تھا اور گھوڑے کا نام طاویہ تھا اور وہ ایک چالاک گھوڑا تھا کہ ہوا کے برابر جاتا تھا جب مارد کی نگاہ اس گھوڑے پر پڑی تو بہت زور سے ایسا چلایا جیسا کہ اونٹ غل مچاتے ہیں کہ اے غلام بہت جلد طاویہ کو میرے پاس لا قبل اس کے

Presented by www.ziaraat.com

کہ میری موت آجائے غلام گھوڑا لیکر اس کی طرف دوڑا حضرت عباسؑ اُس سے تیز تر ہو کر گھوڑے کی طرف چلے اور شیر کی طرح جھپٹتے ہوئے اُس کے پاس جا پہنچے اور اس غلام کے پاس جا کر اس کی گردن پر نیزہ مارا اور اس کو زمین پر پھینک دیا کہ وہ اپنے خون میں لوٹتا تھا اور اَپنے گھوڑے کو چھوڑ کر طاویہ پر سوار ہو گئے اور تمام صفوف لشکر کو چیر کر اپنے بھائی امام حسینؑ کی خدمت میں جا پہنچے جب مارد نے حضرت عباسؑ کی شجاعت و دلیری کا یہ حال دیکھا کہ وہ اسپ طاویہ کو چھین کر سوار ہو گئے ہیں تو اس کی عقل مختل ہو گئی اب اپنی جہالت اس کو ثابت ہو گئی رنگ زرد ہو گیا ہاتھ پاؤں کانپنے لگے اور پکارا کہ ہائے میرے ہی گھوڑے پر سوار ہو گیا اور اب میرے ہی نیزے سے مجھے مارے گا، افسوس ہے میری اس ننگ و عار پر۔ جب شمر نے اس کا یہ کلام سُنا تو اَپنے گھوڑے کو آگے بڑھایا اور اس کے عقب میں سنان بن انس نخعی، خولی بن یزید اصبحی اور جمیل بن مالک محاربی چلے اور پھر ان کے پیچھے سب لشکر چلا سب نے باگیں اَپنے گھوڑوں کی چھوڑ دیں اور تلواریں برہنہ کر لیں امام حسینؑ نے اَپنے بھائی کو آواز دی کہ اے بھائی! کیا آپ ان دشمنانِ خدا کو دیکھتے ہیں کہ ان لعینوں نے آپ پر حملہ کا ارادہ کیا ہے اور آپ کے پاس آ پہنچے ہیں حضرت عباسؑ نے دیکھا کہ وہ فوج کس قدر تیزی سے پہنچنا چاہتی ہے اس لئے آپ اُن سے زیادہ تیزی سے مارد کے پاس پہنچے اور آپ نے فرمایا کہ اُس چیز کا مزہ چکھ لے جو تجھ کو جہنم میں لے جائے گی اور اس کو ایک ایسی تلوار ماری کہ اس کا ہاتھ کٹ گیا اور اس کے نیزے کو چھین لیا۔

مارد نے کہا یا عباسؑ مجھ کو چھوڑ دو میں آپ کا غلام ہوں حضرت عباسؑ نے فرمایا میں تیرے جیسے غلام کو لیکر کیا کروں گا پھر اس کو ایک ایسا نیزہ مارا کہ اُس کے اس کان سے اُس کان تک پار ہو گیا پس وہ مر گیا پھر لشکر اشقیاء پر حملہ کیا اور صفوں کے درمیان اسپ طاویہ کو چکر دیا جس پر وہ سوار تھے تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ اس حملہ میں ڈھائی سو ۲۵۰

Presented by www.ziaraat.com

سواروں کو قتل کر ڈالا اور اس سے پہلے پانچ سَین کو قتل کر چکے تھے پس وہ صفیں اور فوجیں درہم برہم ہوگئیں اور سب بھاگ گئے امام حسینؑ نے فرمایا بھائی ذرا ٹھہر جاؤ کہ اب میں تمہارے عوض میں لڑوں اور تم آرام لے لو حضرت عباسؑ نے عرض کیا کہ حکم الٰہی سے مفر اور گریز نہیں ہے یہ کہہ کر پھر لڑنے لگے تا اینکہ فوج یزید ان سے دور ہوگئی پھر اپنے بھائی امام حسینؑ کی تلاش میں واپس ہوئے اور شمر پکارا کہ یا ابن علیؑ ارو کے طاویہ کو تم نے واپس لے لیا اے عباسؑ! یہ وہی گھوڑا ہے جو تمہارے بھائی امام حسنؑ سے مدائن میں چھین لیا گیا تھا یہ سن کر حضرت عباسؑ اپنے بھائی امام حسینؑ کے پاس اسی گھوڑے پر سوار ہو کر پہنچے تو شمر کے کلام کو نقل کیا آپ نے فرمایا کہ ہاں یہ وہی طاویہ ہے جو ملک رے کے حاکم کا گھوڑا تھا جس کو تمہارے پدر بزرگوار نے تمہارے بڑے بھائی کو دیا تھا اور یہی گھوڑا ان کے زمانہ میں مخالفین نے قیام مدائن کے وقت چھین لیا تھا جب وہ گھوڑا جناب امام حسینؑ کے قریب آیا تو وہ اپنے سر کو حضرت امام حسینؑ کے کپڑوں سے ملتا تھا اور ایسی محبت ظاہر کرتا تھا گویا وہ گھوڑا ایک دن کے لئے بھی حضرت سے جدا نہ ہوا تھا پھر امام حسینؑ نے حضرت عباسؑ سے فرمایا کہ اب خیمہ میں آخری بار وداع کے لئے ہوتے جاؤ اور مخدرات نبوّت کو یوں وداع کر لو کہ گویا پھر واپس نہ آؤ گے اس وقت حضرت عباسؑ کی زوجہ مطہرہ اور آپ کے دو صغیر سن بچے آپ سے لپٹ گئے اور انہوں نے عرض کی کہ ہم پیاس کے مارے بے تاب ہیں حضرت عباسؑ نے ان سے کہا کہ مجھ کو چھوڑ دو اسی عرصہ میں حضرت عباس کو اپنے بھائی امام حسینؑ کی آواز سنائی دی کہ وہ فرماتے ہیں کہ اے بھائی میری خبر لو حضرت عباسؑ خیمہ سے نکلے تو دیکھا کہ ان کے برادر عالی مقدار بنفس نفیس مخالفین سے لڑ رہے ہیں اور فوج ابن زیاد نے ان کو گھیر لیا ہے اور آپ ان کو اپنے پاس سے دفع کر رہے ہیں اس وقت بھی آپ نے دو سو اسی (۲۸۰) آدمیوں کو قتل کیا پھر حضرت عباسؑ نے ان پر حملہ کیا اور فوج اشقیاء کو اپنے بھائی کے گرد سے ہٹا دیا اور

Presented by www.ziaraat.com

فرمایا کہ اے دشمنانِ خدا و رسولؐ! اگر ہمارے ساتھ تم میں سے آدھے آدمی بھی ہوتے تو ہم تم سب کو قتل کر ڈالتے جب حضرت عباسؑ لڑ رہے تھے ایک شخص زرارہ بن محارب کمین گاہ میں آ بیٹھا حضرت عباسؑ اس کی طرف ہو کر گزرے تو وہ نکلا اور اس نے آپ کے دائیں ہاتھ پر تلوار ماری اور آپ کے ہاتھ کو مثل قلم کے اڑا دیا حالانکہ اس حملے میں حضرت عباس چار سو پچاس لعینوں کو قتل کر چکے تھے آپؑ نے دست چپ میں تلوار لے لی اور اپنا رُخ اپنے برادر عالی قدر امام حسینؑ کی طرف کیا اور یہ اشعار پڑھنے شروع کئے خدا کی قسم اگرچہ تم نے میرا دایاں ہاتھ قطع کیا ہے لیکن میں اپنے دین کی حمایت میں ضرور جہاد کروں گا اور اپنے امام صادق و امین کی حمایت کروں گا جو سبط نبی طاہر و امین ہے۔

یہ اشعار پڑھ کر آپ نے پھر فوج مخالف پر حملہ کیا اور پچاس سواروں کو اسی دست چپ سے قتل کیا اس وقت حضرت عباسؑ الٹے ہاتھ سے لڑ رہے تھے کہ عبداللہ بن شہاب کلبی نے آپ پر حملہ کیا اور آپ کے دست چپ کو بھی قطع کر ڈالا اس وقت حضرت عباسؑ نے مایوس ہو کر اپنے کٹے ہوئے ہاتھ سے اپنی تلوار کو سہارا دے کر آئے اور پھر سینہ مبارک سے اسے لگا کر یہ اشعار پڑھے:

اے نفس خوف نہ کر کفار سے تجھ کو رحمت غفار کی بشارت ہو تو اپنے سید اطہار کے ہمراہ ہے یا غیبان خدا و رسولؐ نے میرے دست چپ کو بھی قلم کر دیا۔ کیا اہل بغاوت و کفر نے دین و ایمان کو چھوڑ دیا خداوندا تو ان کو آتش جہنم میں داخل کر۔

اسی حالت میں حضرت عباسؑ نے کفار پر پھر حملہ کیا آپ کے دونوں کٹے ہوئے ہاتھوں سے خون جاری تھا۔ بہ سبب تمام خون بہہ جانے کے کمزور ہو گئے اور ضعف طاری ہوا اور فرماتے تھے کہ میں اسی طرح اپنے جد بزرگوار جناب محمد مصطفےٰؐ اپنے پدر عالی قدر علی مرتضیٰؑ سے ملاقات کروں گا ایسی حالت میں بھی حضرت عباس نے پینتیس ناریوں کو قتل کیا ناگاہ ایک ملعون نے ان کے سر پر لوہے کا گرز مارا جس کی ضربت سے وہ حضرت گھوڑے سے زمین پر گرے اور آواز دی

Presented by www.ziaraat.com

اے بھائی! اے حسینؑ! آپ پر میرا آخری سلام ہو، یہ سُن کر امام حسینؑ نے کفار پر حملہ کیا اور سخت جنگ کی یہاں تک کہ آٹھ سَو سواروں کو قتل کیا اور لڑتے لڑتے اپنے بھائی عباس کے پاس پہنچے اور اسکی لاش مبارک کو اٹھا کر سب شہداء کی لاشوں کے پاس رکھ دیا اور شدت سے آپ پر گریہ کیا۔

علّامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۴ پر لکھا ہے کہ احمد بن عیلسی نے مجھے روایت کی اس نے کہا مجھے حسین بن نصر نے روایت کی اس نے کہا ہمیں اپنے والد نے روایت کی اس نے کہا ہمیں عمرو بن شمر نے جابر سے اس نے امام محمد باقر علیہ السّلام سے روایت کی کہ زید بن رقاد جنبی اور حکیم بن طفیل طائی نے حضرت عباسؑ علیہ السلام کو شہید کیا۔

شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصّہ دوم مطبع طہران صفحہ ۱۱۴ پر لکھا ہے کہ حضرت عباسؑ کے قتل کی ذمہ داری لینے والے زید بن ورقاء جنفی اور حکیم بن طفیل سنبسی تھے۔

بروایت علّامہ محمد ہاشم خراسانی حضرت عباسؑ کی عمر بوقت شہادت چونتیس ۳۴ سال تھی۔ منتخب التواریخ ص ۲۱۱۔

بروایت علّامہ محمد تقی امام زین العابدین علیہ السّلام نے فرمایا کہ میرے چچا حضرت عباسؑ پر خدا تعالیٰ رحمت کرے کہ انہوں نے بڑا ایثار فرمایا اور سخت تکلیف اٹھائی اور اپنی پیاری جان اپنے بھائی پر فدا کی یہاں تک کہ آنجناب کے دونوں ہاتھ قلم ہوگئے اس کے بدلے میں ان کو اللہ تعالیٰ نے دو پر عنایت فرمائے ہیں اور اب وہ مثل اپنے چچا حضرت جعفر طیار ابن ابیطالب علیہ السّلام کے فرشتوں کے ساتھ جنّت میں پرواز کرتے ہیں اور بروز قیامت درگاہ ربّ العزّت میں ان کے لئے وہ درجہ ہوگا جسے دیکھ کر تمام شہداء سخت رشک کریں گے۔ ناسخ التواریخ ۲۹۲۔

علّامہ ابوالفرج اصفہانی مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۵ پر لکھا ہے کہ امّ البنین

Presented by www.ziaraat.com

ان چار شہید بھائیوں یعنی عبداللہ۔ جعفر۔ عثمان اور حضرت عباسؑ کی والدہ تھیں ان کی شہادت کے بعد ان کی والدہ جنت البقیع کے قبرستان میں آکر نہایت دردناک اور سوزناک انداز میں اپنے بیٹوں پر روتی تھیں بس بہت سے لوگ وہاں جمع ہو کر اس کے رونے پیٹنے اور ماتم کو سنتے تھے مروان بھی ان لوگوں میں آکر اس کے رونے پیٹنے کو سنتا تھا اور زار زار روتا تھا۔ اس روایت کو علی بن محمد بن حمزہ نے نوفلی سے اس نے حماد بن عیسیٰ جہنی سے اس نے معاویہ بن عمار سے اس نے حضرت جعفر بن محمد سے بیان کیا ہے۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۶۳ پر لکھا ہے کہ ثقتہ الاسلام قمی نے نفثۃ المصدور میں ام البنین کے مرثیوں کے چند شعر نقل کئے ہیں: مجھے بیٹوں کی ماں مت پکارو تم مجھے جنگل کے شیر یاد دلاتی ہو۔ میرے بیٹے تھے ہیں ان کے ساتھ پکاری جاتی تھی اور آج میں ایسی ہو چکی ہوں کہ میرا کوئی بیٹا نہیں ہے میرے چاروں بیٹے بلند مقام کے شہبازوں کی طرح تھے شہ رگ کے کٹ جانے سے وہ موت کے گھاٹ اتر گئے مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ جب وہ جنگ کے لئے نکلے تو حضرت عباس کا دایاں ہاتھ کٹ گیا۔

سہیل سکینہ
حیدرآباد لطیف آباد، یونٹ نمبر ۸

یہ اشعار بھی اس مخدرہ کے مرثیوں میں سے ہیں:

اے وہ کہ جس نے عباس کو فوج اشقیاء کے دستوں پر پلٹ پلٹ کر حملے کرتے دیکھا اس کے پیچھے حیدر کرار کے بیٹوں میں سے ہر ایک شیر تھا کہ وہ دشمنوں کے حملے کو اپنے سر سے پھیر دیتا۔

اگر تیرے ہاتھ میں تیری تلوار ہوتی تو اشقیاء سے کوئی تیرے پاس نہ پھٹکتا۔

Presented by www.ziaraat.com

# حضرت سید الشہدا امام حسین علیہ السلام کی شہادت

ملا محمد باقر نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۶ پر لکھا ہے کہ جب اولاد و اقربا بھی درجہ شہادت پر فائز ہو چکے اور بجز امام مظلوم کوئی باقی نہ رہا اس وقت حضرت امام حسینؑ نے اتمام حجت کرنے کے لیئے بصدائے بلند فرمایا: ہل من ذاب یذب عن حرم رسولؐ اللہ؟ ہل من موحد یخاف اللہ فینا؟ ہل من مغیث یرجو اللہ فی إغاثتنا؟ یعنی اب کوئی ہے کہ ضرر اشقیاء کو ہم سے دفع کرے آیا کوئی حق پرست ہے جو ہمارے حق میں خوف خدا کرے آیا کوئی ہے جو باُمید اجر و ثواب ہماری فریاد رسی کرے؟

میرزا قاسم علی نے نہر المصائب مطبع لکھنو مطبوعہ ۱۸۸۲ء صفحہ ۳ - ۶۲ ۴ پر لکھا ہے کہ بسبب استغاثہ سید الشہداء ارکان اور قوائم عرش میں تزلزل ہوا ملائکہ نے آواز گریہ و بکا بلند کی، آسمان کانپنے لگا اور زمین مضطرب ہو کر زلزلہ میں آئی ملا آقا دربندی نے لکھا ہے کہ بنا بر استنباطِ دقیق کے اول جس نے جواب دیا اور لبیک کہی ہو وہ ذاتِ اقدس باری تعالیٰ ہے پس اس وقت ایک صحیفہ آسمان سے دست اقدس مظلوم کربلا پر نازل ہوا حضرت نے اسے کھول کر دیکھا کہ یہی وہی عہد نامہ ہے جو عالم ارواح میں قبل خلقت دنیا اور اہل دنیا کے لکھا گیا ہے اور اس مظلوم سے عہد و میثاق شہادت و قتل ہونا راہِ خدا میں لیا گیا ہے جب حضرت نے اس صحیفہ کی پشت پر نگاہ کی تو دیکھا کہ اس پر لکھا ہوا ہے کہ اے حبیب ہمارے، اے حسینؑ ہمارے ہم نے تم پر شہادت و قتل ہونا لازم نہیں کیا اس بارہ میں تم کو اختیار ہے اور ہماری درگاہ میں درجہ اور قدر و منزلت اور مقام سے تیرے ایک ذرہ کم نہ ہوگا اگر تمہاری خواہش و خوشی ہو تو ہم اس آفت و بلا کو دفع کریں او

Presented by www.ziaraat.com

آگاہ ہو اے حسینؑ کہ ہم نے تمام آسمان، اہل آسمان، تمام زمین، اہل زمین، ملائکہ اور جن وانس اور تمامی موجودات مطیع تمہارے حکم کے کئے ہیں اب جو کچھ کہ چاہتے ہو اس قوم فجار وکفار واعداء کے قتل اور واصل نار ہونے میں حکم کرو پس اس وقت حضرت نے درگاہ احدیت میں عرض کی کہ اے عالم الغیب تو خوب واقف و عالم ہے کہ میں دوست رکھتا ہوں اس بات کو کہ قتل ہونے کے بعد زندہ ہوں اور پھر قتل ہوں ستر مرتبہ بلکہ ستر ہزار مرتبہ تیری راہ محبت و اطاعت میں اور کیونکر ایسا نہ ہو حالانکہ میں جانتا ہوں ثمرۂ قتل میرے سے نصرت تیرے دین کی ہے اور ذکر تیرے احکام کا باقی رہے گا اور حفظ ناموس شرع کا ہو گا میں اپنی حیات سے سیر اور دلتنگ ہوں بعد قتل ہوتے ایسے جوانان بنی ہاشم اور اصحاب دیندار کے پس حضرت نفس نفیس متوجہ اور مشغول جہاد ہوئے۔

بعد اس کے سلسلہ ارواح قدسیہ انبیاء و اوصیاء اور اولیاء و صلحا اور شہدا نے بعد اس کے سلسلۂ ملائکہ کروبیین ومقربین اور حاملان عرش و کرسی اور سماوات نے بعد اس کے سلسلۂ حور و غلمان اور جنات اور ارواح مومنین جن وانس نے جوش و خروش میں آکر بگریہ و زاری وَاحُسَیْنَا وَامَظْلُومَاہُ کہتے ہوئے جواب دیا اور آمادہ نصرت ہو کر لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ اَرْوَاحُنَا لَکَ وَ جِلْتُ الفِدَا کہا اور بعد اس کے ہر موجودات نے بارادہ نصرت جواب دیا لیکن جواب دینا ہر ایک صنف و نوع اور ہر شے کا بطور استعداد اور مطابق انکی فطرت کے ہے۔

جب جناب سید الشہداء نے آواز استغاثہ بلند کی تو یہ سُن کر جواب دیا ابدان شریفہ اور اجساد طیبہ شہدائے کربلا نے کہ زخموں سے چور ریگ گرم پر آلودہ بخاک و خون پڑے تھے اس طور سے کہ حرکت و جنبش میں آگئے ہوں اور کانپنے لگے ہوں اور ان کے حلقومہائے طیبہ سے یہ صدا بلند ہوئی لَبَّیْکَ لَبَّیْکَ یَابنِ

Presented by www.ziaraat.com

رسولؐ اللہ و یا محبۃ اللہ ہل لنا رخصۃ فی الرجوع الی الدنیا والمجاہدۃ بین یدیک یعنی اے فرزند رسولؐ اللہ اے حجت اور سید و آقا ہمارے ہم حاضر ہیں آیا پھر ہم کو دوبارہ حکم رجوع کا طرف دنیا کے اور اجازت قیام ہے کہ تا ہم سامنے آپ کے اعدائے دین سے جہاد کریں۔

بروایت علامہ محمد تقی علامہ فخرالدین طریح نجفی نے اپنی کتاب منتخب میں لکھا ہے کہ اس وقت قبائل جنات نے امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے ابا عبداللہ ہم سب حضور کے انصار ہیں اگر آپ اجازت دیں تو ہم میدانِ جنگ میں جا کر ان سب کافروں کو قتل کریں امام حسین علیہ السلام نے ان کے حق میں دعائے خیر کی۔

المختصر جب امام زین العابدین علیہ السلام نے اپنے والد بزرگوار کا استغاثہ سنا اگرچہ کمزوری کی وجہ سے آپ تلوار اور نیزہ نہیں اٹھا سکتے تھے تاہم نیزہ مگر ایک روایت کے مطابق تلوار لیکر اس حالت میں کہ کبھی گر پڑتے تھے اور کبھی کھڑے ہو جاتے تھے خیام اہلبیت سے میدانِ جنگ کی طرف جانے لگے جناب ام کلثوم سلام اللہ علیہا نے امام زین العابدینؑ کو پیچھے سے آواز دی کہ اے میرے بھائی کے فرزند واپس آجاؤ آپ نے کہا اے پھوپھی بزرگوار! مجھے اجازت دیں تاکہ میں فرزند رسولؐ اللہ کے سامنے درجہ شہادت پر فائز ہوں جب حضرت امام حسینؑ کو معلوم ہوا کہ زین العابدینؑ نے بھی قصدِ جہاد کیا ہے تو فرمایا اے ام کلثوم سلام اللہ علیہا ان کو روک لو ایسا نہ ہو کہ دنیا نسل آل محمدؐ سے خالی ہو جائے۔ ناسخ التواریخ جلد ششم: ۲۹۵۔

بروایت ملا محمد باقر بعض کتابوں میں منقول ہے کہ جب امام حسینؑ نے اپنے بہتر ساتھیوں کو خاک و خون میں غلطاں دیکھا ایک سرد آہ کھینچی اور در خیمہ پر وداع

Presented by www.ziaraat.com

کے لیے تشریف لائے بصدائے بلند پکارے: یا سکینۃ! یا فاطمۃ! یا زینب! یا اُمّ کلثوم! علیکنّ منی السلام: اے سکینہ! اے فاطمہ! اے زینب! اے ام کلثوم! میرا تم پر آخری سلام ہو۔ بحار الانوار جلد دہم: ۴۷۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۸۴ پر امام حسینؑ کے آخری سلام کو بایں الفاظ نقل کیا ہے" یا ام کلثوم و یا زینب و یا سکینۃ و یا رقیۃ و یا عاتکۃ و یا صفیۃ علیکن منی السلام فھذا اخر الاجتماع وقد قرب منکم الافتجاع"؛ اے ام کلثوم اور اے زینب اور اے سکینہ اور اے رقیہ اور اے عاتکہ اور صفیہ تم سب کو میری طرف سے آخری سلام ہو کیونکہ یہ آخری ملاقات ہے اور اب تمہاری مصیبت اور آفت کا وقت قریب آپہنچا ہے۔

سلیمان بن ابراہیم قندوزی نے ینابیع المودہ مطبع نجف اشرف صفحہ ۴۱۶ پر حضرت امام حسینؑ کے اہلبیت پر آخری سلام کو بایں الفاظ نقل کیا ہے" ثم نادی یا ام کلثوم و یا سکینۃ و یا رقیۃ و یا عاتکۃ و یا زینب و یا اہل بیتی علیکن منی السلام"۔ پھر امام حسینؑ نے بآواز بلند فرمایا اے ام کلثوم اے سکینہ اے رقیہ اے عاتکہ اے زینب اور اے میرے اہلبیت میرا تم پر سلام ہو

بروایت ملا محمد باقر مجلسی یہ سنتے ہی صدائے نالہ و زاری خیمہ ہائے حرم محترم سے بلند ہوئی اور آواز الوداع الوداع و نالہ الفراق الفراق زمین سے آسمان تک پہنچی۔ جلاء العیون ۴۰۷۔

ملا محمد باقر مجلسی نے بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۴۷ پر لکھا ہے کہ حضرت سکینہ نے عرض کیا اے بابا! اب آپ نے بھی مرنے کا قصد کیا ہے کیا ہم کو بے کس و تنہا اشقیاء میں چھوڑے جاتے ہیں۔ فرمایا اے نور دیدہ جس کا کوئی ناصر و مددگار نہ رہ گیا ہو وہ کیونکر اپنا مرنا اختیار نہ کرے سکینہ خاتون نے عرض کیا اگر آپ

Presented by www.ziaraat.com

آمادہ شہادت ہیں تو ہمیں روضۂ رسولؐ تک پہنچا دیں فرمایا اے نور دیدہ افسوس یہ نہیں ہو سکتا اس وقت اہل بیت میں ایک کہرام برپا ہوا اور حضرت نے سب کو تسلّی دی۔

سلیمان بن ابراہیم قندوزی نے ینابیع المودہ مطبع النجف صفحہ ۴۱۶ پر لکھا ہے کہ حضرت امام حسینؑ نے اپنی دختر شہزادی سکینہ سلام اللہ علیہا کو اپنے سینے سے لگا کر اس کی پیشانی پر بوسہ دیا اور اس کے آنسوؤں کو پونچھا وہ معصومہ امام حسینؑ کو بہت پیاری تھی آپ اسے خاموش کرتے تھے اور فرماتے تھے۔

اے سکینہ جب میری موت کی خبر آئے گی — تو میرے بعد تم کو بہت رونا ہے
اپنے آنسوؤں سے میرے دل کو مت جلاؤ — جب تک میری روح میرے جسم کے اندر ہے
جب میں شہید ہو جاؤں تو اے بہترین — مستورات جتنا تم روؤگی وہ حق بجانب ہوگا

لوط ابن یحییٰ نے مقتل الحسینؑ معروف بہ مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۸۴ پر لکھا ہے کہ یہ سن کر حضرت ام کلثوم کی چیخ نکل گئی اور عرض کی کہ بھائی کیا آپ نے مرنے پر کمر باندھ لی ہے آپ نے جواب دیا کہ اے بہن! وہ شخص کس طرح مرنے پر نہ تل جائے جس کا کوئی نہ مددگار ہو اور نہ کوئی حمایتی باقی ہو حضرت ام کلثوم نے ارشاد فرمایا بھیا ہم کو اپنے نانا ہی کے روضہ پر پہنچا آئیے آپ نے جواب دیا اے بہن! افسوس اگر قطا کو چھوڑ دیا جائے تو وہ بھی نیند لے لیتا ہے لیکن ہم نہیں چھوٹ سکتے ایسی حالت میں ہم سفر کیسے کر سکتے ہیں؟

مرزا قاسم علی نے نہر المصائب مطبع لکھنؤ صفحہ ۲۴۸ پر باسناد فخر الدین طریح نجفی لکھا ہے کہ اسی اثنا میں مادر سکینہ و علی اصغر شیر خوار یعنی جناب رباب دختر امراء القیس کندی روتی ہوتی قریب حضرت کے آئیں وہ معظمہ ذوالجناح کی لگام پکڑ کر بہت روئیں اور عرض کیا اے مالک و سردار میرے! اب حضرت تو آمادہ شہادت ہیں اس کنیز کا کون حامی و مددگار ہے جو آپ کے بعد میری ان شدائد و مصائب میں حمایت کریگا پس حضرت ان کی بیکسی پر بہت

Presented by www.ziaraat.com

روئے اور فرمایا اے رباب اب وقت صبر اور محل شکر ہے تمہیں لازم ہے کہ اس مصیبت عظمیٰ میں سلسلہ صبر کو ہاتھ سے نہ دینا اور حق سبحانہ تعالیٰ پر اعتماد و توکل کرنا اور ہر نفع و ضرر میں خدا کا شکر کرنا کہ وہی حافظ و نگہبان ہے تم کو اعدا کے شر سے بچائے گا۔

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاءالعیون مطبع طہران صفحہ ۴۰۷ پر لکھا ہے کہ یہ فرماکر امام زین العابدینؑ کو طلب کیا اور اسرار امامت و خلافت ان کے سپرد کرکے ان کو اپنا خلیفہ و جانشین کیا اور وصیتیں کیں چونکہ امام حسینؑ کو اپنی شہادت کی خبر تھی اس وجہ سے قبل سفر عراق کتب اور جمیع ودائع انبیاء و اوصیاء ام سلمہ زوجہ رسولؐ خدا کے سپرد کر دئے تھے کہ جب امام زین العابدینؑ کربلا سے آئے سب تبرکات حضرت ام سلمہ ان کے سپرد کردیں چونکہ امام زین العابدینؑ بیمار تھے وصیت نامہ امام حسینؑ نے اپنی دختر فاطمہ سلام اللہ علیہا کے سپرد کیا کہ امام زین العابدینؑ کو دے دینا چنانچہ حدیث معتبر میں امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ جب امام حسینؑ کی شہادت کا وقت پہنچا حضرت نے اپنی دختر فاطمہ کو بلایا اور وصیت نامہ لپیٹ کر وصیت ظاہرہ ان سے بیان کی اس لئے کہ امام زین العابدینؑ کو مرض تپ لاحق تھا اور لوگوں کو گمان نہ تھا کہ آپ کو اس مرض سے صحت حاصل ہوگی جب امام زین العابدینؑ کو صحت حاصل ہوئی تو جناب فاطمہ نے وصیت نامہ ان کے سپرد کیا اور اب وہ وصیت نامہ ہمارے پاس ہے بعد اس کے امام حسینؑ نے شہادت کیلئے کمر باندھی۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم صفحہ ۲۹۷ پر لکھا ہے کہ اس وقت امام علیہ السلام نے اپنی بہن جناب زینب عالیہ سے فرمایا میرے لئے پرانا لباس لے آؤ جس کی کوئی قیمت نہ ہو تاکہ جب میں شہید ہو جاؤں تو اشقیاء اسے بدن سے اتار نہ لیں اور مجھے عریاں نہ چھوڑ دیں جناب زینب خاتون ایک کپڑا

Presented by www.ziaraat.com

لے آئیں جب حضرت امام حسینؑ نے اسے پہنا اور بدن مبارک پر تنگ ہوا تو آپ نے فرمایا یہ گھٹیا لوگوں کا لباس ہے اس سے زیادہ کھلا ہونا چاہیئے جناب زینب خاتون تشریف لے گئیں اور اس سے زیادہ کھلا کپڑا لے آئیں امام حسینؑ نے اسے پارہ پارہ کر دیا تاکہ اس سے بھی زیادہ کم قیمت ہو جائے اس وقت حضرت نے اسے پہن لیا اور اس کے اوپر دوسرے کپڑے پہن لئے اور اس کے اوپر ریشمی چادر پہن لی اور زرہ دراز پہن کر جنگی ہتھیاروں سے مسلح ہوئے۔

شیخ مفید نے کتاب الارشاد صفحہ ۱۱۵ پر امام حسینؑ کے جامہ کہنہ طلب کرنے کی روایت کو عبداللہ بن حسنؑ کی شہادت کے واقعات کے بعد نقل کیا ہے۔

بروایت علامہ محمد تقی اس وقت اہل حرم سے فریاد اور رونے کی آواز بلند ہوئی اس وقت علی اصغر علیہ السلام جو چھ ماہ سے زائد نہ تھے پیاس اور بھوک کی وجہ سے رو رہے تھے کیونکہ پیاس کی شدت کی وجہ سے آپ کی مادر گرامی کا دودھ بالکل خشک ہو چکا تھا امام حسینؑ نے فرمایا کہ میرے فرزند علی اصغر کو لاؤ میں اس بھی وداع کر لوں اور اس معصوم کو تخاط (کپڑا جس میں نوزائیدہ بچے کو لپیٹتے ہیں مگر بچے کا منہ کھلا رہتا ہے) سے پکڑ کر بوسہ دیا اور فرمایا قوم شقاوت اثر کے لئے اس وقت ہلاکت ہو جس وقت تمہارے جد بزرگوار محمد مصطفیٰؐ ان کے برخلاف مدعی ہوں پس اس بچہ کو ہاتھوں پر اٹھا کر خیمہ سے باہر تشریف لائے اور فوج مخالف کے مقابل کھڑے ہو کر ارشاد فرمانے لگے کہ اے پروردگار! میرے خزانہ میں اس لعل کے سوا کوئی دوسرا موتی نہیں ہے میری دلی خواہش یہ ہے کہ میں اسے بھی تیری راہ میں قربان کروں یہ کہہ کر امام حسینؑ نے اس قوم جفا کار کو مخاطب کر کے فرمایا اے کوفیانِ بے حیا! تم نے مجھے گناہ گار سمجھا ہے تو معصوم بچے کی طرف گناہ منسوب نہیں کر سکتے اس کو تو پانی دو کہ پیاس کی شدت کی وجہ سے اس کی ماں کا دودھ خشک ہو گیا ہے

Presented by www.ziaraat.com

کسی نے جواب تک نہ دیا۔

سید علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۹۸ پر علی اصغر علیہ السلام کی شہادت کے واقعات اس طرح نقل کئے ہیں " امام حسینؑ نے استغاثہ کیا آیا ہے کوئی ایسا جو اہلبیت رسول کی حمایت کرے؟ آیا ہے کوئی ایسا خدا ترس جو خدا کا خوف کرے اور ہماری فریاد کو پہنچے آیا ہے کوئی ایسا جو آج ہماری مدد کرے اور روز قیامت حضرت احدیت سے انعام کا مستحق ہو حضرت کا استغاثہ تمام نہ ہوا تھا کہ خیام اہلبیت میں یکایک آہ وزاری اور نالہ و بیقراری کی آواز بلند ہوئی کان میں ان آوازوں کا آنا تھا کہ آپ خیام اہلبیت کی طرف چلے دیکھا کہ علی اصغرؑ نے اپنے تئیں جھولے سے گرا دیا ہے اور پیاس کی شدت سے ہلاک ہوا جاتا ہے آپ نے دل کو مضبوط کر کے جناب زینب عالیہ سے فرمایا اے بہن میرے اس چھوٹے بچے کو دے دو تاکہ میں اس کو بھی وداع کر لوں بہن نے بھائی کے حکم کی فوراً تعمیل کی اور اس بلکتے ہوئے بچے کو باپ کی گود میں دے دیا امام حسینؑ کی گود میں آنا تھا کہ علی اصغر نے اشارہ سے خدمت امامؑ میں عرض کی اے بابا جان مجھے میدانِ قتال میں لے چلیں۔

چنانچہ آپ اپنے پارہ جگر کو سینے سے لگائے ہوئے فوج اشقیاء کے سامنے تشریف لائے اور مقام بلند پہ کھڑے ہو کر علی اصغر کو دونوں ہاتھوں پر اس طرح رکھ لیا کہ بعض کو خیال ہوا کہ امام حسینؑ مجبور ہو کر اپنے اور یزید کے درمیان فیصلہ کرنے کے لیئے قرآن مجید لے کر آئے ہیں اور مصحف الہٰی کو ہاتھوں پہ رکھ کر بلند کیا ہے تاکہ حجت قائم کریں مصحف صامت تو نہیں اس وقت امام حسینؑ کے ہاتھوں پر مصحف ناطق کا ورق ضرور کھلا ہوا تھا اس کے بعد آپ نے علی اصغرؑ کو بلند کر کے منہ اس کا کھول دیا اور پھر ان نام کے مسلمانوں سے پانی کا سوال کیا اس پر تو صاحبانِ اولاد کا دل تو نرم اور آب آب ہو گیا مگر حرملہ بن کاہل اسدی نے ایک تیر ایسا تاک کر مارا کہ علی اصغر کے ننھے سے گلے میں

Presented by www.ziaraat.com

پیوست ہو گیا اور وہ مظلوم بچہ باپ کے ہاتھوں پر اپنے خون میں لوٹنے لگا اس وقت آپ نے جناب زینبؑ کو آواز دی اور فرمایا اے بہن لو علی اصغر بھی سدھارے پھر آپ نے علی اصغر کے کٹے ہوئے گلے کے نیچے اپنے دونوں ہاتھ پھیلا کر رکھ دئیے اور جب وہ خون سے بھر گئے تو آپ نے وہ خون آسمان کی طرف پھینک دیا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں اس خون کا ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرا اللہ رے صبر و استقلال حسینی خیال فرمائیں کہ امام حسینؑ پر اس وقت کیا گزری ہو گی آپ نے فرمایا یہ مصیبت بھی مجھ پر آسان ہے اس لئے کہ خوشنودی خدا اسی میں ہے اس مصیبت نے حضرت پر پیاس کی شدت کو بدرجہا بڑھا دیا۔

علامہ ابوالفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۹ و ۹۰ پر علی اصغرؑ کی شہادت کے واقعات اس طرح نقل کئے ہیں عبداللہ بن حسینؑ روز شہادت چھوٹے تھے وہ اپنے والد بزرگوار کی گود میں تھے ناگہاں ایک تیر لشکر عمر سعد سے آپ کے حلق نازنین پر آکر لگا جس سے وہ معصوم شہید ہوا۔ احمد بن شبیب نے مجھے روایت کی اس نے کہا ہمیں احمد بن حرث نے مدائنی سے اس نے ابی مخنف سے اس نے سلیمان بن ابی راشد سے اس نے حمید بن مسلم سے روایت کی حمید نے کہا:

امام حسینؑ نے بچے کو طلب کیا اور اسے اپنی گود میں بٹھایا پس عقبہ بن بشیر نے شہزادے کو تیر سے شہید کر دیا۔

مجھے محمد بن حسین آشنانی نے خبر دی اس نے کہا ہمیں عباد بن یعقوب نے خبر دی اس نے کہا ہمیں مورع بن سوید بن قیس نے خبر دی اس نے کہا ہمیں ان لوگوں نے خبر دی جنہوں نے امام حسینؑ کو کربلا میں دیکھا انہوں نے کہا حضرت امام حسینؑ کے ساتھ ان کا ایک صغیر سن بچہ تھا پس ایک تیر آیا جو اس بچے کے حلق پر آکر لگا انہوں نے کہا امام حسینؑ نے اس معصوم کے سینے اور گلے سے خون کو ہاتھوں پر لیکر آسمان کی طرف

Presented by www.ziaraat.com

پھینکا اور اس خون میں سے کوئی قطرہ زمین پر نہ آیا اس وقت امام حسینؑ فرماتے تھے اے میرے اللہ اس بچے کا خون تیرے نزدیک بچہ ناقہ صالحؑ سے کم نہ ہو"

یہ روایت علامہ محمد تقی، علامہ سبط ابن جوزی جو سواد اعظم اہلسنّت میں اکابر علماء میں شمار ہوتے ہیں اپنی کتاب تذکرہ خواص الائمہ میں لکھتے ہیں (جناب امام حسینؑ کے یہ دعا فرمانے کے بعد) ہاتف نے ندا دی یا حسینؑ اس بچے کو رخصت کرو۔ اس کے لئے ایک دایہ جنت میں مقرر کر دی گئی ہے شرح شافیہ میں ہے کہ اس کے بعد امام حسین گھوڑے سے اترے اس بچے پر نماز پڑھی اور تلوار کے نیام کی منی سے قبر کھود کر اس کو دفن کر دیا۔ ناسخ التواریخ : ۲۹۷

ابو مخنف نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۸۴ پر لکھا ہے کہ اس کے بعد اس قوم کی طرف بڑھے اور ارشاد فرمایا ارے تم پر افسوس ہے کس قصور پر مجھ سے الجھتے ہو کیا میں نے کوئی حق چھوڑ دیا ہے یا کوئی طریقہ بدل دیا ہے کوئی شریعت بدل دی ہے ان سب نے جواب دیا کہ یہ بات نہیں ہے بلکہ ہم تو تمہارے باپ کی دشمنی تم سے نکال رہے ہیں اور ہمارے بڑے بڑھوں کے ساتھ جنگ بدر و حنین میں جو کچھ کیا ہے (اس کا بدلہ لے رہے ہیں) آپ نے اس کا یہ جواب دیا سُنا تو بے حد گریہ فرمایا: دائیں بائیں نظر دوڑانی شروع کی تو آپ کے مددگاروں میں سے کوئی بھی نظر نہیں آیا اور جو نظر آئے وہ وہ تھے کہ خاک ان کی پیشانی چوم رہی تھی اور موت نے ان کی صداؤں کو بند کر دیا تھا یہ دیکھ کر آپ نے فریاد کی اے مسلم بن عقیل اے ہانی بن عروہ اے حبیب ابن مظاہر اے زہیر بن قین اے یزید بن مظاہر اے یحییٰ بن کثیر اے ہلال بن نافع اے ابراہیم حصین اے امیر ابن مطاع اے اسد کلبی اے عبداللہ ابن عقیل اے علی ابن حسینؑ اے مسلم بن عوسجہ اے داؤد ابن طرماح اے حر ریاحی اے حالت امن کے دلیرو اے جنگ کے شہسوارو

Presented by www.ziaraat.com

میرے لئے یہ کیسی گھڑی ہے کہ تم کو پکارتا ہوں تو جواب نہیں ملتا اور بلاتا ہوں تو تم سنتے ہی نہیں تم سو رہے ہو تو تم سے تمنا کرتا ہوں کہ جاگ اٹھو کیا تمہاری محبت امام سے بدل گئی ہے جو تم اس کی مدد نہیں کرتے دیکھو یہ رسولؐ اللہ کی بیٹیاں جن پر تمہارے مرنے سے لاغری چھا گئی ہے اے شریفو اپنی نیند سے چونک اٹھو اور حرم رسول کے پاس سے کمینوں اور سرکشوں کو ہٹا دو (تم سب کچھ کرتے) لیکن خدا کی قسم موت کی گردشوں نے تم کو گرا دیا ہے اور خائن زمانہ نے تمہارے ساتھ بے وفائی کی ہے ورنہ ہرگز بھی تم میرا جواب دینے میں کوتاہی نہ کرتے نہ میری مدد سے آنکھیں چراتے خبردار رہنا کہ ہم بھی تمہارے لئے تڑپ رہے ہیں اور تم سے آکر ملنے والے ہیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

بروایت علامہ محمد تقی علامہ طریحی کہتا ہے کہ اس وقت امام حسینؑ اٹھے اور گھوڑے پر سوار ہو کر فوج اشقیاء کے سامنے آئے عمر بن سعد کو طلب کر کے فرمایا اے سعد کے بیٹے تین باتوں میں سے ایک بات قبول کر لو پہلی بات یہ ہے کہ ہم کو مدینہ واپس جانے دو تاکہ ہم پھر اپنے نانا بزرگوار کے روضہ میں جا بیٹھیں عمر سعد نے کہا ایسا تو نہیں ہو سکتا آپ نے فرمایا کہ اچھا تھوڑا سا پانی دے دو تاکہ ہم اپنے کلیجے کی آگ کو بجھا لیں اس نے کہا یہ بھی نہیں ہو سکتا پھر امام حسینؑ نے فرمایا اگر تمہارے نزدیک میرا قتل ہی مناسب ہے تو ہم کو یہ معلوم ہے کہ سوائے میرے اب اور کوئی باقی نہیں رہا اس لئے لڑائی کے اصول کے مطابق تم میں سے ایک ایک آدمی نکل کر میرا مقابلہ کرے عمر سعد نے کہا ہاں یہ امر مجھے قبول ہے پھر حضرت نے جنگ کا ارادہ فرمایا اور ایک رجز پڑھا۔

پھر امام حسینؑ نے گھوڑے کو ایڑی لگائی اور تلوار کو برہنہ کر کے میدانِ جنگ میں آئے اور وعدے کے مطابق جو عمر ابن سعد سے ہوا تھا مدمقابل کو طلب کیا تاکہ

Presented by www.ziaraat.com

ایک ایک ہوکر ایک دوسرے سے جنگ کریں پہلا شخص جو امام حسینؑ سے لڑنے کے لئے میدان جنگ میں خون پینے والے شیر کی طرح آیا وہ تمیم ابن قحطبہ تھا حضرت امام حسینؑ نے چندھیا دینے والی بجلی کی طرح اس ملعون پر حملہ کیا اور تیز تلوار سے اس کے سر کو اڑا دیا اسی طرح ایک بہادر جوان کے پیچھے دوسرا بہادر جوان اور ایک مقابل کے بعد دوسرا مقابل آتا اور لڑنے میں بڑی کوشش کرتا تھا مگر قتل ہو جاتا تھا اس طرح میدانِ جنگ مقتولوں کے خون سے لالہ زار بن گیا اور مقتولوں کی تعداد گننے سے زائد ہو گئی پس عمر سعد نے جان لیا کہ اس میدان میں تمام لوگوں میں سے کسی میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ امام حسین کا مقابلہ کر سکے اس طرح اگر انفرادی جنگ جاری رہی تو تمام لشکر تباہ ہو جائیگا پھر اس نے چلّا کر کہا تم لوگوں پر افسوس ہے ارے کیا تم کو پتہ نہیں ہے کہ تم کن سے لڑ رہے ہو؟ یہ شخص اس کا بیٹا ہے جس نے قوم عرب کے شجاعوں میں سے ایک کو بھی نہ چھوڑا اور سب کو اپنی تلوار کے گھاٹ اتار دیا یہ کہہ کر اس نے امام حسینؑ کے تن واحد پر چاروں طرف سے یکبارگی حملہ کرنے کا حکم دے دیا پھر کیا تھا حکم ملتے ہی رسالے کے رسالے فوجوں کی فوجیں اس مظلوم کی جان پر تلوار نکالے نیزے سنبھالے تیر جوڑے چاروں طرف سے ٹوٹ پڑے امام حسین نے جو شیر خدا کے فرزند اور تلوار چلانے میں ماہر تھے اپنے استقلال اور اپنی ہمت اور دلاوری میں سر مو فرق نہ آنے دیا اور فوج اشقیاء کے سامنے ایک رجز پڑھا۔ ناسخ التواریخ ۲۹۷

بروایت علّامہ عبدالعلی الہروی الطہرانی اس وقت امام حسینؑ نے اُن پر حملہ کیا تمام مورخین نے باتفاق لکھا ہے فشدّ علیہم یعنی آپ نے فوج اشقیاء پر نہایت سخت حملہ کیا فکانہم جراد منتشر مثل ٹڈیوں کے منتشر ہو گئے اور بھیڑ بکریوں کی طرح بھاگتے تھے وکانہم حمر مستنفرۃ فرت من قسورۃ یعنی اس طرح بھاگتے تھے جس طرح شیر ببر سے وحشی جانور اور گدھے بھاگتے ہیں یعنی پیادوں کا وہ حال تھا

Presented by www.ziaraat.com

اور سواروں کا یہ فوج کے فرار کی یہ حالت تھی کہ حضرت اس حملہ میں اُن کو شکست دیتے ہوئے بنا بر ایک قول کے ذوالکفل تک پہنچ گئے جو اس مقام سے بارہ میل کے فاصلے پر ہے جہاں حضرت نے اپنا علم نصب کیا ہوا تھا پھر وہاں سے لوٹ کر حضرت اپنے نیزے کے پاس آئے اور فرمایا لا حول ولا قوۃ الا باللہ تاکہ لوگ جان لیں کہ میں خدا نہیں ہوں اور درجہ امامت اُن پر ظاہر ہو۔ مواعظ حسنہ: ۱۰۸

علامہ مجلسی نے جلاء العیون مطبع تہران صفحہ ۴۰۸ پر لکھا ہے کہ اب حضرت پر پیاس کا بہت غلبہ ہوا تو جانب نہر فرات روانہ ہوئے قریب فرات پہنچے فوج اشقیاء کے سواروں اور پیادوں نے حضرت کا راستہ روک لیا اور یہ اشقیاء چار ہزار سے زائد تھے اس شیر خدا نے سخت پیاس کے باوجود بہت سے کفار کو واصل جہنم کیا لشکر اشقیاء کی صفوں کو درہم برہم کر کے گھوڑا پانی میں ڈال دیا اور اپنے گھوڑے سے فرمایا پہلے تو پانی پی لے اور اس کے بعد میں پیونگا گھوڑا اپنا مُنہ پانی سے اٹھائے ہوئے منتظر تھا کہ پہلے امام حسینؑ تشنہ کام پانی پی لیں امام حسینؑ نے چلو میں پانی اٹھایا اور چاہا کہ نوش کریں ایک ملعون نے آواز دی کہ آپ پانی یہاں پیتے ہیں اُدھر لشکر مخالف خیمہ ہائے حرم میں پہنچ گیا ہے یہ سنتے ہی حضرت نے وہ پانی ہاتھ سے پھینک دیا اور فرات سے بجانب خیمہ روانہ ہوئے جا کر دیکھا تو مطلق اثر اس خبر کا نہ پایا گیا یہی مقدر میں ہے کہ آج کا روزہ آب کوثر سے افطار ہوگا بدست مبارک خیر البشر۔ پس دوسری دفعہ اہلبیت رسالت و پردگیان سراق عصمت و طہارت کو حضرت نے وداع کیا اور بصبر و شکیبائی حکم فرما کر بوعدہ ثواب ہائے غیر متناہی الٰہی تسکین دے کر ارشاد کیا چادریں سر پہ اوڑھ لو اور آمادہ لشکر مصیبت و بلا رہو کہ خدا تمہارا حامی و حافظ ہے شر اعداء سے وہی تم کو نجات دے گا اور تمہاری عاقبت بخیر کریگا

Presented by www.ziaraat.com

اور تمہارے دشمنوں کو بانواع عذاب و بلا مبتلا کرے گا اور تمہیں ان بلاؤں اور مصیبتوں کے عوض دنیا اور عقبیٰ میں بانواع نعمت و کرامتہائے بے اندازہ سرافراز فرمائیگا ہرگز ہرگز صبر سے دستبردار نہ ہونا اور کلام ناخوش زبان پر نہ لانا کہ موجب نقص ثواب ہوگا یہ ارشاد فرما کر دوسری مرتبہ میدان میں تشریف لائے اور صف لشکر مخالف پر حملہ کرکے باوجود جراحت و تشنہ لبی کشتوں کے پشتے" دے دئیے برگ ہائے خزاں سر کافران بید نیان قلم کرکے زمین پر گرا دئیے اور بضرب شمشیر آبدار خون اشرار و فجار خاک معرکہ کارزار میں ملا دیا روایت ہے کہ اس روز امام حسینؑ نے ایک ہزار نو سو پچاس کافران شقاوت اساس ہلاک کیا اور بروایت علامہ مسعودی ایک ہزار آٹھ سو کافروں کو واصل جہنم کیا۔

بروایت مرزا قاسم علی حضرت امام حسینؑ نے تیس ہزار نابکار بروایتی ایک لاکھ اشرار کو قتل کیا۔ نہر المصائب ۴۵۹

شیخ عبدالعلی الہروی الطہرانی نے مواعظ حسنہ صفحہ ۱۰۸ پر لکھا ہے کہ اس عرصے میں حضرت نے جتنے لوگ قتل کئے ان کی تعداد مورخین بہت کچھ لکھتے ہیں بعض تو دس ہزار تک لکھتے ہیں مگر کم سے کم شمار مقتولین ۱۹۵۰ ہے اور ان حملوں کو صرف ۵۳ منٹ کا عرصہ لگا یعنی ۵۳ منٹ میں ایک ہزار نو سو پچاس آدمی قتل کئے یہ شجاعت فوق طاقت بشری دلیل امامت ہے پس حضرت نے یہ حملات اثبات امامت کے لئے کئے تھے نہ از راہ انتقام اور باوجود اس قدر قتل و خون کے اس عرصے میں حضرت کے جسم اقدس پر ایک زخم بھی نہ لگا تھا جس وقت تک کہ حضرت نے ایک آواز آسمان سے نہ سنی کوئی زخم جسم اقدس پر نہ کھایا۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۸۸ پر لکھا ہے کہ جب شمر نے یہ حالت دیکھی تو عمر سعد کے پاس آکر کہنے لگا اے امیر یہ شخص تو مقابلہ کرکے ہم سب کو

Presented by www.ziaraat.com

تھکا دیگا عمر سعد نے کہا آخر ہم اسے کس طرح بھگتیں شمر نے جواب دیا کہ ہم ان پر تین گروہ پھیلا دیتے ہیں ایک گروہ تیر اور تکے لیکر دوسرا فریق تلواریں اور نیزے لیکر تیسرا مجمع آگ اور پتھر لیکر جلد ہی یہ قرار دادیں طے پا ئی گئیں اور وہ لوگ پتھر برسانے نیزوں سے کوچنے اور تلواریں مارنے لگے یہاں تک نوبت پہنچی کہ آپ کو زخموں سے چھلنی کر دیا۔

بروایت ملا محمد باقر مجلسی بدن شریف سید الشہداء پر اس قدر زخم تھے کہ حضرت حرکت نہ کر سکتے تھے ایک روایت میں ہے کہ بہتر (۷۲) زخم نمایاں بدن مبارک شاہ شہیدان پر تھے بروایت دیگر امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے علاوہ زخم تیر، تنتیس ۳۳ زخم نیزہ اور چونتیس زخم شمشیر پائے گئے و بروایت دیگر جناب صادقؑ سے منقول ہے کہ علاوہ نشان ہائے تیر ستر سے زائد زخم ہائے شمشیر اور ستر سے زیادہ زخم نیزہ بدن مطہر پر پائے گئے و بروایت دیگر مجموع زخم ہائے تیر و نیزہ و شمشیر کہ جسد شریف امام حسینؑ پر لگے ایک ہزار نو سو زخم تھے اس قدر تیر حضرت پر لگے تھے معلوم ہوتا تھا گویا پر وا ز اوج سعادت کے لئے نکل آئے ہیں اور یہ سب زخم سامنے کی طرف تھے اس وجہ سے کہ حضرت لڑائی سے سرگرداں نہ ہوتے تھے اور حرب و ضرب سے منہ نہ پھیرتے تھے۔

جلاء العیون ۴۰۹ -

بروایت علامہ ابن شہر آشوب طبری اور ابو مخنف نے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسینؑ کے جسم اقدس پر ۳۳ زخم نیزوں کے تھے اور ۳۴ تلوار کے امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ حضرت کے جسم مبارک پر نیزوں اور تلواروں کے ۳۲۰ زخم تھے ایک روایت میں ہے کہ ۳۶۰ تھے ایک روایت میں ہے کہ تیروں کے علاوہ ۳۳ زخم تھے ایک روایت میں ہے کہ ایک ہزار نو سو زخم تھے یہ

Presented by www.ziaraat.com

سب آپکے اگلے حصّے پر تھے ۔ مناقب : ۸۸ ۵

بروایت علّامہ مجلسی جب کثرت جراحت سے صدر نشین مسند امامت چور چور ہوگیا ایک لحظہ توقف کیا ناگاہ ابوالحتوق لعین نے ایک تیر مارا کہ پیشانی مبارک امام مظلوم پر لگا جب تیر کھینچا خون چہرہ مبارک پر بہہ کر جاری ہوا امام تشنہ لب نے فرمایا خداوندا تو دیکھتا ہے اور جانتا ہے کہ تیری راہ رضا میں دشمنوں سے میں نے کیا کیا مصائب اٹھائے خداوندا اس کا عوض ان دشمنوں کو دنیا اور عقبیٰ میں دے یہ فرماکر جامہ مبارک اٹھایا اور چاہا کہ جبین مبارک سے خون پونچھیں ناگاہ ایک تیر زہر آلودہ سہ پہلو سینہ مبارک پر کہ صندوق علوم ربانی تھا لگا اس وقت حضرت نے کہا بسم اللہ و باللہ و علی ملۃ رسول اللہ یہ کہہ کر آسمان کی طرف نظر کی تو فرمایا خداوندا تو جانتا ہے کہ یہ اشقیاء اسے شہید کرتے ہیں کہ آج زمین پر فرزند رسولؐ بجز اس کے کوئی نہیں ہے ، جب سید الشہداء نے وہ تیر کھینچا تو خون مثل پرنالہ جاری ہوا حضرت وہ خون چلو میں لے کر آسمان کی طرف پھینکتے تھے اور ایک قطرہ زمین پر نہ گرتا تھا اسی روز سے شفق کی سُرخی آسمان پر زیادہ ہوگئی پھر حضرت نے ایک چلو خون اپنے سَر مبارک اور چہرہ انور پر ملا اور فرمایا اسی طرح خون سے خضاب کرکے جد بزرگوار سے ملاقات کروں گا اس کے بعد سید الشہداء و نور دیدہ شہسوار عرصہ لافتیٰ پیادہ ہو گئے مگر کسی کو جرأت نہ پڑتی تھی کہ آنحضرتؐ کے نزدیک آسکے بعض خوف اور بعض شرم سے ہٹ جاتے تھے اس حالت میں مالک بن بشیر شقی نے ایک ایسی ضربت سَر مبارک آنحضرتؐ پر لگائی کہ عمامہ مطہر خون سے بھر گیا امام حسینؑ نے فرمایا تجھے ہرگز اس ہاتھ سے کھانا نصیب نہ ہوگا اور کافروں کے ہمراہ محشور ہو اس کے بعد اس لعین کے بنفرین فرزند ختم المرسلین دونوں ہاتھ بدترین حالت میں خشک

Presented by www.ziaraat.com

ہو گئے گرمی کے دنوں میں مثل چوب خشک ہو جاتے تھے اور سردیوں میں ان سے خون بہتا تھا ان حالات میں وہ ملعون واصل جہنم ہوا۔ جلاء العیون۔

بروایت علامہ طبری جب دشمنوں نے آپ کو سب طرف سے گھیر لیا تو یہ دیکھ کر ایک لڑکا خیمہ سے نکلا اور آپ کے پاس آنے لگا آپ کی بہن جناب زینب خاتون اس طفل کے پیچھے دوڑیں کہ اسے روکیں آپ نے پکار کر کہا اے زینب خاتون اسے روک لو طفل نے کہنا نہ مانا دوڑتا ہوا آپ کے پاس پہنچا پہلو میں آکر کھڑا ہو گیا۔ بحر بن کعب نے آپ پر تلوار اٹھائی کہ وار کرے کہ بچّہ نے کہا او خبیث تو میرے چچا کو قتل کرتا ہے اس نے آپ پر وار کیا بچّہ نے اس کی تلوار کو روکنے کے لئے اپنا ہاتھ بڑھایا ہاتھ قلم ہو کر لٹک گیا بس ایک تسمہ لگا رہ گیا تھا بچّہ اماں اماں کہہ کر چلایا تو حسینؑ نے اس کو سینے سے لگا لیا اور کہا اے میرے بھائی کے لخت جگر اس مصیبت پر صبر کر اسے اپنے حق میں بہتر سمجھ خداوند تعالیٰ اب تجھ کو تیرے بزرگوں سے ملا دے گا رسولؐ اللہ اور علی ابن ابیطالب اور حضرت حمزہ اور حضرت جعفر اور حضرت حسنؑ بن علیؑ کے پاس پہنچا دے گا۔

تاریخ طبری : ۲۹۶

علامہ سید ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۷۹ پر جناب عبداللہ بن حسنؑ کی شہادت کے واقعات اس طرح نقل کئے ہیں کہ چچا کو نرغہ میں دیکھ کر امام حسنؑ کا چھوٹا لڑکا عبداللہ جو دامن مادر سے کبھی جدا نہ ہوتا تھا خیمہ سے نکل پڑا اور مقتل کا رُخ کیا دوڑتا ہوا سیدھا امام حسینؑ کے پاس آیا خیمہ سے نکلتے وقت حضرت زینب نے بہت چاہا کہ اس کو روکیں لیکن اس مرلقائے نے ایک نہ سنی اور زبردستی اپنے آپ کو چھڑا کر چلا چلتے وقت یہ کہا خدا کی قسم میں اپنے چچا کو اکیلا نہ چھوڑوں گا جنگ کے میدان میں اور تلواروں کی چھاؤں

Presented by www.ziaraat.com

ہیں چچا بھتیجا کی ملاقات ہوئی ہی تھی کہ بحر بن کعب اور ایک روایت کے مطابق حرملہ بن کاہل اسدی نے امام حسینؑ پر حملہ کا ارادہ کیا عبداللہ بن حسنؑ نے بے رحم حملہ آور سے کہا: اے خبیث! افسوس! تو میرے چچا کو قتل کرتا ہے اس کے سخت دل پر بچے کے اس کلام کا بھی کوئی اثر نہ ہوا اور اس نے امام حسینؑ پر تلوار کا وار کر ہی دیا چچا پر تلوار آتے دیکھ کر عبداللہ بن حسنؑ بڑھے اور اپنے ہاتھ کو سپر بنا دیا تلوار اس ننھے کے ہاتھ پر پڑی اور کہنی کے قریب سے بچے کے ہاتھ کو کھال تک کاٹ ڈالا کھال کے ذریعے وہ کٹا ہوا ہاتھ لٹک کر جھولنے لگا اس مصیبت کے وقت معصوم بھتیجے نے مظلوم چچا سے فریاد کی اور کہا اے چچا جان! خبر لیجئے یہ دیکھ کر امام حسینؑ کا دل پانی پانی ہو گیا اپنے پارہ جگر کو اٹھا کر اپنے سینے سے لگا لیا اور فرمایا اے بیٹے تم سے میرے بھائی کی نشانی باقی تھی اے میری جان! بڑی مصیبت تم پر ٹوٹ پڑی صبر کرو اسی میں تمہارے لئے عافیت ہے امام کا کلام ختم نہ ہوا تھا کہ حرملہ نے تاک کر اس بچہ پر ایک تیر مارا اور صغیر سن بھتیجے کو مظلوم چچا کی گود میں شہید کر دیا۔

ملا محمد باقر مجلسی نے جلاء العیون مطبع طہران صفحہ ۴۱۰ پر بحار الانوار جلد دہم حصہ دوم صفحہ پر اور علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ۔ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۳۰۴ پر جناب عبداللہ بن حسن کے قاتل کا نام ابحر بن کعب نقل کیا ہے شیخ مفید نے کتاب الارشاد حصہ دوم مطبع طہران صفحہ ۱۱۴ پر حضرت عبداللہ بن حسنؑ کے قاتل کا نام ابجر بن کعب لکھا ہے:

علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب آل ابیطالب صفحہ ۵۸۸ پر لکھا ہے کہ جب حضرت کا تمام جسم مجروح ہو گیا تو شمر نے فوجوں کو للکارا کیا کھڑے دیکھ

Presented by www.ziaraat.com

رہے ہو تمہاری مائیں تمہارے ماتم میں بیٹھیں ایک بار اس مجروح پر حملہ کر دو یہ سُنتے ہی ان نابکاروں نے ہر طرف سے حملہ کیا ابو حنوق جعفی نے پیشانی اقدس پر ضرب لگائی حصین بن تمیم نے دہن اقدس پر تلوار ماری ابوایّوب غنوی نے زہر میں بجھا ہوا تیر گلوئے مبارک پر مارا آپ نے فرمایا لاحول ولا قوۃ الا باللہ میں مقتول رضائے الٰہی ہوں اس کے بعد زرعہ بن شریک تمیمی نے آپ کے بائیں شانہ پر وار کیا عمرو بن خلیفہ جعفی رگِ گردن پر نیزہ مارا صالح بن وہب مزنی نے پیشانی اقدس پر تلوار ماری سنان بن انس نے سینے پر بھالا مارا۔

بروایت لوط بن یحییٰ امام حسینؑ آسمان کی طرف دیکھ دیکھ کر فرماتے تھے اے پروردگار تیرے فیصلہ پر صبر کرتا ہوں اے فریادیوں کے فریادرس تیرے سوا کوئی معبود نہیں اس کے بعد چالیس آدمی اور بڑھے ہر ایک ان میں سے آپ کا سر اقدس جدا کرنا چاہتا تھا اور عمر سعد یہ کہہ کر اجھار رہا تھا کہ تمہارا ستیاناس ہو جلد ہی حسینؑ کا کام تمام کرو سب سے پہلے جو شخص جلدی کر کے آگے بڑھا وہ شبث بن ربعی تھا جس کے ہاتھ میں ایک ترچھی تلوار تھی جب سر اقدس جدا کرنے کے لئے قریب آیا تو امام حسینؑ نے نظر بھر کر اس کو دیکھا شبث تلوار ہاتھ سے چھٹک کر الٹا ہی لوٹ گیا اور کہنے لگا اے فرزند سعد افسوس ہے کہ تو تو امام حسینؑ کا خون بہانے اور ان کے قتل سے الگ تھلگ رہنا چاہتا ہے اور میں ان کے مواخذہ میں گرفتار ہوں؟ خدا کی پناہ اے حسین کہ میں تمہارا خون اپنی گردن پر لیکر خدا کے سامنے جاؤں۔

سنان بن انس نخعی نے جس کے بدن پر سفید داغ اور چہرہ مبروص تھا آگے بڑھ کر شبث سے پوچھا تیری ماں تیرے سوگ میں بیٹھے اور قوم میں تیرا نام و نشان نہ رہے تو کیوں ان کو قتل کرنے سے باز رہا اس نے جواب دیا کہ

Presented by www.ziaraat.com

تیرا ستیاناس ہوا ارے امام حسینؑ نے آنکھ کھول کر جب میرے چہرے پر نگاہ ڈالی تو دونوں آنکھیں رسول اللہ کی آنکھوں سے مشابہ تھیں مجھے اس بات پر شرم آگئی کہ جو رسولؐ اللہ کے مشابہ ہو اس کو قتل کروں سنان نے کہا تیرا برا ہو تلوار مجھ کو دے تجھ سے زیادہ تو میں بھی اُن کے قتل کا سزاوار ہوں جونہی سنان نے تلوار لے کر سر جدا کرنے کا قصد کیا آپ نے اس کی طرف دیکھا تو وہ خوف کھا کر کانپنے لگا تلوار ہاتھ سے چھٹ گئی اور وہاں سے بھاگ کر یہ کہتا ہوا لوٹ آیا کہ ارے تمہارا خون اپنی گردن پہ لے کر خدا کے سامنے جاؤں اس سے تو خدا کی پناہ۔ شمر نے سنان کے پاس آکر پوچھا تیری ماں تجھ کو روئے کس بات نے تجھ کو حسینؑ کے قتل سے باز رکھا اس نے جواب دیا تو غارت ہو انہوں نے مجھ کو دیکھنے کے لئے جس وقت آنکھیں کھولیں مجھ کو ان کے باپ کی دلیری یاد آگئی اور قتل کا دھیان بھی نہ رہا شمر کہنے لگا کہ تجھ کو موت ہی آجائے تُو سدا لڑائی میں بزدل نکلتا ہے تلوار ادھر لا خدا کی قسم حسینؑ کا خون بہانے کے لئے مجھ سے زیادہ موزوں کوئی دوسرا نہیں ہے اس لئے میں تو ان کو کسی حال میں بھی نہیں چھوڑوں گا خواہ وہ مصطفیٰ سے مشابہ ہوں یا علی مرتضیٰ کے ہم شکل ہوں یہ کہہ کر تلوار سنان کے ہاتھ سے لے لی اور امام حسینؑ کے سینے پر سوار ہو گیا آپ نے اس کو بھی ملاحظہ فرمایا لیکن وہ مطلقاً نہیں ڈرا بلکہ کہنے لگا اے حسینؑ یہ خیال نہ کرنا کہ جس طرح پہلے آئے تھے میں بھی ویسا ہی ہوں میں آپ کے قتل سے باز نہیں رہوں گا امام حسینؑ نے دریافت فرمایا کہ تو کون ہے کہ اس عظیم الشان جگہ پر سوار ہے جس کو بہت سی دفعہ رسولؐ اللہ بوسے دے چکے تھے اس نے جواب دیا

Presented by www.ziaraat.com

کیوں نہیں تم حسینؑ ابن علی ابن ابیطالب ہو تمہاری ماں فاطمہ زہرا ہیں تمہارے
نانا محمد مصطفےٰ ہیں اور نانی خدیجہ کبریٰ ہیں آپ نے ارشاد فرمایا کہ بہت ہی افسوس
ہے بھلا جان بوجھ کر کیوں مجھ کو قتل کرتا ہے اس ملعون جواب دیا کہ تم کو قتل
کرکے یزید بن معاویہ سے انعام لوں گا آپ نے دریافت فرمایا اچھا تو ان دونوں
میں سے کونسی چیز تجھ کو پسند ہے آیا میرے نانا رسولؐ خدا کی شفاعت یا یزید
ملعون کا انعام اس نے جواب دیا کہ مجھ کو تمہارے نانا اور تمہارے باپ
کی شفاعت کے مقابلہ میں یزید کے انعام کی چھوٹی کوڑی زیادہ اچھی معلوم ہوتی
ہے اُسی وقت آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر تو نے ضرور ہی میرے قتل کی
ٹھان لی ہے تو ایک گھونٹ پانی کا پلادے اُس ملعون نے جواب دیا کہ بس
دُور ہی دُور رہیئے خدا کی قسم جب تک موت کے گھونٹ پر گھونٹ رک رک
کر نہ پی لوگے پانی نہیں دیکھ سکتے۔ اے فرزند ابوتراب کیا تم اس خیال
میں نہیں ہو کہ تمہارے باپ علیؑ ابن ابیطالب حوض کوثر پہ تمہارے دوستوں
کو پانی پلائیں گے اتنی دیر ٹھہرو کہ تمہارے والد تم کو پانی پلادیں آپ نے
فرمایا کہ خدا را سوال کرتا ہوں کہ ذرا اپنی نقاب تو ہٹادے کہ میں تجھ کو
دیکھ لوں اُس نے اپنا نقاب ہٹایا تو وہ مبروص اور کانا تھا کُتّے کی سیرت
اور سُور کے شمائل رکھتا تھا آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرے نانا رسولِ خدا
نے ٹھیک فرمایا تھا شمر نے پوچھا کہ آپ کے نانا رسولؐ خدا نے کیا فرمایا تھا آپ
نے فرمایا کہ میں نے ان کو اپنے والد علیؑ سے کہتے ہوئے سُنا ہے کہ اے
علیؑ تمہارے اس بچّہ کو کوڑھی اور یک چشم جس کی صورت کُتّے اور حلیہ
سُور سے ملتا جلتا ہوگا قتل کرے گا اس ملعون نے امام حسینؑ سے کہا
ہاں تمہارے نانا مجھ کو کُتّے سے مشابہ بتلاتے ہیں خدا کی قسم اس کی سزا

Presented by www.ziaraat.com

ہیں کہ تمہارے نانا نے مجھ کو کتّے سے مشابہ بتلایا ہے تم کو پس گردن سے ذبح کروں گا پھر شمر نے امام حسینؑ کو منہ کے بل لٹایا - بروایت علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی پھر شمر ملعون نے امام حسینؑ کے گلوئے مبارک پر چند بار تلوار چلائی مگر گلوئے مبارک نہ کٹا امام حسینؑ نے فرمایا خدا کی قسم ہے کہ تحقیق تیری تلوار اس جگہ کو قطع نہیں کر سکتی جس پر تسبیح خدا جاری ہو۔ نور العین : ۴۶

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۹۳ پر لکھا ہے کہ جونہی آپکا کوئی ٹکڑا کٹتا تھا آپ فریاد کرتے تھے ہائے محمدؐ! ہائے نانا! ہائے بابا! اے حسنؑ! اے جعفرؑ! اے حمزہؑ! ہائے عقیلؑ! ہائے عباسؑ! آہ اے شہیدؑ! آہ مددگاروں کی کمی ہائے ہائے مسافرت۔

ملا حسینؒ نے روضۃ الشہداء صفحہ ۳۲۳ پر امام حسینؑ کی شہادت کے واقعات اسطرح لکھے ہیں کہ ایک روایت میں ہے جب حضرت امام حسینؑ کربلا کی زمین پر گھوڑے سے گرے ساری زمین لرز اٹھی اور آسمان سے فریاد آئی یزید کے لشکر میں سے دس آدمی پیدل ہو کر ہاتھوں میں تلواریں لئے ہوئے آگئے اور ان میں سے ہر ایک کا مقصد یہ تھا کہ شہزادے کا سر سب سے پہلے لے جائے اور خلعت و انعام پائے ان میں سے جو بھی سامنے آتا تھا امام حسینؑ آنکھ کھول کر اس کی طرف دیکھتے تھے وہ شرم کے مارے واپس لوٹ جاتا تھا دو آدمی رہ گئے ایک سنان بن انس دوسرا شمر ذی الجوشن سنان نے پہلے جانا چاہا شمر چستی سے آگے آکر آنحضرتؑ کے سینہ مبارک پر بیٹھ گیا امام حسینؑ نے آنکھ کھولی اور فرمایا تو کون ہے؟ اس نے کہا میں شمر ذی الجوشن ہوں امام حسینؑ نے فرمایا کہ زرہ کا دامن اپنے منہ سے اٹھا جب اس نے اپنا منہ کھولا تو امام حسینؑ نے دیکھا اس کے دانت خنزیر کے دانتوں کی طرح اس کے منہ سے نکلے ہوئے ہیں پھر امام حسینؑ نے فرمایا یہ ایک نشان تو ٹھیک ہے پھر فرمایا کہ سینہ ننگا کر جب شمر نے کپڑا اٹھایا امام حسینؑ نے دیکھا کہ وہ سینے پر برص کا داغ رکھتا ہے فرمایا یہ دوسرا نشان ہے میرے نانا رسولِ خدا نے سچ فرمایا میں نے آج رات کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ کل ظہر کی نماز کے وقت تو ہمارے پاس آجائیگا اور تیرے قتل کرنے والا اس شکل کا انسان ہوگا اور وہ نشان مجھے دکھا دیئے سب موجود ہیں اپنا کام کر لے شمر کیا تو جانتا ہے کہ آج کونسا دن ہے

Presented by www.ziaraat.com

اس نے کہا میں جانتا ہوں کہ آج عاشورا اور جمعہ کا دن ہے پھر امام حسینؑ نے فرمایا تجھے علم ہے کہ یہ کونسا وقت ہے شمر نے کہا خطبہ اور نماز جمعہ ادا کرنے کا وقت ہے امام حسینؑ نے فرمایا کہ اس وقت میرے نانا کی امت کے خطیب منبروں پر خطبہ دیتے ہوئے میرے نانا بزرگوار کی تعریفیں کر رہے ہوں گے اور تو میرے ساتھ یہ سلوک کرتا ہے اے شمر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دہن مبارک میرے سینے پر رکھا تھا اور تو اس جگہ پر بیٹھا ہوا ہے انہوں نے میرے حلق پر بوسہ دیا اور تو اس پر تلوار چلاتا ہے اور میں دیکھ رہا ہوں کہ حضرت زکریا علیہ السلام کی روح میرے داہنے جانب نظر آرہی ہے اور حضرت یحییٰ مظلوم کی روح کو بائیں جانب دیکھ رہا ہوں اے شمر میرے سینے سے کھڑا ہو جا کیونکہ یہ نماز کا وقت ہے تاکہ میں قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہوئے نماز میں مشغول ہو جاؤں اور چونکہ مجھے اپنے والد سے ورثہ میں ملا ہے کہ نماز میں زخم کھاؤں اس لئے جب میں حالت نماز میں مشغول ہو جاؤں تو جو جی چاہے کر لینا۔ شمر اس سردار کے سینے سے اٹھ کھڑا ہوا اور شہزادہ اس قدر طاقت رکھتا تھا کہ منہ قبلہ کی طرف نماز میں مشغول ہو گیا جب آپ نے سر سجدے میں رکھا تو شمر اتنا صبر نہ کرسکا کہ امام مظلوم نماز پوری کر لیں اسی سجدے ہی کی حالت میں جام شہادت پلا دیا۔

إنا لله وإنا إليه راجعون (ہم اللہ کے ہیں اور ہم نے اللہ کی طرف لوٹ جانا ہے)

اس حالت میں فرشتوں کی عبادت گاہ میں شور مچ گیا اور اللہ تعالیٰ کے مقربین فرشتوں میں جوش پیدا ہوا دنیا کو روشن کرنے والا آفتاب چمکنے سے رک گیا اور دنیا کو رونق بخشنے والا چاند مصیبت کے محاق یعنی اٹھائیسویں تاریخ کے کنویں میں گر گیا اور ستارہ زحل نے ساتویں آسمان پر مصیبت زدگان کے ساتھ اتفاق کرتے ہوئے تعزیت کی آواز بلند کی۔ فرشتوں نے ہوا میں رونا شروع کیا قوم جنات کربلا کے چاروں طرف نوحہ کرنے لگی آسمان نے اپنا دامن خون آلودہ کر دیا زمین اللہ کے جلال سے لرز اٹھی ہوا کے پرندے اپنے آشیانوں سے بکھر کر جدائی کی آوازیں دینے لگے دریا کی مچھلیاں پانی سے نکل کر زمین پر تڑپنے لگیں دریاؤں نے حسرت کی موجوں کو آسمان کی بلندی تک پہنچا دیا۔ پہاڑ وردناک آوازوں سے رونے لگے غرض ہر طرف سے رونے کی آواز آنے لگی

Presented by www.ziaraat.com

اور کوئی نہیں جانتا تھا کہ یہ کیسی آہ و فغان ہے اور کہاں کی تعزیت ہے۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۹۳ پر لکھا ہے کہ شمر نے امام حسینؑ کے سر کو ایک بہت بڑے نیزے پر چڑھا دیا۔ زمین تھرانے لگی مغرب و مشرق میں سیاہی چھا گئی آدمی لرزنے لگے۔ بجلیاں تڑپنے لگیں آسمان گاڑھا خون رونے لگا آسمان سے کسی پکارنے والے نے پکارا۔ خدا کی قسم امام، امام کا فرزند، امام کا بھائی، اماموں کا والد حسینؑ ابن علیؑ ابن ابیطالب شہید کر دیا۔ ابو مخنف کہتے ہیں آسمان نے یا اس دن خون برسایا یا جس دن جناب یحییٰ بن زکریا قتل کیا گیا تھا، اسی دن برسایا تھا۔

علامہ محمد تقی نے ناسخ التواریخ جلد ششم مطبع طہران صفحہ ۳۰۷ پر اور علامہ قندوزی نے ینابیع المودہ مطبع النجف صفحہ ۴۱۹ پر لکھا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کی شہادت جمعہ کے دن واقع ہوئی تھی۔

علامہ محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع تہران صفحہ ۲۲۳ پر لکھا ہے کہ ابن جوزی کے تذکرہ میں منقول ہے کہ آپ کی شہادت جمعہ کے روز ظہر اور عصر کے درمیان واقع ہوئی کیونکہ آپ نے اپنے اصحاب کے ساتھ نمازِ خوف پڑھی۔ علامہ ابو اسحٰق اسفرائنی نے نور العین فی مشہد الحسین مطبع مصر صفحہ ۷۴ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ علیہ السلام پیر کے دن دسویں محرم کو شہید ہوئے۔ علامہ یعقوبی نے تاریخ یعقوبی مطبع النجف صفحہ ۲۳۲ پر لکھا ہے کہ مورخین نے امام حسینؑ کے روز شہادت میں اختلاف کیا ہے بعض نے کہا کہ وہ ہفتہ کا دن تھا بعض نے کہا کہ وہ پیر کا دن تھا اور بعض نے کہا کہ وہ جمعہ کا دن تھا۔ علامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۷۸ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ جمعہ کے دن دسویں محرم الاسٹھ ہجری کو شہید کئے گئے اور کہا گیا ہے کہ تحقیق امام حسینؑ کا روز شہادت سنیچر کا دن تھا یہ روایت ابی نعیم فضل بن رکین سے کی گئی ہے اور جو کچھ ہم نے پہلے بیان کیا

Presented by www.ziaraat.com

وہ صحیح ہے۔ لیکن جو کچھ عام لوگوں نے کہا کہ امام حسینؑ پیر کے دن شہید ہوئے غلط ہے حالانکہ وہ ایک ایسی بات ہے جو انہوں نے بلا روایت کہی ہے۔ جس محرم میں امام حسینؑ شہید ہوئے اس کی پہلی تاریخ بدھ کا دن تھا ہم نے یہ بات ہندی حساب کے ذریعے بہت سے زائچوں سے نکالی اور جب ایسے ہو تو محرم کی دسویں سوموار کے دن نہیں ہو سکتی۔ ابوالفرج اصفہانی نے کہا: یہ دلیل واضح طور پر صحیح ہے اس کے ساتھ روایات بھی ملتی ہیں چنانچہ یہی روایت ہمیں احمد بن عیسٰی نے بیان کی اس نے کہا ہمیں احمد بن حارث نے حسن بن نصر سے بیان کی اس نے کہا ہمیں اپنے والد نے عمر بن سعد سے بیان کی اس نے ابی مخنف سے بیان کی اور دوسری روایت احمد بن محمد بن شیبہ نے بیان کی اس نے کہا ہمیں احمد بن حارث خراز نے بیان کی اس نے کہا ہمیں علی بن محمد مدائنی نے ابی مخنف، عوانہ بن حکم اور یزید بن جعدبہ وغیرہ سے بیان کی لیکن وہ جو علمائے عامہ نے بیان کیا ہے امام حسینؑ پیر کے دن شہید ہوئے اس کی نہ کوئی اصل ہے اور نہ کوئی حقیقت ہے اور نہ اس بارے میں کوئی روایت ملتی ہے۔ حاج محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحہ ۲۳۰ پر لکھا ہے کہ میرزا فرہاد نے قمقام میں لکھا ہے اس میں اختلاف نہیں کہ دسویں محرم کے روز سورج برج میزان کے اکیسویں درجے میں تھا اس وقت کے نجومیوں میں سے مرحوم فتح علی شاہ نے نقل کیا ہے اس کا مطلب استخراج محمد شاہ ہندی کے زائچہ سے کیا گیا ہے میرزا فرہاد یہ بھی فرماتے ہیں کہ جنگ کی ابتداء دن کے دو گھنٹے کے گزرنے کے بعد ہوئی تھی اور لڑائی کا اختتام ساڑھے آٹھ گھنٹے گزرتے پر ہوا اس بنا پر دو گھنٹے اور اڑتالیس منٹ غروب آفتاب میں رہتے تھے کہ مصیبت کی خاک اہل دنیا کے سر پر گرائی گئی۔

Presented by www.ziaraat.com

بروایت علّامہ مجلسی بعض کتب معتبر میں امام زین العابدینؑ سے منقول ہے کہ جب اشقیاء حضرت امام حسینؑ کو شہید کر چکے تو ایک پرندہ آیا اور امام حسینؑ کے خون میں لوٹ کر اڑ گیا اور مدینہ میں جا کر امام حسینؑ کی دختر جناب فاطمہؑ کے مکان کی دیوار پہ جا بیٹھا جب جناب فاطمہ کی نظر اس پہ پڑی تو دیکھا کہ اس کے پروں سے خون ٹپک رہا ہے یہ دیکھ کر جناب فاطمہ نالہ و فریاد کرنے لگیں اور فرمایا کہ یہ شہداء کربلا کی شہادت کی خبر میرے پاس لایا ہے جب اہل مدینہ اس بات پر مطلع ہوئے تو کہا یہ دختر چاہتی ہے کہ جادوئے عبدالمطلب کو تازہ کرے اور چند دنوں کے بعد مدینہ میں یہ خبر پہنچی کہ امام حسین اسی دن درجہ شہادت پر فائز ہوئے تھے اور یہ روایت دوسری روایات کی مخالفت کی وجہ سے غریب (نئی) روایت ہے۔ جلاء العیون : ۴۱۲

علّامہ مسعودی نے مروج الذہب حصّہ سوم مطبع مصر صفحہ ۱ے پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کی عمر شریف بوقت شہادت پچپن (۵۵) سال تھی بعض کے نزدیک ستاون سال اور بعض کے نزدیک کم و بیش تھی علّامہ ابو اسحٰق نے نور العین مطبع مصر صفحہ ۷۴ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کی عمر اٹھاون سال تھی علّامہ ابو الفرج اصفہانی نے مقاتل الطالبین مطبع قاہرہ صفحہ ۸۷ پر لکھا ہے کہ امام حسینؑ کی عمر روز شہادت چھپن سال اور کئی ماہ تھی۔

حاج محمد ہاشم خراسانی نے منتخب التواریخ مطبع طہران صفحات ۲۳۰ و ۲۳۳ پر لکھا ہے کہ حضرت سید الشہداء کی عمر شہادت کے وقت چھپن (۵۶) سال ستاون (۵۷) دن تھی اور آنجناب کی مدّت امامت صحیح روایت کے مطابق دس سال دس مہینے اور دس دن تھی لیکن اس مظلوم کے قتل کرنے والا صحیح اور مشہور یہ ہے کہ شمر ذی الجوشن ضبابی کلابی تھا جیسا کہ زیارت ناحیہ میں ہے اور شیخ مفید نے ارشاد میں، شیخ طبرسی نے اعلام الوریٰ میں اور ابن شہر آشوب نے مناقب میں اور بعض دیگر بزرگوں نے اس روایت کو ترجیح دی ہے شیخ صدوق سے امالی میں علامہ ابن طاؤس سے لہوف میں، ابو الفرج سے مقاتل الطالبین

Presented by www.ziaraat.com

میں اور علامہ ابن حجر مکی سے صواعق محرقہ میں معلوم ہوتا ہے کہ قتل کرنے والا سنان بن انس نخعی تھا اور تاریخ طبری میں ہشام کلبی سے اور اس نے ابو مخنف سے نقل کیا ہے کہ حضرت امام حسینؑ کو سنان بن انس نخعی نے شہید کیا اور عمدۃ المطالب میں ہے کہ صحیح یہ بات ہے کہ امام حسینؑ کا قاتل سنان بن انس ہے محمد بن طلحہ شافعی سے مطالب السئول میں اور علی بن عیسٰی اربلی سے کشف الغمہ میں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا قاتل خولی بن یزید اصبحی تھا اور سبط ابن جوزی کے تذکرہ سے نقل کیا گیا ہے کہ حصین بن تمیر نے امام حسینؑ کو تیر مارا پھر اتر کر آپ کو شہید کیا اور ان کے سر کو اپنے گھوڑے کی گردن سے لٹکا دیا کہ اس کے ذریعے ابن زیاد کا قرب حاصل کرے۔

سیّد علامہ ابن طاؤس نے مقتل لہوف صفحہ ۸۲ پر لکھا ہے کہ ہلال کا بیان ہے کہ میں عمر بن سعد کی فوج میں تھا میں نے دیکھا کہ سر مبارک جُدا کرنے کے بعد بھی انہیں رحم نہ آیا۔ لاش حسینؑ برہنہ کرنے لگے جسد اطہر پہ سے قمیص اسحٰق بن حویہ حضرمی نے اتار لی مظلوم کی اس قمیص میں ایک سو سے زیادہ تیروں نیزوں اور تلواروں کے نشان پائے گئے حضرت صادق فرماتے ہیں کہ آپ کے جسم اقدس پر تینتیس[۳۳] تو نیزوں کے زخم تھے اور چونتیس[۳۴] تلواروں کے زخم تھے بحر بن کعب تمیمی نے بڑھ کر جسد اطہر حسینؑ پر سے زیر جامہ بھی اتار لیا۔ آپ کا عمامہ ایک روایت کے مطابق اخنس بن مرثد بن علقمہ حضرمی لے گیا بنابر دوسری روایت کے جابر بن یزید اودی لے گیا کفش پا آپ کی اسود بن خالد نے پائے مبارک سے اتار لی اور بجدل بن سلیم نے انگشتری کے لئے انگشت مبارک کو قطع کر ڈالا اس ریشمی خز کی چادر کو جو زرہ کے اندر بدن اطہر پہ لپٹی تھی اشعث بن قیس کھول کر لے گیا آپ کی قیمتی زرہ عمر بن سعد اتار کر لے گیا اور آپ کی تلوار ایک روایت کے مطابق جمیع بن خلق اودی نے لے لی بنابر دوسری روایت کے بنی تمیم کے قبیلہ سے ایک شخص اسود بن حنظلہ نامی نے ہتھیا لی اور ابن سعد کے بیٹے سے منقول ہے کہ مظلوم کربلا

Presented by www.ziaraat.com

کی شمشیر کو قلافس لے گیا اور محمد بن زکریا نے یہ بھی لکھا ہے کہ وہی شمشیر بعد میں حبیب بن بدیل کے نواسہ کے پاس پہنچی اور اس کے قبضے میں دیکھی گئی لیکن یہ تلوار جو اس طرح بعد شہادت جسد اطہر پر سے لوٹی گئی ذوالفقار نہ تھی وہ تو آج مانند اور تبرکات نبوت و امامت کے قائم آل محمد کے پاس موجود ہے اس کی تصدیق بہت سی روایتوں سے ہوتی ہے۔

لوط بن یحییٰ نے مقتل ابی مخنف مطبع النجف صفحہ ۹۳ پر اور علامہ ابواسحٰق اسفرائنی نے نورالعین فی مشہد الحسین مطبع مصر صفحہ ۴۷ پر لکھا ہے کہ عبداللہ بن عباس کہتے ہیں کہ جو لوگ واقعہ طف (کربلا) میں موجود تھے انہوں نے مجھ سے بیان کیا کہ امام حسینؑ کا گھوڑا ہنہناتا تھا اور میدان میں جتنے مقتولین پڑے ہوئے تھے ان کو یکے بعد دیگرے دیکھتا تھا یہاں تک کہ جسد اطہر امام حسینؑ پر پہنچا اور اپنی پیشانی خون میں مل کر رنگین کر لی ٹاپیں زمین پر دے دے مارتا تھا اور اس زور سے ہنہناتا کہ تمام میدان گونج اٹھتا تھا یزیدی فوج اس کی ان باتوں پر حیران تھی عمر بن سعد نے جب امام حسینؑ کے گھوڑے کو دیکھا تو ڈانٹ کر کہا کہ اسے میرے پاس لاؤ یہ گھوڑا رسولؐ اللہ کی سواری کے گھوڑوں میں سے تھا حکم ملتے ہی وہ لوگ اسے پکڑنے کے لئے سوار ہوئے گھوڑے نے تلاش کرنے والوں کی چاپ سنی تو الف ہو ہو کر اور دولتیاں چلا چلا کر اپنے آپ کو بچانے لگا بہت سے آدمیوں کو تو مار ڈالا اور بہت سے سواروں کو ان کے گھوڑوں پر سے گرا دیا اس پر بھی جب کچھ بس نہ چلا تو عمر سعد نے آواز دی کہ اس کو چھوڑ دو دیکھیں تو سہی وہ آخر کرتا کیا ہے گھوڑے کو جب ان گرفتار کرنے والوں سے امن ملا تو لاشہ حسینؑ پر پہنچا اور اپنی پیشانی آپ کے خون میں رگڑنے لگا ہنہناتا جاتا تھا اور زن فرزند مردہ کی طرح رو رو کر آنسو بہاتا تھا اس کے بعد خیمہ گاہ پر پہنچا ابی مخنف کہتے ہیں کہ حضرت زینب عالیہ نے گھوڑے کی آواز سنی تو حضرت سکینہ کے پاس تشریف لائیں

Presented by www.ziaraat.com

ارشاد فرمایا کہ سکینہ تمہارے بابا جان پانی لے کر آئے ہیں حضرت سکینہ پانی اور بابا کا ذکر سن کر خوش خوش باہر تشریف لائیں تو گھوڑا خالی اور زین بے سوار کے پایا اوڑھنی سر سے پھینک کر یہ بین کرنے لگیں ہائے اے شہید، ہائے بابا جان۔ ہائے حسینؑ والے حسینؑ ہائے ان کی مسافرت۔ افسوس ان کی دوری سفر پہ ہائے ہائے افسوس ان کی تکلیفوں کی زیادتی پہ۔ ارے یہ حسینؑ اور جنگل میں ان کی قمیص اور عمامہ اتار لیا جائے، ان کی انگوٹھی اور نعلین چھین لی جائے میں قربان جاؤں اُن کا سر ایک زمین پر اور لاشہ دوسری زمین پر پڑا ہے قربان جاؤں اس شخص پر کہ جس کا سر شام کی طرف ہدیۃً بھیجا جائیگا میں فدا ہو جاؤں اُس ذات پر جس کے اہل حرم دشمنوں میں رہ جائیں میں صدقے ہو جاؤں اس ذات پر جس کے اہل حرم دشمنوں میں رہ جائیں میں صدقے ہو جاؤں اس شخص پر جس کے لشکر کا پیر کے دن خاتمہ ہو گیا پھر آپ ڈھاڑیں مار کر رونے لگیں۔

ابو مخنف کہتے ہیں کہ باقی اہل حرم باہر نکل آئے گھوڑے کو خالی اور زین کو بے سوار پایا تو منہ پہ طمانچے مارنے لگیں گریبان چاک کر لئے اور یہ بین کرنے لگیں ہائے اے محمد! اے علیؑ مرتضیٰ! اے حسنؑ! اے حسینؑ! آج ہی محمدؐ مصطفیٰ نے رحلت کی ہے بس آج علیؑ مرتضیٰ نے شہادت پائی ہے آج فاطمہ زہرا دنیا سے اُٹھی ہیں عبداللہ بن قیس کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ گھوڑا خیمے سے لوٹ کر فرات کی طرف چلا اور اپنے آپ کو اس میں گرا دیا۔ روایت کی گئی ہے کہ یہ گھوڑا حضرت صاحب الزمان عجل اللہ فرجہ کے ساتھ ظاہر ہوگا۔ مقتل ابی مخنف۔

مکمل سکینہ

[illegible]

ختم شد

(محمد رمضان خوشنویس)

This Electronic Copy is made for my children residing abroad but can be

Presented by www.ziaraat.com